# Centre for Distance & Online Education

## UNIVERSITY OF JAMMU

## JAMMU

**SUBJECT : Teaching of Urdu** **UNIT : I-IV**

**Course No. : 204** **LESSON NO. : 1 to 11**

*Programme Coordinator*

**Dr. Jaspal Singh Warwal**

*jaspaljammuuniversity@yahoo.com*

Printed and Published on behalf of the Centre for Distance & Online Education, University of Jammu, Jammu by the Director, CD&OE, University of Jammu, Jammu

http:/www.distanceeducationju.in

# TEACHING OF URDU

*Course Contributors*

**Dr. JASPAL SINGH**
CDOE, University of Jammu.
Jammu

*Format Editing / Course Editor*

**Dr. JASPAL SINGH**
CDOE, University of Jammu.
Jammu

© Centre for Distance & Online Education, University of Jammu, Jammu, 2025

- All rights reserved. No part of this work may be reproduced in any form, by mimeograph or any other means, without permission in writing from the CD&OE, University of Jammu
- The script writed shall be responsible for the lesson/script submitted to the CD&OE and any plagiarism shall be his/her entire responsibility.

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| 1 | اردو زبان اوراس کی تدریس | 02 |
| 2 | اردوقواعد کی تدریس | 19 |
| 3 | اردوقومی میراث کی زبان (اردوزبان بحیثیت قومی وراثت ) | 31 |
| 4 | اردوقواعداورصوتیات وفونیمات کا تجزیاتی مطالعہ | 64 |
| 5 | اردو مارفیمیات :ایک مطالعہ | 91 |
| 6 | اردونحوکا لسانی مطالعہ | 118 |
| 7 | لسانی اہلیت کا فروغ / زبان کی بنیادی مہارتیں ) | 143 |
| 8 | مطالعہ (عمل قرأت ) | 155 |
| 9 | خوش خط تحریر | 165 |
| 10 | کرداری مقاصد | 171 |
| 11 | تدریسِ نثر،شاعری،انشااورقواعد سے متعلق تحریری کرداری مقاصد کی اہمیت۔ | |
| | اُردومدرس کا کرداراورخوبیاں | 183 |

**Bachelor of Education ( B.Ed) through Open and Distance Learning (ODL)**
**Semester –II**
**(For the examination to held in the year 2025,2026 & 2027)**
**Methodology of teaching language-I**

**Course no. 204** **Title: Teaching of Urdu**
**Credits 4** **Total Marks : 100**
**Maximum Marks Internal : 30** **Maximum Marks External : 70**
**Duration of Exam : 3hrs**

**Objectives:**

**To enable the pupil teachers to:**

- know and understand the history & importance of Urdu language
- develop awareness of objectives of teaching Urdu at the Elementary and Secondary level.
- understand the different aspects of Grammar
- get acquainted and frame Behavioral Objectives for teaching Poetry, Prose, Composition and Grammar in Urdu.
- develop the skills of preparing and using effectively the instructional materials for the teaching of Urdu .
- get acquainted with the various devices of language learning.

**CONTENT**

## Unit - I

**Urdu Language**, its dialects, Role of Urdu Language in India in Pre-partion and post-partition, Aims of Teaching Urdu, Origin and development of Urdu Language. Objectives and problems of Teaching Urdu at Secondary Level in J&KState. Origin and development of Urdu Language in J&KState. Role of Urdu Language at International level.

Origin and development of Urdu imla, Arab and punctuations, standard sound of Urdu vowels and consonants, organization of sounds and Structure of sentences.

Urdu as a keeper of the National Heritage; Urdu for the Appreciation of Moral and Spiritual Values, Contribution of Mir Dard and IllamaIqbal(Walida Mahroom Ki Yad Main)

Urdu as a Driving Force for National Integration; Contribution of Altaf Hussain Hali & Josh Maleeha Abadi

## Unit - II

**Aspects of Language** : Meaning and Definition of Grammar Tradition of Indian Grammar, Need and Importance of Grammar,

Phonological Structure- Mechanism of speech, Received Pronunciation( Problems and Prospects) Phonemes-Vowels & consonants, Diphthongs, stress, intonation, Rhythm, meaning and practice. Identification of different local Phonemes in the Urdu to interfere in the language of Urdu (Reflective Journal)

**Bachelor of Education ( B.Ed) through Open and Distance Learning (ODL)**
**Semester –II**
**(For the examination to held in the year 2025,2026 & 2027)**
**Methodology of teaching language-I**

**Course no. 204** | **Title: Teaching of Urdu**

**Credits 4** | **Total Marks : 100**

**Maximum Marks Internal : 30** | **Maximum Marks External : 70**

**Duration of Exam : 3hrs**

Morphological Structure- Meaning Importance Types- Free and bound Affixes, Prefixes and Suffixes, Verb forms, Adjectives, Adverbs ( Development , Structuring and practical use)

Syntactic Structure- Meaning and importance; Basic structures: Types of sentences-Statements (Affirmative & Negative) Interrogative, Imperative, Exclamatory, optative Sentences (Development , Structuring & use)

Differentiation in the single & compound & Complex structures of Sentences (Development and use)

## Unit- III

**Development of Language Skills:** Listening: components- barriers in listening, activities to develop listening comprehension

Speaking – components-objectives-barriers to speaking- need for correct pronunciation- activities to develop correct speech habits

Reading - Objectives- Mechanism of reading - Methods of teaching reading Types of Reading comprehension - activities to develop testing reading comprehension

Writing – its components, objective of teaching written expression

Hand writing- characteristics of good hand writing – Mechanics, causes of poor handwriting-ways to improving hand writing.

## Unit IV

**Behavioral Objectives :** Meaning and importance of behavioral objectives, essentials of behavioral objectives for teaching of Urdu, Development of Skill objectives, difference between skill objectives and behavioral objectives

Writing behavioral objectives for teaching Urdu- Prose, Poetry, composition and grammar, Role and qualities of Urdu Teacher.

**Sessional Work**

Listening to the different Urdu pragrammes on Radio and Television Channels – Practice & improvement in speaking- clarity, Structuring and Coherence (practical for Communicative Skills in Language)

Prepare a Project Report on Sufi Songs and Mushaira as a factor of promoting Urdu Culture

**Bachelor of Education ( B.Ed) through Open and Distance Learning (ODL)**

**Semester –II**

**(For the examination to held in the year 2025,2026 & 2027)**

**Methodology of teaching language-I**

**Course no. 204** **Title: Teaching of Urdu**

**Credits 4** **Total Marks : 100**

**Maximum Marks Internal : 30** **Maximum Marks External : 70**

**Duration of Exam : 3hrs**

**Note for Paper Setters**

The Question paper consists of 9 questions having Q no 1 as Compulsory having four parts spread over the entire Syllabus, with a weightage of 14 marks .The rest of Question paper is divided into four Units and the students are to attend four Questions from these units with the internal choice. The essay type Question carries 14 marks each. Unit IV having the sessional work/field work (section) could also be a part of the theory paper.

Internship/field work Unit IV having the components/activities of the internship are to be to be developed in the form of the Reflective Journal. All the activities under the internship are to be evaluated for credits and hence all the activities are to be showcased by the trainee and are to be fully recorded with the complete certification of itsgenuineness.

The Theory paper is to have 70 marks ( external). 30 Marks are for the In House activities

**<u>Books recommended</u>**


- *Hali Altaf Hussain Hubbe-e-Watan*
- *Chakbast Brij Narayan Faryad-e-Quam*
- *Illama Iqbal Walida Mehroom ki Yaad Main*
- *Mehroom Talok Chand Noor Jahan Ka Mizar*
- *Khan Rasheed Hassan Urdu Saraf-o-Nahav*

# اِکائی۔1

# اردوزبان اوراس کی تدریس

**ساخت**


1.1 تعارف

1.2 اغراج ومقاصد

1.3 اردوزبان اوراس کی تدریس

1.3.1 اردوزبان کا آغاز وارتقاء

1.3.2 اردو کی مختلف بولیاں

1.3.3 تقسیم ملک سے پہلے اور بعد میں اردوزبان کا کرداراوراس کی صورتحال

1.3.4 تدریس زبان کے مقاصد

1.4 خلاصہ

1.5 ذاتی جانچ

1.6 سفارش کردہ کتابیں


## 1.1 تعارف

تدریس اردو کے طالب علم کے ذہن کو یہ سوال دستک دے رہا ہوگا کہ اردو کا تاریخی پس منظر کیا ہے۔یعنی اردو کے معنی ومفہوم، زبان کی تعریف، اس زبان کی ادبی خصوصیات ۔ادبی خصوصیات کو جاننا تب ممکن ہوسکتا ہے، جب زبان اورادب کے فرق کو سمجھا جاسکے۔زبان اورادب کے بارے میں تبھی بات کرسکتے ہیں، جب طالب علم کو کسی بھی زبان کے تاریخی ورثے سے واقفیت حاصل ہو۔لفظ ''اردو'' ترکی زبان کے لفظ ''اردو'' سے مشتق ہے جس کے معنی فوجی چھاونی

کے ہیں۔عربی،ترکی،ایرانی اور دیگر مشرق وسطی نسل سے وابستہ افواج،انتظامی ماہرین،تاجر،ہنرمند،مبلغین،اساتذہ، ادیب وغیرہ جب مختلف حکمرانوں کی سربراہی میں ہندوستان آئے،تو انہوں نے یہاں کے مقامی لوگوں سے بات چیت کرنے کے لئے ایک ملی جلی مرکب لفظیات اپنائی،جو مختلف زبانوں کے الفاظ پر مشتمل ایک ایسی نئی زبان کے شکل میں وجود میں آتی گئی جس کا نام ''ہندوستانی''،''ہندوی''،''ریختہ''،''ریختی''،''دکنی'' سے ہوتے ہوئے 'اردو'' یعنی لشکری زبان کے نام سے موسوم ہوتی گئی اور یہی زبان بعد ازاں سرکاری اور تدریسی زبان بن گئی۔

## 1.2 غراض ومقاصد

اگر تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے اردو زبان ایک ہند آریائی زبان ہے۔اس لئے اس کی تاریخ وسیع تر معنوں میں ہند آریائی زبان کی تاریخ ہے۔جسے قدیم ہند آریائی،وسطی ہند آریائی اور جدید ہند آریائی کے تناظر میں دیکھا جاسکتا ہے۔اس اکائی میں ہم یہ جاننے کی کوشش کریں گے:

۱۔اردو زبان وادب کی تاریخ سے متعلق معلومات۔

۲۔مختلف بولیوں کی جانکاری۔

۳۔تقسیم ملک سے پہلے اور بعد میں اردو زبان کا کرداراور اس کی صورتحال۔

۴۔تدریس اردو کے مقاصد۔

۵۔ثانوی سطح پر اردو زبان کو پڑھانے کی ضرورت اور درپیش مسائل۔

۶۔ریاست جموں وکشمیر میں اردو زبان وادب کی ابتداء وارتقاء۔

۷۔بین الاقوامی سطح پر اردو زبان وادب کا کردار۔

اس کے علاوہ اس اکائی میں اردو زبان کی ابتداء سے متعلق ماہرین کے مختلف نظریات پیش کئے جائیں گے،تا کہ اردو کے طالب علم کو اردو زبان کے آغاز کے بارے میں معلومات فراہم ہوجائیں۔ہماری مراد ہے کہ اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دینے کے اہل ہوجائیں۔

۱۔ کیا اُردو کا آغاز آریوں کے ہندوستان آنے کے بعد ہوا؟

۲۔ اُردو کی صورتحال ریاستی سطح پر کس طرح کی ہے؟

۳۔ تدریس اردو کے مقاصد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

۴۔ ماہرین لسانیات کے نظریات کا ایک تقابلی مطالعہ پیش کریں؟

## 1.3 اصل موضوع

انسان کی سب سے بڑی تخلیق زبان کی ایجاد ہے۔ کیونکہ اسی کی وجہ سے ترسیل ممکن ہو پاتی ہیں۔ زبان انسان کے ذہنی وتہذیبی ارتقا کا ایک آئینہ ہوتی ہے۔ زبان ایک ایسا وسیلہ اظہار ہے جو انسانی ذہن کو تغذیہ فراہم کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ زبان زندگی کے تمام شعبوں پر حاوی رہتی ہے اور انسان معاشرے کے تمام عوامل بعض اوقات اپنی تکمیل کے لئے زبان ہی کے محتاج نظر آتا ہے۔

انسانی زندگی میں زبان کے اس غیر معمولی عمل ودخل کے سبب ہی زبان کی ابتدا وارتقاء، ساخت اور تغیرات کے بارے میں ماہرین لسانیات نے مختلف پہلوؤں پر غور وخوض، تحقیق وتجزیہ کیا ہے اور اس سلسلے میں مختلف نتائج برآمد کئے ہیں۔ دراصل کوئی بھی زبان ضرورت کے ایک طویل عمل سے وجود میں آئی ہے اور وقت اور حالات کے تحت بدلتی رہتی ہے اور تبدیلی کا یہ شعوری اور غیر شعوری عمل ہر لمحہ جاری رہتا ہے۔ اردو زبان کی ابتداء ارتقا کا معاملہ بھی اس سے مختلف نہیں، اس لئے اردو کی ابتداء کے بارے میں شروع سے ہی مختلف قسم کے نظریات پیش کئے جاتے رہے ہیں۔ یہاں ہم اس حوالے سے زیادہ طویل بحث میں الجھنے کے بجائے دئے گئے سبق کو سامنے رکھتے ہوئے اس کی مختلف اکائیوں کو وا کرنے کی کوشش کریں گے۔

### 1.3.1 اردو زبان کا آغاز وارتقاء

دو ہزار سال قبل مسیح کی بات ہے کہ آریاؤں کا ایک قافلہ ہندوستان کی طرف طرف روانہ ہوا۔ ہندوستان میں آنے والی آریائی قوم ہندآریائی کہلائی۔ لسانی پس منظر میں تاریخی شہادتوں سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ اُردو زبان ہندوستان میں پیدا ہوئی اور یہ ایک ہندآریائی زبان ہے۔ اس زبان میں دراوڑی زبانوں کے اثرات دکھائی نہیں دیتے۔ اسی لئے اُردو کا تعارف ایک ہندآریائی زبان کی حیثیت سے کیا جاتا ہے۔ جس کی حقیقی بہن ہندی قرار پائی ہے۔ جوخود ہندآریائی السنہ سے تعلق رکھتی ہے۔

عصر حاضر کے ماہرین لسانیات مثلاً سونیتی کمار چٹر جی، محی الدین قادری زور، محمود شیروانی، مسعود حسن خان، ڈاکٹر شوکت سبزواری اور احتشام حسین وغیرہ نے تمام نظریات کی رو سے اردو کی پیدائش کے بارے میں ایسے جائزے

پیش کیئے ہیں۔جن سے اردو زبان کی پیدائش یا ابتداء کے بارے میں کسی فیصلے پر پہنچنے میں مدد ملتی ہے۔ان ماہرین نے اردو زبان کی پیدائش کے بارے میں جو نظریات پیش کیئے انہیں چار حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

ا۔ دکن میں اردو

۲۔ سندھ میں اردو

۳۔ پنجاب میں اردو

۴۔ دلی اور گردونواح میں اردو

ماہرین لسانیات کی اکثریت نے یہ مانا ہے کہ دلی اور اس کے گردونواح میں اردو والی مختلف بولیوں میں آپسی میل جول اور ان میں فارسی اور عربی الفاظ کی آمیزش کے نتیجے میں کھڑی بولی وجود میں آئی ہے جو بعد میں اور زیادہ صاف ستھری ہو کر اردو کے نام سے مشہور ہوتی گئی۔اردو زبان کی طرح اردو ادب جس میں نظم ونثر دونوں شامل ہیں کی ابتداء وارتقا سے متعلق مختلف خیالات ملتے ہیں۔ ویسے تو شعر وادب بھی صحیح معنوں میں زبان کے تخلیقی اور جمالیاتی امکانات کی توسیع کا ہی نام ہے اور زبان کے امکانات کی توسیع کا عمل ادب میں نظم ونثر (اور پھر ان کی مختلف صورتوں) میں الگ الگ تقاضوں، روایات اور اصولوں کے مطابق آگے بڑھتا ہے۔اس لئے کسی بھی زبان کے شعر وادب کا جایزہ لینے کے لئے نظم ونثر کے ابتدائی نقوش کا تاریخی جایزہ لینا لازمی ہے۔

## 1.3.2 اردو کی مختلف بولیاں

حالانکہ زبان دانی سے متعلق صحیح اعداد وشمار ہمارے پاس دستیاب نہیں اور یہ بات افسوسناک ہے کہ ماہرین لسانیات ان اعداد وشمار کو جمع کرنے کی طرف توجہ نہیں دیتے۔ذرا تصور کریں کہ جب بولیوں اور ان کے اعداد وشمار کی بات کی جائے تو ہم نے اس سلسلے میں کتنا کام کیا ہے۔کیوں کہ ہمارے پاس ایسی کوئی دستاویز دستیاب ہی نہیں جسے ہمارے ملک میں بولی جانے والی بولیوں اور سکڑتی زبانوں کا اعداد شمار کا اندازہ لگایا جائے۔ ہمارے پاس اپنا کوئی لسانی نقشہ نہیں ہے جو ہمیں یہ واضح طور پر بتا سکتا ہے کہ ہمارے ملک کے کس حصے میں کون کون سی زبانیں اور بولیاں بولی جاتی ہیں۔اردو زبان کے بارے میں اس سلسلے میں بہت کم معلومات دستیاب ہیں۔عام طور پر اردو سے وابستہ بولیوں کے بارے میں مانا جاتا ہے کہ ان کے مابین ایک چھوٹا سا فرق ہے۔جسے اردو کی بولیوں کے بارے میں غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔یہاں اردو کی کچھ بولیوں کا ایک مختصر تعارف پیش کیا جائے گا۔ان بولیوں کے ساتھ ذیل میں جن علاقوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ اہم علاقے ہیں جہاں یہ بولیاں بولی جاتی ہے۔لیکن ان بولیوں کی حدود اکثر ملحقہ علاقوں سے تجاوز کرتے ہوئے دوسرے علاقوں تک پہنچ جاتی ہیں۔

۱۔اودھی:

اودھی بہار، مدھیہ پردیش اور اتر پردیش میں بولی جاتی ہے۔اس کی ذیلی بولیاں بیسوری اودھی اور کوسالی ہیں۔لاہور کی مجلس ترقی ادب سے شائع شدہ ملک محمد جایسی کی ''پدماوت'' جو کہ اردو کے کلاسیکی شاعرانہ فن میں سے ایک ہے،اردو کی اودھی بولی میں ہی لکھی گئی ہے۔

۲۔باگڑی:

باگڑی بولی، واگری اور رواگڑی کے نام سے بھی جانی جاتی ہے، باگڑی بنیادی طور پر شمال مغربی ہندوستان میں باگر یاواگر نامی اس خطے میں بولی جاتی ہے،جس میں پاکستانی پنجاب کے کچھ جنوبی حصے بھی شامل ہیں۔ یہ پاکستان میں بہاولنگر اور بہاولپور اور ہندوستانی پنجاب میں ہریانہ اور راجستھان کے علاقوں میں بولی جاتی ہے۔ کچھ محققین کا خیال ہے کہ ''شیخواتی'' کے نام سے جانی جانے والی بولی بھی ایک قسم کی باگڑی ہے۔

۳۔بھوجپوری:

بہار، جھارکھنڈ اور اتر پردیش میں بولی جانے والی، بھوج پوری کو بھی متعلقہ علاقوں میں اپنے ناموں کے ساتھ ذیلی بولیوں میں ضم کیا گیا ہے۔مثال کے طور پر اس کی ذیلی بولی بنارسی یا وارانسی کے آس پاس کے علاقوں میں بولی جاتی ہے۔

۴۔برج بھاشا:

برج بھاشا اتر پردیش، مدھیہ پردیش، ہریانہ راجستھان اور کچھ دوسرے علاقوں میں بولی جاتی ہے۔محمد حسین آزاد نے ''آبِ حیات'' میں یہ رائے دی تھی کہ آگرہ اور متھرا کے آس پاس کے علاقوں میں بولی جانے والی برج بھاشا سے اردو تیار ہوئی ہے۔اس کی وجہ یہ تھی کہ دہلی سے پہلے مغلوں کا دارالحکومت آگرہ تھا۔

۵۔بنڈیلوی

اس کا دوسرا نام بنڈیل کھنڈی ہے اور یہ راجستھان، مدھیہ پردیش، اتر پردیش اور مہاراشٹر میں بولی جاتی ہے۔اس کی کچھ ذیلی بولیاں بگھیلی اور برج بھاشا سے مشابہت رکھتی ہیں۔

۶۔دھنداری

یہ زیادہ تر راجستھان میں بولی جاتی ہے، خاص طور پر ٹونک، جے پور اور اس کے آس پاس کے علاقوں اور کسی حد تک،اجمیر میں بھی۔

۷۔ ہریانوی

ہریانی یا ہریانوی ہریانہ، پنجاب، راجستھان اور اتر پردیش میں بولی جاتی ہے۔ جب حافظ محمود شیرانی نے یہ سمجھا کہ اردو کی ترقی پنجابی سے ہوئی ہے تو وہ بنیادی طور پر اردو اور ہریانوی کے درمیان مماثلت کو مدنظر رکھتے تھے۔

۸۔ کاناؤجی

اسے کناوجی اور قناؤجی کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، یہ اتر پردیش میں بولی جاتی ہے۔ معروف ماہر لسانیات اے جی گیریسن کے خیال میں یہ برج بھاشا کی ایک شکل ہے۔ کنوج اور فرخ آباد میں بولی جانے والی اس کی مختلف قسم کو خالص سمجھا جاتا ہے۔

۹۔ کھری بولی

جدید لسانی تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ کھاری بولی غالباً وہ بولی ہے جہاں سے اردو اور ہندی دونوں نے ترقی کی تھی اور یہی بولی ہے جو اب معیاری اردو زبان اور معیاری ہندی زبان بن چکی ہے۔ اسے کبھی کبھی سیدھی کھری بھی کہا جاتا ہے۔ ماہرین لسانیات کا یہ بھی خیال ہے کہ کوروی خاص علاقوں میں بولی جانے والی کھری بولی کی ایک ذیلی بولی ہے۔ یہ دہلی، میرٹھ اور بہت سے بڑے شہروں کے ساتھ ساتھ اتر پردیش کے دیہی علاقوں میں بھی بولی جاتی ہے۔

۱۰۔ میواتی

میواتی کو اردو کی راجستھانی بولی، میوات خطے میں خاص طور پر بھرت پور اور الور میں بولی جاتی ہے۔

۱۱۔ پوربی

کچھ محققین کا خیال ہے کہ پوربی یا پورابی بنارس، اعظم گڑھ اور مرزاپور میں بولی جانے والی بھوج پوری کی ایک ذیلی شاخ ہے۔

۱۲۔ دکنی

جنوبی ہندوستان میں بولی جانی والی اردو کے لہجے کو دکنی کہا جاتا ہے۔ یہ حیدرآباد دکن سے احمد آباد گجرات تک کے علاقوں میں پھیلی ہوئی ہے۔

### 1.3.3 تقسیم ملک سے پہلے اور بعد میں اردو زبان کا کردار اور اس کی صورتحال

ا۔ تقسیم ملک سے پہلے اردو زبان کا کردار اور اس کی صورتحال۔

جب انگریزوں نے ہندوستان پر اپنی گرفت مضبوط کر لی تو صدیوں سے برصغیر پر حاکم مسلمانوں نے اس

نامانوس حکومت کے خلاف آواز بلند کی۔ اس طرح بہت ساری تحریکوں نے جنم لیا۔ ان میں سے زیادہ تر تحریکوں کی سرکوبی کی گئی۔تحریک آزادی، تحریک ریشمی رومال، تحریک علی گڑھ، تحریک مجاہدین، سبھی تحریکیں کسی کسی نہ صورت میں اردو زبان سے وابستہ تھی۔ شاہ ولی اللہ دہلوی نے اگرچہ فارسی یا عربی زبان کو اختیار کیا، لیکن وہ اردو کے زبردست حامی تھے ۔اُن کا خیال تھا کہ اسے مرکزی دھارے کی ادبی زبان کے طور پر استعمال کیا جائے۔ یہاں تک کہ اس نے اردو کو تمام ہندوستانیوں میں ایک لسانی ربط سمجھا۔ ان کی بیشتر تصنیفات ان کے ورثا اور شاگردوں نے اردو میں بھی ترجمہ کی۔ جدوجہد آزادی ہند میں اردو زبان نے ایک اہم کردار ادا کیا۔ حالانکہ اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ اردو مسلمانوں کی زبان ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ہندوؤں نے بھی اپنے مقاصد کو فروغ دینے کے لئے اردو زبان کو ہی ترسیلی زبان کے ذیل میں رکھا۔ یہ اردو کی وسیع قبولیت اور مقبولیت کی وجہ سے تھا۔ مختصر یہ کہ اردو نے ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کو متحد کرنے اور ان کی جدوجہد کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔

اردو زبان کو برطانوی پالیسیوں کے ذریعہ نوآبادیاتی ہندوستان میں فروغ دیا گیا، تاکہ فارسی زبان کا سرکاری طور خاتمہ کیا جاسکے۔ نوآبادیاتی ہندوستان میں ہندو، مسلمان اور دیگر مذاہب کے لوگ انیسویں صدی تک متحدہ صوبوں میں یکساں زبان بولتے تھے، خواہ اسے ہندوستانی، ہندوی، اردو کے نام سے پکارا جائے یا پھر ہندی یا علاقائی بولیوں میں سے ایک جیسے برج یا اودھی۔ دونوں مسلم اور ہندو مذہبی جماعتوں کے پیروکاروں نے عدالتوں اور سرکاری دفاتر میں عربی فارسی رسم الخط ہی استعمال کیا۔ اگرچہ ہندوؤں نے بعض ادبی اور مذہبی سیاق وسباق میں دیوناگری رسم الخط کو استعمال کیا۔ اردو ۱۸۳۷ء میں فارسی کی جگہ ہندوستان کی سرکاری زبان تسلیم کی گئی اور انگریزی کے ساتھ ساتھ اسے باضابطہ طور پر اپنایا گیا۔ نوآبادیاتی ہند کے اسلامی اسکولوں میں، مسلمانوں نے ہنداسلامی تہذیب کی زبانیں فارسی اور عربی کی تعلیم دی۔ انگریزوں نے ہندوستانی مسلمانوں میں خواندگی کو فروغ دینے اور انہیں سرکاری اسکولوں میں پڑھنے کی طرف راغب کرنے کے لئے، ان سرکاری تعلیمی اداروں میں فارسی عربی رسم الخط میں لکھا ہوا اردو پڑھانا شروع کیا اور اس وقت سے ہندوستانی مسلمانوں کو اردو کے ساتھ جوڑا گیا اور یوں اردو مسلمانوں کی مذہبی شناخت کی علامت بنتا گیا۔ ہندوستان میں ہندوؤں نے عربی فارسی رسم الخط کے واحد استعمال کے خلاف آواز بلند کی یوں ایک زبان دو لکھاوٹ کے نظریے کے تحت اردو زبان کو دیوناگری رسم الخط ملنے کے بعد ہندی زبان سامنے آئی۔

۲۔ تقسیم ملک کے بعد اردو زبان کا کردار اور اس کی صورتحال۔

ہندوستان میں باضابطہ طور پر تسلیم شدہ زبانوں میں اردو جموں وکشمیر کی سرکاری زبان، تلنگانہ کی دو سرکاری زبانوں میں سے ایک ہے اور ہندوستانی ریاست اتر پردیش، بہار، جھارکھنڈ، مغربی بنگال اور قومی دارالحکومت، نئی دہلی

میں اختیاری سرکاری زبان کا درجہ رکھتی ہے۔جموں وکشمیر میں، آئین کی دفعہ ۱۴۵ میں یہ شق شامل کی گئی ہے کہ ریاست کی سرکاری زبان اردو ہی رہے گی۔

ہندوستان نے ۱۹۶۹ء میں اردو کے فروغ کے لئے سرکاری سطح پر ایک ادارہ ''اردو بیورو'' کے نام سے قائم کیا۔ حالانکہ ہندی کو فروغ دینے کی غرض سے کئی ایک سرکاری ادارے ۱۹۶۰ء سے ہی سرکاری سطح پر قائم ہوئے تھے۔بہتر مالی اعانت ملنے سے ہندی نے ہندوستان میں کافی فروغ پایا۔جبکہ اردو کافی حد تک ہندوستان میں زوال پذیر ہوتی گئی۔اردو کے فروغ کے لئے غیر سرکاری سطح پر کئی ایک اہم انجمنیں قائم ہوئی،جن میں انجمن ترقی اردو ہند جیسی اہم تنظیمیں شامل ہیں۔جنہوں نے اردو کے استعمال اور تحفظ کو فروغ دینے کی کوشش کی،انجمن نے کامیابی کے ساتھ ایک مہم چلائی جس نے اردو کو بہار کی باضابطہ زبان کے طور پر پھر سے متعارف کرایا۔تقریباً تمام ہندوستان میں کسی نہ کسی جگہ پر اردو زبان بولی جاتی ہے اور خاص کر جہاں جہاں بڑی یا چھوٹی سطح پر مسلم اقلیت دیہات،قصبہ یا شہر میں رہائش پذیر ہو ۔ان علاقوں میں خاص کر جموں وکشمیر، لداخ، اتر پردیش، مدھیہ پردیش، بہار، تلنگانہ، آندھرا پردیش، مہاراشٹر (مراٹھواڑہ اور کونکنیاں)، کرناٹک، دہلی، پنجاب میں ملیر کوٹلہ، قادیان۔اتر پردیش میں لکھنو، بریلی، میرٹھ، سہارن پور، مظفر نگر، رودکی، دیوبند، مراد آباد، اعظم گڑھ، بجنور، نجیب آباد، رام پور، علی گڑھ، الہ آباد، گورکھپور، آگرہ، کان پور، بیدون جیسے شہر شامل ہیں۔ساتھ میں بھوپال، حیدرآباد، اورنگ آباد، بنگلور، کولکاتہ، میسور، پٹنہ، گلبرگہ، پربھنی، ناندیڑ، کوچی، مالیگاؤں، بیدر، اجمیر اور احمد آباد وغیرہ کا نام لیا جا سکتا ہے۔

ہندوستان میں فلم صنعت اس سلسلے میں ایک اہم کام انجام دے رہی ہے۔جو کہ ہندی اور اردو کی آمیزش پر مبنی مقامی زبان یعنی ہندستانی کا استعمال کرتی ہیں اور جدید فلم صنعت میں جہاں ہنگلش کا استعمال ہورہا ہے وہی ہندی بہت ہی کمزور اور اردو جاندار ہوتی نظر آرہی ہے۔بیسویں صدی کے اوائل سے ہی اردو خصوصاً پورے شمالی ہند اور تمام پاکستان میں ایک طرح کی ثقافتی زبان تصور کی جاتی ہے اور اس نے شاعری کے ساتھ ساتھ ڈراما کی صنعت کو بھی بام عروج بخشا۔اردو ڈراما نے پارسی تھیٹریکل کمپنیوں سے جو صنعتی شروعات کی تھی، وہ آج نئی آب وتاب کے ساتھ اردو ڈراما کی دنیا میں جاری وساری ہے۔اردو ڈراما کی طرح اس وقت کلاسیکی ہندی سنیما کے زیادہ تر مصنفین اور قلم کار اردو دوادبی پس منظر رکھتے ہیں۔ہندی سنیما کے بیشتر کلاسیکی لکھاریوں نے بنیادی طور پر اردو میں ہی لکھا۔ان میں خاص طور سے سعادت حسن منٹو، راجندر سنگھ بیدی، آنندر راج آنند، خواجہ احمد عباس، اختر الایمان، سلیم جاوید، راہی معصوم رضا ،وجاہت مرزا، جاوید اختر، گلزار شامل ہیں۔اردو شاعری بالی ووڈ فلمی صنعت پر مکمل طور اثر انداز ہوئی ہے۔

ہندوستان میں اردو کی تعلیم کئی ایک سطحوں پر دی جاتی ہے۔کئی ایک ریاستوں میں باضابطہ طور پر اردو میڈیم اسکول موجود ہیں۔خاص کر اتر پردیش، بہار اور مہارشٹرہ میں ۔ ہندوستان کی کئی ایک ریاستوں میں اردو کو ذیلی اور

اختیاری مضمون کے بطور بھی پڑھایا جاتا ہے۔اس کے علاوہ ہندوستان کی اکثر ریاستوں میں اردو کے فروغ کے لئے اکیڈمیاں بھی سرگرم عمل ہیں۔جامعات کی سطح پر بھی اردو کو فروغ دیا جارہا ہے۔جیسے علی گڈھ مسلم یونیورسٹی،علی گڈھ۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ،دہلی کے عثمانیہ یونیورسٹی،حیدرآباد کے زوال کے بعد مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے قیام کا مقصداردوزبان کی ترقی اورفروغ کے ساتھ ساتھ فاصلاتی وروایتی طرز میں اردوزبان کے ذریعہ فنی وپیشہ ورانہ تعلیم فراہم کرنا ہے۔۱۹۹۶ء میں قومی کونسل برائے فروغ اردوزبان کا قیام وزارت ترقی انسانی وسائل کے محکمہ اعلیٰ تعلیم کے ماتحت عمل میں لایا گیا۔اس ادارے نے پورے ملک میں اردوزبان وادب کی ترقی کے لیے تدریسی مراکز کھولے۔اس ادارے کے درج ذیل مقاصد ہیں:

۱۔اردوزبان کوفروغ دینااوراس کی ترویج وتوسیع کے لیےفضاہموارکرنا۔

۲۔اردوزبان میں سائنسی اورفنی علوم کی توسیع۔

۳۔حکومت ہندکواردوزبان وتعلیم سے متعلق معاملات کے بارے میں صلاح ومشورہ دینا۔

۴۔اردوکتابوں کی طباعت واشاعت،خریدوفروخت۔

۵۔اردوزبان کی تدریس کو ہرطرح سے ممکن بنانے کے کوشش۔

## 1.3.4 تدریس زبان کے مقاصد

تعلیمی سطح پرزبانیں ایک مربوط عزم رکھتی ہیں۔زبان کی تعلیم کوسیکھنے کے لئے اسکولی سطح پراساتذکووہ چاہے کہ اسکول میں ایسی زبان کااستعمال کریں،جس کے ذریعے بچے بہتر انداز میں سمجھ پائیں۔بہتر یہ ہے کہ مادری زبان میں ہی سمجھانے کی کوشش کی جائے۔ہندوستان جیسے کثیرلسانی ملک میں زبان کی تدریس کے سلسلے میں کئی ایک مسائل درپیش ہیں۔مثال کے طور پر جموں وکشمیر کی بات کی جائے۔انگریزی زبان اب یہاں کے اسکولوں میں اول جماعت سے تدریسی زبان تسلیم کی گئی ہے۔لیکن ریاست کے مختلف حصوں میں مقامی سطح پر مختلف زبانیں اور بولیاں بولی جاتی ہیں۔ جسے ریاست کی تمام آبادی شناسا نہیں۔اردوجموں وکشمیر کی تسلیم شدہ سرکاری زبان ہونے کے ساتھ ساتھ تمام ریاست میں بولی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔انگریزی عوامی سطح پر نہ ہی کوئی سمجھتا ہے اور نہ ہی کوئی بولتا ہے۔اس لئے اساتذہ کو چاہئے کہ وہ مقامی زبان یا پھر اردوزبان میں بچوں کو سمجھانے کی کوشش کرے۔

تعلیم ایک مختصر وقت میں حاصل نہیں کی جاسکتی ہیں،بلکہ یہ زندگی بھر کا حاصل ہے۔اساتذہ کسی خاص مضمون کی تعلیم کے مقاصد کے لئے مکمل طور پرتربیت یافتہ ہونے چاہئے،تاکہ درس وتدریس کے ساتھ مکمل انصاف ہو پائے۔ جواستاتذہ اپنے مضمون کی تعلیم کے مقاصد کوصحیح معنوں میں نہیں اپناتے۔اُنہیں اپنی ذمہ داری کا کبھی بھی احساس نہیں ہو

پائے گا۔ کیونکہ وہ مقاصد سے واقف نہیں ہوتے۔ مضمون کی تعلیم کے مقاصد کا علم اساتذہ کے لئے بہت اہمیت کا حامل ہے۔اسے لازمی طور پر جاننا چاہئے کہ وہ کیا حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ وہ کمرہ جماعت میں جس طریقہ کار پر عمل پیرا ہے۔ کیا وہ بچوں کے لئے بہتر ہے یا نہیں؟ اسے اس بات کا فیصلہ کرنا چاہئے کہ کیا سبق تیار کرتے وقت یہ طریقہ کار بچوں کے لئے مناسب ہے یا نہیں۔

۱.۴.۳: صحیح معنوں میں مقاصد کی خصوصیات

۱۔مقاصد نفسیاتی اصول پر مبنی ہونے چاہئے۔

۲۔تدریسی مواد کے مطابق ہونا چاہئے۔

۳۔ یہ مقاصد طلبہ کی ضروریات اور مفادات کو پورا کرنے چاہئے۔

۴۔ مجوزہ مقاصد طلباء کی عمر اور ذہنی سطح کے مطابق ہونے چاہئے۔

۵۔ یہ مقاصد طلاب کے طرز عمل کو تبدیل کرنے میں مددگار ثابت ہونے چاہئے۔

۶۔ پڑھائی جانی والی زبان کو آسان انداز میں طلاب کے سامنے رکھنے کی اہل ہونے چاہئے۔

۱.۳.۴.۲۔ابتدائی سطح پر اردو کی تدریس کے مقاصد:

ریاست جموں و کشمیر میں اردو پڑھانے کے مقاصد ان لوگوں سے ایک دم مختلف ہو سکتے ہیں جو لکھنو یا پھر مہارشٹرہ اور کراچی کے مہاجرین کے لئے ضروری سمجھے جاتے ہیں۔آخر الذکر کے لئے زبان تہذیب کا حصہ ہے جب کہ اول الذکر کے لئے یہ زبان تہذیب کا حصہ نہیں ہو سکتی۔ جموں و کشمیر میں اردو زبان کی تدریس کا بنیادی مقصد بچوں کو زبان پر عملی سطح پر اختیار حاصل کرنے میں مدد فراہم کیا جا سکے۔تا کہ یہ زبان روزمرہ کی زندگی میں ان کے لئے کارآمد ثابت ہو سکے۔ابتدائی سطح پر اردو زبان کی تعلیم کا بنیادی مقصد۔

۱۔زبان کی ترقی و ترویج:۔زبان کی نشوونما بچے کی مجموعی نشوونما کا ایک اہم جز ہے۔ یہ بچے میں بات چیت، اظہار خیال اور احساسات کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے۔زبان کو سمجھنا، استعمال کرنا اور اس سے لطف اندوز ہونا سیکھنے کا عمل ہے اور زبان سیکھنا خواندگی کا پہلا اور اہم مرحلہ ہے اور پڑھنا لکھنا سیکھنے کی اساس ہے۔

۲۔ادب کی ترقی و ترویج:۔ادب بچوں کی شخصیت میں نکھار پیدا کر سکتا ہے۔اسے زبان کی جمالیاتی اقدار کو بہتر طور پر سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔بچپن سے ہی اچھے ادب کے اثرات نہ صرف بچے کی زبان پر اثر انداز ہو سکتے ہیں، بلکہ بہتر ذہن کی تعمیر بھی ممکن ہو سکتی ہے۔

۳۔زبان کی مہارت پیدا کرنا:

الف۔لفظی نشو ونما:۔آہستہ آہستہ الفاظ سننا اوراس کے معنی تلاش کرنا اور معنوں کا احساس ہونا۔مثلاً اگر بچہ لفظ ''گرم'' سنے۔اسے گرمی کے معنی مختلف رنگوں میں نظر آئے گی۔جیسے پانی میں الگ رنگ میں اور روشنی میں الگ میں۔لیکن گرم چیز کو چھونے کے بعد ہی اس کے اندر گرمی کا احساس پیدا ہوجاتا ہےاور معنوں میں اضافہ ہوجاتا ہے۔اس طرح الفاظ کی نقش نگاری بچے کی ذہن پر پیوست ہوجاتی ہے۔یوں ابتدائی تعلیم کا عمل شروع ہوجاتا ہے۔

ب۔صوتی نشو ونما (تلفظ اور آوازوں سے متعلق):۔یہاں صوتیات سے مراد بچے اپنی نشو ونما کے مراحل کے دوران کس طرح آوازوں (معنی یا زبان) کو ترتیب دینا سیکھتا ہے۔

ج۔مطالعاتی نشو ونما:۔صوتیات حروف اوران کی آوازوں کے مابین تعلق کو پہچاننے کا عمل ہے اور یہی عمل الفاظ کو مختلف آوازوں میں سننے اور جوڑ توڑ کرنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے، یوں ذہن میں الفاظ کا ذخیرہ وجود پاتا ہے اور بچہ آہستہ آہستہ الفاظ کے معنی ،ان کی تعریف،اوران کے سیاق وسباق کو سمجھنا شروع کرتا ہے۔

د۔تصنیفی نشو ونما:۔باقاعدگی سے پڑھنا بہتر تحریر کے لئے ایک اہم سنگ میل ہوسکتا ہے اور بچوں کی لکھنے کی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے میں مدد کرسکتا ہے۔اس کو تفریحی انداز کا بنانے کی کوشش کریں!تحریر کو پرکشش بنانے سے بچے اس طرف مائل ہونگے۔اردو کے مختلف خط آزمائیں۔تاکہ خوشخطی سے بچے میں دلچسپی پیدا ہوجائے۔حروف اور الفاظ کو مختلف جانوروں اور چیزوں کی مدد سے سیکھائے۔

۳۔۴۔۳۔۱۔ثانوی سطح پر اردو کی تدریس کے مقاصد: ثانوی سطح پر اردو پڑھانے کے درج ذیل بنیادی مقاصد ہیں۔

۱۔قواعد کے علوم اور تفہیم کو فروغ دینا۔

۲۔اردو لکھتے وقت قواعد کے اصولوں کو مدنظر رکھنا۔تاکہ آپ کی تحریر بہتر ہوجائے۔

۳۔اردو تحریروں کو پڑھنے کی کوشش کرنا۔خصوصاً اردو ادب کو پڑھنے میں دلچسپی پیدا کرنا۔جیسے منٹو اور پریم چند کے افسانے۔

۴۔اردو عبارت کے معنی سمجھنے کے لئے لغت کا استعمال کرنا۔

۵۔قومی اور بین الاقوامی نشریاتی اداروں سے اردو کی خبریں سننا اور دیکھنا۔جیسے بی بی سی لندن۔

۶۔قومی اور بین الاقوامی نشریاتی اداروں سے اردو کے ڈرامے دیکھنا۔خصوصاً عمیرہ احمد،نمرہ احمد،فرحت اشتیاق اور خلیل الرحمٰن قمر کے لکھے ہوئے ڈرامے۔

۷۔مطالعہ کی عادت پیدا کرنے کے لئے ناول اور افسانے پڑھنا۔

۸۔مضامین لکھنے کی کوشش کرنا۔

۴۔۴۔۳۔۱۔اعلیٰ ثانوی سطح پر اردو کی تدریس کے مقاصد:

۱۔اردو زبان کے زیادہ مطالعہ کے لئے تحریک دیں۔
۲۔شاعری اور افسانوی ادب لکھنے کے لئے حوصلہ افزائی کرنا۔
۳۔میرؔ یا غالبؔ کی شاعری کا تجزیہ اپنے الفاظ میں کرنا۔
۴۔کہانی، افسانہ، ناول کے بنیادی متن کو پڑھنے کی تحریک پیدا کرنا اور اس متن کو پڑھنے کے بعد اس کا تنقیدی جائزہ تحریر کرنا۔
۵۔تعریف سے زیادہ تعمیری تنقید کرنے کی صلاحیت کو فروغ دینا۔
۶۔زبانی اہلیت اور استدلال یا زبان کی روانی سے متعلق طلبا کی تخلیقی صلاحیت کو فروغ دینا۔اپنے خیالات، احساسات اور تجربات کے اظہار کے لئے زبان پر عبور حاصل کرنا۔
۷۔دوسرے مضامین جیسے سائنس وغیرہ اردو زبان میں پڑھنے اور لکھنے کی کوشش کرنا۔

## 1.4 خلاصہ

قرون وسطیٰ میں پورے برصغیر میں بہت ساری مقامی بولیاں بولی جاتی تھی۔ان میں زیادہ تر زبانیں وسطی ہند آریائی زبانوں کے پراکرت خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ان میں سے زیادہ تر زبانیں یا بولیاں ہندوستانی آبادی کے اپنے اپنے خطے اور مذہب کے لحاظ سے مستعمل ہوتی تھی۔وسطی ایشائی حکمرانوں کی آمد کے بعد ان تمام زبانوں اور بولیوں پر عربی، فارسی، ترکی زبانوں کے اثرات مرتب ہونے لگے۔اس میں سب سے زیادہ اثر فارسی کا تھا۔مغل سلطنت پر حکمرانی کرنے والی مسلم ترک منگول چغتائی خاندان کے ساتھ جو بااثر زبان آئی وہ فارسی ہی تھی۔حالانکہ اس سلطنت کی بنیاد ۱۵۲۶ء میں جس حکمران نے رکھی اُس کا نام بابر تھا۔جو خود ترکی زبان کے دلدادہ تھے۔یہی وجہ ہے کہ ''تزکِ بابری'' نامی کتاب انہوں نے ترکی زبان میں ہی لکھی۔ایک مختصر وقت میں مغلوں نے تقریباً پورے شمالی ہندوستان کو فتح کیا۔مغل حکومت ہند فارسی ثقافت پر قائم ہونے لگی۔اس پر فارسی تہذیب کے نمایاں اثرات مرتب ہونے لگے۔ہندوستانی روایات اور رسم و رواج کو بھی اپنایا۔لیکن آہستہ آہستہ ہندوستانی تہذیب فارسی تہذیب کے زیر اثر آنے لگی۔خصوصاً زبان کے حوالے سے تو فارسی مکمل طور پر سرکاری زبان تسلیم کی گئی۔یوں فارسی زبان ہندوستان کے متعدد زبانوں اور بولیوں پر اثر انداز ہوتی گئی جو شمالی اور وسطی ہندوستان میں بولی جاتی تھیں، خاص طور پر برج بھاشا، اودھی وغیرہ۔مقامی ہندوستانی کھری بولی میں فارسی اور عربی الفاظ کو فروغ ملا۔فارسی سرکاری زبان ہونے کی وجہ سے اس وقت کے سماجی و معاشی اداروں میں استعمال کی جاتی تھی۔عربی برصغیر ہند و پاک کے مسلمانوں کی مذہبی زبان تھی۔یوں عربی فارسی زبانوں کے متعدد الفاظ مقامی زبانوں، بولیوں اور لہجے میں ضم ہوتے گئے، جس میں بنیادی طور پر سوداگروں، سپاہیوں، مبلغین اور مقامی عدالتوں کا ہاتھ تھا۔

سترویں صدی میں ہندوستانی (اردو) کی ابتدائی شکل سامنے آنے لگی۔ ہندوستانی ہندوؤں اور مسلمانوں کی مشترکہ رابطے کی زبان بنتی گئی اور اسے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں تہذیبوں نے تقریباً تین سو سال سے بھی زیادہ عرصے تک ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہوئے ایک دوسرے کو کتنا متاثر کیا۔ جب انگریزوں نے ہندوستان پر قبضہ جمایا تو انہوں نے پایا کہ اردو یہاں کی عوامی زبان ہے۔اس لئے ایسٹ انڈیا کمپنی نے عربی فارسی رسم الخط والی ہندوستانی زبان (اردو) کو ہی ۱۸۳۷ء میں فارسی کی جگہ سرکاری زبان کا درجہ دیا۔ یوں اردو برصغیر کی سرکاری طور پر تسلیم شدہ زبان بن گئی۔اس طرح یہ زبان تدریسی زبان بھی بنتی گئی۔

مہاراجہ گلاب سنگھ (۱۸۴۶۔۵۶) اور مہاراجہ رنبیر سنگھ (۱۸۵۶۔۸۵) کے زمانون سے ہی اردو جموں وکشمیر ریاست میں رابطے کی زبان رہی اور اسے سرکاری سرپرستی حاصل ہوئی۔۱۹۴۰ء مہاراجہ ہری سنگھ کے دورِ حکومت میں ریاست کے اسکولوں اور کالجوں میں اردو کو ذریعہ تعلیم قرار دیا گیا۔ریاست جموں وکشمیر ملک کی واحد ریاست ہے، جہاں ۱۹۵۶ء میں ریاست کی پہلی ائین ساز اسمبلی نے دفعہ ۱۴۵ کے تحت اردو کو سرکاری زبان قرار دیا اور حکومت کی طرف سے بھی اردو کی ترویج وترقی کے لئے کہی ٹھوس اقدامات عمل میں لائے گئے۔اردو ریاست کے تینوں خطوں جموں، کشمیر اور لداخ میں رابطے کی واحد زبان ہے۔یہی وجہ ہے یہاں اردو زبان کے ساتھ ساتھ اردو ادب سے بھی لوگوں کو گہری شناسائی رہی ہے۔کوئی بھی زبان جس کسی علاقہ میں پھلتی پھولتی ہے تو ابتدائی طور پر وہ بولی کی حیثیت سے فروغ پاتی ہے۔ جب اس میں تحریری نمونے پیدا ہوتے ہیں تو اس زبان کا ادب پروان چڑھتا ہے۔ادب اظہار کا بہترین ذریعہ ہے۔ جب اظہار کے مختلف طریقے کسی زبان میں پیدا ہوجاتے ہیں تو اس زبان میں ادب پروان چڑھتا ہے۔ زبان اور ادب کے فرق کے بارے میں واقفیت اکثر پڑھے لکھے طبقے کو بھی نہیں ہوتی، عام انسان کی بات ہی نہیں۔ باقی ہندوستان کی طرح جموں وکشمیر میں بھی اردو دراصل فارسی کے متبادل کے بطور اختیار کی گئی۔ چونکہ اس زبان میں وہ سارے ممکنہ اثرات موجود تھے جو ایک کثیر لسانی علاقے میں رابطے کی زبان میں ہونی چاہئے تھی۔یہی وجہ ہے کہ اردو ادب بھی جلدی ہی یہاں پنپنے لگی۔ اردو کی ہمہ گیری کو دیکھتے ہوئے حکومت وقت نے اسے ریاستی اسکولی تعلیم کے لئے تدریس کا ذریعہ بھی بنایا۔ یوں اردو نے فوراً ریاست جموں وکشمیر میں اپنے قدم مستحکم کئے۔

## 1.5 ذاتی جانچ

اس تمام بحث سے آپ کو یہ معلومات بہم پہنچی ہوگی کہ اردو زبان کے آغاز وارتقاء نیز تدریس زبان کے مراحل کو طئے کرنے کے لئے اردو زبان کس طرح کا سفر کرتی گئی اور مقامی اثرات کے ساتھ ساتھ اس میں کتنی تبدیلیاں آتی رہی۔اب آیئے اپنی ذاتی جانچ کے لئے مندرجہ ذیل سوالات کا جواب دینے کی کوشش کریں۔

## 1.5.1 طویل جواب والے سوالات

۱۔ اردو زبان کے ابتداء کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

۲۔ آریہ ہندوستان کب اور کیسے آئے؟

۳۔ ہند آریائی کا تعلق زبانوں کے کس گروہ کے ساتھ ہے؟

۴۔ اردو کا ادبی زبان ہونا کیسے واضح کیا جاسکتا ہے؟۔

۵۔ ہندوستان کے سیاق میں تعلیمی نظام کو کس طرح دیکھتے ہیں؟

۶۔ زبان کی تدریس کے لئے معلم کو کن چیزوں کا خیال رکھنا لازمی ہے؟

۷۔ معلم کی تدریسی صلاحیتوں کا علم کس طرح کیا جاسکتا ہے؟

۸۔ اسکول ایک سماجی نظام ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۱.۵.۲۔ معروضی جواب والے سوالات (ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں، درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔)

۱۔علوم و تجربات کا مجموعہ ہے۔

(الف) تعلیم (ب) عمل تدریس (ج) نصاب (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

۲۔نصاب تعلیم کو استوار کرنا ضروری ہے۔

(الف) جدید خطوط پر (ب) قدیم خطوط پر (ج) روایتی خطوط پر (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

۳۔نظام تعلیم میں مرکزی اہمیت حاصل ہے۔

(الف) معاشرہ (ب) حکومت (ج) انتظامیہ (د) طلاب

۴۔نصاب کے مقاصد متعین کرتا ہے۔

(الف) استاد (ب) سماج (ج) حکومت (د) طلاب

۵۔استاد کی کامیابی کا انحصار۔

(الف) تدریس پر ہے (ب) مدرسے پر ہے (ج) معاشرہ پر ہے (د) نصاب پر ہے

## 1.6 سفارش کردہ کتابیں

۱۔ اُردو کا ابتدائی زمانہ......شمس الرحمٰن فاروقی، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، دہلی۔

۲۔ تاریخ ادب اُردو (حصہ اوّل)......جمیل جالبی، ایجوکیشنل پبلیشنگ ہاوس، نئی دہلی۔

۳۔ اُردو ادب کی مختصر ترین تاریخ......سلیم اختر، کتابی دنیا، نئی دہلی

۴۔ تاریخ ادب اُردو......رام بابو سکسینہ، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، دہلی۔

۵۔ جدید تدریس اردو: بی ایڈ، جدید نصاب، محی الدین بجھ. اشاعت دوم، گلشن پبلیشر یز، سرینگر۔

۶۔ اردو تدریس: جدید طریقے اور تقاضے، ڈاکٹر ریاض احمد، مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، جامعہ نگر، دہلی۔

## 1.7 ردعمل

# اِکائی۔2

# اردو قواعد کی تدریس

ساخت

2.1 تعارف

2.2 غراض و مقاصد

2.3 اصل موضوع

2.4 خلاصہ

2.5 ذاتی جانچ

2.6 سفارش کردہ کتابیں

## 2.1 تعارف:

زبان کے مطالعے کو لسانیات کہا جاتا ہے۔ یہ زبان اور اس کی ساخت کا فنی مطالعہ ہے۔ جو ہر اعتبار سے جیسے سماجیاتی، جدلیاتی، نفسیاتی، محاسباتی یا تخمینی، تقابلی اور ساختیاتی نقطہ نظر سے زبان کو جانچتا ہے۔ یہ کس طرح اور کیسے کام کرتا ہے، اس کے لئے لازمی ہیں کہ ہم زبانوں کے اس علم کا بغائر مطالعہ کرنے کی کوشش کریں، تاکہ ہم زبان دانی سے کم وبیش واقفیت حاصل کرسکیں۔ زبان کا مطالعہ مختلف لسانی سطحوں پر کیا جاتا ہے۔ جو الگ ہونے کے باوجود ایک دوسرے کے ساتھ جڑے رہتے ہیں۔ زبان کا لسانی مطالعہ ہمیں یہ سیکھاتا ہے کہ آواز، حروف، الفاظ، معنی کس طرح ایک خاص طریقے سے ترتیب دیئے جاتے ہیں اور انہیں کس طرح سے آراستہ کیا جاسکتا ہے، کہ معنی خود الفاظ کی بناوٹ سے متاثر ہوکر آرائیشی انداز میں نئی ساخت میں ڈھل جائے۔ لسانیات کی مختلف شاخیں ہیں جیسے صوتیات، معنیات، نحویات، ساختیات، اظہارِ خیال، تاریخی لسانیات، توضیحی لسانیات اور سماجی لسانیات وغیرہ۔ ان میں سے لسانیات کی اولین اور ایک اہم شاخ صرف ونحو یا قواعد زبان ہے۔

کسی بھی زبان کا پورا نظام جس پر اُس کے ڈھانچے کی تعمیر پوری طرح کھڑی ہوتی ہے قواعد کہلاتا ہے اور قواعد

کی تدریس ہی زبان کی مکمل جانکاری فراہم کرتی ہیں ۔قواعد زبان دراصل زبان کے قانون اوراصولوں کا نام ہے۔ یہ زبان کے مطالعے کا وہ حصہ ہے، جو الفاظ کے ساخت ، جملوں کی بناوٹ ،صوتی ،نحوی اور معنیاتی نقطہ نظر پر بحث کرتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں مختصراً ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ کسی کے بولنے یا لکھنے کے انداز کو ایک مقررہ اصولوں کے مطابق ناپنے کا آلہ قواعد زبان کہلاتا ہے۔

## 2.2 غراض ومقاصد:

جیسے کہ ہم نے جاننے کی کوشش کی ہے کہ زبان کے بنیادی اصول جس پر زبان کا ڈھانچہ قائم ہوتا ہے قواعد کہلاتا ہے۔اصل میں قواعد کے اصول ادبی زبان میں کام آتے ہیں، کیونکہ ہر سماجی زبان تقریباً ایک طرح کی ٹوٹی پھوٹی شکل پر مبنی ہوتی ہے۔حتیٰ کہ اس کا اندراک کسی حد تک صحافتی زبان پر بھی ہوتا ہے۔ یہاں صرف حروفِ عطف یا ربط پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے اورعوامی زبان یعنی عام گفتگو میں اس کا بھی خیال رکھا نہیں جاتا، بلکہ عام یا عوامی سطح پر ’’کو‘‘ کو ’’کی‘‘ اور ’’کا‘‘ ’’کو‘‘ ’’کے‘‘ کے آئینے میں بولا جاتا ہے۔صحافتی زبان میں بھی قواعد کے اصولوں کو مکمل طور پر سامنے نہیں رکھا جاتا۔ بلکہ یہ ایک طرح کی عوامی اور ادبی زبان کی ملی جلی صورتحال کا نام ہے۔اس اکائی میں ہم اردو میں قواعد کی تدریس کے حوالے سے بات کرنے کی کوشش کریں گے۔ ہماری مراد ہے کہ اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد طالب علم ایسے سوالات کے جواب دینے کے اہل ہو جائیں۔

۱۔آپ قواعد کے متعلق کیا معلومات رکھتے ہیں؟

۲۔اردو زبان کے بنیادی قواعد پر اظہار خیال کیجئے۔

۳۔املاء کیا ہے؟ مختصراً سمجھایئے۔

۴۔قواعد اردو کی تدریس کے کیا مقاصد ہیں؟

۵۔اردو زبان میں اعراب کی اہمیت بیان کیجئے؟

## 2.3 اصل موضوع:

ہندوستانی تہذیب عبارت ہے زندگی اور معاشرت کے ان آداب اور طور وطریقوں سے جو اس سرزمین پر صدیوں سے رہنے والے مختلف قوم، رنگ ونسل، زبان، مذہب، تہذیب، عقائد کے لوگوں کے باہمی اختلاط اور میل جول سے مرتب ہوتے رہے ہیں۔کوئی بھی ادب خلا میں جنم نہیں لیتا۔ بلکہ اس کا اپنے عصری تقاضوں سے مثبت اثر قبول کرنا لازمی ہے۔ دکنی عہد میں انسان جن معاشی ومعاشرتی ،تہذیبی اور اخلاقی تبدیلیوں کا شکار رہا، اس کا براہ راست اثر

اس دور کے ادب پر نمایاں رہا۔ یہی وجہ ہے کہ اس دور میں اردو زبان ایک نئی قوت بن کر معاشرے کی ہر سطح پر استعمال میں آ رہی تھی اور زبان و ادب کے عام رواج اور ادبی سطح پر ترقی کا سبب یہ تھا کہ سماجی معاشی اور تہذیبی حالات بدلنے سے عوام کی اہمیت روز بروز بڑھ رہی تھی اور اسی رجحان کے ساتھ ان کی زبان کو بھی فروغ حاصل ہو رہا تھا۔ اس دور میں اردو اپنے ارتقا کی اس منزل پر پہنچ چکی تھی جہاں اُسے عام طور پر ادبی و تخلیقی سطح پر استعمال کیا جانے لگا تھا۔ دکنیت کے جوش و جذبہ میں جہاں ابتدا سے ہی شاہان دکن اس کی سرپرستی کرر ہے تھے وہاں اب وہ واحد قومی زبان کے طور پر قبول کر لی گئی تھی اور دفتری امور اسی زبان میں انجام دیئے جا رہے تھے۔ بادشاہ کے دربار میں فارسی علما اور شعراء کے ساتھ ساتھ اردو شعراء کو نہ صرف قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھا جا رہا تھا بلکہ روز بروز ان کی قدر و منزلت میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔ جگت گرو کی کتاب ''نورس'' اور علی عادل شاہ ثانی کی کلیات اس بات کی گواہ ہیں کہ ان لوگوں کا فارسی زبان سے خاندانی رشتہ تقریباً منقطع ہو گیا تھا اور اردو زبان ہی ان کی زبان ہو گئی تھی۔

ہر زبان کا رسم الخط وقتاً فوقتاً تبدیل ہوتا جاتا ہے۔ ملا وجہی سے لے کر سرسید احمد خان تک اردو زبان میں بول چال کی سطح سے لے کر لکھاوٹ تک کئی ایک تبدیلیاں آئی ہیں جن سے زبان میں نکھار آتا گیا۔ اسی نکھار سے آج کل کا مروجہ خوبصورت نستعلیق لکھا اور سمجھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر پہلے ہم ''بھوکا'' کو'' بہوکا'' کی صورت میں لکھتے تھے۔ تبدیلی وقت کی ضرورت ہے اور وقت کے تقاضوں کے مطابق ہوتی رہتی ہے۔ آج کا جو نستعلیق ہمارے سامنے موجود ہیں یہ بہت سی تبدیلیوں کے بعد ہمارے سامنے دستیاب ہے۔

## 2.3.1 اردو املاء کی ابتداء اور نشو نما:

جیسا کہ آپ جانتے ہیں زبان سیکھنے کے سب سے اہم اور بنیادی اصولوں میں سے ایک زبان کی مہارت کا معروضی تجزیہ ہے۔ کسی بھی زبان کی صحیح ہجے کا درست طور پر پیمائش اور اندازہ لگانے کے عمل کو املاء کہتے ہیں۔ ہجے کی مہارت کا مطلب ان کی صوتی شکل کی بجائے حرفوں، الفاظ اور فقرے کی تحریری شکل کو صحیح طریقے سے تبدیل کرنے کی صلاحیت ہے۔ طلبا کو یہ مہارت حاصل کرنے کی ضرورت ہے تا کہ وہ الفاظ کی زبانی شکل اور ان کے حروف کے مابین اچھا تعلق پیدا کر سکیں۔ ہجے کی غلطیوں کو بہت ساری اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے: (۱) تعلیمی املا کی غلطیاں، (۲) لاپرواہی، (۳) کمزور حافظہ، (۴) تحریر میں خامیاں اور (۵) سماعت کی خرابی:

**۱۔ تعلیمی املا کی غلطیاں:** اس قسم کی ہجے کی غلطیوں کا نتیجہ غلط الفاظ کو صحیح الفاظ لکھنے کی وجہ سے حاصل ہوتا ہے جس کی ایک غیر معمولی کیفیت ہوتی ہے یا تحریری طریقوں اور اصولوں کو سیکھنے کی کمی ہوتی ہے۔ اردو میں تعلیمی سطح پر ایسی غلطیاں رہ ہی جاتی ہیں۔ جہاں طلباء کو سیکھنا اور پڑھانا بہت مشکل اور پیچیدہ ہو جاتا ہے کیونکہ ابتدائی جماعتوں کے بچے نہیں جانتے ہیں کہ لفظ ''انڈا'' میں ''ڑ'' نہیں بلکہ ''ڈ'' ہوتا ہے۔ لیکن وہ ہمیشہ املا میں یہ غلطی کرتے رہتے ہیں۔

**۲۔لاپرواہی سے متعلق املا کی غلطیاں**:اس طرح کی غلطیاں ہمیشہ سے ہوتی رہتی ہیں ،اس کا تعلق بہت ساری وجوہات سے ہیں جیسے دانت کا یا سر کا درد یا اور کوئی تکلیف دہ صورتحال۔اس کے علاوہ انسان ذہنی طور پر کبھی کبھار گم سم رہ جاتا ہے اور سنئے گئے الفاظ کی ساخت کو صحیح طور پر نہیں بنا پاتا۔یوں املا کی غلطیاں لاپرواہی سے ہو ہی جاتی ہیں

**۳۔ابتدائی ہجے کی غلطیوں کے اثرات**:اس طرح کی غلطیوں کا تعلق تحریر کی مختلف کیفیات سے ہیں۔جہاں گھر کی بے توجہی اس کی ذمہ دار ہیں وہی ابتدائی اسکول کے پہلے درجے کی بھی ناکافی توجہ ٹھہرائی جاسکتی ہے۔اس کی اہم وجہ لکھتے وقت غلط زاویہ کی صورتیں،پنسل کو تھامنے والی انگلیوں کے درمیان کم فاصلہ رکھنا وغیرہ۔

**۴۔ہجے کی بصری غلطیاں**:اس طرح کی ہجے کی غلطیاں ان خطوط سے متعلق ہیں جن کی آواز اردو میں ایک جیسی ہے۔جیسے ق ک، ہ ھ ء، ث ص س، گ غ، ذ ز ض ظ وغیرہ۔اس طرح کی املا کی غلطیاں اردو میں بصری حروف اور آواز کی مماثلت کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔اس کی وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ اردو زبان میں میں حرف کو پہلے لفظ میں،لفظ کے وسط میں،اور لفظ کے آخر میں مختلف شکلوں میں لکھا جاتا ہے۔جیسے ''ب'' کو کم از کم تین شکلوں میں لکھنے کی گنجائش موجود ہیں۔ان مختلف حرفوں اور خط کے شناخت کاروں کے مقابلے میں ایک آواز کے بارے میں غور کرنا کئی معنوں میں مشکل ہوسکتا ہے اور والدین یا استاد کو چاہئے کہ بچوں کو لازمی طور پر ان الفاظ کو لکھنے کے دوران،ان پر غور کرنا کی ترغیب بھی دیں۔تاکہ وہ لفظ کو صحیح لکھ پائے۔ابتدائی الفاظ کے لئے ایک لفظ لکھنا بہت مشکل اور پیچیدہ عمل ہے۔اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے ہر آواز پر غور کرنا چاہئے۔

**۵۔ہجے کی سمعی غلطیاں**:اس طرح کی ہجے کی غلطیوں کا تعلق کسی لفظ کی آواز کو اسی طرح کی آواز میں تبدیل کرنے سے ہے، جیسے پیڑ کے بجائے پیٹ لکھنا۔اس قسم کی غلطیاں اساتذہ کے ذریعہ متن کو غلط پڑھنے یا طالب علم کی سننے میں دشواریوں کی وجہ سے ہوسکتی ہیں۔

**٦۔لب ولہجہ**:''لب و لہجے'' کو مختصراً اور عام صورت میں ''تلفظ'' سے پہچان لیتے ہیں اور'' تلفظ'' سے مراد وہ طریقہ ہے جس میں ہم الفاظ کی آواز یا بول صحیح طریقے سے پیش کر سکتے ہیں۔الفاظ کو بولنے کے لئے ہم اپنے پھیپھڑوں سے ہوا کو اپنے گلے اور حبل صوت کے ذریعہ اپنے منہ تک پہنچا کر اپنی زبان سے گذرتے ہوئے دانتوں اور ہونٹوں کے درمیان سے بعض اوقات ناک سے دھکیلتے ہیں۔جو آواز ہم بناتے ہیں اسے تبدیل کرنے کے لئے ہم بنیادی طور پر اپنے منہ، زبان اور ہونٹوں کے پٹھوں کو اپنے منہ کی شکل اور ہوا کے بہاؤ کو قابو کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔اگر ہم اپنے منہ کی شکل اور ہوا کے بہاؤ کو صحیح طریقے سے قابو میں رکھ کر سکتے ہیں تو ہمارا تلفظ واضح ہوجاتا ہے اور دوسرے لوگ ہمیں زیادہ آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔مختلف زبانوں کے بولنے والے منہ کے مختلف پٹھوں کو تلفظ کے لئے تیار کرتے ہیں۔

جب ہم دوسری زبان بولتے ہیں تو اس زبان کے لئے ہمارے عضلات بہتر طور پر تیار نہیں ہو سکتے۔اس طرح سے ہمارے لئے اس زبان کا تلفظ ادا کرنا زیادہ مشکل ہی نہیں بلکہ غیر مانوس بھی ہوگا۔ ہمارے منہ، زبان اور ہونٹوں کے پٹھوں کا استعمال کرتے ہوئے صحیح حرف اور مستحکم آوازیں پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ،تلفظ کے دیگر اہم پہلو پر بھی دھیان دینا چاہیئے۔مثلاً

(الف): الفاظ پر زور-کسی لفظ میں بعض حرف پر زیادہ زور دینا پڑتا ہے۔

(ب): جملے کا دباؤ-ایک جملے میں کچھ الفاظ پر زیادہ ہی زور دینا پڑتا ہے۔

(ج): جوڑنا- کچھ الفاظ ایک ساتھ بولنا۔

(د): انتباہ-آواز کے بول کو اختیار رہنا۔

## 2.3.2 اردو میں اوقاف (نشان گذاریوں) کی اہمیت:

عبارت لکھنے کے دوران قواعد کو مدنظر رکھنا لازمی عمل ہے۔لکھتے وقت باقی اہم اصولوں کے ساتھ ساتھ اوقاف کے بارے میں لکھنے والے کو زیادہ ہی فکر لاحق رہتی ہے۔ ہر شائع شدہ یا غیر شائع شدہ تحریر کا مطالعے کے لئے اوقاف، وقفہ کاری، روایتی اور مخصوص علامات کا استعمال ایک صحیح مطالعہ کا طریقہ ہے۔ یہ لفظ لاطینی ''پـــنـــکـــٹـــــس'' (punctus) سے مشتق ہے،جس کے معنی ''نشان'' (point) کے ہیں۔کسی بھی زبان میں اور بالخصوص اردو زبان میں مختلف طرح کے نشانات یا نقطے قارئین کو الفاظ کی صحیح پہچان کے علاوہ جملے کو سمجھنے میں مدد فراہم کرتے ہے۔استاد اگر بلند خوانی کر رہا ہو تو نشانات سے پتہ چل سکتا ہے کہ کہاں ٹھہرنا ہے اور کہاں ٹھہر کر گذرنا ہے۔اسی طرح اگر قاری کسی کتاب کا مطالعہ کر رہا ہے،تو مختلف طرح کے اوقاف جملے کے معنوں کو سمجھانے میں مدد کرتے ہیں۔اگر اوقاف نہ ہو تو عبارت میں وہ دم خم نہیں رہے گا جو اس میں نشانات پیدا کر دیتے ہیں۔ جیسے کہ راقم نے اس سے پہلے والے جملے کے آخر پر وقف لازم (۔) کا استعمال کیا، اس کے معنی یہ ہے کہ میں نے بات مکمل کی۔لیکن یہ بھی نہیں کہ بات ختم ہوئی، بلکہ بات کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے۔اس کے بجائے وقف لازم کے فوراً بعد راقم نے سکتہ (،) کو بھی اختیار کیا تو اس کے معنی بات جاری رکھنے کے ہیں، یعنی جملہ ختم نہیں ہوا۔کئی ایک نشانات ایک ہی طرح کے کام آتے ہیں،لیکن ہر کام ایک دوسرے سے قدرے مختلف ہوتا ہے۔اسی طرح کے بہت سارے نشانات ہیں جو عبارت کو جامع بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

یہاں پر اوقاف کے حوالے سے چند ایک نشانات ہیں جو عام طور پر اردو قواعد میں مستعمل ہیں۔جن میں، سوالیہ نشان (؟)، وقفہ استعجابیہ (!)،سکتہ (،)،نیم وقفہ (؛)، بڑی آنت (:)، وقفہ مستثنٰی یا وقف لازم (۔)،نشان ربط (-) ،قوسین ''()''، خطوط وحدانی ([])،منحنی خطوط وحدانی ({})، علامت حذف ('')،واوین یا علامت اقتباس ('''')

اور علامت ترخیم یا اختصار (...) ہیں۔ ان کے صحیح استعمال پر عمل کرنے سے آپ کی تحریر کو پڑھنے میں آسانی ہوگی اور پڑھنے کی اور کشش بڑھ جائے گی۔

## 2.3.3 اردو زبان میں معیاری آواز:

**ا۔صوتیات:۔**

کسی بھی زبان میں کام آنے والی تمام بامعنی آوازیں صوتیات کے زمرے میں آتی ہیں۔اس علم میں زبانوں میں استعمال ہونے والی اصوات کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔اس مطالعے میں آوازوں کی تشکیل، ادائیگی، ترسیل، نیز آوازوں کی درجہ بندی بھی کی جاتی ہیں۔کسی بھی زبان کا مطالعہ ہم تین طریقوں سے کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

(الف)۔سمعیاتی صوتیات:۔ یہ طریقہ کار لسانیاتی تجربہ گاہ میں جدید مشینوں کی مدد سے کیا جاسکتا ہے۔

(ب)۔سماعی صوتیات:۔سمعیاتی صوتیات کی طرح یہ طریقہ کار بھی لسانیاتی تجربہ گاہ میں جدید مشینوں کی مدد سے ہی عمل میں لایا جاسکتا ہے۔

(ج)۔تلفیظی صوتیات:۔انسان کے وہ اعضاء جن سے زبان کی آوازیں پیدا ہوتی ہیں اور انسان خود بولتے وقت بھی انہیں محسوس کرسکتا ہو۔اس کا تعلق براہ راست اعضائے تکلم سے ہے۔

**۲۔صوتیہ:**

صوتیات (phonemics) لسانیات کی ایک اہم شاخ ہے۔جیسا کہ پہلے بھی اس بابت بات کی گئی کہ آواز کی اکائی کو صوتیہ یا فونیم (phoneme) کہتے ہیں۔لسانیات میں بات کرنے کو، گفتگو یا پھر تقریر کی سب سے چھوٹی اکائی جس میں ایک لفظ دوسرے سے الگ ہوتا ہے ''صوتیہ'' کہلاتا ہے۔جیسا کہ 'دل' میں حرف 'ل' ہے، جو اس لفظ کو 'مل'، 'جل' سے الگ کرتا ہے۔صوتیہ میں ایک سے زیادہ مختلف حالتیں ہوسکتی ہیں، جس کو ''صدائے متبادل'' (allophone) (وہ صدائے کلام جس میں اسی کی آواز موجود ہو) کہا جاتا ہے۔جو ایک مخصوص آواز کے طور پر کام کرتی ہے۔جیسے ''مل'' یا ''جل'' کے بجائے اسے الٹا کر کے لکھا جائے مثلاً ''لم'' یا ''لج'' یہاں اس کے صوتیہ الگ ہی آواز دے گا۔اب ہم اسے یوں سمجھ سکتے ہیں کہ صوتیہ بولنے میں آواز کی سب سے چھوٹی اکائی ہوتی ہے۔جب ہم بچوں کو پڑھنا سکھاتے ہیں تو ہم بچوں کو پڑھاتے ہیں کہ کون سے حرف ان آوازوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔مثال کے طور پر لفظ ''چاند'' میں چار حروف ہیں چ، ا، ن، د۔ہم جب بولتے ہیں تو ہمارے منھ سے جو الفاظ نکلتے ہیں وہ مختلف آوازوں کے سلسلے ہوتے ہیں جن میں ایک آواز اپنے آگے پیچھے آنے والی آوازوں سے متاثر ہوتی رہتی ہے۔

**۳۔اعضائے تکلم:۔**

جیسا کہ ہم بات کر رہے تھے ،۱.۳.۳۔''اردو زبان میں معیاری آواز''(ا) ''صوتیات'' کے حصہ (ج) ''تلفیظی لسانیات'' میں ۔وہ اعضاء جن سے زبان کی مختلف اصوات پیدا ہوتی ہیں ان کو تکلمی اعضاء یا اعضائے تکلم کہا جاتا ہے۔یہ تکلمی اعضاء مختلف طریقوں سے عمل پیرا ہو کر آواز ادا کرتے ہیں۔ان میں ہونٹ ،دانت،زبان،تالو،کوا،حلق،ناک،منہ کی نالیاں اور غشائی پردے خاص اہمیت کے حامل ہیں۔

**(الف)۔مصوتے:۔** یہ وہ آوازیں ہیں جن کی ادائیگی میں پھیپھڑوں سے آنے والی ہوا بغیر کسی رکاوٹ کے منہ سے خارج ہوتی ہیں۔دوسرے الفاظ میں حرکت دینے والے حروف کو مصوتے کہتے ہیں۔مصوتے مصمتوں (حروفِ صحیح) کو باہم جوڑنے میں مدد کرتے ہیں اور ان کے ذریعے (صحیح آوازوں کو جوڑنے سے) مختلف بامعنی کلمے بنتے ہیں اور یہ کلمے پھر جملے بناتے ہیں جو ہم اپنی گفتگو اور تحریر میں استعمال کرتے ہیں۔مصوتوں کو حرف علت بھی کہا جاتا ہے۔اس کو سمجھنے سے مراد ایسا حرف جس کی آواز منہ سے بِلا روک ٹوک ادا ہوتی ہو۔یہ آواز کوئی بھی دو حرف علت کو ملا کر ادا کرنے سے نکلتی ہے۔جیسے: آ،یا،اَو،اُو اور اِی۔جب تک حروفِ علت کے اقسام سے واقفیت نہ ہوگی تو املا کے تغیرات کو سمجھنے میں بھی دشواری ہوگی۔

**(ب) مصمتے:۔** مصمتے اُن آوازوں کو کہا جاتا ہے جن کی ادئیگی میں پھیپھڑوں سے آنے والی ہوا منہ میں مختلف حصوں کو چھوتی ہوئی یا رک کر جاتی ہیں یا ناک کے راستے یا زبان کی بغل سے ہو کر باہر نکلتی ہیں؛ جیسے ب،پ،ت،ٹ،ج،چ، خ،د،ڈ،ذ،ر،ز،ژ،س،ش،ص،ض،غ،ف،ق،ک،گ،ل،م،ن وغیرہ حروف کا شمار مصمتوں میں ہوتا ہے۔انہیں حروف صحیح بھی کہا جاتا ہے۔حروفِ علت کے علاوہ بقیہ تمام حروف حروفِ صحیح کہلاتے ہیں۔ان حروف کی ادائیگی میں صوتی رکاوٹ کسی نہ کسی حد تک لاحق ہوتی ہے۔ان آوازوں کو مصمتی آوازیں کہتے ہیں۔جب کہ حروفِ علت کی آوازوں کو مصوتی آوازیں کہتے ہیں۔

**۴۔آوازوں یا گفتگو کی تنظیم:**

جیسا کہ ہم جانتے ہیں ''صوتیاتیات''(phonology) ایک زبان میں مختلف آوازوں کے نمونوں کے مطالعہ کا علم ہے۔علم صوتیات باضابطہ طور پر زبانوں میں تقریری کی آوازوں کی الگ الگ تنظیم کا مطالعے کا نام ہے۔کس طرح گفتگو کی آوازیں ذہن میں منظّم ہوتی ہیں اور معنی بیان کرنے کے لئے استعمال ہوتی ہیں۔صوتیات کا تعلق بہت سے لسانی شعبوں سے ہوسکتا ہے،جن میں نفسیاتی لسانیات،علمی سائنس،سماجی لسانیات اور زبان باقی ماندہ کے حصول شامل ہیں۔

۵۔جملوں کی ساخت:۔

تحریر اور تقریر میں ہمیشہ سے جملوں کی ساخت مختلف رہی ہیں۔تقریری سطح پر جملوں کے ڈھانچے میں الفاظ کا اہتمام اُس طرح نہیں کیا جاسکتا ہے،جس طرح تقریر میں اپنایا جاتا ہے۔جملوں کی ساخت کا انحصار اس زبان پر ہے جس میں آپ لکھ رہے ہیں یا بول رہے ہیں۔اردو زبان میں عام طور پر جملے میں جمالیاتی حس بھی نظر آنا چاہئے۔اس معاملے میں جملے کے ڈھانچے کو مختلف بنیادوں پر دیکھنے کی ضرورت ہے۔ جملے کے ڈھانچے کو زیادہ آسان یا پیچیدہ بنانے کے بہت سارے طریقے بھی موجود ہیں۔ جملہ آسان ہو یا پیچیدہ لیکن اہم بات یہ ہے کہ قواعد کے اصولوں پر پوری طرح اترنا چاہیئے۔

## 2.4 خلاصہ

زبان ایک اکتسابی، غیر جبلی اور تہذیبی عمل ہے۔جو تہذیبی بنیادوں پر ہی نسل در نسل منتقل ہوتی گئی۔افلاطون شاید اولین دانشور ہیں جنہوں نے پہلی بار اپنی کتاب 'کرٹلیس'(Cartylus) میں زبان کی ساخت کے بارے میں گہرائی سے سوچنے کی کوشش کی۔ارسطو نے قواعد زبان کے حوالے سے بات کی۔انہوں نے زبان اور اس کی بولیوں نیز اجزائے کلام کے حوالے سے بحث چھیڑی۔ہندوستان میں زبان کے حوالے سے 'پانی' نے اپنی کتاب 'اشٹھادھائی' میں زبان کے مختلف گوشوں پر بات کرنے کی کوشش کی۔اشٹھادھائی، سنسکرت آستدھیائی ( آٹھ ابواب ) ہندوستانی قواعد کی کتاب جو چھ سے پانچویں صدی میں پانی نے سنسکرت زبان میں لکھی۔اس کام نے کلاسیکی سنسکرت کے لسانی معیارات طے کیے۔یہ صوتیات اور قواعد کی سائنس پر مبنی ویدک مذہب میں تیار کی گئی تصنیف ہے۔پانی نے کتاب کو آٹھ ابواب میں تقسیم کیا اور ہر ایک باب کو مزید چار ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔

عربی قواعد شاید دنیا کی تمام زبانوں میں سب سے منظم اور جامع زبان تصور کی جاتی ہی۔یہاں لفظیات کو برتنے کا عمل سحرانہ نوعیت کا نظر آتا ہے۔حالانکہ عربی زبان کے قواعد کو سمجھنا کافی دشوار ہے۔لیکن ایک بار عربی زبان کے اس نظم وضبط کے بنیادی اصول سمجھ آجائیں تو سمجھ لیں عربی زبان سمجھ آگئی۔عربی زبان میں دوسری زبانوں کی طرح ہزاروں چیزیں الگ الگ سمجھنے اور یاد کرنے کی ضرورت نہیں۔بلکہ یہ زبان ایک الگ ہی دبستان رکھتی ہیں۔

زبان کے مطالعے کی سائنسی بنیادیں دراصل بیسویں صدی کے آغاز میں ہی شروع ہوئی جب ۱۹۱۶ء میں فرڈینینڈ ڈی سوسر (Ferdinand de Saussure) کے دئے ہوئے وہ خطبات جو انہوں نے ۱۹۰۶ء سے ۱۹۱۱ء تک جامعہ جنیوا (University of Geneva) میں دئے تھے اور اب یہ کتابی شکل میں سامنے آئی۔اس معروف کتاب جس کا نام (Course in General Linguistics) نے مختصر وقت میں کافی شہرت پائی۔ سوسر نے پہلی بار ماہرین لسانیات کی توجہ تحریری زبان سے ہٹا کر تقریری زبان کی طرف منتقل کی۔سوسر نے حرف کی جگہ صوت کو اہمیت دی۔

قواعد تحریری زبان کے ساتھ ساتھ تقریری زبان پر بھی توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ لیکن تقریری کی بہ نسبت کسی حد تک تحریری زبان پر قواعد کا اثر و رسوخ زیادہ نظر آتا ہے۔ حالانکہ اگر بول چال کی سطح پر دیکھا جائے، تو ہم پائیں گے کہ جوں جوں مقرر قواعد سے بھٹکتا ہے تقریر کسی حد تک بے ربط ہو جاتی ہے۔ یہاں تک کہ ایک معمولی غلطی فحش دیکھائی دیتی ہے ۔کیونکہ یہاں زبان کی جمالیات مجروح ہو جاتی ہیں۔ تحریر میں ایسی کسی بھی غلطی کی کوئی جگہ ہی نہیں ہونی چاہئے۔ باقی زبانوں میں عموماً اور اردو میں خصوصاً زبان تہذیبی اور جمالیاتی قدروں پہ رواں دواں ہیں، ایسے میں یہاں قواعد کی معمولی غلطی تمام تحریر کو متاثر کرسکتی ہیں۔ بچوں کو پڑھاتے وقت اس طرف خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

## 2.5 ذاتی جانچ

زبان ایک انسانی وصف ہے، اسی وجہ سے انسان کو حیوان ناطق کہا گیا ہے اور شاید زبان بھی ایک پہلو ہے جس سے انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ ملا ہے۔ زبان کیا ہے؟ یہ کس طرح سے حیوانوں کے بلمقابل خیالات اور محسوسات کے اظہار کا ایک مکمل اور موثر ذریعہ ہے۔ زبان کس طرح کام کرتی ہے ؟ زبانوں کے کیا کیا آفاقی اصول ہیں۔ ہندی، عربی، فارسی اور اردو کے کیا مشترکہ اور غیر مشترکہ ساختیاتی اصول ہیں۔ یہ زبانیں خصوصاً ہندی اور اردو ظاہری سطح پر مختلف ہونے کے باوجود آپس میں داخلی سطح پر ایک دوسرے سے کس طرح گہرا رشتہ رکھتی ہیں؟! قواعد کس طرح زبان کو جاندار بنانے میں ایک اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ اس تمام بحث سے آپ کو یہ معلومات بہم پہنچی ہوگی کہ اردو زبان میں قواعد کی تدریس زبان کی نشو و نما کے لئے کیا اہمیت رکھتی ہیں۔ ایک بچہ کس طرح قواعد کے اصولوں سے استفادہ حاصل کرسکتا ہے اور بچہ کس طرح ایک خاص ماحول میں رہ کر زبان پر اپنی گرفت حاصل کرسکتا ہے۔ اب آیئے اپنی ذاتی جانچ کے لئے درج ذیل سوالات کا جواب دینے کی کوشش کریں۔

### 2.5.1 طویل جواب والے سوالات

۱۔ قواعد سے کیا مراد ہے؟

۲۔ قواعد کی تدریس زبان کے مطالعہ میں کیا اہمیت رکھتی ہے؟

۳۔ لسانیات کا زبان کے متعلق دائرہ کار کیا ہے؟

۴۔ صوتیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟۔

۵۔ لسانیات اور صوتیات میں کیا فرق ہے؟ یا صوتیات کا لسانیات سے کیا تعلق ہے؟

۶۔ اعضائے تکلم پر مختصر اًبات کیجئے ؟

۷۔ اردو قواعد کی تدریس کے دوران ایک استاد کو کن چیزوں کا خیال رکھنا ہوگا ؟

۸۔ اردو کے صوتی نظام میں عربی فارسی آوازوں کی نشاندہی کیجئے؟

۹۔ اردو مصوتوں اور مصمتوں کی تعریف کیجئے؟

۱۰۔ زبان کیا؟ آپ نے جو بھی اس سلسلے میں پڑھا، اُسی کو سامنے رکھ کر جواب دیجئے۔

2.5.1۔معروضی جواب والے سوالات (ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں، درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔)

۱۔اردو میں کل کتنے حروف ''حروف عطف'' کہلاتے ہیں۔

(الف)سات (ب)پانچ (ج)نو (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

۲۔قواعد سے کیا مراد ہے۔

(الف)زبان کی تدوین (ب)زبان کی تصحیح (ج)زبان کی بلاغت (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

۳۔''کتاب'' قواعد کی رو سے کہلائے گی۔

(الف)اسم جامد (ب)اسم مشتق (ج)اسم صفت (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

۴۔لسانیات سے مراد ہے۔

(الف)علم زبان (ب)سماجی علوم (ج)علم صوتیات (د)علم منطق

۵۔تحریر کے لئے لازمی ہے۔

(الف)خیالات اچھے ہوں۔ (ب)تحریر سحر انگیز ہو۔ (ج)قواعد زبان پر نظر ہو۔ (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں۔

## 2.6 سفارش کردہ کتابیں:


۱۔ اطلاقی لسانیات، مرزا خلیل احمد بیگ، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، دہلی۔

۲۔ املاء نامہ (طبع ثانی)، مرتب از گوپی چند نارنگ، ترقی اردو بیورو، دہلی۔

۳۔ اردو املاء، رشید حسن خان، نیشنل اکیڈمی، دریا گنج، دہلی۔

۴۔ اردو کیسے لکھیں، رشید حسن خان، مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، جامعہ نگر، دہلی۔

۵۔ انشا اور تلفظ، رشید حسن خان، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، دہلی۔

۶۔ زبان اور قواعد، رشید حسن خان، ترقی اردو بیورو، دہلی۔

۵۔ جدید تدریس اردو: بی ایڈ، جدید نصاب، محی الدین بجھ۔ اشاعت دوم، گلشن پبلیشر یز، سرینگر۔

۶۔ اردو تدریس: جدید طریقے اور تقاضے، ڈاکٹر ریاض احمد، مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، جامعہ نگر، دہلی۔

# اکائی۔3

# اردو قومی میراث کی زبان
# (اردو زبان بحیثیت قومی وراثت)

**اکائی کی ساخت**

3.1 تعارف
3.2 اغراض ومقاصد
3.3 اردو زبان بحیثیت قومی وراثت
3.3.1 اردو اخلاقی اور روحانی قدروں کی زبان۔
3.3.2 اردو زبان میں تصوف کا نیانیہ۔
3.3.4 خواجہ میر درد۔
3.3.4 مرزا غالب۔
3.3.5۔علامہ اقبال۔
3.3.5.3۔اقبال کی نظم ''والدہ مرحومہ کی یاد میں''۔
3.3.6۔خواجہ الطاف حسین۔
3.3.7۔جوش ملیح آبادی۔
3.4 خلاصہ
3.5 ذاتی جانچ
3.6 سفارش کردہ کتابیں
3.7 ردعمل

## 3.1 تعارف:

اس تیزی سے بدلتی اور مسابقتی دنیا میں ایسی زبانیں جو ایک تہذیب اور قدیم شان وشوکت اور ورثے کی امین ہیں۔کئی سطحوں پر ایسی زبانیں خطرے سے بھی دوچار ہیں۔ یونیسکو (UNESCO) کے ایک جائزے کے مطابق اکیسویں صدی کے آخر تک تقریبا سات ہزار زبانیں دنیا سے غائب ہوسکتی ہیں۔جن لوگوں اور مما لک کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ ان زبانوں سے منسلک ہیں۔لیکن اصل حقیقت یہ ہے کہ وہ ان سے بہت تیزی سے دور ہو رہے ہیں اور دوسری بلکہ غیر ملکی زبانوں کو زیادہ سے زیادہ فروغ دے رہے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ اردو ہندوستان اور پاکستان دونوں میں بقا کی جنگ لڑ رہی ہے، حالانکہ پاکستان میں اکثریت اردو زبان بولتی، لکھتی اور پڑتی ہے۔ لیکن یہاں تک کہ پاکستان میں، جہاں یہ قومی زبان ہے، معاشی تقویت کی عدم موجودگی میں، نوجوان نسل اسے دور بھاگ رہے ہیں اور انگریزی کو اپنا رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستانی حکومت انگریزی کے ساتھ اسے سرکاری زبان کے طور پر تبدیل کرنے پر غور کر رہی ہے۔ آج اس زبان کے سامنے اصل مقابلہ یہ کہ اگر یہ زبان معاشی سطح پر پوری نہیں اترتی تو پھر اس کی بقاء کیسے ممکن بنائے رکھی ہے؟ یہ عام لوگوں کی روحوں میں کیسے اترتی ہیں اور انہیں راحت بخشنے میں کسی حد تک کامیاب بھی ہوئی ہیں۔ لوگ جیسے اردو کو روحانی زبان کی حیثیت سے ایسے پسند کرتے ہیں اور اس کا احترام کرتے ہیں جیسے یہ قومی میراث ہو!

## 3.2 غراض و مقاصد:

ہر تہذیب و تمدن میں ایک مخصوص فلسفۂ زندگی کی تشکیل ہوتی ہے، جو اسے ذہنی تقویت پہنچاتا ہے۔ اسی فلسفۂ زندگی سے اس تہذیب کی قدریں بنتی ہیں جو کبھی خالص مذہبی اور متصوفانہ اور کبھی خالص رندانہ ہوتی ہیں۔ ظاہر ہے ادب کا تعلق براہ راست زندگی سے ہے، اسلئے ان تہذیبی قدروں کا اثر ادب خصوصاً شاعری میں بھی برابر دیکھائی دیتا ہے۔ اس اکائی میں ہم ''اردو زبان بحیثیت قومی وراثت'' کے حوالے سے بات کرنے کی کوشش کریں گے۔ ہماری مراد ہے کہ اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد طالب علم ایسے سوالات کے جواب دینے کے اہل ہو جائیں۔

۱۔ زبان قومی میراث کس طرح بنتی ہے؟

۲۔ اردو زبان نے عام عوام کے دل میں کیسے جگہ بنائی ؟

۳۔ ادب اور روحانیت کا کیا تعلق ہے؟

۴۔ علامہ اقبال کے بارے میں آپ کی جانتے ہیں؟

۵۔ میر درد کی شاعری کیونکر متصوفانہ یا عارفانہ کلام کہلاتی ہے؟

## 3.3 اردو زبان بحیثیت قومی وراثت:

اپنے ثقافتی ورثے کو فروغ دینے کے لئے لازمی ہیں کہ ہم منطقی اور صحیح معنوں میں تحریری طور اپنے ثقافتی ورثہ کو ادبی سطح پر تحفظ دینے کی کوشش کریں۔ کیونکہ ادب ہمیشہ وقت کے امتحان میں زندہ رہنے کا فن جانتا ہے اور ہمیشہ اس کی گرفت قاری کے ذہن پر ایک موثر انداز میں رہتی ہے۔ ثقافتی ورثت کے لحاظ سے اگر چہ ہم زبان بیانی سے معاشرتی حقائق پر یقین رکھتے ہیں۔ لیکن جب تک نہ ہم اسے ادب یا ادبی تاریخ کے آئینے میں فروغ دینے کی کوشش کریں گے تب تک ہم اسے محفوظ نہیں کر پائیں گے۔ وہ لوگ جو ہمارے باپ داد یا قدیم زمانے کی کہانیاں سناتے ہیں وہ ایک نہ ایک دن موت کی آغوش میں سو ہی جائیں گے۔ یوں ان کے ساتھ ورثہ بھی دم توڑ سکتا ہے۔ پھر ہم اپنے آنے والی نسلوں کو اپنی عظیم ثقافت (جیسے کشمیری) کی خوبیاں کیسے بیان کر سکتے ہیں۔

ہندوستانی ادب کی پہلی معروف ثقافتی تحریر ''رامائن'' ہے۔ جو چوتھی صدی قبل مسیح میں والمکی نے سنسکرت میں لکھی ہے۔ رامائن ادب کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے۔ ''مہابھارت'' دنیا کا سب سے بڑا ادبی کارنامہ ہے۔ یہ اعلیٰ ادبی اور فلسفیانہ انداز کا شاہکار نمونہ ہے۔ ''پنچتنتر'' (پانچ حکمت عملی) کہانیوں کی تدوین کرنے والی کتاب ہے۔ اس میں پانچ ایسی کتابیں شامل ہیں جن میں سے ہر ایک پریوں کی کہانیوں کے ذریعے حکمت عملی کی تعلیم دیتی ہے۔ ''کالیداس'' چوتھی صدی عیسوی کے سب سے بڑے شاعروں میں سے ایک ہیں۔ ہندوستانی میں ثقافتی ورثے کو فروغ دینے کا کرادار ہر ہندوستانی زبان نے اپنی اپنی سطح پر نبھایا۔ اردو زبان و ادب نے بھی اس سمت میں کافی کام کیا ہے اور ہندوستانی ورثے کو محفوظ کرنے کی کوشش کی ہے۔ وہ نظیرا کبرآبادی ہو یا پھر اکبرالہٰ آبادی ہر کسی نے اپنی اپنی سطح پر ہر شعبے میں عظیم کام تخلیق کیے ہیں۔ ابتدائی ادبی کام بنیادی طور پر داستانوں اور مذاہب کے گرد گھومتا نظر آتا ہے۔ لیکن آہستہ آہستہ سماجی، سیاسی اور اقتصادی موضوعات ادب میں سمانے لگے۔

## 3.3.1 اردو اخلاقی اور روحانی قدروں کی زبان:

ہر زبان کی کچھ اہم قدریں ہوتی کی۔ میری نظر میں اردو زبان کی نمائندہ چار قدریں اس طرح سے ہیں:

**ا۔ سماجی قدریں:**

معاشرتی یا سماجی قدریں طلاب میں ایک ساتھ مل کر موثر انداز میں کام کرنے کا ہنر پیدا کرتی ہے، جس کی مدد سے انفرادی یا ذاتی سطح پر طلاب میں اپنی صلاحیتوں کو اپنے ہم عمر طلاب کے ساتھ بانٹنے میں مدد ملتی ہیں۔ یہ طریقہ کار طالب علموں میں مثبت ذہن پیدا کرتا ہے۔ طلباء کو یہ بھی سمجھنا چاہیئے کہ معاشرے میں نتیجہ خیز حصہ لینے سے ان کے تعلقات معاشرے اور اس کے ذیلی اداروں سے بہتر اور مضبوط کر دیتے ہیں۔ یہ طریقہ کار انہیں یہ سمجھنے میں مدد فراہم کرے گا کہ معاشرے کے اندر فرد کے مختلف کردار اور ذمہ داریاں ہوسکتی ہیں، مثال کے طور پر، والدین کی نگہداشت، بڑوں کی عزت، عام لوگوں اور ملازمین سے اچھا سلوک۔

**۲۔ ثقافتی قدریں:**

ثقافتی قدریں طالب علموں کے اندر ثقافتی تنوع کی ممکنہ افزودگی کو سمجھنے، اس کے ساتھ اسے آرام دہ محسوس کرنے۔ جس کے معنی یہ ہوسکتے ہیں کہ ایک انسان ان ثقافتی قدروں کو ذہنی سطح پر اپنے لئے پُرسکون محسوس کرتا ہو۔ ثقافتی قدریں ہمیں یہ بھی سیکھاتی ہیں کہ ہمیں اپنے ثقات کو اپنانے کے ساتھ ساتھ اسے محفوظ کرنے میں بھی اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ ایسے امتیازی سلوک کو چیلنج کرنا چاہیئے، جو ثقافتی یا نسلی فرق پر مبنی ہوں۔ طلاب کو فنون، دستکاری، زبان، ادب، تھیٹر، گائیکی، موسیقی، رقص، کھیل، سائنس، ٹکنالوجی اور سفر میں شامل ثقافتی روایات کا تجربہ کرانے کا سلیقہ سیکھانا چاہیئے۔

**۳۔اخلاقی قدریں:**

اخلاقی قدریں ایک اہم موضوع ہے۔ اکثر لوگوں کا خیال یہ ہے کہ ترقی کے ساتھ ساتھ اخلاقی پستی بھی سامنے آئی ہیں ۔حالانکہ ہونا یہ چاہیۓ تھا کہ علم میں وسعت کے ساتھ ساتھ اخلاق میں تحدثی اصولوں پر وسعت ہونی چاہیۓ تھی ۔مگر ایسا نہیں ہو پا رہا ہے۔اخلاقی قدریں طالب علموں کوان کے طرز عمل اوراقدار کے بارے میں غور وفکر کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔ جوان کے رہن سہن، بات چیت، اُٹھنے بیٹھنے کا انتخاب کرنے کا ایک فریم ورک تیار کرتی ہیں ۔اخلاقی نشو ونما معاشرے کی اقدار کے بارے میں بھی سیکھا رہی ہے، ان وجوہات کو سمجھتی ہے، وہ کس طرح اخذ اور تبدیل ہوتی ہیں اوراختلافات کوکس طرح حل کیا جاسکتا ہے۔طلبا کو وسیع تر معنوں میں مقامی، عالمی سطح پراور ماحولیات اورآنے والی نسلوں پر ذاتی اور معاشرتی فیصلوں کے نتائج پر غور کرنا چاہیۓ۔

**۴۔روحانی قدریں:**

روحانی قدریں زندگی کے غیر مادی پہلوؤں کی قدریں تصور کی جاتی ہیں ہے۔ جو ذاتی بصیرت، اقدار، معانی اور مقصد پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ یہ تصور زندگی طالب علموں میں خدا خوف اور محبت کا تجربہ سیکھاتی ہے۔زندگی میں مسائل کے باوجود طالب علموں میں زندگی کی حوصلہ افزائی اور ہمت اور صلاحیت کو برقرار رکھنے کی صلاحیت پیدا کرنی چاہیۓ۔ انہیں اسکول میں جو کچھ سیکھایا جاتا ہے اسے استعمال کرنے اور بڑھانے کی خواہش کو بڑھانا ہوگا۔زندگی کے بارے میں طالب علم کے نقطہ نظر کو مذہبی عقیدے سے بھی آگاہ کیا جاسکتا ہے، لیکن ایسا ضروری بھی نہیں ۔روحانی قدروں میں ادب جس اہم اصول پر بات کرتا نظر آتا ہے وہ ہے تصوف!

## 3.3.2 اردوزبان میں تصوف کا بیانیہ:

سب سے پہلے ہم تصوف کے بارے میں گفتگو کریں گے کہ اصل میں تصوف کیا ہے؟ یہ ایک علم ہے، فلسفہ ہے یامحض ایک طرزِ حیات اس سلسلے میں پروفیسر عتیق اللہ نے اپنے مضمون ''تصوف کا علم اور موجودہ تہذیبی وسیاسی تناظر میں اس کی معنویت'' میں لکھا ہے:

> ''تصوف ایک علم بھی ہے، ایک فلسفہ بھی اور ایک طرزِ حیات بھی نیز طرزِ عمل بھی، جو نفسِ انسانی کو اخلاقی رذائل سے پاک کرنے اور روحانی سطح پر ان صداقتوں کے عرفان کی طرف مائل کرنے سے عبارت ہے جنھیں مابعدالطبعیاتی سے موسوم کیا جاتا ہے۔تزکیہ، اصلاً باطنی تطہیر کا نام ہے۔اعلیٰ اخلاق سے آراستہ کرنا اور رذائل سے پاک وصاف کرنا ہی تزکیہ کا منصب ہے۔ عمومی فلسفہ جن نتائج کا استنباط کرتا ہے، ان کی بنیاد منطق پر ہوتی ہے۔ اس ذیل میں مابعدالطبعیاتی حقائق اوراسرار کی تحقیق اوران کی نام دہی بھی عمل وجدان سے کم عمل منطق سے زیادہ سروکار رکھتی ہے۔عمومی فلسفے کے منصب میں تزکیہ وتطہیر یا استغراقِ باطن یا عرفانِ حق

جیسے روحانی اعمال کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہوتی جب کہ فلسفۂ تصوف کی بنیاد ہی وجدان پر قایم ہے۔''

اُردو کے صوفی شاعروں میں وجود اور حقیقت عالم کے بارے میں مختلف نقطہ نظر رکھنے والے حضرات مثلاً شاہ نیاز بریلوی، حضرت شاہ عاشق حضرت جی غمگین دہلوی، خواجہ میر درد، اصغر گونڈوی وغیرہ کے ساتھ مرزا غالب کا نام بھی سرفہرست ہے۔ کوئی ان کو ولی سمجھے یا نہ سمجھے مگر ان کے مسائل تصوف کو سمجھنا اور ان کے اشعار کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے۔ یہاں ہم تصوف کو سمجھنے کے ساتھ ہی ساتھ اردو کے صوفی شاعروں میں وجود اور حقیقت عالم کے بارے میں جن خیالات کا اظہار ملتا ہے اس کی بھی جانکاری دی جائے گی۔ ویدانتی عقیدے یا ویدانتی اور صوفیانہ ملے جلے نقطہ نظر رکھنے والے شاعروں جیسے درد، غالب، اقبال کے حوالے سے بات کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ان شعرا کی شعری تفہیم کو سمجھنے کے لیے ان کے مسائل تصوف کا سمجھنا ضروری ہے۔

اردو شاعری کو جس چیز نے اہل علم میں ہردلعزیز بنایا وہ اردو شعراء کا حکیمانہ اندازِ تفکر ہے۔ اردو زبان میں آپ کو سب سے زیادہ فلسفیانہ شاعر نظر آئیں گے۔ ان شعراء کے اکثر اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ فلسفہ اور تصوف کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہیں۔ وہ فلسفی ہیں نہ صوفی، لیکن فلسفیانہ اور صوفیانہ افکار سے لذت حاصل کرنا خوب جانتے ہیں اور دوسروں کو حسن بیان سے لذت بھی بخشتے ہیں۔ عملاً نہ وہ صوفی ہیں اور نہ ہی کوئی مذہبی شخص، لیکن مذہبیت کا احترام بھی کرتے تھے اور شاعرانہ وحکیمانہ انداز میں تصوف کے زاوئیہ نگاہ کو درست بھی سمجھتے ہیں۔ جیسے ان میں سے ایک معروف شاعر مرزا غالب کا یہ شعر لیجئے:

یہ مسائل تصوف یہ ترا بیان غالب
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

### 3.3.4 خواجہ میر درد:

خواجہ محمد ناصر عندلیب کی یہاں ۱۷۲۰ء بمطابق ۱۱۳۳ھ میں ایک بیٹا پیدا ہوا جس کا نام خواجہ میر رکھا گیا۔ ان کا خاندان دہلی میں پیری مریدی کے سلسلے میں بہت ممتاز تھا۔ تصوف کے علوم سے آگاہی رکھنے کے ساتھ ساتھ موسیقی میں بھی دلچسپی رکھتے تھے۔ فارسی میں تصوف کے معاملات پر کئی رسالے لکھے۔ انہوں نے غزل اور رباعیات اور ترجیع بند پر ہی توجہ مرکوز کی۔ اُس وقت دہلی کی حالت ابتر تھے۔ جہاں ان حالت میں اکثر شعراء نے دہلی چھوڑ کر دوسری جگہوں خاص کر لکھنو میں سکونت اختیار کی۔ لیکن اس صورتحال میں بھی خواجہ میر درد نے دہلی میں ہی سکونت اختیار کی۔ چونکہ وہ ایک صوفی منش بزرگ شاعر تھے، اس لئے سب ان کی خدمت کرنا سعادت سمجھتے تھے، یوں ان کی معاشی صورتحال بھی ابتر نہیں ہوئی اور یوں انہوں نے کسی بھی طرح کی نوکری وغیرہ نہیں کی۔ زبان ان کی وہی ریختی ہی تھی جو پہلے میر تقی میر کی

تھی اور بعدازاں مرزا غالب نے اپنی شاعری کے لئے اپنائی۔ تصوف کے حوالے سے اردو زبان خصوصاً شاعری میں جو بڑے اور اہم شاعر ملتے ہیں اُن میں خواجہ میر درد ایک بڑے شاعر کے بطور تصور کئے جاتے ہیں۔

خواجہ میر دردؔ کی متصفانہ غزلوں میں کئی کئی میرؔ کا انداز نظر آتا ہے۔ خواجہ میر دردؔ کے یہاں عشق حقیقی ملتا ہے، لیکن یہ طریقہ اظہار شاعری میں کسی بھی طرح کا سقم پیدا نہیں کرتا۔ بلکہ درد کا حقیقی عشق مجازی عشق کا رنگ بدل کر حقیقی عشق کی سیر کروانے میں کامیابی کر ہی لیتا ہے۔

تہمت چند اپنے ذمے دھر چلے
جس لیے آئے تھے سو ہم کر چلے
زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے!
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے
دوستو! دیکھا تماشا یاں کا سب
تم رہو خوش ہم تو اپنے گھر چلے
ایک میں دل ریش ہوں ویسا ہی دوست
زخم کتنوں کے سنا ہے بھر چلے
شمع کے مانند ہم اس بزم میں
چشم تر آئے تھے دامن تر چلے
ڈھونڈھتے ہیں آپ سے اس کو پرے
شیخ صاحب چھوڑ گھر ، باہر چلے
ہم جہاں میں آئے تھے تنہا ولے
ساتھ اپنے اب اسے لے کر چلے
ساقیا یاں! لگ رہا ہے چل چلاؤ
جب تلک بس چل سکے ، ساغر چلے
دردؔ کچھ معلوم ہے یہ لوگ سب
کس طرف سے آئے تھے کیدھر چل

ہندوستان میں مسلمانوں کو صوفیا کے دامن سے منسلک کرنے کی کوشش کی اور صوفیوں نے بھی عوام کی اصلاح کے لئے بھر پور کام کرنے کی کوشش کی تا کہ لوگوں کے دل و اذہان کو منور کیا جائے، اخلاق میں درستگی کا درس دیا، تا کہ کسی کو ہماری وجہ سے کوئی معمولی سی تکلیف بھی نہ ہو۔ ان صوفیوں کے قلم کی روشنائی صفحات کو منور کرتی گئی اور منور صفحات ترتیب پاتے پاتے کتب و رسائل کی شکل میں متشکل ہوتے رہے۔ ایک سے بڑھ کر ایک مشاہدہ اور تجربہ عوام تک پہنچتا رہا، شوق اور جستجو کے دَر وَا ہونے لگے۔ صوفیوں نے جہاں کئی ایک طریقوں کو اپنایا وہی شعر و اب بھی ایک اہم موضوع اور رابطہ قائم کیا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ تصوف ہی کیوں؟! انسان کے لیے ہر وہ فلسفہ زندگی نا قابل قبول ہے جو توضیح کے بجائے ابہام پیدا کرے، انسان راستہ چاہتا ہے۔ انسان نے معرفت حقیقت کے لیے مختلف ذرائع اختیار کیے۔ متصوفین کے مطابق اس طریقہ تحقیق میں ظاہری آنکھ بند ہو جاتی ہے یعنی حواس خمسہ سے فائدہ نہیں اُٹھایا جاتا، باطنی آنکھ کھل جاتی ہے اور انسان کو روحانی ذرایعوں کے ذریعے حقائق معلوم ہوتے ہیں۔

مولانا محمد حسین آزاد نے خواجہ میر درد کو اردو کا ایک بلند پایہ شاعر قرار دیا ہے۔ تصوف کی اگر بات کی جائے تو یہ انہیں وراثت میں ملا تھا۔ ان کے ولد صاحب کا سلسلہ نسب حضرت بہاؤالدین نقشبندی سے اور ان کی والدہ کا سلسلہ نسب سید عبدالقادر جیلانی سے ملتا ہے۔ ان کا خاندان بخارا سے ہندوستان آیا تھا۔ یہ بھی ایک وجہ ہو سکتی ہے کہ ان کی شاعری میں تصوف کا اثر پیدا ہوتا گیا۔ درد کا شمار اٹھارویں صدی کے ممتاز صوفی شعراء میں کیا جاتا ہے۔ خواجہ میر درد فارسی اور عربی کے علاوہ قرآن، حدیث، فقہ، تفسیر اور علم تصوف پر بھی خاصی قدرت رکھتے تھے۔ جس کی تصدیق ان کی مختلف تصانیف سے بھی ہوتی ہے۔ تصانیف: اسرار الصلوٰۃ، رسالہ غنا، واردات درؔد (جس میں وارداتیں ہیں۔ مثلاً نالہ دؔرد و آہس درد، درد دل، سوز دل، شمع محفل وغیرہ) اس کی شرح علم الکتاب فارسی اور ایک ریختہ کا دیوان بھی شامل ہے۔ ان کے متعلق سنبھل نگار اپنی کتاب ''اردو شاعری کا تنقیدی مطالعہ'' میں لکھتے ہیں:

> ''کچھ اپنی طبیعت کی افتاد اور کچھ مرد درویش کی صحبت کا فیض کہ ۲۸ برس کی عمر میں کاروبار دنیا سے منہ موڑ کر درویشی اختیار کر لی اور ۳۹ برس کی عمر میں والد کی رحلت کے بعد مسند نشینی ارشاد ہو گئے۔ شاعری پہلے بھی کرتے تھے گوشہ نشینی کے بعد بھی یہ سلسلہ جاری رہا۔ مگر انداز کلام یکسر بدل گیا۔ اب صوفی صافی تھی اور معشوق حقیقی کی زلف گرہ گیر کے اسیرِ شاعری میں بھی اس دائرے سے باہر قدم رکھنے کو ایک صوفی کی شان کے خلاف سمجھتے تھے۔ چنانچہ ان کا بیشتر کلام ایک متصوفانہ رنگ میں رنگا ہوا تھا''

انسانی فطرت کا سب سے قوی جذبہ عشق ہے اور یہی وہ جذبہ عشق ہے جسے اردو غزل کی روح کہا جاتا ہے اور درد کی شاعری ہمیں عشق کا ایک نیا احساس کروانے میں کامیاب ہو ہی جاتی ہیں اور یہ احساس اٹھارویں صدی کے کسی اور شاعر کی شاعری میں اس طرح سے دیکھائی نہیں دیتا۔ ڈاکٹر جمیل جالبی درد کی شاعری کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''درد کے نزدیک شاعری کوئی ایسا کمال نہیں ہے کہ آدمی اسے اپنا پیشہ بنالے اوراس پر ناز کرے۔ وہ شاعری کوانسانی ہنروں میں سے ایک ہنر سمجھتے ہیں۔ بشرطیکہ اسے صلہ حاصل کرنے یادنیا کمانے کے لئے استعمال نہ کیا جائے۔شاعر کا منصب یہ نہیں کہ وہ شاعری کو مدح یا ہجو کے لئے استعمال کرے یا دنیا کمانے کے لئے دربدر مارا پھرے۔درد کے نزدیک شاعری ان معارف تازہ کا اظہار ہے جو قلب شاعر پر وارد ہوتے ہیں۔کلام موضوع ومربوط ایک عجیب لذت رکھتا ہے جس سے دل کی کلی کلی کھل اُٹھتی ہے۔درد کے نزدیک شاعری ایک نہایت سنجیدہ سرگرمی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ شاعر اپنے وارداتِ قلبیہ اور تجربات باطنی کا اظہار کرے اوراس طور پر کرے کہ شعر سننے والے کے دل میں گھر کرلے۔اسی لئے انہوں نے شاعری کو مدح یا ہجو سے ملوث نہیں کیا اور شاعری میں ملا کر ایک کردیا''۔

خواجہ میر درد اردوشاعری کوایک نیا درد دے کر تصوف کے ایک نئے رنگ میں رنگتے ہوئے ۶۶ سال کی عمر میں ۱۷۸۴ء بمطابق ۱۱۹۹ھ کو وفات پائی۔

### 3.3.3 مرزا غالب:

غالب ان شعرا اور مفکرین میں ہیں، جن کی قدر ان کی زندگی میں بہت کم ہوئی،لیکن دنیا سے گزر جانے کے بعد زمانہ ان کا قدرشناس بنا ہے۔مرزا اپنی زندگی میں گمنام شاعر رہے۔ملک کے اطراف واکناف میں اُن کے قدردان موجود تھے،لیکن غالب جس قدردانی کے مستحق تھے وہ ان کو جیتے جی نصیب نہ ہوئی۔اس کے کئی وجوہات تھے۔پہلی وجہ تو یہ تھی کہ مرزا غالب اردوشاعری سے زیادہ فارسی زبان کے دلدادہ تھے اور فارسی کا سورج ہندوستان میں نئی تہذیبی آویزشوں کے باعث غروب ہونے پر تھا۔دوسری وجہ یہ ہے کہ غالب بیدلؔ کے افکار اور طرزِ تحریر کے گرویدہ تھے۔بیدلؔ نے نثر ونظم میں زبان و بیان کو دوراز کار تشبیہات واستعارات کی بھول بھلیاں بنادیا تھا۔غالب کو فلسفی یا مابعدالطبیعاتی شاعر کہنا ہرگز صحیح نہیں کیونکہ غالب نے دانتے یا اقبال کی طرح کسی منظّم فلسفیانہ نظام کو ہمارے سامنے نہیں رکھا اور نہ ہی ان کی شاعری کا محرک کوئی خاص فلسفیانہ تصور یا تصورات ہیں۔غالب کے یہاں فلسفیانہ نظام نہیں،فلسفیانہ طریق فکر اور انداز بیان ملتا ہے۔

غالب کے لیے کائنات کے مسائل،اس کے اسرار ورموز کی عقدہ کشائی وہ کسی بندھے ٹکے نظریہ یا نظام کی مدد سے نہیں کرنا چاہتے۔ بلکہ ان کا حکیمانہ ذہن انہیں ان مسائل کو مختلف طریقوں سے حل کرنے میں مدد دیتا ہے۔ان کا دل ایک جام جہاں نما اور ان کا تخیل لامحدود ہے۔غالب ان شعراء اور مفکرین میں سے ہیں جن کی قدر ان کی زندگی میں بہت کم ہوئی۔لیکن اُن کے دنیا سے گزر جانے کے بعد زمانہ ان کا قدرشناس بنا۔اس گمنامی کے کئی وجوہ تھے۔ایک وجہ تو

یہ ہے کہ وہ اردو سے زیادہ فارسی کے شاعر تھے، اور فارسی ہندوستان میں رو بہ زوال تھی اور غالب کو اپنے فارسی کلام پر بہت ناز بھی تھا۔ ان کی پیشین گوئی یہ تھی کہ جوں جوں زمانہ گزرتا جائے گا ان کے قدر دان بڑھتے جائیں گے۔ یہ سخن شراب ہے، خریداروں کے قحط کی وجہ سے اگر خُم میں بھی پڑی رہی تو اس میں نقصان نہیں، فائدے تھے۔ غالب کے کلام میں اکثر اردو اور فارسی شعراء کے مقابل میں زیادہ تنوع ہے۔ ریختہ کا کلام زیادہ تر غزلوں پر مشتمل ہے، اس لئے ان کی غزلوں میں تہہ در تہہ تاثرات ملتے ہیں لیکن غالب کی ایک امتیازی خصوصیت جس نے انہیں اہل علم میں ہر دلعزیز بنایا، وہ ان کا حکیمانہ انداز تفکر ہے۔ غالب فلسفی شاعر نہیں تھے لیکن فلسفیانہ اور صوفیانہ افکار سے لذت حاصل کرتے تھے اور دوسروں کو حسن بیان سے لذت بخشتے تھے۔ غالب کے کلام میں ہر قسم کے بلند و پست مضامین موجود ہیں۔

## 3.3.5 علامہ اقبال:

نام محمد اقبال، "علامہ" اور "سر" دو بڑے خطابات ان کو مسلمانوں اور انگریز مقتدروں کی طرف سے عنایت کیے گئے۔ جو بعد میں ان کے نام کا جز و بن کے رہ گئے۔ اس لئے مسلم ادبی دنیا میں علامہ اقبال اور بقیہ کے لئے سر محمد اقبال کے طور پر مشہور و معروف ہیں۔ ۱۸۷۷ء میں ان کی پیدائش سیالکوٹ میں ہوئی۔ ان کے والد کا نام نور محمد تھا۔ جنہیں عرف میں میاں جی کہا جاتا تھا۔ انہیں قرآن کریم سے خاص لگاؤ تھا۔ علما وصوفیا کی صحبت میں رہتے تھے۔ جس کی وجہ سے دین داری ان کی زندگی کا جزِ و خاص تھا۔ انہوں نے اقبال کی تعلیم و تربیت کی طرف بھرپور توجہ دی۔ اقبال کی والدہ کا نام امام بی بی تھا جو بی جی کے نام سے مشہور تھیں۔ جو پاکیزہ اخلاق سے مزین تھیں۔ انہوں نے بھی اقبال کی تربیت میں ذمہ دار ماں کا کردار ادا کیا۔ والدین کے علاوہ تربیتِ اقبال کے ضمن میں ان کے استاد شمس العلما مولانا سید میر حسن کا نام بھی اہمیت کا حامل ہے۔ جو اس دور میں عربی فارسی اساتذہ میں اپنی انفرادیت کی بنا پر خاص مقام رکھتے تھے۔ اقبال کی شعرانہ تربیت میں تھامس آرنلڈ کا بھی اہم کردار رہا ہے۔ اقبال نے ۱۸۹۳ء میں میٹرک اور ۱۸۹۵ء میں انٹرمیڈیٹ کے امتحانات اسکاچ مشن سے پاس کیے۔ ۱۸۹۷ء میں بی۔ اے اور ۱۸۹۹ء میں ایم۔ اے (فلسفہ) گورنمنٹ کالج لاہور سے پاس کیا۔ ۱۹۰۵ء میں اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان گئے اور ۱۹۰۷ء میں میونخ یونیورسٹی جرمنی سے فلسفے میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۰۸ء میں لندن سے بیرسٹری کا امتحان پاس کیا۔ اقبال نے تین شادیاں کی تھیں۔ ۱۹۳۸ء میں اقبال نے وفات پائی اور لاہور کے شاہی قبرستان میں تدفین ہوئی۔

### 3.3.5.1 تصانیف اقبال:

فارسی: (1) اسرارِ خودی، 1915ء (2) رموز بیخودی 1918ء (3) پیامِ مشرق، 1923ء (4) زبور عجم 1927ء (5) جاوید نامہ، 1932ء (6) مسافر، 1934ء (7) پس چہ باید کرد اقوام شرق 1936

اردو: (1) بانگِ درا، 1924ء (2) بالِ جبریل، 1935ء (3) ضربِ کلیم 1936ء (4) ارمغانِ حجاز، 1938ء (یہ نصف فارسی اور نصف اردو میں ہے۔) شعری مجموعوں کے علاوہ اقبال نے کچھ اہم نثری تصانیف بھی لکھی ہیں۔ جن

میں بہت سی درسی کتابوں میں بھی شامل ہیں۔ان کو حذف کر کے صرف اہم کتابوں کا نام ہی یہاں درج کیا جاتا ہے۔

(1) علم الاقتصاد 1903ء،علم الاقتصاد پر ان کی اور کچھ محققین کے نزدیک اردو کی بھی پہلی کتاب۔

(2) فلسفہ عجم "Development of Metaphysics in Persia" یہ ان کی پی ایچ ڈی کا تحقیقی مقالہ ہے جس پر میونخ یونیورسٹی، جرمنی نے انہیں 1907ء میں ڈگری کی سند عطا کی۔یہ "Metaphysics of Iran" کے نام سے 1908ء میں لیوزک کمپنی لندن سے شائع ہوا۔

(3) تشکیلِ جدید الٰہیات اسلامیہ "The reconstruction of religious thought in Islam" یہ ان کے انگریزی خطبات کا مجموعہ ہے جو انہوں نے 1928ء تا 1929ء میں مدراس، حیدرآباد اور علی گڑھ میں دیے تھے۔

ان کے علاوہ اقبال کے مکاتیب، تقاریر، مضامین، مقالات اور باقیات بھی ان کے محبین نے شائع کیے ہیں۔

## 3.3.5.2 اقبال کی شاعری:

ثقافتی حدود کی بنا پر دنیا دو حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔مشرق اور مغرب۔مغربی تہذیب کی ترجمانی میں شعرا میں جفری چاسر، سپنسر، شیکسپیر، دانتے، گوئٹے، ملٹن، ولیم ورڈز ورتھ اور ایس ٹی کالرج کے نام بہت اہم ہیں اور مشرقی تہذیب کی ترجمانی میں اردو فارسی کے حوالے سے مولانا جلال الدین رومی، مولانا سعدی شیرازی، حافظ شیرازی، امیر خسرو، میر تقی میر، غالب اور اقبال کے نام اہمیت کے حامل ہیں۔ان شعرا میں بھی اقبال کو یہ اختصاص حاصل ہے کہ انہوں نے مشرق کی بھرپور اور صحیح ترجمانی کی جس کی بنا پر انہیں شاعرِ مشرق کہا جاتا ہے۔شاعرِ مشرق سے مراد ہے جو مشرق کی ترجمانی کرتا ہے۔اور مشرق کی ترجمانی سے مراد، روحانیت کی ترجمانی ہے۔اس ترجمانی کا شعور و ادراک انہیں خود بھی تھا۔اس لئے انہوں نے اپنے ایک فارسی مجموعہ شاعری کا نام "پیام مشرق" رکھا۔یہ نام انہوں نے بطور افتخار بھی اختیار کیا اور بطور خراج عقیدت بھی۔افتخار کے پہلو سے یہ مشرقی افتخار تھا اور خراجِ عقیدت کے اعتبار سے یہ جرمن مفکر شاعر گوئٹے کے اس نظریے کے لئے تھا جو وہ مشرق کے تئیں رکھتا تھا۔گوئٹے کا جرمن یا مغرب اس وقت مادیت اور روحانیت کے انہی مسائل سے دوچار تھا جن سے کہ اقبال کا دوچار تھا۔جب گوئٹے نے مشرق کے کچھ شعرا بالخصوص سعدی شیرازی اور حافظ کے کلام کا ترجمہ کے ذریعہ مطالعہ کیا تو انہیں مشرق کی روحانیت، نجات دہندہ معلوم

ہوئی اور مغرب کی عقلیت پرستی اذیت کا بنیادی سبب نظر آیا۔اس عقلیت اور مادیت پرستی کے مضر نتائج سے انہوں نے اپنے ڈرامہ ''فاؤسٹ''اور شعری مجموعے ''دیوان مغرب''میں مغرب کو واقف کرانے کی کوشش کی ہے۔فلسفیوں کے ضمن میں اقبال، جرمن کے اہم فلسفی فریڈریچ نطشے کو بھی سراہتے ہیں۔کیونکہ انہوں نے نہ صرف گوئٹے کے نظریات کو فلسفیانہ اساس عطا کی بلکہ ان کے اطلاقی پہلوؤں کو بھی پیش کیا۔یعنی وہ بھی ان نظریات کو مغرب میں پہلے ہی پیش کر چکے تھے۔جن کی بھر پور ترجمانی اقبال نے مشرق میں کی۔لہٰذا اقبال کو جدید دور میں ترجمان مشرق کی بنیادی حیثیت حاصل ہے۔گوئٹے اور نطشے کا جرمن/مغرب ایسے اہم مفکرین کے باوجود فاشزم کا شکار ہوا اور دنیا کی دو عظیم جنگیں برپا کر کے انسانوں کے لئے سب سے بڑا قبرستان اور تعذیب خانہ ثابت ہوا۔اقبال حالات کے اس رخ کو دیکھ رہے تھے۔ان کے والدین اور اساتذہ کی تربیت،مسلمان ہونے کے ناطے اسلامی ماحول،قرآن حکیم یعنی کشاف الاسرار جیسی کتاب،محمد عربی جیسے کامل نمونہ،آپ کی پیدا کردہ جماعت اور عطا کردہ نظام نے کا جب انہوں نے مغرب سے حسب ترتیب تقابل کیا تو انہیں یہ محسوس ہوا کہ مغرب کے یہ نظریات اور ان کے عوامل آخر کار انہیں تباہی کی طرف لے جائے گا۔(جیسا کہ ہوا۔) اس سلسلے میں اقبال کو ایک مرشد کی ضرورت محسوس ہوئی۔جس کے لئے انہوں نے مولانا جلال الدین رومی کی طرف رخ کیا۔یوں اقبال نے اپنے اس مشرقی ترجمانی کو اسلامی رنگ میں رنگ کر اپنا انفراد برقرار رکھا۔فہم وبصیرت اور فکر وفلسفہ کے اس درجے پر فائز ہوئے جس کی دوسری کوئی نظیر ہمیں اس دور میں مشرق میں نظر نہیں آتی۔

## 3.3.5.3 اقبال کی نظم ''والدہ مرحومہ کی یاد میں'':

### ا۔نظم کا متن (بانگ درا سے ماخوذ)

والدہ مرحومہ کی یاد میں

ذرہ ذرہ دہر کا زندانیہ تقدیر ہے
پردہ مجبوری و بے چارگی تدبیر ہے
آسماں مجبور ہے شمس و قمر مجبور ہیں
انجم سیماب پا رفتار پر مجبور ہیں
ہے شکست انجام غنچے کا سبو گلزار میں
سبزہ و گل بھی ہیں مجبور نمو گلزار میں
نغمہ بلبل ہو یا آواز خاموش ضمیر
ہے اسی زنجیر عالمگیر میں ہر شے اسیر
آنکھ پر ہوتا ہے جب یہ سر مجبوری عیاں

خشک ہو جاتا ہے دل میں اشک کا سیل رواں
قلب انسانی میں رقص عیش و غم رہتا نہیں
نغمہ رہ جاتا ہے لطف زیر و بم رہتا نہیں
علم و حکمت رہزن سامان اشک و آہ ہے
یعنی اک الماس کا ٹکڑا دل آگاہ ہے
گرچہ میرے باغ میں شبنم کی شادابی نہیں
آنکھ میری مایہ دار اشک عنابی نہیں
جانتا ہوں آہ میں آلام انسانی کا راز
ہے نوائے شکوہ سے خالی مری فطرت کا ساز
میرے لب پر قصہ نیرنگی دوراں نہیں
دل مرا حیراں نہیں خندہ نہیں گریاں نہیں
پر تری تصویر قاصد گریہ پیہم کی ہے
آہ یہ تردید میری حکمت محکم کی ہے
گریہ سرشار سے بنیاد جاں پایندہ ہے
درد کے عرفاں سے عقل سنگدل شرمندہ ہے
موج دود آہ سے آئینہ ہے روشن مرا
گنج آب آورد سے معمور ہے دامن مرا
حیرتی ہوں میں تری تصویر کے اعجاز کا
رخ بدل ڈالا ہے جس نے وقت کی پرواز کا
رفتہ و حاضر کو گویا پا بہ پا اس نے کیا
عہد طفلی سے مجھے پھر آشنا اس نے کیا
جب ترے دامن میں پلتی تھی وہ جان ناتواں
بات سے اچھی طرح محرم نہ تھی جس کی زباں
اور اب چرچے ہیں جس کی شوخیء گفتار کے
بے بہا موتی ہیں جس کی چشم گوہر بار کے

علم کی سنجیدہ گفتاری بڑھاپے کا شعور
دنیوی اعزاز کی شوکت جوانی کا غرور
زندگی کی اوج گاہوں سے اتر آتے ہیں ہم
صحبت مادر میں طفل سادہ رہ جاتے ہیں ہم
بے تکلف خندہ زن ہیں فکر سے آزاد ہیں
پھر اسی کھوئے ہوئے فردوس میں آباد ہیں
کس کو اب ہوگا وطن میں آہ میرا انتظار
کون میرا خط نہ آنے سے رہے گا بے قرار
خاک مرقد پر تری لے کر یہ فریاد آؤں گا
اب دعائے نیم شب میں کس کو میں یاد آؤں گا
تربیت سے تیری میں انجم کا ہم قسمت ہوا
گھر مرے اجداد کا سرمایہ عزت ہوا
دفتر ہستی میں تھی زریں ورق تیری حیات
تھی سراپا دین و دنیا کا سبق تیری حیات
عمر بھر تیری محبت میری خدمت گر رہی
میں تری خدمت کے قابل جب ہوا تو چل بسی
وہ جواں قامت میں ہے جو صورت سرو بلند
تیری خدمت سے ہوا جو مجھ سے بڑھ کر بہرہ مند
کاروبار زندگانی میں وہ ہم پہلو مرا
وہ محبت میں تری تصویر وہ بازو مرا
تجھ کو مثل طفلک بے دست و پا روتا ہے وہ
صبر سے نا آشنا صبح و مسا روتا ہے وہ
تخم جس کا تو ہماری کشت جاں میں بو گئی
شرکت غم سے وہ الفت اور محکم ہو گئی
آہ یہ دنیا یہ ماتم خانہ برنا و پیر

آدمی ہے کس طلسم دوش و فردا میں اسیر
کتنی مشکل زندگی ہے کس قدر آساں ہے موت
گلشن ہستی میں مانند نسیم ارزاں ہے موت
زلزلے ہیں بجلیاں ہیں قحط ہیں آلام ہیں
کیسی کیسی دخترانِ مادر ایام ہیں
کلبہ افلاس میں دولت کے کاشانے میں موت
دشت و در میں شہر میں گلشن میں ویرانے میں موت
موت ہے ہنگامہ آرا قلزم خاموش میں
ڈوب جاتے ہیں سفینے موج کی آغوش میں
نے مجال شکوہ ہے نے طاقت گفتار ہے
زندگانی کیا ہے اک طوق گلو افشار ہے
قافلے میں غیر فریاد درا کچھ بھی نہیں
اک متاع دیدہ تر کے سوا کچھ بھی نہیں
ختم ہو جائے گا لیکن امتحاں کا دور بھی
ہیں پس نہ پردہ گردوں ابھی دور اور بھی
سینہ چاک اس گلستاں میں لالہ و گل ہیں تو کیا
نالہ و فریاد پر مجبور بلبل ہیں تو کیا
جھاڑیاں جن کے قفس میں قید ہے آہ خزاں
سبز کر دے گی انہیں باد بہار جاوداں
خفتہ خاک پے سپر میں ہے شرار اپنا تو کیا
عارضی محمل ہے یہ مشت غبار اپنا تو کیا
زندگی کی آگ کا انجام خاکستر نہیں
ٹوٹنا جس کا مقدر ہو یہ وہ گوہر نہیں
زندگی محبوب ایسی دیدہ قدرت میں ہے
ذوق حفظ زندگی ہر چیز کی فطرت میں ہے

موت کے ہاتھوں سے مٹ سکتا اگر نقش حیات
عام یوں اس کو نہ کر دیتا نظام کائنات
ہے اگر ارزاں تو یہ سمجھو اجل کچھ بھی نہیں
جس طرح سونے سے جینے میں خلل کچھ بھی نہیں
آہ غافل موت کا راز نہاں کچھ اور ہے
نقش کی ناپائیداری سے عیاں کچھ اور ہے
جنت نظارہ ہے نقش ہوا بالائے آب
موج مضطر توڑ کر تعمیر کرتی ہے حباب
موج کے دامن میں پھر اس کو چھپا دیتی ہے یہ
کتنی بے دردی سے نقش اپنا مٹا دیتی ہے یہ
پھر نہ کر سکتی حباب اپنا اگر پیدا ہوا
توڑنے میں اس کے یوں ہوتی نہ بے پروا ہوا
اس روش کا کیا اثر ہے ہیئت تعمیر پر
یہ تو حجت ہے ہوا کی قوت تعمیر پر
فطرت ہستی شہید آرزو رہتی نہ ہو
خوب تر پیکر کی اس کو جستجو رہتی نہ ہو
آہ سیماب پریشاں انجم گردوں فروز
شوخ یہ چنگاریاں ممنون شب ہے جن کا سوز
عقل جس سے سر بہ زانو ہے وہ مدت ان کی ہے
سر گزشت نوع انساں ایک ساعت ان کی ہے
پھر یہ انساں آں سوئے افلاک ہے جس کی نظر
قدسیوں سے بھی مقاصد میں ہے جو پاکیزہ تر
جو مثال شمع روشن محفل قدرت میں ہے
آسماں اک نقطہ جس کی وسعت فطرت میں ہے

جس کی نادانی صداقت کے لیے بیتاب ہے
جس کا ناخن ساز ہستی کے لیے مضراب ہے
شعلہ یہ کم تر ہے گردوں کے شراروں سے بھی کیا
کم بہا ہے آفتاب اپنا ستاروں سے بھی کیا
تخم گل کی آنکھ زیر خاک بھی بے خواب ہے
کس قدر نشوونما کے واسطے بیتاب ہے
زندگی کا شعلہ اس دانے میں جو مستور ہے
خود نمائی خود فزائی کے لیے مجبور ہے
سردی مرقد سے بھی افسردہ ہو سکتا نہیں
خاک میں دب کر بھی اپنا سوز کھو سکتا نہیں
پھول بن کر اپنی تربت سے نکل آتا ہے یہ
موت سے گویا قبائے زندگی پاتا ہے یہ
ہے لحد اس قوت آشفتہ کی شیرازہ بند
ڈالتی ہے گردن گردوں میں جو اپنی کمند
موت تجدید مذاق زندگی کا نام ہے
خواب کے پردے میں بیداری کا اک پیغام ہے
خوگر پرواز کو پرواز میں ڈر کچھ نہیں
موت اس گلشن میں جز سنجیدن پر کچھ نہیں
کہتے ہیں اہل جہاں درد اجل ہے لا دوا
زخم فرقت وقت کے مرہم سے پاتا ہے شفا
دل مگر غم مرنے والوں کا جہاں آباد ہے
حلقہ زنجیر صبح و شام سے آزاد ہے
وقت کے افسوں سے تھمتا نالہ ماتم نہیں

وقت زخم تیغ فرقت کا کوئی مرہم نہیں
سر پہ آ جاتی ہے جب کوئی مصیبت ناگہاں
اشک پیہم دیدہ انساں سے ہوتے ہیں رواں
ربط ہو جاتا ہے دل کو نالہ و فریاد سے
خون دل بہتا ہے آنکھوں کی سرشک آباد سے
آدمی تاب شکیبائی سے گو محروم ہے
اس کی فطرت میں یہ اک احساس نامعلوم ہے
جوہر انساں عدم سے آشنا ہوتا نہیں
آنکھ سے غائب تو ہوتا ہے فنا ہوتا نہیں
رخت ہستی خاک غم کی شعلہ افشانی سے ہے
سرد یہ آگ اس لطیف احساس کے پانی سے ہے
آہ یہ ضبط فغاں غفلت کی خاموشی نہیں
آگہی ہے یہ دلاسائی فراموشی نہیں
پردہ مشرق سے جس دم جلوہ گر ہوتی ہے صبح
داغ شب کا دامن آفاق سے دھوتی ہے صبح
لالہ افسردہ کو آتش قبا کرتی ہے یہ
بے زباں طائر کو سرمست نوا کرتی ہے یہ
سینہ بلبل کے زنداں سے سرود آزاد ہے
سیکڑوں نغموں سے باد صبح دم آباد ہے
خفتہ گان لالہ زار و کوہسار و رود بار
ہوتے ہیں آخر عروس زندگی سے ہمکنار

یہ اگر آئین ہستی ہے کہ ہو ہر شام صبح
مرقد انساں کی شب کا کیوں نہ ہو انجام صبح
دام سیمین تخیل ہے مرا آفاق گیر
کر لیا ہے جس سے تیری یاد کو میں نے اسیر
یاد سے تیری دل درد آشنا معمور ہے
جیسے کعبے میں دعاؤں سے فضا معمور ہے
وہ فرائض کا تسلسل نام ہے جس کا حیات
جلوہ گاہیں اس کی ہیں لاکھوں جہان بے ثبات
مختلف ہر منزل ہستی کو رسم و راہ ہے
آخرت بھی زندگی کی ایک جولاں گاہ ہے
ہے وہاں بے حاصلی کشت اجل کے واسطے
سازگار آب و ہوا تخم عمل کے واسطے
نور فطرت ظلمت پیکر کا زندانی نہیں
تنگ ایسا حلقہ افکار انسانی نہیں
زندگانی تھی تری مہتاب سے تابندہ تر
خوب تر تھا صبح کے تارے سے بھی تیرا سفر
مثل ایوان سحر مرقد فروزاں ہو ترا
نور سے معمور یہ خاکی شبستاں ہو ترا
آسماں تیری لحد پر شبنم افشانی کرے
سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے

یہ نظم دراصل ایک مرثیہ ہے جو کہ اقبال نے اپنی والدہ مرحومہ کی وفات پر ان کی یاد میں لکھی۔ اصل میں یہ نظم جب پہلی بار شائع ہوئی اُس وقت یہ نظم گیارہ بندوں، جو کہ ۸۹ اشعار پر مشتمل تھے۔ لیکن جب یہ نظم ''بانگ درا'' میں شامل کی گئی اُس وقت اقبال نے اس میں تبدیلی کرتے ہوئے اس میں ایک اور بند کا اضافہ کیا۔ اس طرح یہ نظم موجودہ شکل میں کل تیرہ بندوں، جو کہ چھیاسی اشعار پر مبنی ہے۔ اقبال کی والدہ محترمہ ایک نیک اور متقی خاتون تھی، جن کا نام امام بی بی تھا اور انہیں گھر میں بے جی کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ یہ مرثیہ اس بات کی دلیل ہے کہ اقبال کس قدر اپنی ماں کو

چاہتے تھے۔۹ نومبر۱۹۱۴ءکوان کا انتقال اٹھتر سال کی عمر میں سیالکوٹ میں ہوا۔والدہ مرحومہ کی وفات پر اقبال کوسخت ترین صدمے سے گزرے اور ایک طویل مدت تک اس صدمے میں گرفتار رہے۔آخر کار اپنے انہی دل کے احوال کو انہوں نے صفحہ قرطاس پر اتارا۔یوں یہ مشہور مرثیہ تخلیق ہو پایا۔

## 3.3.6 خواجہ الطاف حسین:

خواجہ الطاف حسین نام اور حالی تخلص ہے۔۱۸۳۷ء میں پانی پت میں پیدا ہوئے۔والد کا نام خواجہ ایزد بخش انصاری تھا۔ابھی نو سال کی عمر کے تھے کہ والد کا انتقال ہو گیا۔بڑے بھائی خواجہ امداد حسین اور بڑی بہن نے پرورش کی۔ اس دور کی مروجہ تعلیم کے مطابق پہلے قرآن مجید حفظ کیا۔بعد ازاں عربی کی تعلیم شروع کی۔سترہ برس کی عمر میں بھائی اور بہن کے اصرار پر اسلام النساء سے ۱۸۵۴ء میں شادی کر دی گئی۔یہ وہ دور تھا جب سلطنتِ مغلیہ دم توڑ رہی تھی۔ سیاسی انتشار کی وجہ سے جماعت کا شیرازہ بکھر چکا تھا اور انفرادیت کی ہوا چل رہی تھی۔حالی اس دور کے مشہور شاعر مصطفٰی خان شیفتہ کے بچوں کے استاد مقرر ہوئے۔ان کی صحبت میں رہ کر شاعری کا ملکہ حاصل کر لیا۔پھر دلی آ کر مرزا غالب کے شاگرد ہوئے۔غالب کی وفات پر حالی لاہور چلے آئے اور گورنمنٹ بک ڈپو میں ملازمت اختیار کی۔لاہور میں محمد حسین آزاد انجمن پنجاب کی بنیاد ڈال چکے تھے۔یہ انجمن موضوعاتی سطح پر مشاعرے منعقد کراتی تھی۔اس انجمن میں چار مشاعروں میں حالی نے بھی شرکت کر کے اپنی نظمیں برکھارت، نشاط اُمید، انصاف اور حب وطن پڑھیں۔آزاد اور حالی کی یہ نظمیں جدید اردو شاعری میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہیں۔چار سال لاہور میں رہنے کے بعد واپس دہلی چلے گئے اور اینگلو عربک کالج میں معلم ہو گئے۔وہاں سرسید احمد خان سے ملاقات ہوئی اور ان کے خیالات سے متاثر ہوئے۔ سرسید نے ان کی صلاحیتوں کو بھانپ لیا تھا۔انہوں نے ان کی شاعری کا رخ مقصدی پہلو کی طرف پھیر دیا تھا جس کا تجربہ وہ پہلے ہی انجمنِ پنجاب کے مشاعروں میں کر چکے تھے۔''مسدس مدوجزر اسلام'' اسی دور کی اہم اور نایاب تخلیق ہے۔سرکاری ملازمت سے فارغ ہونے کے بعد واپس اپنے وطن پانی پت میں سکونت اختیار کی۔۱۹۰۴ء میں انہیں ''شمس العلماء'' کا خطاب ملا۔۳۱ دسمبر ۱۹۱۴ء کو پانی پت میں وفات پائی۔

### 3.3.6.1 خواجہ الطاف حسین حالی کی ادبی خدمات:

حالی نے ہمہ گیر ادبی کارنامے انجام دیے، جو شاعری، سوانح، تنقید، مضامین اور مقالات پر مشتمل ہیں۔وہ اس طرح ہیں:

(1) مولود شریف 1864ء تا 1870ء (2) تریاقِ مسموم، 1967ء (پادری عماد الدین کے لئے جواب تھا)

(3) طبقات الارض کا عربی سے اردو میں ترجمہ کیا جو ''مبادی جیولوجی'' کے نام سے 1883ء میں شائع ہوئی۔

(4) اصول فارسی۔ 1868ء میں لکھی۔

سوانح: (1) حیات سعدی 1886ء (2) یادگار غالب، 1897-98ء (3) حیات جاوید، 1901ء

تنقید: (1) مقدمہ شعروشاعری، 1893ء

(1) مقالات حالی یعنی ''کلیات نثر حالی'' مرتب از شیخ اسماعیل پانی پتی (دو جلد) 1968ء میں مجلس ترقی ادب لاہور نے شائع کیے۔ مکتوباتِ حالی: 1925ء

شاعری

(1) مسدس حالی/ مدوجزر اسلام، 1879ء (2) مجموعہ نظم حالی، 1890ء (3) دیوانِ حالی، 1893ء (4) جوہراتِ حالی، 1922ء

(1) مجالس النساء 1874ء: لاہور میں طالبات کے لئے لکھی اس کتاب پر انہیں 400 روپے انعام ملا اور ایک زمانے تک نصاب میں شامل رہی۔

### 3.3.6.2 حالی کی شاعری:

حالی بنیادی طور پر ایک سوانح نگار ہیں۔ لیکن حالی کی یہ خوش قسمتی تھی کہ جس دور میں انہوں نے دوسرے پہلوؤں پر کام کیا۔ ان کے پیش کردہ نمونوں سے بہتر نمونے موجود نہ تھے اور دوسری خوبی انہوں نے یہ اختیار کی کہ روایت سے الگ ہٹ کر نمونے پیش کیے۔ آج حالی کے پیش کردہ نمونوں کی اہمیت محض تاریخی ہے۔ کیونکہ اب تنقید ،شاعری اور تحقیق کا میدان بہت ترقی کر چکا ہے اور ان سے بہتر نمونے پیش کیے جا چکے ہیں۔ اس لئے حالی کی نظمیں آپ کو آج کمزور نظر آئیں گی. لیکن ان کے مطالعے کے لئے ضروری ہے کہ ہم ان کو ان کے دور کے سیاق وسباق کے تناظر میں پڑھیں جب ہی ہمیں وہ مبنی بر معنی معلوم ہوں گیں اور ان کی ادبیت کے ہم معترف ہوں گے۔

دوسری بات یہ ہے کہ حالی کے مذاق سخن کے ضمن میں مصطفیٰ خان شیفتہ کی آٹھ سالہ صحبت کو ملحوظِ نظر رکھنا ضروری ہے۔ شیفتہ کا زیادہ وقت عبادت اور معمولات میں گزرتا تھا اور وہ جہانگیر آباد میں الگ تھلگ زندگی گزار رہے تھے۔ حج کے بعد انہوں نے اپنے دیوان سے وہ کلام بھی نکال دیا تھا جو انہوں نے ایک طوائف ''رمجو'' کے لئے عالم جوانی میں کہا تھا۔ کیونکہ جوانی سے نکل کر پیری تک ان کی زندگی نفاست اور پاکیزگی میں ڈھل گئی تھی اب یہ کلام اس سے مطابقت نہ رکھتا تھا۔ چھچھورے اور سوقیانہ الفاظ ومحاورات سے بھی وہ غالب کی طرح متنفر تھے۔ مزید یہاں دبستان دہلی کا اپنا مخصوص شعری مزاج تھا۔ حالی بھی فطرتاً انہی اوصاف کے حامل تھے اور اسی فطرت کی مناسبت نے انہیں شیفتہ اور

غالب سے منسلک کر دیا اور شاعری کے ضمن میں انہوں نے حقیقی فیض، شیفتہ سے ہی پایا۔ لہٰذا حالی کی شاعری میں جو اعتدال وتوازن، نفاست و پاکیزگی، حقیقت ونیچریت پائی جاتی ہے اور مبالغہ، جھوٹ، ابتذال اور رکاکت سے پرہیز ملتا ہے وہ ان کے استاد کی دین ہے اور اس دور میں پیدا ہونے والے مسائل بھی یہی تقاضہ کر رہے تھے کہ ان صفاتِ رذیلہ کو ترک کر کے صفات جلیلہ کو اپنایا جائے۔ مبالغہ، جھوٹ، ابتذال اور رکاکت کے بجائے اعتدال وتوازن، نفاست و پاکیزگی اور حقیقت کو ترجیح دی جائے۔ زندگی ایک حقیقت ہے اور حقیقت کو حقیقی سہاروں کے سہارے ہی جیا جا سکتا ہے اور زمانے کے تقاضوں کو بھی انہی پیمانوں سے پورا کیا جاسکتا ہے۔ جب ہی قوموں کی مسابقت کی دوڑ میں ہم ان کی ہمسری کر سکتے ہیں اور اپنی شناخت اور وجود کو برقرار رکھ سکتے ہیں۔ اگر حقیقت کو موقوف کر کے خیالی، تصوراتی اور خوابوں کی دنیا میں جیا جائے تو یہ کولھو کے بیل کی مانند ہے جو چل تو رہا ہے مگر اس کے راستے کا تعین ہے اور نہ ہی کوئی منزل۔ اور اس خرابی کے مرتکب سب سے زیادہ شعرا و ادبا تھے۔ جو نہ صرف اپنی خداداد صلاحیتوں کو ضائع کر رہے تھے بلکہ اس سے ملک وقوم میں خرابی پیدا کرنے کے اہم آلہ کار بنے ہوئے تھے۔ ان کی وجہ سے معاشرے میں جھوٹ، مبالغہ، ابتذال، عریانیت، بدقماری اور جملہ خرابیاں پھیل رہی تھیں۔ جس کا اظہار حالی نے بھی اپنی شاعری میں کیا ہے:

برا شعر کہنے کی گر کچھ سزا ہے
عبث جھوٹ بکنا اگر ناروا ہے
تو وہ محکمہ جس کا قاضی خدا ہے
مقرر جہاں نیک و بد کی سزا ہے
گناہ گار واں چھوٹ جائیں گے سارے
جہنم کو بھر دیں گے شاعر ہمارے

اس وقت برصغیر کے مسلمان ثقافتی اور تہذیبی طور پر مغربی یلغار کے شکار تھے اور مغربی تہذیب میں اس کا کوئی ضابطہ اخلاق تھا نہ ہے۔ ایسا اس لئے بھی ہوا تھا کہ مسلمانوں کی سیاسی ساخت ۱۸۵۷ء کے بعد بالکل ہی ختم ہو گئی تھی اور ہر طرح کی حدود کی سرحدیں کھلی ہوئی تھیں جو جہاں جانے کا خواہاں تھا وہ گیا اور جا سکتا تھا۔ اس لئے شعرا و ادبا اس سستی جذباتیت کو فروغ دے رہے تھے جس کی تمنائیں ان کے دل میں مچل رہیں تھی۔ بادشاہ اور نواب جانتے تھے کہ اب سیاسی سیلاب سے ان کا گھر ڈوب گیا ہے اور وہ انگریزوں کے رحم وکرم پر ہیں اس لئے جو کچھ جیسے بھی مل جائے وہ غنیمت ہے۔ قوم بھاڑ میں گئی ہے بھاڑ میں جائے۔ ان کو بچانے کے بجائے اپنے بچانے کی فکر کی جائے اور حواس کو قابو میں رکھنے کے لئے تعلّی سے کام لیا جائے۔ اس لئے انہوں نے شعرا کو قصیدہ خواں کے طور پر اپنے درباروں میں جگہ دی۔ جو

ان کوخوابوں اور خیالوں کی دنیا کا بادشاہ گردانتی تھی ۔ جہاں صرف انہی کی سلطنت کی اقلیم تھی ۔ جہاں ان کا حریف وثانی کوئی نہ تھا، جہاں ہر طرح کا انتظام درست تھا کوئی بدامنی ،خلفشاری اور بدمعاملگی نہ تھی ، بلکہ رعیت ، ہر چیز میسر ہونے کے سبب عیش وعشرت سے زندگی گزر رہی تھی ۔ یہ ایک ایسا جرم تھا جو مسلمانان برصغیر کو دیمک کی طرح چاٹ رہی تھی اور غاصب وجابر قومیں ان کو فنا کے گھاٹ اتار رہی تھیں اور آخر پر اس کا نتیجہ ان کی اپنی زمین سے بے دخلی کا ہوا۔

اس دور میں جو حساس ،غیور، باشعور اور آگاہ طبیعتیں تھی ۔ وہ حالات کے اس رخ کو بخوبی پہچان رہے تھے ۔ اس لئے ہر میدان میں اس غفلت کو دور کرنے کے لئے مصلحین اٹھے ۔شعر وادب کے میدان میں یہ کارنامہ مولانا حالی کے ذریعے انجام پایا۔اوران کی شاعری اسی اصلاحی جذبے سے بھرپور ہے۔ان کا مطمح نظر یہی ہے۔ان کی فکر ودانش کا محرک یہی جذبہ ہے۔جس نے آگے چل کر اقبال کے لئے مشکل راہ ہموار کررکھی تھی ۔شعر وادب کے ضمن میں حالی کا یہ کارنامہ اتنا اہم ہے کہ اصلاحی ادب شاید ہی اس بوجھ کو گردن سے اتار سکے ۔ یہ کہا جاچکا ہے کہ حالی کے نزدیک شاعری محض مقصد پورا کرنے کا ایک ذریعہ تھا۔ایام لڑکپن اور جوانی میں فطری طور پر بھی انسان کی طبیعت اس کی طرف مائل ہوتی ہے ۔جس زمانے میں حالی نے جنم لیا اس زمانے میں اردو شاعری کی بساط پر ایسے نایاب مہرے تھے جو بعد میں مشکل سے ہی میسر ہو سکے، بالخصوص غالب ، ذوق ،مومن ۔ان کی وجہ سے محفل شاعری پر رونق تھی اور شاعر ہونا اعزاز کی بات تھی اور احساس برتری کا جذبہ عطا کرتا تھا۔اس لئے جوانی کے اس دور میں وہ بھی شاعری کی طرف متوجہ ہوئے ۔وہ غالب کی شعری مجالس میں بھی شرکت کرتے تھے، لکھتے ہیں:

> ''مرزا غالب کی عادت تھی کہ وہ اپنے ملنے والوں کو اکثر فکر شعر کرنے سے منع کیا کرتے تھے مگر میں نے جو ایک آدھ غزل اردو یا فارسی کی لکھ کر ان کو دکھائی تو انھوں نے مجھ سے کہا کہ اگر چہ میں کسی کو فکرِ شعر کی صلاح نہیں دیتا لیکن تمہاری نسبت میرا یہ خیال ہے کہ اگر تم شعر نہ کہو گے تو اپنی طبیعت پر سخت ظلم کرو گے مگر اس زمانے میں ایک یا دو غزل سے زیادہ دلی میں شعر کہنے کا اتفاق نہیں ہوا۔''

(حالی،کلیات حالی،مرتب افتخار احمد صدیقی ،ص۲۳ ،مجلس ترقی ادب، لاہور ۱۹۶۸ء)

غرض غالب کے مشورہ کے بعد وہ شاعری کی طرف متوجہ ہوئے ۔ یہ ان کی خوش قسمتی تھی کہ ابتدا سے ہی انہیں غالب اور شیفتہ جیسے شعرا کی صحبت میسر ہوئی ۔جس کی وجہ سے ان کی طبیعت نفاست میں ڈھل گئی اور اسی کا عکس ان کی شاعری میں جھلکنے لگا۔لیکن اپنے اساتذہ کے برعکس انہوں نے غزل کے بجائے نظم کی طرف زیادہ توجہ دی ۔انہوں نے شاعری کی ہیئت کو تبدیل نہیں کیا بلکہ موضوعات کو بدل دیا۔ یہ موضوعات اور پیش کش حالی کی جدت ہیں ۔جیسا کہ اوپر کہا جاچکا ہے کہ حالی بنیادی طور پر سوانح نگار اور نثر نگار تھے ۔ان کا مقصد اصلاح کرنی تھی ۔لیکن نثر اس کے لئے کارگر تو تھی پر اتنی موثر نہ تھی جتنی کہ شاعری ۔ لہٰذا شاعری کو حالی نے اسی موثریت کے لئے اختیار کیا۔ وہ شاعری برائے شاعری نہیں

بلکہ شاعری برائے مقصد کرتے تھے اور یہ مقصد برائے اصلاح تھا۔اس لئے حالی عام ،سادہ اور سلیس زبان استعمال کرتے ہیں۔اس میں نہ مشکل الفاظ ہیں، نہ تراکیب نہ انہوں نے دقیق تشبیہات واستعارات کو لایا ہے۔ بلکہ عام،سادہ اور مشاہداتی شعری لوازمات کو استعمال کیا ہے، جو ترسیل وابلاغ میں معاون ہوتا تھا۔یعنی جو وہ کہتے تھے لوگ (قارئین) اس کو سمجھتے تھے۔ یہ تفہیم محض ان کے کلام کی تفہیم نہ تھی بلکہ ان کے مقصد کی تفہیم بھی تھی۔جس کے لئے وہ شاعری کرتے تھے۔ شاعری کے پردے میں بیان،اور بیان کے پردہ میں اصلاح ان کا مقصد تھا۔اور بیان شاعری سے زیادہ نثریت کے قریب ہے۔اس لئے بھی کئی ناقدین نے ''نثریت'' کو ان کی شاعری کی اہم خوبی قرار دیا ہے۔جس طرح کہ نثر میں بیان عام فہم ، واضح ، راست اور سادہ ہوتا تھا بعینہ یہی اوصاف حالی نے شاعری میں استعمال کیے۔نثر مزید وضاحت کی متقاضی نہیں ہوتی جو پہلی بار سمجھ آیا وہی ہے۔ یہی خوبی حالی اپنا شاعری میں برقرار رکھنا چاہتے تھے اور اس میں وہ کامیاب ہوئے۔اس کو پہلی بار پڑھیے اور معنی سمجھیے اور جو سمجھ آئے اس کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھالئے۔معنی میں الجھیے نہیں بلکہ حرکت وعمل کی طرف گامزن ہوجائے۔ساتھ ہی انہوں نے اس میں شرفا،خواص اور متین لوگوں کی زبان کی خوبیوں کو برقرار رکھا۔کہا جاسکتا ہے کہ جن اوصاف سادگی ، اصلیت اور جوش کی وکالت حالی نے اپنے ''مقدمہ شعروشاعری'' میں کی ہے، اس کے نمونے اپنے شاعری میں پیش کرنے کی شعوری ، عمدہ اور مستحسن کوشش کی ہے۔ انہی خوبیوں کی بنا پر جمیل جالبی نے اِنہیں "ادب جدید کا امام" کہا ہے۔

### 3.3.7 جوش ملیح آبادی:

غلام شبیر ۵ دسمبر ۱۸۹۸ء کو لکھنو کے ایک نواحی علاقے ملیح آباد میں پیدا ہوئے۔غلام شبیر کا نام بعد میں تبدیل کر کے شبیر حسن رکھا گیا۔شبیر حسن خان نو برس کی عمر سے شعروشاعری کی طرف آتے ہوئے شعر کہنے لگے۔کہا جاتا ان کا پہلا شعر کچھ یوں ہے:

شاعری کیوں نہ راس آئے
کہ یہ میرا فن خاندانی ہے

فن خاندانی کے بارے میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ فقیر محمد گویا کے فرزند محمد احمد خاں اور ان کے بیٹے بشیر حسن خاں جن کے فرزند شبیر حسن خاں تھے۔شبیر کی تربیت میں ان کی والدہ کا اہم کردار نبھایا۔وہ حضرت علی سے والہانہ لگاؤ رکھتی تھیں اور مرثیہ خوانی کا خاصہ شوق فرماتی۔ نانا خواجہ محمد خاں کے اثرات بھی شبیر حسن خان کی شاعری میں وارد ہونے لگے۔ابتداء میں شبیر تخلص کرتے تھے ،لیکن نام کی ہی طرح بعد میں تخلص میں بھی تبدیلی کی اور شبیری میں جوش آ ہی گیا۔جہاں تک تعلیم کا تعلق ہے گھر میں فارسی ،عربی اور چونکہ مادری زبان اردو تھی اس لئے اردو کی تعلیم بھی گھر سے ہی

حاصل کی۔ بعدازاں لکھنؤ، سیتاپور، آگرہ کے مختلف اسکولوں سے ہوتے ہوئے سینئر کیمبرج تک پہنچے۔ایم۔اے کے لئے ایم۔اے۔اُو کالج علی گڑھ میں داخلہ لے لیا۔

سب سے پہلے عزیز لکھنوی کی شاگردی اختیار کی۔شادی کے بعد جب مالی دشواریوں کا سامنا ہوا تو اقبال کی سفارش پر مہاراجہ حیدرآباد کرشن پرشاد نے دارالترجمہ میں نوکری دی۔اس دوران حیدرآباد میں کئی دشواریوں کا سامنا بھی کرنا پڑا۔حیدرآباد سے ملازمت چھوڑنے کے بعد واپسی کے دوران جوشؔ جھانسی سے اتر کر دتیہ جانے کا ارادہ کر بیٹھے کیونکہ وہاں ان کے ایک دوست قاضی صاحب رہتے تھے۔'اپنی سوانح 'یادوں کی برات'' میں اس بابت لکھتے ہیں:

''میری یہ بڑی نمک حرامی ہوگی کہ اگر میں اس امر کا اعتراف نہ کروں کہ شعبہ دارالترجمہ کی وابستگی نے مجھ کو بے حد علمی فائدہ پہنچایا اور خصوصیت کے ساتھ علامہ عبادی، علامہ طباطبائی اور مرزا محمد ہادی رسوا کے فیضانِ محبت نے مجھ بے سود کو میرے جہل پر مطلع کر کے مجھ کو ذوق مطالعہ پر مامور کیا۔''

(جوشؔ ملیح آبادی۔''یادوں کی برات''(خودنوشت)صفحہ۔۱۷۵)

وہاں سے دہلی آئے اور رسالہ 'کلیم' جاری کیا۔ پھر آجکل کے ایڈیٹر ہوئے۔کچھ عرصہ تک فلمی دنیا سے بھی وابستہ ہوئے۔چونکہ جوش کے خاندان خصوصاً ان کے والد صاحب کے انگریز حکومت کے ساتھ اچھے مراسم رہے تھے۔ جب ان کا انتقال ہوا تو حکومت برطانیہ نے جوش کو سرکاری ملازمت کی پیش کش کی۔اس کے جواب میں جوشؔ نے کہا کہ میں آپ کی ملازمت نہیں کرنا چاہتا کیونکہ حکومت برطانیہ ایک جابر حکومت ہے۔

### 3.3.7.1 جوشؔ ملیح آبادی کی ادبی خدمات:

**۱۔نثری مجموعے**

۱۔ مقالات جوش
۲۔ اوراق زریں
۳۔ جذبات فطرت
۴۔ اشارات
۵۔ مکالمات جوش
۶۔ یادوں کی برات (خودنوشت سوانح)

**۲۔شعری مجموعے**

۱۔ روح ادب
۲۔ آوازہ حق
۳۔ شاعر کی راتیں
۴۔ جوش کے سوشعر
۴۔ نقش ونگار
۵۔ شعلہ وشبنم
۶۔ پیغمبر اسلام
۷۔ فکرونشاط

۸۔ جنوں وحکمت ۹۔ حرف وحکایت

۱۰۔ حسین اورانقلاب ۱۱۔ آیات ونغمات

۱۲۔ عرش وفرش ۱۳۔ رامش ورنگ

۱۴۔ سنبل وسلاسل ۱۵۔ سیف وسبو

۱۶۔ سرور وخروش ۱۷۔ سموم وسبا

۱۸۔ طلوع فکر ۱۹۔ موجد ومفکر

جوشؔ نے اپنی تخلیقات میں انسانی حقوق کے لئے اپنی آواز بلند کی۔ وہ مزدور، کسان، جفاکش طبقہ ہو یا کوئی نوکر پیشہ۔ ہندوستانی کس طرح برطانوی ظلم وستم کے شکار ہے،اس بات نے انہیں بہت مایوس کیا تھا۔ ہندوستان کی جنگ آزادی میں جوشؔ کی شاعری ایک اہم جوش و ولولہ پیدا کرنے میں کامیاب ہوئے۔ جہاں جوش کی شاعری میں رومانیت کا پہلو پوشیدہ ہے، وہی اُس نے انقلاب کا نعرہ بلند کیا۔جس کا مقصد برطانوی سامراج سے ہندوستان کو آزاد کروانا تھا۔ چونکہ اُن کی شاعری رومانویت سے ہوکر گزری ہے اس لئے ان کی انقلابی شاعری میں بھی رومانی اثرات نظر آتے ہیں۔

کام ہے میرا تغیر نام ہے میرا شباب
میرا نعرہ انقلاب انقلاب انقلاب
ولولوں سے برق کی مانند لہراتا ہوا
موت کے سائے میں رہ کرموت پر چھاتا ہوا
اے جواں مردوں یہ ذلت کس لئے سہتے ہوتم
مرد ہوکرٹھوکروں کی زد پہ کیوں رہتے ہوتم
اے جواں مردوں خدارا باندھ لوسر سے کفن
سر برہنہ پھر رہی ہے عزتِ قوم و وطن

برطانوی سامراج پہ طنز کرتے جوش نے ۱۹۳۱ء میں ایک نظم لکھی۔اس نظم میں برطانوی ظلم وستم کے خلاف بات کرتے ہوئے؛ ٹیپوسلطان، جلیاں والے باغ کے سانحے، جھانسی کی رانی اور دیگر رہنمائے وطن کے ایثار وقربانی کی داستاں بیان کرتے ہیں۔اس نظم کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے برطانوی حکومت نے اس پر پابندی عائد کردی۔ یادوں کی برات میں ایک جگہ برطانوی سامراج پہ طنز کرتے ہوئے اس نظم کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''لکھنؤ کے گورنر کی تقریر ریڈیو پر سن رہا تھا۔جس میں اہل ہند سے اپیل کی گئی تھی کہ وہ انسانیت کے مستقبل کو بچانے کی خاطر جنگ عظیم میں برطانیہ کی مدد پر کمر بستہ ہو جائیں اس وقت میں نے یہ نظم 'ایسٹ انڈیا کمپنی کے فرزندوں سے خطاب' کے نام سے پندرہ منٹ کے اندر کہہ ڈالی۔''

(یادوں کی برات صفحہ۔ ۴۰۲)

سخت حیراں ہوں کہ محفل میں تمہاری اور یہ ذکر
نوع انسانی کے مستقبل کی اب کرتے ہو فکر
جب یہاں آئے تھے تم سوداگری کے واسطے
نوع انسانی کے مستقبل سے کیا واقف نہ تھے ؟
ہندیوں کے جسم میں کیا روح آزادی نہ تھی
سچ بتا کیا وہ انسانوں کی آبادی نہ تھی
خیر اب سوداگرو اب ہے تو اس بات میں
وقت کے فرمان کے آگے جھکا دو گردنیں
اب کہانی وقت لکھے گا نئے مضمون کی
جس کی سرخی کو ضرورت ہے تمہارے خون کی
وقت کا فرمان اپنا رخ بدل سکتا نہیں
مدت ٹل سکتی ہے یہ فرمان ٹل سکتا نہیں

## 3.4 خلاصہ

مذہب کے بعد سماج کو ایک بنانے کا کام زبان کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ بلکہ بنگلہ دیش بنتے وقت زبان نے مذہب سے سبقت حاصل کی۔قومی زبان کسی بھی قوم کی شناختی ہی نہیں بلکہ میراث ہوتی ہے۔اس کا استعمال دراصل قوم کو ایک واضح دائرے میں لانے کے لئے کیا جاتا ہے۔لیکن یہ ضروری نہیں ہے کیونکہ بعض مما لک اور قوموں میں قومی زبان اور سرکاری زبان کا تصور جدا ہے۔ جیسے ہندوستان میں انگریزی سرکاری زبان ہیں اور ہندی قومی زبان لیکن مختلف ریاستوں میں بسنے والے کئی قوموں کی کئی ایک مختلف زبانیں اور بولیاں بولی جاتی ہیں اور ان میں سے ایک قومی زبانوں کے طور پر جانی جاتی ہیں، جس کو سب لوگ متفقہ طور پر اپنی قومی میراث سمجھتے ہیں۔ اسی لحاظ سے کسی ایک قوم یا مملکت میں قومی زبان کا تصور جدا ہو سکتا ہے۔ ریاست جموں وکشمیر میں اردو یہاں کے تینوں خطوں جموں، کشمیر اور لداخ میں رابطے

کی واحد زبان ہے۔ باقی ہندوستان کی طرح جموں وکشمیر میں بھی کثیر لسانی آبادی رہتی ہے۔اس لئے یہاں جموں کے کچھ علاقوں میں ڈوگری، پورے کشمیر اور جموں کے چند ایک علاقوں میں کشمیری اور لداخ میں بلتی وغیرہ بولی جاتی ہیں ۔اس کے علاوہ یہاں گوجری، پہاڑی، شینا، پستو وغیرہ زبانیں اور بولیاں بھی بولی جاتی ہیں۔ یہ زبانیں اپنے علاقوں کی قومی زبانیں ہیں لیکن اردو یہاں سب علاقوں کی رابطے کی زبان ہے اور یہاں کی سرکاری زبان ۔ وہی اب انگریزی یہاں کی دفتری زبان ہے۔قومی زبان کا تصور ایک ہی زبان میں پائے جانے والے لہجوں کی بنیاد پر بھی کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہندوستان اور پاکستانی میں ایک ہی زبان دو الگ الگ رسم الخط کی بنیاد کے فرق کے ساتھ قومی اور سرکاری زبان کے بطور اپنائی جاتی ہے۔ان تمام زبانوں میں بغیر اُردو کوئی زبان ایسی نہیں جو پورے ملک میں عوامی رابطے کی زبان کہلانے کی حق دار ہو۔اس لئے اُردو کا کوئی اپنا کوئی خاص کلچر نہیں بلکہ مختلف کلچر اس میں جذب ہیں۔اُردو زبان پورے ہندوستان کے اندر بیرون ملک اپنے ملے جلے کلچر کی ترجمانی کرتی ہے۔ یہ زبان ہمارے میراث کی امین ہے۔

## 3.5 ذاتی جانچ

اب آیئے اپنی ذاتی جانچ کے لئے درج ذیل سوالات کا جواب دینے کی کوشش کریں۔

### 3.5.1 طویل جواب والے سوالات

۱۔ زبان سے کیا مراد ہے؟

۲۔ قومی زبان کے بارے میں آپ کیا سمجھتے ہیں؟

۳۔ اردو اخلاقی اور روحانی قدروں کی زبان ہے؟ وضاحت کیجئے۔

۴۔ تصوف سے کیا مراد ہیں؟۔

۵۔ اردو زبان میں تصوف کے موضوع پر زیادہ بحث وتحیث کیوں ملتی ہیں؟

۶۔ ’’اردو زبان بحیثیت قومی وراثت‘‘ پر مختصر اًبات کیجئے ؟

۷۔ خواجہ میر درد کی ادبی زندگی پر تبادلہ خیال کیجئے ؟

۸۔ مرزا غالب اردو میں جدید شاعری کے موجد ہے؟ اپنی رائے دیجئے۔

۹۔ اقبال ایک مثالی شاعر؟ وضاحت کیجئے۔

۱۰۔ اقبال کی نظم ’’والدہ مرحومہ کی یاد میں‘‘ کا تجزیہ اپنے الفاظ میں کیجئے ؟

۱۱۔ خواجہ الطاف حسین کی شخصیت اور فن پر روشنی ڈالئے ؟

۱۲۔ جوش ملیح آبادی کی انقلابی شاعری ر بحث کیجئے ؟

### 3.5.2 معروضی جواب والے سوالات (ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں، درست جواب کی نشاندہی کیجئے۔)

۱۔ خواجہ میر دردؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(الف)۱۷۲۱ء دہلی (ب)۱۷۲۰ء دہلی (ج)۱۷۲۱ء لکھنو (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

۲۔ غالب کے کل کتنے اردو دیوان ہیں۔

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

۳۔ اقبال کی ماں کا کیا نام تھا۔

(الف)امامہ خاتون (ب)امامہ بی بی (ج)امام بی بی (د)امام خاتون

۴۔ شاعر انقلاب کس شاعر کو کہتے ہیں۔

(الف)علامہ اقبال (ب)مرزا غالب (ج)جوش ملیح آبادہ (د)الطاف حسین حالی۔

۵۔ ''یادوں کی برات'' کس کی سوانح عمری ہے۔

(الف)علامہ اقبال (ب)مرزا غالب (ج)جوش ملیح آبادہ (د)الطاف حسین حالی۔

### 3.6 سفارش کردہ کتابیں


۱۔ دیوانِ دردر، خواجہ میر درد، مرتب نسیم احمد، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، دہلی۔

۲۔ دیوان غالب، مرزا غالب، فیروز سنز لاہور۔

۳۔ کلیات اقبال (اردو)، اقبال، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور۔

۴۔ یادوں کی برات، جوش ملیح آبادی، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، دہلی۔

۵۔ مقدمہ شعر وشاعری، الطاف حسین حالی، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، دہلی۔

۶۔ اُردو ادب کی مختصر ترین تاریخ آغاز سے ۲۰۰۰ء تک، ڈاکٹر سلیم اختر، کتاب دنیا، دہلی، ۲۰۰۲ء۔

۷۔ اُردو شاعری پر برصغیر کے تہذیبی اثرات، پروفیسر ڈاکٹر ساجد امجد، الوقار پبلی کیشنز، لاہور، ۲۰۰۳ء۔

۸۔ ادب، کلچر اور مسائل/ خاور جمیل، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی، ۱۹۹۸ء۔


### 3.7 ردعمل:

# اکائی۔4

# اردو قواعد اور صوتیات و فونیمات کا تجزیاتی مطالعہ

**اکائی کی ساخت**

4.1 تعارف

4.2 اغراض و مقاصد

4.3 قواعد کی تعریف اور اہمیت

4.4 روایتی قواعد نویسی

4.5 توضیحی قواعد یا جدید قواعد

4.6 ذاتی جانچ

4.7 بول چال کا نظام

4.8 اردو زبان کا صوتیاتی نظام

4.9 اردو مصمتوں کی نشاندہی ان کے ماخذ کے حوالے سے یوں ہیں

4.10 ذاتی جانچ

4.11 اردو فونیمات یا تجز صوتیات

4.12 صوت رُکن

4.13 ذاتی جانچ

4.14 خلاصہ

4.15 فرہنگ و توضیح

## 4.1 تعارف

. بیشتر علوم کی طرح زبان کی قواعد کی ایجاد کا آغاز بھی یونان سے ہوا۔شروع میں قواعد،علمِ زبان فلالوجی[۱] (Philology) کا حصہ تھا۔ جدید لسانیات نے قواعد کو زبان کا اہم حصہ قرار دیا۔آج قواعد فن کے دائرے سے نکل کر سائنس کے منصب پر آ کھڑی ہوئی ہے۔یورپ میں ساختی قواعد[۲] (Structural Grammer)) اور تبادلی قواعد[۳] (Transformational Grammer) نے قواعد نویسی میں حیرت انگیز انکشافات[۴] کیے ہیں۔

ابتدائی ماہرین زبان کے سامنے زبان کی اصل شکل اس کی تحریر تھی اس لئے ان ماہرین نے جب زبان کے بارے میں سوچنا شروع کیا تو ''حروف'' سے ابتدا کی۔اس کے بعد ان کی اگلی منزل''الفاظ'' اور پھر''جملہ'' ان کی توجہ کا

خاص مرکز رہا۔ یہی عمل قواعد نویسی کہلایا۔اس سلسلے میں عظیم سنسکرت قواعد داں پانِنی۵ کی ''اشٹا دھیائی'' قابلِ ذکر ہے۔

زبان کے مطالعے کی سائنسی بنیادیں بیسویں صدی کے آغاز میں اُس وقت شروع ہوئیں جب سوئز رلینڈ کے فَری۔دانند۔دِی۔ساسور۶ (Feridanand de Saussure) کی کتاب (A Course in General Linguistics) منظرِ عام پر آئی۔ساسور نے پہلی بار زبان کے تقریری روپ کی جانب اہلِ علم کی توجہ مبذول کی۔انہوں نے یہ بتانے کی کوشش کی کہ زبان کا اصل روپ یعنی فطری روپ اس کی تقریر ہے نہ کہ تحریر۔اس لئے جب زبان کے بارے میں غور وخوض کیا جائے تو شروعات ''حرف'' کے بجائے ''صوت'' سے کیا جانا لازمی ہے۔اس طرزِ فکر سے ماہرین زبان کافی متاثر ہوئے اور دیکھتے ہی دیکھتے ماہرینِ لسانیات کی ایک بڑی جماعت سامنے آئی۔ان اصحاب نے زبان کو اسطور (Myth) کی دنیا سے نکال کر معروضیت (Objectivity) کی روشنی میں پیش کیا۔لسانیات نے زبان کے مطالعے کے دو طریقہ کار وضع کئے۔۱۔تاریخی لسانیات (Historical Linguistics) ۲۔توضیحی لسانیات (Discreptive Linguistics)

تاریخی لسانیات میں زبان کی تاریخ کا تفصیلی مطالعہ پیش کیا جاتا ہے یعنی زبان کی عہد بہ عہد تبدیلیوں کا کھوج لگایا جاتا ہے۔توضیحی لسانیات میں زبان کی توضیح اس کی تمام لسانی سطحوں پر کی جاتی ہے۔یہاں تحریر کے بجائے تقریر کو اولیت دی جاتی ہے۔اس اعتبار سے زبان کی توضیح درج ذیل سطحوں پر کی جاتی ہے۔

۱۔صوتیات ۲۔فونیمات یا تجز صوتیات ۳۔صرفیات یا مارفیمیات ۴۔نحویات ۴۔معنیات قواعد نویسی کا یہ مقصد نہیں کہ کسی معیاری زبان کے مطالعے کے بعد کچھ ٹھوس اور جامع اصولوں کی پابندی پر اصرار کیا جائے۔

لسانیات کی رو سے معیاری زبان بھی اتنی ہی فطری ہوتی ہے جتنی غیر معیاری زبان۔ ہر لسانی خطے میں لہجے کے علاوہ تلفظ میں بھی افتراق ے ہوتا ہے۔بعض صرفی ونحوی اختلافات بھی ہوتے ہیں۔قواعد کا اصل منصب ان تمام اختلافات کو ہوا دینا نہیں بلکہ قواعد کا بنیادی مقصد بیان واقعہ ہونا چاہئے۔اس کا مقصد زبان کی توضیح وتشریح ہے۔کسی مخصوص زبان کا مختلف استعمال اپنی جگہ نہایت اہم بھی ہے اور لائق توجہ بھی۔اسی لئے لہجے اور لفظیات کے اعتبار سے میسوری اردو، پنجابی اردو، مہاراشٹری اردو اور مدراسی اردو آپس میں اتنی ہی مختلف ہیں جتنی وہ یوپی کی معیاری اردو سے مختلف ہیں۔خود یوپی کا معیاری لہجہ بھی مشرق سے مغرب تک ایک جیسا نہیں ہے۔

زبان ایک تغیر پذیر شئے ہے۔زمانی سفر کے ساتھ ساتھ اسے مکانی سفر سے بھی سابقہ پڑتا ہے۔اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ اردو زبان کی قواعد الگ الگ علاقائی اعتبار سے تیار کی جائیں اور علاقائی اختلافات کو مطالعے کا مرکز بنا کر معیاری زبان سے ان کا مقابلہ کیا جائے۔

## 4.2 اغراض ومقاصد:

اس بات میں دورائے نہیں کہ اہلِ زبان پیدائشی قواعد داں ہوتے ہیں۔ یہ بات بھی اپنی جگہ صحیح ہے کہ زبان سے قواعد کے اصول مجتمع[۸] ہوتے ہیں نہ کہ قواعد سے زبان بنتی ہے۔لیکن اس صداقت سے فرار ناممکن ہے کہ زبان کے اصولوں سے شعوری واقفیت اہلِ زبان اور غیر اہلِ زبان دونوں کے لئے اظہارِ بیان کی نئی نئی راہیں تلاشنے میں معاون ثابت ہوتی ہے۔کسی زبان کی غیر شعوری واقفیت اُس زبان کے لسانی مزاج کا فہم نہیں دیتی اور نہ وہ بصیرت عطا کرتی ہے جو اپنی زبان کو دنیا کی مختلف النوع زبانوں کے محاذ پر کھڑا کرسکتی ہے۔کسی زبان کا سائنسی مطالعہ اُسی وقت ممکن ہے جب اس مطالعے کی بنیاد شعوری علم پر ہو۔

یہ دریافت کہ اصل زبان بول چال کی زبان ہے، اس کی تحریری شکل نہیں، صدیوں کے بعد حاصل کی ہوئی کمائی ہے۔اصل زبان وہ نہیں جو قلمبند ہوتی ہے بلکہ اصل زبان وہ ہے جو آواز کے ذریعے متکلم سے سامع تک پہنچتی ہے۔اس صداقت سے شناسائی[۹] اس اکائی کا بنیادی مدعا ہے تاکہ زبان کی اصل تک رسائی ہو۔زبان کی ساخت کا علم صحیح معنوں میں طالب علم کو زبان کے اصولوں سے واقف کراتا ہے۔ اس ضمن میں صوتیات، فونیمات، مارفیمات، نحویات اور اِسے جُڑے اجزاء کا ادراک[۱۰] ناگزیر[۱۱] ہے۔

## 4.3 قواعد کی تعریف اور اہمیت:

ایسا عمل جو زبان بولنے اور سیکھنے کا وہ انداز سکھائے جو مادری زبان بولنے اور سیکھنے والوں کا معمول ہو۔قواعد کہلاتا ہے۔ یہ بات اپنی جگہ صد فی صحیح ہے کہ کسی بھی زندہ زبان کو قواعد کے چند بندے ٹِکے اصولوں میں قید نہیں جاسکتا لیکن اس بات کا اطلاق[۱۲] روایتی قواعد پر ہوسکتا ہے جو ہدایتی[۱۳] اور امتناعی[۱۴] ہوتی ہے، جو نہ صرف صحیح بولنے اور لکھنے کے قوانین قائم کرتی ہے بلکہ کلاسیکی زبانوں کی قواعد کے نمونے پر صحیح وغلط کا معیار قائم کرتی ہے۔

جدید قواعد قوانین نہیں بناتی بلکہ اصول دریافت کرتی ہے۔یہ اصول سے انحراف[۱۵] اور اسے تسلیم بھی کرتی ہے بشرطیکہ اسے وسیع تر جماعت کی تائید[۱۶] حاصل ہو۔ظاہر ہے کسی زبان کا سائنسی مطالعہ اُس وقت تک ناممکن ہے جب تک کہ اُمطالعے کی بنیاد شعوری علم پر نہ ہو۔گویا زبان کی مزاج شناسی کے لئے محض ذخیرہ الفاظ سے واقفیت کافی نہیں بلکہ اس کی قواعد کا مطالعہ بھی ناگزیر ہے۔

روایتی قواعد نویسوں کے سامنے چناچہ زبان کی مکتوبی[۱۷] شکل ہی مطالعے کا مرکز رہی اور بول چال کی زبان نظر انداز ہوئی۔اس بات کا انکشاف کہ اصل زبان، بول چال کی زبان ہے اور تحریری زبان اس کی ترقی یافتہ شکل ہے یا ثانوی زبان ہے، صدیوں کے بعد کی کمائی ہے۔ دنیا کی باقی زبانوں کے ساتھ ساتھ روایتی اردو قواعد میں حرف، ہجا، جزم، سکون، تشدید اور تنوین کا تصور اس بات کا غماز[۱۸] ہے۔

قواعد کی اہمیت سے فرار ناممکن ہے۔ کسی بھی زبان کے لیے یہ لازمی ہے۔ قواعد یں زبان کی تفہیم میں بہت معاون ثابت ہوتی ہیں۔ زبان کی تحصیل و تدریس میں یہ بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ زبان کی ترویج و اشاعت کا موثر ذریعہ قواعد ہی ہیں۔

## 4.4 روایتی قواعد نویسی:

اردو کی زیادہ تر قواعد یں روایتی ہی ہیں۔ جدت کی ایک کامیاب اور غالباً پہلی کوشش بابائے اردو مولوی عبدالحق نے ''قواعد اردو'' لکھ کر ضرور کی

ہیں۔ لیکن بہ نظر غائر ۱۹ دیکھا جائے تو موصوف ۲۰ بھی تحریر کے سحر سے خود کو پوری طرح نہیں بچا سکے اور اپنی کتاب کے ابتدا میں ہی فصل اول کے تحت ''ہجا''

اعنوان قائم کیا۔ اردو زبان کی تعلیم و تدریس میں بالعموم روایتی قواعدوں کا ہی استعمال ہوتا آیا ہے۔ جس کی بنیاد لاطینی اور یونانی زبانوں کے اصولوں پر رکھی گئی ہے۔ اس قواعد کی رُو سے الفاظ کو کبھی (آٹھ) اور کبھی (نو) زمروں کے تحت عمل میں لایا جاتا ہے۔ جنہیں اجزائے کلام Parts of Speech کا نام دیا گیا ہے۔ جیسے: اسم Noun، ضمیر Pronoun، صفت Adjective، فعل Verb، متعلق فعل Adverb، حرفِ جار Preposition، حرفِ ربط Conjunction اور حرفِ فجائیہ Interjunctio ۔

روایتی قواعد ہدایتی Prescriptive ہے۔ جو زبان کو بولنے اور سیکھنے کے لیے اصول متعین کرتی ہے۔ یعنی اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ لوگوں کو کیسے بولنا چاہیئے (How people Should Speak)، نہ کہ لوگ کیسے بولتے ہیں (How People Speak) بہ الفاظِ دیگر روایتی قواعد زبان کے صحیح یا غلط ہونے کا معیار وضع کرتی ہے۔ گویا قواعد کا یہ طریقہ کار پہلے زبان کا عمیق مطالعہ کرتی ہے پھر اس کے اصول متعین کرتی ہے اور پھر انہی اصولوں کے اطلاق پر اصرار کرتی ہے۔

بیسویں صدی کے اوائل میں لسانیات کا آغاز ہوا۔ زبان کے تعلق سے نت نئے تجربات سامنے آئے۔ جدید لسانیات نے زبان کے ہر شعبے کو متاثر کیا۔ قواعد نگاری یا قواعد نویسی ان اثرات سے اپنے آپکو بچا نہیں سکی۔ آج مختلف طریقوں سے مادری، ثانوی و غیر ملکی زبانیں سکھائی جاتی ہیں جس میں لسانیات سے خاطر خواہ مدد لی جا رہی ہے۔

## 4.5 توضیحی قواعد یا جدید قواعد:

توضیحی قواعد زبان کی ساخت (Structure) کی توضیح (Description) کر کے اصول دریافت کرتی ہے۔ اس قواعد کا طریقہ کار یہ ہے کہ ماہر لسانیات متعلقہ زبان یا بولی کے بولنے والے (Native Speaker) سے رابطہ کرتا ہے۔ اُسے اپنی زبان یا بولی کا مواد حاصل کرتا ہے جو نمائندہ الفاظ، فقروں اور جملوں پر مبنی ہوتا ہے۔ حسبِ

ضرورت لسانی مواد جمع ہونے پر اس کا تجزیہ لسانیات کی مختلف سطحوں مثلاً صوتی، صرفی، نحوی وغیرہ پر معروضی انداز میں کرتا ہے۔اور اسی عمل سے زبان یا بولی کے اصولوں اور قاعدوں کو مرتب ۲۱ کرتا ہے۔جس سے توضیحی قواعد کا نام دیا جاتا ہے۔توضیحی قواعد لسانی اظہار کے صحیح یا غلط ہونے کا فیصلہ صادر ۲۲ نہیں کرتی ۔اس بِنا پر اسے غیر اقداری (Non-Judgemental) قواعد بھی کہتے ہیں۔اسے بعض ماہر لسانیات ''بیانیہ قواعد'' بھی کہتے ہیں۔

اردو میں پہلی توضیحی قواعد عصمت جاوید نے ''نئی اردو قواعد(۱۹۸۱ء)کے نام سے لکھی ہے۔اقتدار حسین خان کی ''اردو صرف ونحو(۱۹۸۵ء)اور نصیر احمد خان کی ''اردو ساخت کے بنیادی عناصر(۲۰۰۰ء)اسی قبیل ۲۳ سے تعلق رکھتی ہے۔

## 4.6 ذاتی جانچ

**مختصر جواب طلب سوالات**

۱۔قواعد کی تعریف کیجیے؟

۲۔روایتی قواعد اور جدید قواعد کے مابین ایک فرق واضح کیجیے؟

۳۔لسانیات کا آغاز کب کیسے ہوا؟

**معروضی سوالات**

۱۔زبان کا سائنسی مطالعہ کیا کہلاتا ہے؟

۲۔توضیحی قواعد کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

۳۔اردو میں پہلی توضیحی قواعد کس نے لکھی ہے؟

## 4.7 بول چال کا نظام:

زبان کی تعریف ماہرینِ لسانیات ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''زبان مختلف اعضائے تکلم سے پیدا شدہ ان صوتی علامتوں کا ایک مخصوص اور باترتیب نظام ہے جس کے ذریعے سے ایک سماجی گروہ کے افراد ایک دوسرے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں''

قدرت نے انسان کے اعضائے تکلم علاحدہ سے نہیں بنائے ہیں بلکہ جو اعضاء کھانے پینے ،سانس لینے اور چیخنے چلانے کے کام آتے ہیں وہی اعضائے نطق ۲۴ بھی ہیں۔انسان اپنے اعضائے نطق سے بے شمار قسم کی آوازیں پیدا کرنے کی حیرت انگیز صلاحیت رکھتا ہے۔آوازوں کی ترتیب و بازترتیب سے ایسے مجموعے بنائے جاتے ہیں جنھیں ہم

الفاظ کہتے ہیں۔ روایتی قواعد میں الفاظ کو 'حروف' کا مجموعہ قرار دیا جاتا ہے حالانکہ 'حروف' آواز نہیں بلکہ تحریری علامت ہے۔ تکلّمی زبان کا پورا دارومدار آوازوں کی ترتیب و تنظیم یعنی ''صوتی نظام'' پر قائم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی زبان کے لسانیاتی مطالعہ میں اس زبان کے ''صوتی نظام'' کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔

کسی زبان کی آوازوں کا مطالعہ ہم تین زاویوں سے کرتے ہیں۔ ا۔سمعیاتی صوتیات ۲۵ (Acoustic phonetics) ۲۔سماعی صوتیات (Auditory ۳۔ تلفیظی صوتیات (Articulatory phonetics) مطالعے کے مندرجہ بالا تینوں طریقے کارآمد ہیں۔لیکن پہلے دو طریقوں کے لئے مشینوں اور تجربہ گاہوں کی ضرورت ہے۔ تلفیظی صوتیات میں، انسان کے وہ اعضاء جن سے زبان کی آوازیں پیدا ہوتی ہیں، اور جنہیں ادا کرتے وقت خود بولنے والا بھی محسوس کرتا ہے کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے تلفیظی صوتیات کا براہ راست تعلق انسانی اعضائے تکلم سے ہیں۔

## اعضائے تکلم: (Vocal organs)

جن اعضاء سے زبان کی مختلف اصوات پیدا ہوتی ہیں انھیں اعضائے تکلم یا تکلّمی اعضاء کہا جاتا ہے۔ اہم اعضائے تکلم یوں ہیں۔

ا۔ ہونٹ ۲۔ دانت ۳۔ مسوڑھے ۴۔ سخت تالو (تالو کا درمیانی حصہ) ۵۔ نرم تالو (تالو کا پچھلا حصہ) ۶۔ نوکِ زبان ۷۔ زبان کا پھل ۸۔ زبان کا اگلا حصہ ۹۔ زبان کا درمیانی حصہ ۱۰۔ زبان کا پچھلا حصہ ۱۱۔ لہات (کوّا) ۱۲۔ ناک کا راستہ ۱۳۔ حلق ۱۴۔ غشائی پردے کسی بھی زبان میں کام آنے والی آوازوں کو دو بڑے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

**ا۔مصوتی آوازیں یا مصوتہ (Vowels) (اردو روایتی نام: حروفِ علت)**: یہ وہ آوازیں ہیں جن کی ادائیگی میں پھیپھڑوں سے آنے والی ہوا بغیر کسی رکاوٹ کے منہ سے خارج ہوتی ہیں مثلاً آ۔ ای۔ او وغیرہ۔

**۲۔مصمتی آوازیں یا مصمتہ (Consonants) (اردو روایتی نام: حروفِ صحیح)**: یہ وہ آوازیں ہیں جن کی ادائیگی میں پھیپھڑوں سے آنے والی ہوا منہ میں مختلف مقامات پر یا تو رُک جاتی ہے یا رگڑ کے ساتھ خارج ہوتی ہے مثلاً پ۔ ب۔ ج۔ د۔ گ۔ ر وغیرہ۔

یہاں یہ بات باور کرنا بجا ہے کہ روایتی قواعد میں 'حرف' کا تصور آواز یعنی 'صوت' پر غالب ہے اسی لئے صوت کے لئے حرف استعمال ہوا ہے یہ جانتے ہوئے بھی کہ حرف آواز نہیں بلکہ تحریری علامت ہے۔

## 4.8 اردو زبان کا صوتیاتی نظام:

ہر زبان کی طرح اردو کا بھی اپنا صوتی نظام ہے اردو اگر چہ ہند آریائی زبان ہے لیکن عربی وفارسی سے گہرا اثر لینے کے باعث اس کا صوتی نظام
دیگر ہند آریائی زبانوں سے مختلف ہے اس میں خالص ہند آریائی آوازیں بھی ہیں اور خالص عربی اور فارسی آوازیں بھی۔

اردو کے تمام مصوتے پراکرت اوراس کے توسط سے سنسکرت سے ماخوذ ۲۶ ہیں جبکہ مصمتوں کی ایک بڑی تعداد بھی ہند آریائی ماخذ سے داخل ہوئی ہے خالص عربی وفارسی مصمتے اردو میں صرف (٦ ) ہیں۔(ق۔ف۔ز۔ژ۔خ۔غ۔)۔ان میں سے خالص فارسی (ژ) اور خالص عربی (ق) ہے اور باقی عربی فارسی مشترک ہیں۔

**اردو مصوتے:(Vowels)**

۱۔ (اَ)۔۔اَب۔کب۔جب۔وغیرہ
۲۔ (آ)۔۔۔آم۔کام۔نام۔دام۔۔
۳۔ (اِ)۔۔اِس۔جس۔کس۔مل۔۔
۴۔ (ای)۔۔جھیل۔ڈھیل۔کیل۔۔
۵۔ (اُ)۔۔اُس۔سُکھ۔مُکھ۔۔۔
۶۔ (اُو)۔۔نور۔حور۔دور۔۔۔
۷۔ (اے)۔۔۔بیل۔ریل۔کھیل۔۔
۸۔ (او)۔۔۔دو۔لو۔جو۔۔۔
۹۔ (اے)۔۔ویسا۔پیسا۔ایسا۔۔۔
۱۰۔ (اَو)۔۔۔سَو۔جَو۔نَو۔۔۔۔

اردو میں دو نیم مصوتے (Semi-vowels) (ی) اور (و) مستعمل ہیں۔ان کی ادائیگی میں رکاوٹ اس قدر کم ہے کہ مصوتے کے قریب ہو جاتے ہیں۔اس لئے انھیں 'نیم مصوتہ' کہا جاتا ہے۔

**اردو مصمتے:( Consonants)**

ب۔بھ۔پ۔پھ۔ت۔تھ۔ٹ۔ٹھ۔ج۔جھ۔چ۔چھ۔خ۔د۔دھ۔ڈ۔ڈھ۔ر۔ڑ۔ڑھ۔ز۔ژ۔س۔ش۔
غ۔ف۔ق۔ک۔کھ۔گ۔گھ۔ل۔م۔ن۔و۔ہ۔ی

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اردو میں مندرجہ بالا مصمتوں کے علاوہ اور(۴) مصمتے مستعمل ہے ہیں جیسے:مھ (تمھارا)،نھ (ننھا)،لھ (دولھا) اوررھ (سرھانا)،لیکن یہ بہت کم الفاظ میں آتے ہیں اس لئے ماہرینِ صوتیات نے انھیں مصمتوں میں شمار نہیں کیا ہے۔

اردو مصمتوں کی صحیح تعداد کے بارے میں ماہرین لسانیات کی الگ الگ آرائیں ہیں۔پروفیسر نارنگ ان کی مجموعی تعداد(۳۴) پروفیسر مسعود حسین خان (۳۷) اور پروفیسر مرزا خلیل احمد بیگ(۳۸) مصمتوں کی نشاندہی کرتے ہیں۔جبکہ مصوتوں کے بارے میں سبھی (۱۰) مصوتوں کی نشاندہی کرتے ہیں،سوائے ڈاکٹر عصمت جاوید کے، وہ ان کی تعداد(۱۱) بتاتے ہیں دیکھیے ان کی کتاب (نئی اردو قواعد)

**اردو زبان کا صوتیاتی معیار:**

مصوتوں اور مصمتوں کی درجہ بندی الگ الگ ڈھنگ میں تین مختلف طریقوں سے کی جاتی ہے۔مصوتوں کی ادائیگی میں، زبان کا حصہ، زبان کی

اونچائی اور ہونٹوں کی حالت کا جائزہ لیا جاتا ہے جبکہ مصمتوں کی ادائیگی میں، مقامِ ادائیگی یا مخارج، طرزِ ادائیگی اور صوتی لب(Vocal cords) کی

حرکت وسکون کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

مصوتوں کی درجہ بندی سے قطع نظر یہاں مصمتوں کی درجہ بندی کی تفصیل پیش کی جاتی ہے۔

**۱۔مقامِ ادائیگی (مخارج):** جو آواز منہ کے جس مقام (جگہ) سے ادا ہوتی ہے وہی اس کا مخرج کہلاتا ہے۔مخارج کا سلسلہ ہونٹوں سے لے کر حلق تک پھیلا ہوا ہے۔

**اردو مصمتے مقامِ ادائیگی (مخارج)Points of articulation کے اعتبار سے:**

**۱۔دولبی(Bilabial):** دو ہونٹوں کے ملنے سے ادا ہونے والی آوازیں دولبی کہلاتی ہیں:

پ۔پھ۔ب۔بھ۔م

**۲۔لب دندانی(Labio-dental):** نچلے ہونٹ اور بالائی دندان سے ادا ہونے والی آوازیں لب دندانی کہلاتی ہیں:

ف۔و

**۳۔لثوی(Alveolar):** بالائی دندان کے اوپر اندر کی طرف مسوڑھوں سے نوکِ زبان چھو جائے تو ادا ہونے والی آوازیں لثوی کہلاتی ہیں:

ن ۔س ۔ز ۔ر ۔ل

۴۔**دندانی (Dental)**: بالائی دندان کے اندرونی حصے سے زبان کا پھل دستک مارے تو ادا ہونے والی آوازیں دندانی کہلاتی ہیں:

ت ۔تھ ۔د ۔دھ

۵۔**معکوسی یا کوزی (Retroflex)**: نوکِ زبان سخت تالو سے لگ کر جب پیچھے کو مُڑ جاتی ہے تو ادا ہونیوالی آوازیں معکوسی یا کوزی کہلاتی ہیں: ٹ ۔ٹھ ۔ڈ ۔ڈھ ۔ڑ ۔ڑھ

۶۔**حنکی یا تالوی (Palatal)**: زبان کا پھل سخت تالو کو چھوتا ہے تو ادا ہونے والی آوازیں حنکی یا تالوی کہلاتی ہیں:

چ ۔ چھ ۔ج ۔ جھ ۔ش ۔ژ ۔ی

۷۔**غشائی (Velar)** : سخت تالو کے بعد آنے والا حصہ نرم تالو یا غشا کہلاتا ہے۔اس مقام کو زبان کا پچھلا حصہ چھوئے تو ادا ہونے والی آوازیں غشائی کہلاتی ہیں:

ک ۔کھ ۔گ ۔ گھ ۔خ ۔غ

۸۔**لہاتی (U-vular)** : یہ مُنہ کی چھت سے نرم گوشت کی مانند لٹکا ہوا ایک عضو ہے اسے عام طور پر ''کوا'' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔اس مقام سے ادا ہونے والی آواز لہاتی کہلاتی ہے:

(ق)

۹۔**حلقی (Glottal)**: حلق، جہاں صوتی لب (Vocal cords) مقیم ہیں۔اس جگہ سے ادا ہونے والی آواز حلقی کہلاتی ہے:

(ہ)

۲۔**طرزِ ادائیگی**: طرزِ ادائیگی سے مراد آوازوں کی ادائیگی کے دوران پھیپھڑوں سے آنے والی ہوا کے اخراج کے طرز یا طور سے ہے۔چنانچہ مختلف آوازوں کی ادائیگی میں پھیپھڑوں سے آنے والی ہوا مختلف مقامات پر یا تو مکمل رُک جاتی ہے یا رگڑ کے ساتھ خارج ہوتی ہے اور کبھی ناک کے راستے سے

اس کا گذر ہوتا ہے تو کبھی زبان کی بغل سے اس کا واسطہ پڑتا ہے۔

**اردو مصمتے طرزِ ادائیگی (Manner of articulation) کے اعتبار سے:**

ا۔بندشی:(**Stops**) یہ وہ آوازیں ہیں جن کی ادائیگی میں باہر آتی ہوئی ہوا منہ میں لمحے بھر کے لئے رُک جاتی ہے:

ب۔ بھ۔پ۔ پھ۔ت ۔تھ۔ٹ ۔ٹھ۔ج۔ جھ۔ چ۔ چھ۔ک۔ کھ۔گ۔ گھ۔د۔دھ۔ڈ۔ڈھ۔ق

**۲۔انفی(Nassals):** یہ وہ آوازیں ہیں جن کی ادائیگی میں ہوا ناک کے راستے سے گذرتی ہے: م۔ن

**۳۔صفیری(Frictative):** یہ وہ آوازیں ہیں جن کی ادائیگی میں سانس کی ہوا اپنے مقامِ مخرج سے رگڑ کھاتی ہوئی گزرتی ہے: ف۔س۔ش۔خ۔ہ۔ز۔ژ۔غ

**۴۔لرزشی یا ارتعاشی(Rolled or Trill):** یہ وہ آواز ہے جس کی ادائیگی میں زبان کی نوک مسوڑھے کے قریب آ کر کپکپاتی ہے:( ر)

**۵۔پہلوی(Lateral):** یہ وہ آواز ہے جس کی ادائیگی میں زبان کی نوک اوپری مسوڑھے سے لگ کر ہوا کا اخراج کرتی ہے:( ل)

**۶۔تھپک دار(Flapped):** یہ وہ آوازیں ہیں جن کی ادائیگی میں مقامِ اخراج پر دستک سی لگتی ہے:(ڑ۔ڑھ)

**۷۔نیم مصوتہ(Semi-vowels):** کسی ''مصمتے'' کی ادائیگی میں اگر ہوا کے اخراج میں رُکاوٹ نہ پڑے تو اس میں ''مصوتے'' کی خوبیاں پیدا ہوتی ہیں۔اس لحاظ سے ان آوازوں کو ''نیم مصوتہ'' کا نام دیا جاتا ہے:( ی۔و)

**۳۔صوتی لب کی لرزش:** آوازوں کی ادائیگی میں جب صوتی لبوں میں حرکت پیدا ہو تو وہ آوازیں مسموع(Voiced) کہلاتی

ہیں اور اس کے برعکس آوازوں کی ادائیگی میں جب صوتی لبوں میں کوئی حرکت پیدا نہ ہو تو ایسی آوازوں کو غیر مسموع(Voiceless) کہا جاتا ہے۔

اردو کے تمام مصوتے مسموع ہیں جبکہ مصمتے علی الترتیب مسموع اور غیر مسموع ہیں:

**مسموع آوازیں:** ب۔ بھ۔د۔دھ۔ڈ۔ڈھ۔ج۔ جھ۔گ۔ گھ. م۔ن۔و۔ز۔ژ۔غ۔ر۔ل۔ڑ۔ڑھ

**غیر مسموع آوازیں:** پ۔ پھ۔ت ۔تھ۔ٹ ۔ٹھ۔چ۔ چھ۔ک۔کھ ۔ق۔ف۔س۔ش۔خ۔ہ

مندرجہ بالا درجہ بندی کی رُو سے ہر مصمتہ تین قسم کی صوتیاتی خصوصیت کا حامل قرار پاتا ہے۔مثلاً ایک مصمتہ(ب) مخرج کے اعتبار سے ''دولبی'' ہے۔طرزِ ادائیگی کے لحاظ سے ''بندشی'' ہے اور صوتی لب کی حالت کے لحاظ سے ''مسموع'' ہے۔اسی طرح کی چند مثالیں:

(ز)۔۔دندانی۔۔صفیری۔۔۔مسموع

(ڑ)۔۔معکوسی۔۔تھپک دار۔۔مسموع

(ق)۔۔لہاتی۔۔۔بندشی۔۔غیر مسموع

اردو مصمتوں کی درجہ بندی کی ترتیب کو مجموعی اعتبار سے درج ذیل نقشے میں بہ آسانی دیکھا جاسکتا ہے۔

اردو مصمتوں کی درجہ بندی کی ترتیب کو مجموعی اعتبار سے درج ذیل نقشے میں بہ آسانی دیکھا جاسکتا ہے:

| مقامِ ادائیگی (مخارج) طرزِ ادائیگی/ | صوتی لب کی حالت | دولبی | لب دندانی | دندانی | لسوی | معکوسی یا کوزی | حنکی یا تالوی | غشائی | لہاتی | حلقی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بندشی | غیر مسموع | پ | | ت | | ٹ | چ | ک | ق | |
| | ہاکاری | پھ | | تھ | | ٹھ | چھ | کھ | | |
| | مسموع | ب | | د | | ڈ | ج | گ | | |
| | ہاکاری | بھ | | دھ | | ڈھ | جھ | گھ | | |
| انفی | مسموع | م | | | ن | | | | | |
| صفیری | غیر مسموع | | ف | | س | | ش | خ | | ہ |
| | مسموع | | و | | ز | | ژ | غ | | |
| لرزشی | مسموع | | | | ر | | | | | |
| پہلوی | مسموع | | | | ل | | | | | |
| تھپک دار | مسموع | | | | | ڑ | | | | |
| | مسموع ہاکار | | | | | ڑھ | | | | |
| نیم مصوتے | | | و | | | | ے | | | |

## 4.9 اردو مصمتوں کی نشاندہی ان کے ماخذ کے حوالے سے یوں ہیں:

ا۔ بھ۔ پھ۔ تھ۔ دھ۔ ٹھ۔ چھ۔ جھ۔ کھ۔ گھ۔ ڑھ۔ ڈھ (١١) یہ تمام آوازیں ہند آریائی ہیں۔ انھیں ہکاری آوازیں (Aspirated sounds) بھی کہا جاتا ہے۔ عربی، فارسی یا ترکی زبان سے ان کا کوئی تعلق نہیں۔

٢۔ ٹ۔ ڈ۔ ڑ۔ ٹھ۔ ڈھ۔ ڑھ۔ (٦) یہ سبھی معکوسی آوازیں بھی ہند آریائی ماخذ سے اردو میں داخل ہوئی ہیں۔

٣۔ ب۔ ت۔ د۔ ج۔ ک۔ م۔ ن۔ ل۔ ر۔ س۔ ش۔ ہ۔ و۔ ی۔ (١٤) یہ آوازیں ہند آریائی، عربی اور فارسی میں مشترک ہیں۔ ان کا ارتقا اردو میں ہند آریائی ماخذ سے بھی ہوا ہے اور عربی و فارسی سے بھی۔ اردو میں ہند آریائی کی اور تین آوازیں بھی ہیں جو فارسی میں بھی پائی جاتی ہیں۔ پ۔ چ۔ گ (٣)

یہاں یہ باقابلِ توجہ ہے کہ اردو مصمتوں کی فہرست میں مندرجہ ذیل حروف شامل نہیں ہیں (ذ۔ ض۔ ظ۔ ث۔ ص۔ ح۔ ط۔) کیونکہ اردو میں ان
کی کوئی علاحدہ حیثیت نہیں ان کی صوتی نمائندگی کے لئے اردو میں دوسرے حروف موجود ہیں جیسے:

ا۔ ذ، ض، ظ کے لئے (ز)

٢۔ ث، ص کے لئے (س)

٣۔ ح کے لئے (ہ)

٤۔ ط کے لئے (ت)

ڈاکٹر مسعود حسین خان نے انھیں (زائد حروف) ڈاکٹر مرزا خلیل احمد بیگ (ہم صوت حروف) اور ڈاکٹر عصمت جاوید (تحریئے) کے نام سے یاد کیا ہے۔ دیکھئے: (مقالاتِ مسعود) (اردو کی لسانی تشکیل) (نئی اردو قواعد)۔

## 4.10 ذاتی جانچ:

**مختصر جواب طلب سوالات**

ا۔ کسی زبان کی آوازوں کا مطالعہ کتنے اور کس کس طریقے سے کیا جاتا ہے؟

٢۔ انسانی اعضائے تکلم کون کون سے ہیں؟

٣۔ مسموع اور غیر مسموع آوازوں سے کیا مراد ہے؟

**معروضی سوالات**

ا۔ دولبی آواز سے کیا مراد ہے؟

۲۔ اردو مصمتوں کی تعداد کتنی ہے؟

۳۔ اردو میں کتنے زائد حروف ہیں؟

## 4.11 اردو فونیمات یا تجز صوتیات:

لفظِ 'فونیم' کا استعمال شروع میں محض زبان کی آوازوں کے معنی میں لیا جاتا تھا لیکن ۱۹۲۰ء کے بعد کئی ماہرین صوتیات، جن میں چیکوسلوا کیہ کے پرنس نکولس ٹروبیز کوئی (Traufetz koy)، امریکہ کے سپئر اور بلوم فیلڈ اور بعد میں پائک (Pike) کا نام قابلِ ذکر ہیں۔ پائک نے اس موضوع پر باضابطہ (Phonemics) کے نام سے کتاب لکھ دی۔ فونمکس کو فونالوجی (Phonology) بھی کہتے ہیں۔

بعض اصحاب نے اردو میں فونیم کا ترجمہ 'صوتیہ' اور فونمکس کا 'تجزیاتی صوتیات یا تجز صوتیات کیا ہے۔

صوتیات اور فونیمات میں بنیادی فرق یہ ہے کہ صوتیات میں آوازوں کا عمومی مطالعہ ہوتا ہے۔ اس بات کو یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ صوتیات ہمیں ضروری اور غیر ضروری ہر قسم کی تفصیلات دیتا ہے جبکہ فونیمات میں محض وہی تفصیلات یا خصوصیات اہم ہیں جو معنی کی ترسیل ۲۸ میں اہم ہیں۔ ڈاکٹر گوپی چند نارنگ 'فونیم' کے حوالے سے یوں لکھتے ہیں:

**''فونیم زبان کی وہ بنیادی صوتیاتی اکائیاں ہیں جو معنی کا فرق قائم رکھنے میں مدد دیتی ہیں اور زبان کی تمام دوسری اصوات سے متضاد ہوتی ہیں''**

ڈاکٹر گیان چند جین 'فونیم' کی وضاحت یوں کرتے ہیں:

**''کسی زبان کے نظامِ اصوات میں فونیم صوتی حیثیت سے مماثل آوازوں کا ایسا گروہ (مجموعہ) ہے جو اس قسم کی دوسرے گروہوں سے مختلف اور متضاد ہو''**

زبان میں آواز کا بنیادی کردار یہ ہے کہ وہ ایک معنی کو دوسرے سے الگ کرے۔ دنیا کی کوئی زبان اپنی تمام آوازوں سے یہ کام انجام نہیں دیتی صرف وہی آوازیں جو معنوی طور سے منفرد ہوں ''فونیم کہلاتی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ فونیم، کسی زبان کی وہ آوازیں ہیں جو امتیازِ معنی ۲۹ کا کام دے۔ کسی زبان کے فونیم معلوم کرنے کے لئے اس زبان سے الفاظ کے ایسے جوڑے لئے جاتے ہیں جن میں ایک کلامی آواز مشترک اور ایک مختلف ہو اور دونوں الگ الگ معنی رکھتے ہوں مثلاً غالب اور قالب۔ ان میں 'غ' اور 'ق' کی آواز متضاد ہے باقی 'لب' کی آواز مشترک ہے ظاہر ہے یہاں آوازوں کا فرق دو الفاظ کے درمیان معنی کا فرق قائم کرنے میں معاون ہیں اس لحاظ سے 'غ' اور 'ق' اردو

زبان کے دو فونیم قرار پائیں گے۔یہی بات 'پر' اور 'پار' میں دیکھی جا سکتی ہے پہلے لفظ میں مصوتہ (زبر) ہے اور دوسرے میں (الف) لیکن مصوتوں کے امتیاز سے معنی بدل گئے ہیں اس لئے اردو میں (زبر) اور (الف) دو الگ الگ 'فونیم' قرار پائیں گے۔ الفاظ کے یہ جوڑے لسانی اصطلاح میں ''اقلی جوڑے''(Minimal Pair) کہلاتے ہیں ۔اس کے بر خلاف اگر صوتی فرق سے معنی تبدیل نہ ہوتے ہوں تو ان آوازوں کو ایک ہی ''فونیم'' کی ذیلی اصوات (Allophones) قرار دیا جاتا ہے۔

اردو کے درج ذیل فونیم کی فہرست ڈاکٹر گوپی چند نارنگ نے اپنی تصنیف ''اردو کی تعلیم کے لسانیاتی پہلو'' میں پیش کی ہیں:

**مصمتی فونیم:(Cosonantal Phonemes)**

| | |
|---|---|
| ۱۔پ۔۔۔۔پال | ۱۳۔ن (فاصل)۔۔۔نال |
| ۲۔ب۔۔۔۔بال | ۱۴۔ف۔۔۔۔۔۔۔فال |
| ۳۔ت۔۔۔۔تال | ۱۵۔س۔۔۔۔۔۔۔سال |
| ۴۔د۔۔۔۔۔دال | ۱۶۔ز۔۔۔۔۔۔۔۔زال |
| ۵۔ٹ۔۔۔۔ٹال | ۱۷۔ش۔۔۔۔۔۔۔شال |
| ۶۔ڈ۔۔۔۔۔ڈال | ۱۸۔خ۔۔۔۔۔۔۔خال |
| ۷۔چ۔۔۔۔چال | ۱۹۔غ۔۔۔۔۔۔۔غال (بمعنی: بھاری) |
| ۸۔ج۔۔۔۔جال | ۲۰۔ہ۔۔۔۔۔۔۔ہال |
| ۹۔ک۔۔۔۔کال | ۲۱۔ل۔۔۔۔۔۔۔لال |
| ۱۰۔گ۔۔۔ گال | ۲۲۔ر۔۔۔۔۔۔۔۔رال |

۱۱۔ق۔۔۔۔قال ۲۳۔ڑ۔۔۔۔۔۔۔۔اجڑ ۱۲۔م۔۔۔۔مال

ڈ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اجڈ

۲۴۔ ن(واصل) ڈنکا

ن(فاصل) منکا

**مصوتی فونیم:(Vowel Phonemes)**

۱۔ (َ) زبر مَل

۲۔(ا) الف مال

۳۔(ِ ) زیر مِل

۴۔(ی) یائے معروف میل

۵۔( ُ) پیش مُل

۶۔(اُو) واوٴ معروف مول

۷۔( ے) یائے مجہول مِیل

۸۔(ے) یائے لین مَیل

۹۔( و ) واوٴ مجہول مُول

۱۰۔ ( و ) واوٴ لین مَول (بمعنی: کونپل)

موصوف نے آگے چل کر صوتی غنائیت (یعنی نونِ غنّہ ) کو بھی فونیم کا درجہ دیا ہے۔اس کے علاوہ دو نیم مصوتوں (و) اور (ی) کے ساتھ (۴) غیر قطعہ دار (Suprasegmental phonemes) کی نشان دہی بھی کی ہے۔وہ مجموعی طور اردو فونیم کی تعداد (۴۱) قرار دیتے ہیں۔ان کا ماننا ہے کہ زبان کی اصوات کے مقابلے میں فونیم کی تعداد جتنی کم ہوگی اتنا ہی مستحسن ہے۔[۳۰] مذکورہ تصنیف میں انہوں نے آگے چل کر مجموعی طور سے اردو کے (۴۱) فونیم کی فہرست کچھ یوں مرتب کی ہے:

۱۔ پ ۲۔ ب ۳۔ ت ۴۔ د ۵۔ ٹ ۶۔ڈ ۷۔چ ۸۔ ج ۹۔ک ۱۰۔گ ۱۱۔ق ۱۲۔م ۱۳۔فصلی نون ۱۴۔وصلی نون ۱۵۔ف ۱۶۔س ۱۷۔ ز ۱۸۔ ش ۱۹۔خ ۲۰۔غ ۲۱۔ہ ۲۲۔ل ۲۳۔ر ۲۴۔ڑ ۲۵۔و۔ ۲۶۔ی۔ ۲۷۔زبر ۲۸۔الف ۲۹۔زیر ۳۰۔یائے معروف ۳۱۔پیش ۳۲۔واوٴ معروف ۳۳۔یائے مجہول ۳۴۔یائے لین ۳۵۔واوٴ مجہول ۳۶۔واوٴ لین۔ ۳۷۔نون غنّہ ۳۸۔خفی لہجہ ۳۹۔میانہ لہجہ ۴۰۔جلی لہجہ ۴۱۔جوڑ

یہاں یہ بات قابلِ توجہ ہے کہ ایک ہی زبان بولنے والوں کا مختلف جغرافیائی اور علاقائی حدود میں قیام ان کے مخصوص لب ولہجہ کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے کشمیری اردو اور ہندوستانی اردو میں فونیم کی تعداد ایک جیسی نہیں ہوسکتی۔یہ فرق کشمیر سے ہندوستان تو کیا ایک ہی ملک میں رہنے والے دو مختلف خطوں کے افراد کی بولی جانے والی ایک ہی زبان کے مابین بھی ہوسکتا ہے۔چناچہ زبان میں آوازوں کا نظام بڑا پیچیدہ ہے اس لئے یہ پیچیدگی وقت اور مقام کے ساتھ ساتھ تغیر پذیر ہے۔ماہرینِ لسانیات اگر چہ اصوات کے مقابلے میں فونیم کی تعداد محدود اور مقرر گردانتے ہیں تاہم

ایسا صرف مخصوص خطے میں بولی جانے والی زبان کے سلسلے میں ممکن ہے۔یہی وجہ ہے کہ جہاں ڈاکٹر گوپی چند نارنگ (۴۱)اردوفونیم کی نشاندہی کرتے ہیں وہیں ڈاکٹر نصیر احمد خان ان کی تعداد(۵۸)قرار دیتے ہیں۔موصوف کے مطابق اردو کے کل(۵۸)فونیموں میں(۴۸)قطعہ دار(Segmental)اور دس(۱۰)غیر قطعہ دار (Supra segmental)فونیم ہیں۔ملاحظہ کیجئے ان کی تصانیف:ا۔اردولسانیات ۲۔اردوساخت کے بنیادی عناصر

## 4.12 صوت رُکن(Syllable):

فونیمیات کے ذیل میں صوت رُکن(Syllable) کا ذکر مناسب ہے۔زبان میں اپنی ساخت کے اعتبار سے مختلف صوت رُکن مل سکتے ہیں۔صوت رُکن سے مراد لفظ میں آواز یا آوازوں کا وہ مجموعہ ہے جو ایک سانس میں ادا ہو۔صوت رُکن ایک مصوتے پر بھی مشتمل ہوسکتا ہے اور مصوتے کے ساتھ ایک یا ایک سے زیادہ مصمتوں پر بھی۔جیسے: آ(V) ،جا(CV)،اب(VC)،عطر(VCC)،کیا(CCV)

وغیرہ(یہاں V سے مراد Vowel مصوتہ اور C سے مراد Consonant یعنی مصمتہ ہے۔مصوتے پر ختم ہونے والے رُکن کو (کھلا رُکن) جیسے: ابّا،گیا،ہوا وغیرہ اور مصمتوں پر ختم ہونے والے صوت رُکن کو (بند رُکن) جیسے:تخت،کب،بندروغیرہ

کہتے ہیں۔

**ایک صوت رُکن والے الفاظ:** آ۔جا۔کھا۔لا۔کب۔رات۔بات وغیرہ

**دوصوت رُکن والے الفاظ:** امجد(ام۔جد)،اکثر(اک۔ثر)، برتر(بر۔تر)وغیرہ

**تین صوت رکن والے الفاظ:** دانائی(دا۔نا۔ئی)محترم(مح۔ت۔رم) وغیرہ

**چار صوت رُکن والے الفاظ:** سرینگر(سِ۔ری۔نَ۔گر)،انسانیت(ان۔سا۔ن۔یت)،وغیرہ

**خوشہ(Cluster):** یہ مصمتوں کا وہ سلسلہ ہے جو اپنے بیچ بغیر کسی خلل کے ایک ہی صوت رُکن میں ادا ہو۔جیسے: ''درخت''اس لفظ میں (خ ت) ایک ہی صوت رُکن میں ادا ہوتا ہے۔اس لئے (خت) کو مصمتی خوشہ کا نام دیا جاسکتا ہے۔اسی طرح ''ذِکر'' یہاں (ک ر) کو مصمتی خوشہ کہیں گے۔لفظ کے خاتمے کے خوشے کا اردو احترام کرتی ہے جبکہ لفظ کی ابتدا کے خوشے اس کے لئے نا قابلِ برداشت ہے۔مثلاً سنسکرت کے ''بَرہمن'' کو اردو میں ''برہمن'' بنایا گیا ہے اسی طرح عربی کے ''صَدَر'' کو ''صدر'' پڑھا جاتا ہے۔

دوہرا مصوتہ (Dipthong): دوہرا مصوتہ ایک ایسی آواز کو کہا جاتا ہے جو دو مصوتوں سے مل کر بنی ہو۔ اس کی تعریف وضاحت کے ساتھ یوں کی جاسکتی ہے:۔

''دو مصوتی آوازیں، جو یک صوت رُکن (Syllable) پر مشتمل ہو۔ جہاں آواز ایک مصوتے سے شروع ہوتے ہوئے دوسرے مصوتے کی جانب تیزی سے منتقل ہو''

مثلاً اردو میں (اَی) اور (اَو) دو ایسے مصوتے ہیں جن سے بالترتیب لفظ ''ایسا'' اور ''اولیا'' تلفظ ہوتے ہیں۔ یہاں ہم دیکھتے ہیں کہ ان کی ادائیگی میں کہیں بھی آواز میں کوئی جھول یا اُتار و چڑھاؤ محسوس نہیں ہوتا اور یہ کہ آواز ایک ہی جھٹکے میں ادا ہوتی ہے۔

زور یا بَل (Stress or Prominance): الفاظ کی ادائیگی کے وقت ہر رُکن (Syllable) کی تلفیظ ۳۱ میں برابر قوت صرف نہیں ہوتی۔ قوت کی اس کمی بیشی سے بَل کا تعین ہوتا ہے۔ اگر چہ اسے معنی کی تفریق نہیں ہوتی۔ تاہم بَل زبان کے لہجے کے تعین میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ بَل کو سمجھنے کے لیے ذیل کی مثال سے مدد لی جاسکتی ہے۔

دو یا دو سے زیادہ صوت رُکنوں پر مشتمل الفاظ میں پہلا رُکن زیادہ زور کے ساتھ تلفظ ہوگا جیسے: (آدھا) (چائے)۔ ان الفاظ پر دھیان دیا جائے تو پہلے صوت رُکن میں جتنا زور (آ) پر پڑتا ہے اتنا (دھا) پر نہیں پڑتا۔ اسی طرح دوسرے میں جتنا زور (چا) پر پڑتا ہے اتنا (ئے) پر نہیں پڑتا۔ اردو میں عموماً وہ رُکن زیادہ ''زور'' کے ساتھ تلفظ ہوتے ہیں جو (ا۔ای۔او) مصوتوں پر مشتمل ہوں یا وہ رُکن جو ساخت کے اعتبار سے (CVC) ۳۲ ہوں یا ایسے رُکن جن کے آخر میں دو مصمتے آتے ہوں جیسے: (اب۔میل۔جو) اور (قوت، ایک) وغیرہ

ہاں یہ بات ضرور ہے کہ دوسری زبانوں میں صورت حال اس سے مختلف ہوسکتی ہے۔

سُر (Intonation): سے مُراد لہجے کا زیرو بم۔ ہم گفتگو کے دوران مختلف سُروں کا استعمال کرتے ہیں۔ جملے کی تعمیر میں کبھی کبھار سُر کلیدی رول ادا کرتے ہیں۔ اردو اصطلاح میں اسے ''سُر لہر'' بھی کہتے ہیں۔ ہر زبان کے لب و لہجے کی مخصوص صوتی سطحیں ہوتی ہیں جن سے معنی کے اخراج میں مدد ملتی ہیں۔ اردو میں لب و لہجے کی تین مختلف سطحیں نمایاں طور پر محسوس کی جاسکتی ہیں۔ ۱۔خفی ۲۔میانہ ۳۔جلی۔

اس مکالمے پر غور کرنے سے سُر کی مختلف سطحوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

احمد: کہاں جا رہے ہو؟

محمود: گھر۔

احمد: گھر؟

محمود: جی ہاں۔

احمد کا یہ پوچھنا کہ کہاں جا رہے ہو اور محمود کا یہ جواب گھر۔ظاہر ہے یہ لہجہ خفی ہے اور پھر احمد کا سوالیہ لہجہ (گھر) میانہ روی کو ظاہر کرتا ہے اسی طرح محمود کا جواب (جی ہاں) لہجہ جلی کی عکاسی کرتا ہے۔اس طرح لفظِ (بازار) کا دوبار استعمال دو مختلف صورت حال کو جنم دیتا ہے۔گویا لہجے کے اُتار و چڑھاو سے یکساں الفاظ اور جملوں کی ادائیگی معنی کی تفریق میں بہ خوبی مدد دیتی ہے۔

## 4.13 ذاتی جانچ

**مختصر جواب طلب سوالات**

ا۔لفظ 'فونیم' کا استعمال کیسے عمل میں آیا؟

۲۔اردو فونیم کی فہرست مرتب کیجیے؟

۳۔صوت رُکن اور خوشہ کی وضاحت کیجیے؟

**معروضی سوالات**

ا۔فونیم کا اردو میں اور کون سا نام ہے؟

۲۔مصمتی فونیم سے کیا مراد ہے؟

۳۔اردو میں ''سُر'' کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

## 4.14 خلاصہ

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد ہم مندرجہ ذیل نتائج پر پہنچتے ہیں:

ا۔کسی زبان کا سائنسی مطالعہ اُسی وقت ممکن ہے جب اس مطالعے کی بنیاد شعوری علم پر ہو۔

۲۔زبان کی ساخت کا علم صحیح معنوں میں طالب علم کو زبان کے اصولوں سے واقف کراتا ہے۔ اس ضمن میں صوتیات، فونیات، مارفیمیات، نحویات اور اِسے جُڑے اجزاء کا ادراک ناگزیر ہے۔

۳۔قواعد کی اہمیت سے فرار ناممکن ہے۔کسی بھی زبان کے لیے یہ لازمی ہے۔قواعد یں زبان کی تفہیم میں بہت معاون

ثابت ہوتی ہیں۔زبان کی تحصیل و تدریس میں یہ بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔زبان کی ترویج واشاعت کا موثر ذریعہ قواعد ہی ہیں۔

۴۔روایتی قواعد ہدایتی Prescriptive ہے۔جو زبان کو بولنے اور سیکھنے کے لیے اصول متعین کرتی ہے۔یعنی اس بات کی وضاحت کرتی ہے کہ لوگوں کو کیسے بولنا چاہیئے How people Should Speak ، نہ کہ لوگ کیسے بولتے ہیں (How People Speak) بہ الفاظِ دیگر روایتی قواعد زبان کے صحیح یا غلط ہونے کا معیار وضع کرتی ہے۔گویا قواعد کا یہ طریقہ کار پہلے زبان کا عمیق مطالعہ کرتی ہے پھر اس کے اصول متعین کرتی ہے اور پھر انہی اصولوں کے اطلاق پر اصرار کرتی ہے۔

۵۔توضیحی قواعد لسانی اظہار کے صحیح یا غلط ہونے کا فیصلہ صادر نہیں کرتی ۔اس بِنا پر اسے غیر اقداری(Non-Judgemental) قواعد بھی کہتے ہیں۔

۶۔کسی زبان کی آوازوں کا مطالعہ ہم تین زاویوں سے کرتے ہیں۔ا۔سمعیاتی صوتیات (Acoustic phonetics) ۲۔سماعی صوتیات (Auditory) ۳۔تلفیظی صوتیات (Articulatory phonetics)

۷۔ ہر زبان کی طرح اردو کا بھی اپنا صوتی نظام ہے اردو اگرچہ ہند آریائی زبان ہے لیکن عربی وفارسی سے گہرا اثر لینے کے باعث اس کا صوتی نظام دیگر ہند آریائی زبانوں سے مختلف ہے اس میں خالص ہند آریائی آوازیں بھی ہیں اور خالص عربی اور فارسی آوازیں بھی۔

۸۔صوتیات اور فونیمات میں بنیادی فرق یہ ہے کہ صوتیات میں آوازوں کا عمومی مطالعہ ہوتا ہے۔اس بات کو یوں بھی کہا جاسکتا ہے کہ صوتیات ہمیں ضروری اور غیر ضروری ہر قسم کی تفصیلات دیتا ہے جبکہ فونیمات میں محض وہی تفصیلات یا خصوصیات اہم ہیں جو معنی کی ترسیل میں اہم ہیں۔

## 4.15 فرہنگ وتوضیح:

ا۔) فلالوجی **(Philology)**:علم زبان ، زبان کی تاریخ کا علم، زبان کو سمجھنے کا قدیم اور روایتی شعبہ۔یہ ایک شوقیہ مطالعے کا میدان تھا جس میں اکثر علماء غیر منظم اور غیر مدلل طور پر زبان پر تحقیقی کام کیا کرتے تھے۔یہاں غیر لسانیاتی مسائل کو ضرورت سے زیادہ طول دیا جاتا تھا۔مثلاً اس پر بحث کرنا کہ سب سے پہلے انسان نے کس طرح زبان بنائی یا یہ کہ دنیا کی سب سے پہلی زبان عبرانی تھی، عربی تھی یا سنسکرت وغیرہ۔

**۲۔۳)تبادلی قواعد**(Transformational Grammer)امریکی ماہر لسانیات نوام چامسکی (Noam Chomsky) کی اختراع (ایجاد) ہے۔اس کی ابتداموصوف کی کتاب(Syntactic Structure)۱۹۵۷ء کی اشاعت سے ہوتی ہے۔مذکورہ قواعد نے لسانیات کی دنیا میں انقلاب برپا کیا اوراس کی وجہ سے موصوف کومحض (۲۹) سال کی عمر میں غیر معمولی شہرت حاصل ہوئی۔

تبادلی قواعد،**ساختی قواعد**(Structural Grammer) کے ردِعمل کے طور پرعمل میں آیا۔ساختی قواعد میں،جس کی نمائندگی لیونارڈ بلوم فیلڈ( Leonard Bloomfield) (۱۸۸۷۔۱۹۴۹) کرتا ہے، زبان کی ساخت یاہئیت ہی کوسب کچھ سمجھا جاتا ہےاور'معنی' کوسرے سے ہی نظرانداز کر دیا جاتا ہے۔تبادلی قواعدنہ صرف زبان کی بیرونی سطح یاساخت(Surface Structure) بلکہ اس کی اندرونی سطح یعنی(Deep Structure) کو بھی مطالعے کا موضوع بناتی ہے۔

۴۔)**انکشافات**:جمع انکشاف۔اظہارہونا۔عیاں ہونا۔پتا چلنا

۵۔)**پانینی**: دنیا کا پہلا عظیم ماہر صوتیات و قواعد داں تھا۔ ممتاز امریکی ماہر لسانیات بلوم فیلڈ(۱۸۸۷۔۱۹۴۹)نےموصوف کےکارنامے(اشٹادھیائی)کوان الفاظ میں خراج تحسین پیش کیاہے:

"This grammer which dates from somewhere around-350 to 250 B.C is one of the greatest movements of human intelligence) بہ حوالہ''عام لسانیات'' ازگیان چندجین۔ص(۸۷)

**(اشٹادھیائی)**:ایک منظوم سنسکرت قواعد ہے۔جوکہ آٹھ ابواب پرمشتمل،چار ہزارسوتروں(شعری سطور) پر مبنی ہے۔

۶۔)ساسور(Ferdinand de Saussure((۱۸۵۷۔۱۹۱۳)) : یہ سوئزرلینڈ کے ایک فرنچ مہاجر گھرانے میں پیدا ہوئے ۱۹۱۳ء میں اس کے انتقال کے بعداس کے شاگردوں نے موصوف کے لکچروں کوکتابی شکل میں مرتب کر دیا جو۱۹۱۵ء میں (A Course in General (Linguistics)کے نام سے شائع ہوئی۔ساسور کا شمار جدید لسانیات کے بانیوں میں ہوتا ہے۔اس نے پہلی بار زبانوں کا مطالعہ توضیحی نقطہ نظر سے کیے جانے پراصرار کیا۔اس نے علامات کوخوداختیاری قرار دیا۔خوداختیاری سےان کی مراد بولنے والی کی مرضی نہیں بلکہ درجہ بہ درجہ اس کا استعمال ہے۔موصوف نے پہلی بار زبان(Language) اور بول چال (Parole) کےفرق کونشان ذد کرتے ہوئے یہ سمجھانے کی کوشش کی کہ زبان علامتوں کاایک مکمل نظام ہے جولسانی گروہ میں ابلاغ کا ذریعہ بنتی ہے

اور بول چال اس کا ستعمال ہے۔دوسرے لفظوں میں زبان ایک ایسا نظام ہے جس میں تمام اصطلاحیں ایک دوسرے کے تابع اور پابند ہوتی ہیں جبکہ بول چال لسانی گروہ کے افراد کا واقعتاً انفرادی عمل ہے۔

۷۔)**افتراق:** فرق۔امتیاز

۸۔)**مجتمع:** جمع۔اکھٹا کرنا

۹۔)**شناسائی:** جان پہچان۔واقفیت

۱۰۔)**ادراک:** وہ ذہنی عمل جس کے ذریعے محسوسات کا علم حاصل ہوتا ہے۔

۱۱۔)**ناگزیر:** چارونا چار۔اٹل۔ضروری

۱۲۔)**اطلاق:** رواں کرنا۔جاری کرنا۔استعمال ہونا

۱۳۔)**ہدایتی:** شرطیہ۔رہنمایانہ

۱۴۔)**امتناعی:** وہ حکم جو کسی کام کے کرنے سے روکنے والا ہو۔

۱۵۔)**انحراف:** نافرمانی۔عدولِ حکمی۔پھر جانا۔خلاف کرنا

۱۶۔)**تائید:** حمایت۔تعاون

۱۷۔)**مکتوبی:** کتابی

۱۸۔)**غماز:** آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔آئینہ

۱۹۔)**غائر:** گہرا

۲۰۔)**موصوف:** مذکور۔جس کے اوصاف (خوبیاں) بیان کیے جائیں۔

۲۱۔)**مرتب:** تالیف کیا ہوا۔ترتیب دیا ہوا۔

۲۲۔)**صادر:** جاری کیا گیا۔

۲۳۔)**قبیل:** نوع۔جنس۔قسم

۲۴۔)**اعضائے نطق:** وہ اعضاء جو بولنے کے کام آتے ہیں۔مثلاً۔زبان۔دانت۔تالو۔مسوڑھے وغیرہ

۲۵۔)سمعیاتی صوتیات کا طبیعات (Physics) سے براہ راست تعلق ہے۔یہاں یہ دیکھا جاتا ہے کہ ''آواز'' ہوا کے دوش پر کس طرح سفر کرتی ہے۔اسی طرح سمعیاتی صوتیات میں ''آوازوں'' کے سمعی طریقۂ کار کا جائزہ لیا جاتا ہے۔چنانچہ سُننے کے عمل میں ''کان'' نمایاں رول ادا کرتا ہے۔اس لئے کان کی سماعت سے سروکار رہتا ہے۔

۲۶۔)**ماخوذ:** لینا۔

۲۷۔)**مستعمل:** استعمال میں

۲۸۔)**ترسیل**: بھیجنا۔پہنچانا

۲۹۔)**امتیازِمعنی**: جومعنی میں تفریق یعنی فرق کرے۔

۳۰۔)**مستحسن**: قابلِ تحسین۔اچھا۔

۳۱۔)**تلفیظ**: لفظ۔ادائیگی۔تلفظ

۳۲۔)**CVC**:(Consonant Vowel Consonant)

۳۳۔)**عمیق**: گہراہونا

## 4.15 نمونہ امتحانی سوالات

**مختصر جواب طلب سوالات**

ا۔روایتی قواعداور جدید قواعد کے مابین تین امتیازات کی نشاندہی کیجئے؟

۲۔انسانی اعضائے تکلم کا نام قلمبند کیجیے؟

۳۔صوتیات اورفونیمات کافرق واضح کیجیے؟

۴۔اردومصوتوں کی فہرست تیار کیجیے؟

۵۔اردو میں ہندآریائی آوازوں کی نشاندہی کیجیے؟

۶۔صوت رکن اورمصوتی خوشہ کیا ہے؟

۷۔سُرلہر کی وضاحت کیجیے؟

**تفصیل طلب سوالات:**

ا۔قواعد کی تعریف اوراہمیت پرروشنی ڈالیے؟

۲۔اردوزبان کاصوتیاتی معیارواضح کیجیے؟

۳۔اردومصوتوں اورمصمتوں کوان کے ماخذ کےحوالے سےقلمبند کیجیے؟

۴۔اردوفونیمات کانقشہ مرتب کیجیے؟

## 4.16 سفارش کردہ کتابیں


ا۔نئی اردوقواعد۔۔۔۔۔عصمت جاوید

۲۔لسانی مسائل ومباحث۔۔۔۔مرزاخلیل احمد بیگ

۳۔لسانیات کیا ہے۔۔۔۔۔ڈیوڈ کرسٹل

۴۔اردو لسانیات۔۔۔۔۔رفاد علی فتحی

۵۔اردو ساخت کے بنیادی عناصر۔۔۔۔نصیر احمد خان

۶۔اردو کی لسانی تشکیل۔۔۔۔۔مرزا خلیل احمد بیگ

۷۔اردو صرف ونحو۔۔۔۔۔۔اقتدار حسین خان

۸۔اردو زبان کی تاریخ وساخت۔۔۔۔محمد حسین

۹۔اردو کی تعلیم کے لسانیاتی پہلو۔۔۔۔گوپی چند نارنگ

۱۰۔لسانی تناظر۔۔۔۔۔مرزا خلیل احمد بیگ

۱۱۔مقالاتِ مسعود۔۔۔۔۔مسعود حسین خان

۱۲۔عام لسانیات۔۔۔۔گیان چند جین

۱۳۔اردو کی لسانی تاریخ۔۔۔۔درخشاں ذریں

۱۴۔لسانی مطالعے۔۔۔۔گیان چند جین

# اکائی۔5

# اردو مارفیمیات: ایک مطالعہ

اکائی کی ساخت

5.1 تعارف
5.2 اغراض و مقاصد
5.3 مارفیمیات یا صرف
5.4 'معنیٰ' کی جہتیں
5.5 ذاتی جانچ
5.5 تصریف اور اشتقاق
5.7 تصریفی درجہ بندی
5.8 اشتقاقی درجہ بندی
5.9 الفاظ کی مزید تقسیم
5.10 ذاتی جانچ
5.11 مارفیمیاتی تجزیہ
5.12 ذاتی جانچ
5.13 خلاصہ
5.14 توضیح و فرہنگ
5.15 نمونہ امتحانی سوالات
5.16 سفارش کردہ کتابیں

## 5.1 تعارف

لسانیات میں زبان کے مطالعہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ پہلے حصے میں صوتیات اور فونیمیات کا مطالعہ کیا جاتا ہے جبکہ دوسرے حصے میں مارفیمیات اور نحویات کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ا۔صوتیات میں زبان کی آوازوں کا عمومی مطالعہ کیا جاتا ہے۔ جیسے: کون سی آواز کس مخرج اور ادائیگی سے ممیّز ا ہے نیز یہ آوازیں مسموع ہے یا غیر مسموع۔ ان ساری باتوں کی جانکاری صوتیات کے ذیل میں آتی ہے۔فونیمیات میں آوازوں کا انفرادی مطالعہ ہوتا ہے۔ یہاں

زبان میں کام آنیوالی بعض اہم اور تفاعلی آوازوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ یہ آوازیں امتیازی آوازیں کہلائی جاتی ہیں جو معنی کی تفریق میں مدد دیتی ہیں۔۲۔ مارفیمیات (تشکیلیات) یا صرف میں زبان میں کام آنیوالی چھوٹی سی چھوٹی بامعنی اکائی کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ جبکہ نحویات میں بامعنی آوازوں کا دو یا اس سے زیادہ الفاظ (جملہ) کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ لسانیات کی مذکورہ بالا شاخوں کو ذیل کے خاکہ میں یوں دکھایا اور سمجھا جاسکتا ہے:

لسانیات

زبان کی امتیازی آوازوں کا مطالعہ۔۔۔۔(اصوات، فونیمات یا تجزصوتیات) بامعنی آوازوں کا مطالعہ۔۔۔۔۔(قواعد)۔۔۔۔لفظ کی ساخت کا مطالعہ (صرف یا مارفیمیات)۔۔۔۔۔۔دو یا دو سے زیادہ الفاظ (فقرہ، جملہ) کا مطالعہ (نحویات) مطالعہ کی آسائش کے پیش نظر ''قواعد'' کو دو الگ شاخوں میں منقسم کیا جاتا ہے۔ ا۔ مارفیمیات (Morphology) ۲۔ نحویات Syntax)

لفظ، زبان کی وہ اہم ترین ساختیاتی اکائی ہے جس کی ظاہری نشاندہی کرنا آسان ہے لیکن یہی وہ اکائی ہے جس کی ابھی تک کوئی واضح اور جامع تعریف سامنے نہیں آئی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ''لفظ'' اپنی ہئیت اور عمل کے اعتبار سے بہت ہی مبہم اور پیچیدہ تصور ہے۔ اگر چہ اہلِ زبان اپنی زبان کے لفظی سرمائے سے لاشعوری طور پر آگاہ اور اس کے برمحل استعمال پر دست گاہ رکھتے ہیں لیکن اس لاشعوری واقفیت کی سائینسی توضیح ماہرین لسانیات کے لیے نہ صرف مشکل بلکہ ناممکن بھی ہے۔ یہ ماہرین ہزار کوششوں کے باوجود ''لفظ'' کی ابھی تک کوئی متعینہ تعریف پیش نہیں کرسکے ہیں کیونکہ اس کی مکمل تفہیم میں لسانیاتی عوامل کے ساتھ ساتھ کئی غیر لسانیاتی عوامل کی کارفرمائی بھی ضرور ملتی ہے۔ یہ بات شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ لفظ کو سمجھنے کے سلسلے میں اس کا معنی، جس کی یہ نمایندگی کرتا ہے، مددگار ثابت ہوسکتا ہے لیکن بہ نظر عمیق۲ جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ ''معنی'' ہی ہے جو لفظ کو صحیح طور پر سمجھنے میں سب سے بڑی رکاوٹ کا سبب بنتا ہے کیونکہ ہر زبان میں تعین الفاظ کے معنی الگ الگ ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ معنی کو بنیاد بنا کر ماہرین لسانیات نے زبان کے تجزیے کے سلسلے میں صرفی سطح پر ایک نئے تصور ''مارفیم'' کو متعارف کیا ہے۔ مارفیم زبان کی صرفی نحوی سطح پر تجزیے کی سب سے چھوٹی معنوی اکائی ہے۔ !! !! مارفیم کے کئی مارفیمی ممبر Allomorphs یا ذیلی مارفیم بھی ہوسکتے ہیں جو Complimentry Distribution یا تکمیلی بٹوارے میں استعمال ہوتے ہیں۔ ایک لفظ ایک مارفیم کا بھی ہوسکتا ہے اور کئی مارفیموں پر مشتمل بھی۔ مارفیم کی نمائندگی محض ایک صوتیہ (فونیم) بھی کرسکتا ہے۔ مارفیم محض ایک صوت رُکن (Syllable) پر بھی مشتمل ہوسکتا ہے۔ مارفیم ایک سے زیادہ صوتی ارکان پر بھی مشتمل ہوسکتا ہے۔ مارفیم بغیر کسی صوتی شکل کے بھی ہوسکتا ہے۔ اس مختصر سی بحث کا حاصل مطلب یہ ہے کہ لفظ معنی کی سب

سے چھوٹی اکائی نہیں ہے۔ گویا اس اعتبار سے لفظ صرفی ،نحوی اور معنیاتی اعتبار سے تجزیے کا اہل نہیں ہے۔ یہ بات خاطر نشین رہے کہ زبان کے لفظی سرمایے کی تشکیل میں مختلف النوع سے مارفیموں کا استعمال ہوتا ہے جن میں آزاد مارفیم، ساق، مادہ اور پابند مارفیم جن میں تعلیقے ( سابقے، لاحقے، وسطیے ) شامل ہیں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ماہرین لسانیات ان لسانی تصورات کے استعمال سے اہل زباں کے اُس لاشعوری ادراک کی دریافت کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں جو وہ ان مارفیموں، ان سے تشکیل شدہ الفاظ اور ان کے استعمال کے بارے میں رکھتے ہیں۔ پابند مارفیم الفاظ کی تخلیقیت اور تشکیلیت میں چوں کہ نمایاں رول ادا کرتے ہیں اس لیے ایک زبان میں آزاد مارفیم (جن میں ساق اور مادے دونوں شامل ہیں ) کے ساتھ ساتھ دوسری زبانوں سے پابند مارفیم (جن میں سابقے اور لاحقے خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں ) درآتے ہیں یا مستعار لیے جاتے ہیں۔

مارفیمیات، میں اُن بامعنی اکائیوں کا مطالعہ ہوتا ہے جو لفظ کی سطح تک محدود ہوں۔ یہاں الفاظ کی ساخت کی جانچ کی جاتی ہیں۔ الفاظ کی ساخت سے متعلق تمام مباحث، جیسے: لفظ کسے کہتے ہیں۔ یہ کیسے تشکیل پاتے ہیں۔ سادہ (Simple)، پیچیدہ (Complex)، اور مرکب (Compound) الفاظ میں کیا فرق ہے۔ لفظوں کی ساخت میں تصریفی (Inflection) اور اشتقاقی (Derivation) عمل کیا ہوتا ہے۔ لفظ اور مادے میں کیا فرق ہے وغیرہ وغیرہ

جامع انداز میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ مارفیمیات، مارفیم کا، نیز لفظ کو تشکیل کرنے والے مختلف مارفیموں کے باہمی تعلق کا مطالعہ کرتی ہے۔ نحویات میں دو یا دو سے زیادہ الفاظ کے جوڑنے کے طریقوں کا مطالعہ ہوتا ہے۔ زبان میں مختلف جملے ادا کرتے وقت بولنے والا الفاظ کو کن اصولوں کے تحت ترتیب دیتا ہے۔ ان اصولوں کا مطالعہ نحویات کے ذیل میں آتا ہے۔

## 5.2 اغراض و مقاصد:

روایتی قواعد میں چناچہ زبان کی مکتوبی شکل کو ہی اصل زبان قرار دیا جاتا تھا۔ اس لیے زبان کے اصولوں کا مطالعہ صرف زبان کی تحریری شکل کو ہی سامنے رکھ کر کیا جاتا تھا۔ اس حوالے سے مارفیمیات کا نام 'صرف' یعنی 'صرفیات' رکھا جاتا تھا۔ لسانیات نے زبان کی فطری شکل یعنی بول چال کو بنیاد بنا کر زبانوں کے اصول دریافت کیے۔ ان اصولوں کو اپنانے کے لیے دھونس دباؤ نہیں کیا۔ اس اکائی کا بنیادی مدعا یہی ہے کہ طلباء کو جدید لسانیات کی روشنی میں لفظ کی ساخت اور اس سے منسلک اہم اجزاء کی جانکاری دی جائے تاکہ وہ صحیح معنوں میں اردو کے مارفیمیاتی سرمائے، اس کی باریکیوں اور نزاکتوں سے واقف ہو جائیں۔ عین ممکن ہے کہ اس طرح سے آگے کی اکائی کو سمجھنے کے لیے راستہ ہموار ہو جائے۔

## 5.3 مارفیمیات یا صرف

مارفیمیات کی اصطلاح میں زبان کی چھوٹی سے چھوٹی با معنی اکائی کو لفظ کہتے ہیں اور لفظ کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی جو معنی سے متعلق ہو'مارفیم'' کہلاتی ہے۔ مارفیم کی تعریف کے حوالے سے ڈاکٹر اقتدار حسین خان لکھتے ہیں:

**''مارفیم کی تعریف کے دو حصے ہیں: ایک یہ کہ یہ چھوٹی سی چھوٹی اکائی ہے۔ دوسرے یہ کہ یہ با معنی ہے۔ زبان کے کسی بھی روپ کو مارفیم ماننے کے لئے یہ دونوں شرائط پوری ہونا لازمی ہیں'**

اسی بات کو ڈاکٹر نذیر احمد ملک نے بڑے جامع انداز میں یوں بیان کیا ہے:

**''مارفیم زبان کی صرفی ونحوی (قواعدی سطح پر) پر تجزیئے کی سب سے چھوٹی معنوی اکائی ہے''**

زبان کی صرفی ونحوی سطح پر تجزیئے کی سب سے چھوٹی معنوی اکائی جیسے کتاب اور قلم دو مختلف مارفیم ہیں جن کا معنیاتی سطح پر واضح اور متعین معنی ہیں۔ ان مارفیموں کی اگر جمع بنائی جائے تو کتاب سے کتابیں اور قلم سے قلمیں بن جائیں گی۔ کتابیں اور قلمیں دو الگ الفاظ ہیں اور اپنے اندر ایک سے زیادہ کتابوں اور قلموں کا مفہوم لئے ہوئے ہیں۔ اس طرح صاف ظاہر ہے کہ ۔ایں۔ کے اضافے سے کتاب اور قلم کے معنی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اور ۔ایں۔ معنیاتی سطح پر ایک الگ اکائی ہے۔ جس کی صرفی ونحوی سطح پر کوئی آزادانہ حیثیت نہیں ہے لیکن ایک با معنی لسانیاتی اکائی ہے اور اپنے تفاعل ۵ کے باوصف ایک پابند مارفیم ہے۔ اس بناء پر (کتابیں) اور (قلمیں) دو الفاظ ہیں لیکن دو دو مارفیموں پر مشتمل ہیں جن میں ایک آزاد اور ایک پابند مارفیم ہے۔ ایک لفظ ایک مارفیم کا بھی ہوسکتا ہے اور کئی مارفیموں پر مشتمل بھی۔ مثلاً اردو میں (کتاب) ایک لفظ ہے اور صرف ایک مارفیم ہے۔ (کامیابی) بھی ایک لفظ ہے لیکن تین مارفیموں کام۔ یاب۔ ی پر مشتمل ہیں (کام) ایک آزاد مارفیم ہے جب کہ (یاب) اور (ی) پابند مارفیم ہیں۔

**مارفیم کی شناخت میں مزید وضاحت:**

اردو میں ایک لفظ ''کتاب'' ہے۔ اگر اس کو اور چھوٹا کریں تو یہ بے معنی ہو جائیگا۔ اس کے برعکس ''کتابیں'' ایک ایسا لفظ ہے جو با معنی تو ہے لیکن چھوٹے سے چھوٹا نہیں۔ کیونکہ اس کے مزید ٹکڑے کئے جا سکتے ہیں یعنی ''کتاب'' اور ''یں'' یہ دونوں مارفیم ہیں۔ ''یں'' کے معنی ''جمع'' یا ''ایک سے زیادہ'' کے ہیں۔

**مارفیم اور لفظ:** مارفیم اور لفظ دو الگ الگ تصور ہیں۔ لفظ کی تعریف یہ ہے کہ یہ ایک آزاد روپ ہے۔ یہ با معنی ہوتا ہے۔ صوتیاتی رو سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ لفظ لسانیات کی وہ اکائی ہے جس کے بولنے سے پہلے اور بعد میں وقفہ ممکن ہو سکے۔ لکھائی میں لفظ کے آس پاس کا یہ وقفہ جگہ چھوڑ کر یا خالی رکھ کر دکھایا جاتا ہے۔ لفظ کے برعکس مارفیم کا آزاد ہونا ضروری نہیں ہے۔ بلکہ یہ پابند بھی ہو سکتے ہیں۔ اس لیے کبھی ایک روپ مارفیم اور لفظ دونوں ہو سکتے ہیں اور کبھی

نہیں۔مثلاً اردو میں ’’میز‘‘ایک لفظ ہے اور ایک مارفیم بھی۔لیکن ’’میزیں‘‘ایک لفظ ہوتے ہوئے بھی دو مارفیم رکھتا ہے۔ایک ’’میز‘‘اور دوسرا ’’یں‘‘۔اس طرح ایک لفظ میں تین مارفیم یا اس سے بھی زیادہ مارفیم ہو سکتے ہیں۔

کسی بھی لفظ میں کم از کم ایک مارفیم کی موجودگی ضرور ہوتی ہے کیونکہ لفظ بہ مطابق تعریف آزاد ہوتا ہے۔مثلاً ذیل کے الفاظ میں ایک مارفیم ہے:

کتاب۔کرسی۔قلم۔میز۔دماغ۔دل۔گوشت۔ناخن۔آسمان۔زمین۔استاد۔شاگرد۔ہاتھ ۔حال وغیرہ۔۔۔ایک لفظ میں دو مارفیم:

ا۔قلمیں۔۔۔قلم۔۔۔۔یں ۲۔میزیں۔۔۔میز۔۔۔یں ۳۔ناراض۔۔۔۔نا۔۔۔۔راض وغیرہ

۔۔۔ایک لفظ میں تین مارفیم:

ا۔بے حیائی۔۔۔۔بے۔۔حیا۔۔ئی ۲۔لاعلمی۔۔۔۔لا۔۔۔علم۔۔۔ی وغیرہ

۔۔۔ایک لفظ میں چار مارفیم:

ا۔دولت مند۔۔۔دو۔۔۔لت۔۔۔من۔۔د ۲۔بے پروائی۔۔۔بے۔۔۔پر۔۔۔وا۔۔۔ئی

وغیرہ

۔۔۔ایک لفظ میں پانچ مارفیم:

ا۔بے سروسامانی۔۔۔۔۔بے۔۔۔سر۔۔۔و۔۔۔سامان۔۔۔۔ی وغیرہ

**مارفیم اور صوت رُکن:**

مارفیم جیسا کہ مذکور ہوا کسی زبان میں چھوٹے سے چھوٹی بامعنی اکائی ہے اور صوت رُکن کسی لفظ میں آواز یا آوازوں کا وہ مجموعہ ہے جو ایک سانس

میں ادا ہو۔صوت رُکن میں ایک مصوتہ ضرور ہوتا ہے۔

ا۔ایک صوت رُکن اور ایک مارفیم:

آ۔جا۔لا۔کھا۔کب۔بات۔سخت وغیرہ

۲۔ایک مارفیم اور دو صوت رُکن:

اکثر۔۔۔۔۔۔اس میں ’’اک‘‘اور ’’ثر‘‘دو صوت رُکن ہیں

۳۔ایک مارفیم اور تین صوت رُکن:

طبیعت۔۔۔۔۔اس میں ’’ط‘‘’’بی‘‘اور ’’عت‘‘تین صوت رُکن ہیں

۴۔ایک مارفیم اور چار صوت رُکن:

فرخ آباد۔۔۔فر۔رخ۔۔آ۔۔۔باد اس میں چار صوت رُکن ہیں۔

**مارف اور مارفیم:**

مارف سے مراد مارفیم کی فونیمی شکل ہے۔اس کا فائدہ یہ ہے کہ ایک ہی مارفیم کی مختلف شکلوں کا تقابلی مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔بعض مارفیم اپنے ہر استعمال میں ایک ہی شکل یا روپ لیے رہتے ہیں لیکن بعض مارفیم مختلف موقعوں پر اپنی شکل بدل دیتے ہیں مثلاً کھا۔۔کھایا،ہنس۔۔۔ہنسا،رو۔۔۔۔رویا۔ان سب میں فعل کی شکل ایک ہی رہتی ہے لیکن ''جانا'' کا ماضی روپ ''گیا'' ہے۔اس طرح ایک مارفیم کے دو روپ ہیں جن کو ہم دو مارف کہیں گے۔

ایک ہی مارفیم کی مختلف شکلیں جن کو مارف کہا جاتا ہے وہ اس مارفیم کے الو مارف یا ذیلی مارفیم کہلاتے ہیں۔دو مارفیم کو ایک اور صورت میں الگ الگ سمجھنا چاہیئے جب وہ دو مختلف مارفیم کے رُکن ہوں مثلاً (بار) ایک ہی شکل میں دو مختلف معانی میں استعمال ہوتا ہے جیسے اول وزن۔بھاری وغیرہ اور دوئم ایک بار۔دو بار۔تین بار وغیرہ اس طرح یہ دو مختلف مارفیم کے ممبر ہوں گے اور دو مختلف مارف کہلائیں گے۔مارف کے مطالعہ کو مارفو فونیمات کہتے ہیں۔

## 5.4 'معنی' کی جہتیں:

مارفیمیاتی تجزیے میں لفظ کا تجزیہ کرتے وقت معنی صرف ایک لحاظ سے یعنی محض لغوی اعتبار سے نہیں دیکھا جاتا بلکہ مختلف زاویوں سے معنی کی کشید ہوتی ہیں۔لسانیات میں معنی کے صرف لغوی معنی مراد نہیں لیے جاتے بلکہ ایک لسانی ٹکڑا کئی طرح سے جانچا جا سکتا ہے۔عموماً آزاد مارفیم کے لغوی معنی ہوتے ہیں لیکن پابند مارفیم کے معنی لغت میں نہیں ہوتے ہیں۔اس طرح معنی کی کئی قسمیں ہو سکتی ہیں:

**۱۔لغوی یا لفظی معنی:** وہ معنی جو لغت میں مل جاتے ہیں۔یہاں صرف آزاد مارفیم آتے ہیں۔جیسے: دل۔دماغ۔قلم۔کرسی۔میز۔کتاب وغیرہ

**۲۔قواعدی معنی:** وہ معنی جن کو قواعدی اصطلاح میں بیان کیا جاتا ہے۔مثلاً 'کتابیں' میں 'کتاب' کے لغوی معنی ہیں لیکن 'یں' کے قواعدی معنی ہیں۔''ایک سے زیادہ یا جمع'' ۔اس طرح 'آرہا' میں 'آ' کے لغوی معنی ہیں لیکن 'رہا' کے قواعدی معنی ہیں ''کام کا جاری رہنا'' وغیرہ

**مارفیمی معنی:** مختلف الفاظ کے موازنہ کے بعد مارفیمی معنی سامنے آتا ہے۔مثلاً لائق اور نالائق۔۔ذمہ دار ور غیر ذمہ دار۔۔لائق کے معنی نالائق سے مختلف ہیں اور ذمہ دار کے معنی غیر ذمہ دار سے مختلف ہیں۔اسی طرح ''نا'' اور ''غیر'' کے اپنے معنی ہیں۔ان کے معنی ہیں (نفی نہیں وغیرہ) چنانچہ اس معنی میں یہ دونوں شکلیں آزادانہ طور پر استعمال نہیں ہوتی ہیں اس لیے یہ پابند مارفیم ہیں اور یہ معنی ''مارفیمی معنی'' کہلائیں گے۔

**نحوی معنی:** ایک یا ایک سے زیادہ لفظ یا فقرہ کے ساتھ استعمال ہونے والا مارفیم: اردو میں اضافت ے سے یہ کام لیا جاتا ہے جیسے: دردِ دل۔ بالِ جبرئیل۔ حکمتِ عملی وغیرہ ان کے معنی نہ صرف جملے میں بلکہ پڑوس کیا الفاظ ہیں اس پر بھی منحصر ہے۔لہذا ایسے معانی نحوی معنی کہلائیں گے۔

**اسلوبیاتی معنی:** دنیا کی قریباً سبھی زبانوں میں بعض الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن کے معنی میں بہ ظاہر کوئی فرق نہیں ہوتا ہے لیکن ان کا استعمال موقع، سماجی طبقہ، جذباتی کیفیت وغیرہ پر منحصر ہوتا ہے۔مثلاً اردو میں حاضر شخص کے لیے علاوہ اور الفاظ کے ''تو۔تم۔آپ'' استعمال ہوتا ہے۔ان میں سے کون سا لفظ کہاں پر استعمال ہوگا یہ اس بات پر منحصر ہے کہ بولنے والا اور مخاطب کون ہے یعنی ان کی سماجی حیثیت کیا ہے۔یا دونوں کے مابین کس قسم کا تعلق ہے۔''تو۔تم۔آپ'' میں چونکہ قواعدی یا لفظی اعتبار کوئی فرق نہیں ہے بلکہ یہ فرق دوسری وجوہات کی بنا پر ہے لہذا اسے اسلوبیاتی معنی کا نام دیا جا سکتا ہے۔

**مارفیم کے اقسام:**

مارفیم دو قسم کے ہوتے ہیں۔ا۔آزاد مارفیم ۲۔پابند مارفیم

**ا۔آزاد مارفیم:** یہ وہ مارفیم ہیں جن کو ادا کرنے کے لئے کسی دوسرے مارفیم کا سہارا لینا ضروری نہیں اگر چہ وہ دوسرے مارفیم کے ساتھ استعمال ہو سکتے ہیں جیسے: کتاب۔قلم۔خبر وغیرہ

**۲۔پابند مارفیم:** یہ وہ مارفیم ہیں جو بغیر کسی دوسرے مارفیم کے سہارے استعمال نہیں ہوتے یعنی دوسرے مارفیم کے ساتھ ہی استعمال ہوتے ہیں اکیلے نہیں۔جیسے: کتاب سے کتابیں (یں)،خبر سے خبریں (یں)،قلم سے قلمیں (یں) وغیرہ

زبان کے سابقے (Prefixes) اور لاحقے (Suffixes) پابند مارفیموں کی فہرست میں آتے ہیں۔یہ بات واضح رہے کہ مارفیمیات میں ایک لفظ کو مارفیم کہا جا سکتا ہے لیکن اگر مارفیم پابند ہے تو اسے لفظ نہیں کہا جا سکتا۔

## 5.5 ذاتی جانچ

**مختصر جواب طلب سوالات**

ا۔مارفیم کیا ہے وضاحت کیجیے؟

۲۔مارفیم اور لفظ میں کیا فرق ہے؟

۳۔معنی کے کون کون سے اقسام ہیں؟

### معروضی سوالات

۱۔ مارف کسے کہتے ہیں؟

۲۔ ساق کسے کہتے ہیں؟

۳۔ مارفیم کی دو بنیادی قسمیں کون کون ہیں؟

## 5.6 تصریف اور اشتقاق

تصریف کو انگریزی میں Inflection کہتے ہیں ۔کسی ساق (Stem) کے ساتھ استعمال ہونے والے پابند مارفیم جو قواعدی اعتبار سے اہم ہوں ،تصریف کہلاتے ہیں۔ساق، کسی لفظ کا بنیادی حصہ ہوتا ہے۔جیسے: (لڑکا) بنیادی لفظ ہے، لڑکے ، لڑکوں،(جا) جانا، جاتا،(ہو) ہونا،(ہے) ،ہیں، (تھا) ،تھے وغیرہ تعلیقے (Affixes) کہلاتے ہیں جو کہ پابند مارفیم میں بھی شمار ہوتے ہیں ایسے پابند مارفیم کو تصریفی تعلیقے (Inflectional Affixes) کہا جاتا ہے۔ یہ عمل، جو کہ لفظ کے بنیادی حصہ میں مختلف پابند مارفیم کے جوڑنے اور لفظ میں بعض تبدیلیاں کر کے قواعدی طور سے انھیں اہم الفاظ بناتے ہیں،تصریف کہلاتا ہے۔

تصریف مارفیمیات کا وہ حصہ ہے جس میں تصریفی تعلیقوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔جیسا کہ پہلے مذکور ہوا کہ مارفیمیات میں الفاظ کی سطح تک زبان کا

مطالعہ کیا جاتا ہے۔الفاظ میں دو قسم کے پابند مارفیم ہوتے ہیں ایک وہ جو ساق کا حصہ ہیں یہ اشتقاقی تعلیقے (Derivational Affixes) کہلاتے ہیں۔دوسرے وہ جو ساق کا حصہ نہیں ہیں یہ تصریفی تعلیقے کہلاتے ہیں۔

زبان میں کچھ الفاظ ایسے بھی ہوتے ہیں جو غیر لچکدار۸ کہلاتے ہیں یعنی جن کا صرف ایک روپ ہوتا ہے مثلاً اگر، مگر، لیکن، پر، نہیں وغیرہ ایسے الفاظ کو لفظ اور ساق دونوں ہی کہا جائے گا۔

تصریف اور اشتقاق میں فرق اس طرح سے ظاہر ہوتا ہے کسی مادہ پر جو مختلف مارفیم جوڑے جاتے ہیں وہ دو طرح کے ہوتے ہیں ایک وہ جو مادہ یا ساق کو بنیاد بناتے ہیں اور دوسرے جو ان میں قواعدی تبدیلی پیدا کرتے ہیں۔پہلی قسم کو اشتقاقی اور دوسری کو تصریفی مارفیم کہا جاتا ہے۔اس بات کو ہم ایسے سمجھ سکتے ہیں مثلاً لفظ ''خوش'' میں اگر ''نا'' سابقہ جوڑا جائے تو ''ناخوش'' بنتا ہے۔''خوش'' اور ''ناخوش'' دونوں ساق کی حیثیت رکھتے ہیں اور جملے میں ان کا استعمال کوئی قواعدی تبدیلی پیدا نہیں کرتا۔یہ اشتقاقی مارفیم ہے اور اگر لفظ ''کتاب'' میں ''وں'' جوڑیں تو قواعدی تبدیلی ہوگی۔''کتاب'' ساق ہے لیکن ''کتابوں'' ساق نہیں ہے ''وں'' ایک تصریفی مارفیم ہے۔یہ دونوں ایک ہی جملے میں

استعمال نہیں ہو سکتے مثلاً یہ کتاب ہے لیکن یہ کتابوں ہے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔اس طرح تصریف اور اشتقاق میں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ تصریف ساق میں جوڑے جاتے ہیں اور قواعدی اہمیت رکھتے ہیں جبکہ اشتقاق بنائے جاتے ہیں لیکن ان کی کوئی قواعدی اہمیت نہیں ہوتی۔

## 5.7 تصریفی درجہ بندی:

اس بات میں دورائے نہیں کہ زبان میں معنی کا اظہار دوطرح کے مارفیم کے استعمال سے ہوتا ہے ایک آزاد اور دوسرے پابند مارفیم۔ پابند مارفیم دوطرح کے ہوتے ہیں جیسا کہ مذکور ہوا اشتقاقی اور تصریفی۔ یہ بات بھی اپنی جگہ بڑی قابلِ توجہ اور لائق ذکر ہے کہ کوئی ایک معنی جو ایک زبان میں اشتقاقی طور سے بیان کیے جائیں ضروری نہیں دوسری زبان میں بھی اشتقاقی طور پر اس کا اظہار ہو کیونکہ ہر زبان کا اپنا ایک مخصوص نظام ہوتا ہے۔

تصریفی طور سے جن معانی کا اظہار کیا جا سکتا ہے ان کو مختلف زمروں (Catogaries) میں درجہ بند کیا جا سکتا ہے۔ یہ زمرے تصریفی زمرے کہلاتے ہیں۔مختلف قواعدی معانی جن کا اظہار تصریف کے ذریعے ہوتا ہے ان کو اس لحاظ سے درجہ بند کیا جاتا ہے کہ وہ کس قسم کے کلمہ کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ جو تصریفی زمرے اسم کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں انھیں اسمی تصریفی زمرے اور فعل کے ساتھ یہ فعلی تصریفی زمرے وغیرہ کہلاتے ہیں۔

اسم کے ساتھ تصریفی زمرے عدد۔شخص۔جنس اور حالت ہیں۔عدد، وہ تصریفی زمرہ ہے جو نہ صرف اسم کے ساتھ بلکہ فعل کے ساتھ ساتھ صفت کے ساتھ بھی پایا جاتا ہے۔(تفصیل کے لیے آگے دیکھیے )

اردو میں ( عدد ) کے دو زمرے ہیں: واحد اور جمع۔اسم میں یہ لاحقے سے ظاہر کیا جاتا ہے۔جیسے: لڑکا سے لڑکے، کتاب سے کتابیں۔۔فعل میں یہ معاون یا امدادی فعل میں بھی دکھایا جاتا ہے جیسے: ہے سے ہیں، تھا سے تھے وغیرہ اس طرح صفت میں اچھا سے اچھے، بُرا سے بُرے وغیرہ ضمائر میں بھی اس کا اظہار ہوتا ہے جیسے: میں سے ہم، مجھے، ہمیں وغیرہ

اردو میں واحد کے لیے کبھی صفت اور فعل میں جمع کا صیغہ استعمال ہوتا ہے۔مثلاً ''وہ بڑے شریف آدمی ہیں'' اس کو احترامی حالت (Honorific) کہتے ہیں۔

دنیا کی بعض زبانیں ایسے بھی ہیں جیسے نصرانی اور عربی، جن میں عدد کے لیے دو کے بجائے تین زمرے پائے جاتے ہیں۔واحد۔تثنیہ اور جمع شخص، ایک ایسا زمرہ ہے جو اسم، فعل، ضمیروں وغیرہ کے ساتھ آتا ہے۔اردو میں ضمیروں میں شخص کو بتانے کے لیے عضبی مارفیم ۸کا استعمال ہوتا ہے جیسے: میں، تم، وہ وغیرہ اردو میں تین صیغے ہیں:

متکلم، مخاطب اور غائب۔لیکن اس کا صحیح اندازہ اسم اور ضمیروں سے نہیں ہوتا ہے مثلاً آدمی جاتا ہے۔آدمی جاتے ہیں۔۔ان دو جملوں میں آدمی واحد اور جمع کی حیثیت سے استعمال ہوا ہے۔اردو میں احترامی صیغہ ہونے کی وجہ سے واحد کو بھی جمع کے طور سے بولا جاتا ہے اس لیے 'فعل' سے شخص کا صحیح اندازہ کرنا عموماً دقت آمیز بن جاتا ہے۔

**جنس**، اردو میں جنس کی قواعدی اہمیت ہے بعض زبانیں جن میں انگریزی بھی شامل ہیں یہ قواعدی زمرہ نہیں ہے۔جنس کی دو قسمیں ہیں۔ مذکر اور مونث۔ ہر اسم چاہے وہ جاندار ہو یا بے جان مذکر کے طور پر استعمال ہوگا یا مونث کے طور پر۔کوئی بھی اسم ناوابستہ یا مشترکNeuter نہیں ہوتا ہے۔مثلاً میز رکھی ہے۔کرسی اچھی ہے۔قلم بڑا ہے۔یعنی میز اور کرسی قواعدی مونث ہیں اور قلم قواعدی مذکر ہے۔جنس کا زمرہ اردو افعال اور صفت میں ہوتا ہے۔جیسے مذکرہ مثالوں میں 'ی' مونث اور 'ا' مذکر کو ظاہر کرتا ہے۔

بعض زبانیں جن میں جرمن اور سنسکرت بھی شامل ہیں، میں جنس کی تین قسمیں مذکر، مونث اور ناوابستہ ہیں۔

**حالت**، سے مراد فاعل اور مفعول کے مابین رشتہ ہے۔اس رشتہ کو مختلف زبانوں میں مختلف طریقوں سے ظاہر کیا جاتا ہے۔اردو میں 'حالت' کی وجہ

سے فاعل میں تھوڑی تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔مثلاً 'لڑکا' واحد تعداد میں دو صورتوں میں استعمال ہوتا ہے۔لڑکا جاتا ہے۔لڑکے نے کہا۔۔یہ فرق 'حالت' کی وجہ

سے ہے۔سنسکرت میں آٹھ اور لاطینی میں سات حالتیں پائی جاتی ہیں۔

فعل کے ساتھ بھی کئی تصریفی زمرے منسلک ہیں یہ زمرے ہیں زمانہ، کیفیت اور طور۔اردو میں تینوں زمانے ماضی، حال اور مستقبل تصریفی عمل سے ظاہر کیے جاتے ہیں۔(تفصیل آگے ملاحظہ ہو)

واضح رہے ہر زبان میں اس کی اپنی ساخت کے مطابق تصریفی زمرے ہوتے ہیں۔

## 5.8 اشتقاقی درجہ بندی:

الفاظ میں تمام تصریفی الحاقیے الگ کر لیے جائیں تو باقی جو کچھ بچے گا وہ ساق کہلائیں گے۔یہ ساق ایک مارفیم یا ایک سے زیادہ مارفیم کے بھی ہو سکتے ہیں اور اگر کوئی ساق ایک سے زیادہ مارفیم سے بنا ہو تو اس کو اشتقاقی ترکیب کہیں گے۔مثلاً اگر نالائقوں میں سے تصریفی الحاقیہ 'وں' نکال دیا جائے تو 'نالائق' بچا جس میں ایک سے زیادہ مارفیم ہیں۔اس لیے 'نالائق' ایک اشتقاقی ترکیب ہے۔اشتقاقی ترکیبیں کئی طرح کی ہوتی ہیں۔مارفیمی ساخت کے اعتبار سے اشتقاقی تراکیب کی درجہ بندی یوں کی جاسکتی ہے:

۱۔سادے ساق: یہ ایک مارفیم کے ہوتے ہیں مثلاً آپ۔شام۔صبح۔رات وغیرہ

۲۔اشتقاقی ساق: اس میں ایک سے زیادہ مارفیم ہوتے ہیں۔ان کو دو خاص درجوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔(الف) ثانوی اشتقاقی ساق۔اس میں ایک حصہ ساق ہوتا ہے۔اس کی بھی دو قسمیں ہوتی ہیں:

۱۔ثانوی اشتقاق: اس میں ایک ساق اور ایک اشتقاقی لاحقہ ہوتا ہے جیسے:

حاجت مند۔۔۔۔۔۔حاجت۔۔۔مند

خطرناک۔۔۔۔۔۔خطر۔۔۔ناک

۲۔ساق مرکب: اس میں دو یا دو سے زیادہ ساق ہوتے ہیں جیسے:

خوشحال۔۔۔۔خوش۔۔حال

بدبخت۔۔۔۔بد۔۔۔۔بخت

(ب) ابتدائی اشتقاقی ساق: اس میں ایک مارفیم ایک مکمل ساق نہیں ہوتا۔یہ بھی دو طرح کے ہیں:

۱۔ابتدائی اشتقاق: اس میں ایک مارفیم اشتقاقی تعلیقہ ہوتا ہے اور دوسرا مادہ Root ہوتا ہے۔مثلاً اردو میں (آہٹ) اور (آمادہ) اشتقاقی تعلیقیہ ہے۔

۲۔مادہ مرکب: اس میں کوئی بھی مارفیم اشتقاقی تعلیقیہ نہیں ہوتا۔بلکہ دو یا دو زیادہ مادہ ہوتے ہیں مثلاً خوشامد۔۔درگاہ وغیرہ

اشتقاقی ترکیبوں کو ان میں اقسام کلمہ کے لحاظ سے بھی درجہ بند کر سکتے ہیں۔اس کے لیے اشتقاقی تراکیب کو دو بڑے گروپوں میں بانٹا جا سکتا ہے۔ایک وہ جن میں کم از کم ایک مارفیم بنیادی لفظ ہے۔دوسرے وہ جن میں بنیادی لفظ صاف طور سے نمایاں نہیں ہے۔

۱۔جن میں بنیادی لفظ نمایاں ہے۔ان کو اقسام کلمہ کے اعتبار سے کئی درجوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:

۱) بنیادی مارفیم اسم ہو اور اشتقاقی ترکیب ایک اور اسم ہو۔مثلاً بادشاہت

۲) بنیادی مارفیم ایک صفت ہو اور اشتقاقی ترکیب ایک اسم:

ہریالی۔۔۔۔ہرا صفت ہے اور ہریالی اسم ہے۔

۳) بنیادی مارفیم فعل اور اشتقاقی ترکیب اسم:

رہائش۔۔۔۔رہنا فعل ہے اور رہائش اسم ہے۔

۴) بنیادی مارفیم فعل متعلق اور اشتقاقی ترکیب صفت:

اوپری۔۔۔اوپر فعل متعلق اور اوپری ایک صفت ہے۔

## 5.9 الفاظ کی مزید تقسیم:

الفاظ کو ساخت کے اعتبار سے، تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ مفرد، پیچیدہ اور مرکب الفاظ۔

**مفرد الفاظ Simple Words**: آزاد مارفیم پر مشتمل ہوتا ہے جیسے: کتاب۔ قلم۔ کرسی۔ شمع۔ خط وغیرہ **پیچیدہ الفاظ (مخلوط الفاظ) Complex Words**: ایک آزاد اور ایک پابند مارفیم پر مشتمل ہوتا ہے جیسے: (نا۔لائق)، (بے۔پردہ)، (باز۔آتش باز) وغیرہ **مرکب الفاظ Compound Words**: دو آزاد اور ایک یا ایک سے زیادہ پابند مارفیم پر مشتمل ہوتے ہیں جیسے: دلِ ناداں (دل۔نا۔داں)، تاج محل (تاج۔محل)، خوبصورتی (خوب۔صورتی) وغیرہ

مارفیمیات میں آزاد مارفیم کو مادہ (Root) اور پابند مارفیموں کو سابقے یا لاحقے کہتے ہیں۔

مارفیمیاتی مطالعے میں مادے (Roots) کی ساخت اور اس کی تشکیل کا تجزیہ بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ مادے میں سابقے اور لاحقے کا **جوڑ** جیسے: (پر۔دادا۔ پردادا)، (کروڑ۔ پتی۔ کروڑپتی) وغیرہ۔ مادے کی **تکرار** جیسے: ایک ایک۔ باربار۔ پاس پاس وغیرہ۔ مادے میں **بدلاؤ** جیسے: پاٹ۔ پٹ۔ پٹا

وغیرہ دو یا اس سے زیادہ مادوں کو جوڑ کر لفظ **تخلیق کرنا** جیسے: آپ بیتی۔ بن مانس۔ پن گھٹ وغیرہ۔ مادے کی شکل بدل کر اسے **دوسرے معنی میں استعمال کرنا** جیسے: (آنا۔آیا)۔ (جانا۔گیا) وغیرہ

مادے کی ساخت اور اس کی تشکیل کے ان عوامل کو ترتیب وار الحاقیانہ۹ (Affixation) تکرار۱۰ (Reduplication) داخلی تبدیلی۱۱ (Internal change) مرکبات۱۲ (Compounding) اور غضب۱۳ (Suppletion) کہتے ہیں۔

(مادہ لفظ کے اس حصے کو کہتے ہیں جس کی لفظ کی بناوٹ میں مرکزی حیثیت ہو۔)

قواعدی زمرے (Grammatical Categories) سے مراد اسم کی تعداد، جنس اور حالت ہے۔ زبانیں اپنی ساختیاتی اعتبار سے ان میں ردوبدل کرتی ہے مارفیمیات کے لئے یہ بھی ایک دلچسپ موضوع ہے۔ مثلاً اردو میں جنس (Gender) کی دو ہی قسمیں رائج ہیں ۱۔ مذکر ۲۔ مونث۔ لیکن سنسکرت اور جرمن زبانوں میں تین جنس (مذکر، مونث اور جنس مشترک (Neuter gender) رائج ہے۔ اردو میں مذکر اور مونث مادے میں اشتقاقی (Derivative) عمل سے بنائے جاتے ہیں جیسے: لڑک ایک مادہ ہے اس میں (ا) کا اضافہ کر کے مذکر

اور (ی) جوڑ کر مونث بناتے ہیں۔ (لڑکا۔لڑکی)۔اسی طرح اردو اسماء، ضمائر، صفات اور افعال وغیرہ میں بھی جنس کی تفریق ملتی ہے۔تمیز اور فجائیہ میں بھی جنس کا فرق دیکھا جاسکتا ہے۔جیسے: (ارے۔۔اری) وغیرہ

اسم کی تعداد (Number): اردو میں اس کی دو قسمیں واحد او جمع رائج ہیں جبکہ دنیا کی بعض زبانوں میں (واحد، دوئم، سوئم اور جمع) رائج ہیں۔

## 5.10 ذاتی جانچ

### مختصر جواب طلب سوالات

۱۔مارفیمیات یا صرف کی تعریف بیان کیجیے؟

۲۔آزاد اور پابند مارفیم سے کیا مراد ہے؟

۳۔مارفیم کی شناخت کے دو اصول بیان کیجیے؟

۴۔تصریف اور اشتقاق کیا ہے؟

۵۔لفظ اور مارفیم میں کیا فرق ہے؟

### معروضی سوالات

۱۔لفظ کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی کیا کہلاتی ہے؟

۲۔الفاظ کو ساخت کے اعتبار سے کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

۳۔اردو میں اسم کی تعداد کی کتنی قسمیں رائج ہیں؟

۴۔زمرہ کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

۵۔صوت رکن کیا ہے؟

## 5.11 مارفیمیاتی تجزیہ:

مارفیمیاتی تجزیئے کے نقطہء نظر سے اسماء، ضمائر، صفات اور افعال کی شکل میں لفظوں کی درجہ بندی بڑی اہمیت رکھتی ہے۔زبان میں معنی کا اظہار دو طرح کے مارفیم کے استعمال سے کیا جاتا ہے۔ایک آزاد مارفیم اور دوسرے پابند ۔پابند مارفیم دو طرح کے ہوتے ہیں ایک اشتقاقی اور دوسرے تصریفی۔اشتقاقی مارفیم کا کوئی قواعدی رُتبہ یا اہمیت نہیں ہوتی جبکہ تصریفی مارفیم کی قواعدی اہمیت ہوتی ہے۔

تصریفی طور سے جن معنی کا اظہار ہوتا ہے۔ جیسا کہ پہلے مذکور ہو چکا ہے انھیں مختلف زمروں Categories میں رکھا جا سکتا ہے۔ مختلف قواعدی معنی جن کا اظہار تصریف کے ذریعہ ہوتا ہے۔ ان کو اس لحاظ سے درجہ بند کیا جا سکتا ہے کہ وہ کس قسم کے کلمہ یعنی Part of Speech کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں جیسے اسم کے ساتھ ان کا استعمال اسمی تصریفی زمرے اور فعل کے ساتھ فعلی جبکہ صفت کے ساتھ ان کا استعمال صفتی تصریفی زمرے کہلائے گا۔ اسی طرح کسی زبان میں استعمال ہونے والے تمام تصریفی تعلیقوں کو ہم اسمی تصریفی۔ فعل تصریفی زمرے وغیرہ میں درجہ بند کرتے ہیں۔

**اردو اسماء:(Nouns)**

اسم کے ساتھ جو تصریفی زمرے استعمال ہوتے ہیں وہ عدد۔ شخص۔ جنس اور حالت ہیں۔ عدد اسم کے ساتھ ساتھ فعل اور صفت کے ساتھ بھی پایا جاتا ہے۔

ا۔ اردو میں عدد کے دو زمرے ہیں: واحد او ر جمع۔ اسم میں یہ لاحقے سے ظاہر کیا جاتا ہے جیسے: لڑکا۔ لڑکے، کتاب۔ کتابیں۔ فعل میں یہ معاون یا امدادی فعل میں بھی دکھایا جاتا ہے جیسے: ہے۔ ہیں، تھا۔ تھے وغیرہ۔ اسی طرح صفت میں اچھا۔ اچھے، کالا۔ کالے وغیرہ

اردو میں واحد کے لیے کبھی کبھار صفت اور فعل میں جمع کا صیغہ استعمال ہوتا ہے۔ اس کو احتراماً استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے: وہ بہت اچھے آدمی ہیں یا شاعر فرماتے ہیں وغیرہ

۲۔ اردو میں جنس کی بھی دو قسمیں ہیں مذکر اور مونث۔ جنس چاہے جاندار ہو یا بے جان۔ یا تو بحیثیت مذکر استعمال ہوگا یا مونث۔ یہاں مشترک Neuter نہیں ہے۔ مثلاً میز رکھی ہے۔ کرسی اچھی ہے۔ قلم بڑا ہے۔ یعنی میز ۔ کرسی قواعدی مونث ہیں اور قلم قواعدی مذکر ہے۔ جنس کا زمرہ اردو افعال اور صفت میں ہوتا ہے جیسے اوپر کی مثالوں میں 'ی' مونث اور 'ا' مذکر کو ظاہر کرتا ہے۔

**اردو افعال:(Verbs)**

افعال لفظوں کی وہ قسم ہے جس کو تصریفی زمروں تعداد، جنس، حالت، زمانہ، کیفیت، اور طور وغیرہ کے اعتبار سے پہچانا جا سکتا ہے۔ اسماء کو لفظوں کی درجہ بندی میں اگر حالت کے لحاظ سے الگ مقام حاصل ہے تو افعال کو زمانہ اور کیفیت کی بنیاد پر علاحدہ کیا جا سکتا ہے دونوں کے مابین جو چیز مشترک ہے وہ تعداد ار جنس کے زمرے ہیں۔

اردو افعال کی ساقیں Stems لازم Intransitive متعدی Transitive اور مستعدی Causative کہلاتی ہیں۔ یہ تفریق الحاقیانہ اور داخلی تبدیلی وغیرہ جیسے مارفیمیاتی عوامل[۱۴] کی بنیاد پر ممکن ہے۔ مارفیمیاتی تبدیلیوں کے اعتبار سے اردو افعال کی درجہ بندی یوں کی جا سکتی ہیں:

| مستعدی | متعدی | لازم |
|---|---|---|
| کٹوا | کاٹ | کٹ |
| مروا | مار | مر |
| لٹوا | لوٹ | لُٹ |
| کھلوا | کھول | کُھل |
| جنوا | جَنا | جَن |

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اردو افعال کی بنیادی ساقیں ہمیشہ مشتق شکلوں پر مشتمل نہیں ہوتیں جیسے: آ۔جاوغیرہ ایسی شکلوں کوفعل لازم میں شمار کیا جاتا ہے۔یک رکنی ساقوں پر مشتمل ایسی فعلی ساقیں جومصوتے پر ختم ہوتی ہوں،عموماً مستعدی شکل میں رہتی ہیں جیسے:لگا۔کہہ۔گاوغیرہ

اردو کے تمام افعال حالت کے اعتبار سے اپنا تصریفی عمل دہراتے ہیں: جیسے:

| | |
|---|---|
| ا۔بیانی حالت: | بنا۔۔تا،کھلا۔۔تا یا بنا۔۔یا،کھلا۔۔۔یا |
| ۲۔مصدری حالت: | بنا۔۔نا،کھلا۔۔۔نا |
| ۳۔تمنائی حالت: | بنا۔۔وئں،کھلا۔۔۔وئں |
| ۴۔امری حالت: | بنا۔۔۔کھلا |

ا۔فعل کے ساتھ کئی تصریفی زمرے منسلک ہیں۔یہ زمرے،زمانہ Tense۔کیفیت Aspectاورطور Moodہیں۔

ا۔اردو میں تینوں زمانے ماضی۔حال۔مستقبل ،تصریفی عمل سے ظاہر کیے جاتے ہیں۔مثلاً کھاتا کھارہا۔کھایا۔کھائے گا۔وغیرہ

۲۔کیفیت کا تعلق زمانے سے نہیں بلکہ وقتی تقسیم سے ہے۔یعنی آیا کام مکمل ( تمامی) ہوا یا نہیں (ناتمامی)۔اردومیں رہا۔رہی وغیرہ نامکمل اورہوا۔چکا۔مکمل یا تمامی کیفیت کوظاہرکرتا ہے۔

۳۔طورMood:طورسے مطلب بولنے والے کاکسی کام یاواقعہ کی طرف رجحان یارویہ ہے۔مثلاً بولنے والا واقعہ کواصلی سمجھتا ہے یا مصنوعی۔اشاری سمجھتا ہے یاتمنائی یاترغیبی۔گویایہ بولنے والے کوطورپرمنحصرہے۔

اردو میں طور تصریفی زمرہ نہیں ہے البتہ بعض مخصوص الفاظ کے استعمال سے مختلف طور کا اظہار کیا جاتا ہے۔

یہاں یہ بات قابل غور ہے کہ کوئی ایک مارف ایک سے زیادہ تصریفی زمرے کی نمائندگی کرسکتا ہے۔ مثلاً اردو لفظ ''لڑکے''، جو جملہ ''لڑکے جارہے تھے'' میں استعمال ہوا ہے میں ''ے'' عدد جمع اور حالت دونوں کو ظاہر کرتا ہے۔

**اردو تمیزیں (Adverbs):**

تمیز لفظوں کی وہ قسم ہے جو صفت، فعل یا کسی دوسری تمیز سے پہلے آتی ہے۔ جیسے ان فقروں پر غور کیجیے:

ا۔ بہت عجیب انسان ۔۔۔(بہت) ۲۔ نہایت عمدہ کھانا۔۔۔(نہایت) وغیرہ

ایسی بھی مثالیں ملتی ہیں جہاں تمیزیں اپنی جگہ بدل کر فعل یا صفت کے بعد آجاتی ہیں۔ جیسے:

ا۔ وہ طاقت ور ضرور ہے (ضرور) ۲۔ یہاں ہوا گرم بہت ہے (( بہت) وغیرہ

تمیزوں کو اپنی مارفیمیاتی ساخت کی بنیاد پر پہچان لیا جاتا ہے چاہے وہ فقروں میں کسی مخصوص جگہ ہی کیوں نہ آئے ہوں۔ ان تمیزوں کی ساقیں متحد اور اشتقاقی لاحقے رکھتی ہیں۔ یہ بات یہاں قابل ذکر ہے کہ بعض تمیزیں صفات اور عطف کے ساتھ گڈ مڈ ہوجاتی ہیں جیسے: /خوب عام/ اور / یہ بات میں اچھی طرح جانتا ہوں/ وغیرہ

**تمیزوں کی ساخت کی تشکیل:**

ضمائر کی بنیاد پر وجود میں آنیوالی تمیزیں اس طرح ہیں:

ا۔ اب/ ابھی جب/ جبھی کب/ کبھی تب/ تبھی

۲۔ ادھر/ یہیں اُدھر/ وہیں کدھر/ کہیں

۳۔ یوں/ اس طرح جوں/ جس طرح کیوں/ کس طرح

اردو میں بعض تمیزیں مختلف لاحقوں کی مدد سے تشکیل پاتی ہیں انھیں اپنی ساخت اور بناوٹ کے اعتبار سے الگ کیا جاسکتا ہے یعنی تمیزوں کی ساقوں میں مختلف لاحقوں کے جُڑنے سے ان میں فرق پیدا ہوجاتا ہے۔ ایسی تمیزوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے:

ا۔ وہ لاحقے جو اسمی ساقوں کے ساتھ جُڑ کر تمیزوں کو تشکیل دیتے ہیں جیسے:

(اِیا)۔۔۔۔۔حلف + اِیا = حلفیا۔۔۔حلفیہ، شرط + اِیا = شرطیا۔۔۔شرطیہ وغیرہ

۲۔ وہ لاحقے جو صفات کے ساتھ مل کر تمیزیں بناتے ہیں جیسے:

(اے)۔۔ جھوٹ + اے = جھوٹے، کھوٹ + اے = کھوٹے وغیرہ

۳۔ اردو میں منفی تمیزیں اپنی ترتیب و تقسیم کے اعتبار سے امتیازی حیثیت کی حامل ہیں:

نہیں ۔۔۔نا ۔۔۔۔نفی ۔۔۔۔مت وغیرہ

کوئی نا۔۔۔کوئی نہیں۔۔۔انھیں مرکب تمیزوں کا نام دیا جاتا ہے۔

اردو میں کثرت سے استعمال ہونے والی تمیزیں:

۱۔اسمی یا فعلی تمیزیں:

آج، روزانہ، ہمیشہ، گذشتہ، سویرے، فوراً، اچانک، اندر، باہر، کل، پرسوں، قریب، دور، طرز، آہستہ، متواتر، تیز وغیرہ

۲۔ندائیہ تمیزیں: پیارے، جانِ من، اے، ابے، او، ماں، یار، صاحب، جناب، قبلہ، محترم، مکرم، دوست، حضرت، دلبر، دلربا وغیرہ

۳۔تطابق تمیزیں۱۶؎: ہاں، جی ہاں، اچھا، درست، بہتر، تسلیم، صحیح، بالکل، برابر وغیرہ

**صفات:(Adjectives)**

اردو صفات اپنی ساخت کے اعتبار سے تصریفی اور غیر تصریفی صفات میں تقسیم ہیں نحوی طور پر الفاظ کے اس درجے کا تعلق اسمی فقروں میں براہ

راست فاعل یا اس Head سے ہوتا ہے۔ یہ تصریفی صفات جنس، تعداد اور حالت سے اپنا تعلق ظاہر کرتی ہے۔

۱۔اچھا/ اچھے ۲۔اچھی/ اچھی

۱۔اچھا مکان (اچھا) ب۔ایک اچھا مکان (اچھا) ج۔میرا ایک اچھا مکان (اچھا)

۱۔اسمی ساقوں کے ساتھ جڑ کر صفات کو تشکیل دینے والے لاحقے:

۔۔ناک (دردناک)، ۔۔یار (ہوشیار)، ۔۔ور (طاقت ور)، ۔۔لا (دھندلا)

۔۔۔ا (میلا)، ۔۔۔بھوکا

۔۔۔آ (مستانا (نہ)، دیوانا (نہ)

۔۔۔ی (ولایتی)، (جالی)

۔۔۔ایر (دلیر)

۔۔۔مندّ (عقل مند)، (ہوش مند)

۲۔فعلی ساقوں کے ساتھ جڑ کر صفات کو تشکیل دینے والے لاحقے:

۔۔۔۔او (بکاؤ)، (گراؤ)

۔۔۔۔ایل (رکھیل)

۔۔۔۔یا (بڑھیا)، (گھٹیا)

۔۔۔۔سار (سنسار)، (ملنسار)

۔۔۔۔۔ہار (ہونہار)

۳۔عددی ساقوں کے ساتھ جُڑ کر عددی صفات کو تشکیل دینے والے لاحقے:

۔۔۔۔۔۔تھا/تھی (چوتھا)، (چوتھی)

۔۔۔۔۔۔لا/لی (اکیلا)، (اکیلی)

۔۔۔۔۔۔ہرا/ہری (دوہرا)، (دوہری)

۴۔سابقوں کی مدد سے تشکیل پانے والی صفات:

۔۔۔۔۔۔۔ن (نڈر)۔۔۔۔۔۔دُ (دبلا)

۔۔۔۔۔۔۔ان (انجان)۔۔۔۔۔در (درکار)، (دراصل)

۔۔۔۔۔۔۔با (باقاعدہ)۔۔۔۔۔۔بے (بے جوڑ)

۔۔۔۔۔۔۔لا (لاوارث)۔۔۔۔۔۔ان (ان بن)

۔۔۔۔۔۔اد (ادکھلا)۔۔۔۔۔۔۔۔بھر (بھرمار) وغیرہ

۵۔منفی صفات، اسماء میں سابقوں کی مدد سے تشکیل پاتے ہیں:

۔۔۔۔۔بے۔۔۔۔بے پردہ، بے حیا، بے وفا، بے عزت، بے غیرت

۔۔۔۔۔۔کم۔۔۔کمزور، کم بخت، کم ظرف، کم سِن

۔۔۔۔۔۔نا۔۔۔۔ناخوش، ناپاک، ناامید

۔۔۔۔۔۔غیر۔۔۔غیر حاضر، غیر مناسب

۔۔۔۔۔۔لا۔۔۔۔لاوارث، لاچار، لاتعداد، لایقین

٦۔مرکب صفات: دو آزاد ساقوں کی مدد سے تشکیل پاتی ہیں جیسے:

کم + زور = کمزور، ہنس + مُکھ = ہنس مکھ وغیرہ

کبھی کبھار دو صفات مل کر ایک مرکب صفات کی تشکیل کرتی ہیں جیسے:

نہایت عمدہ۔ بہت اچھا، بہت بڑا وغیرہ

## 5.12 ذاتی جانچ

**مختصر جواب طلب سوالات**

ا۔تصریف اور اشتقاق کی مختصر وضاحت کیجیے؟

۲۔مارفیمیاتی تجزیے میں الفاظ کی درجہ بندی کیسے ہوتی ہے؟

۳۔اردو تمیزیں اور افعال کی شناخت کیا ہے؟

۴۔تصریفی درجہ بندی سے کیا مراد ہے؟

۵۔قواعدی معنی کیا ہوتے ہیں؟

**معروضی سوالات**

ا۔تصریف کو اردو میں اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

۲۔اردو میں جنس کی کتنی قسمیں ہیں؟

۳۔اردو تمیزیں انگریزی میں کیا کہلاتی ہیں؟

۴۔اردو میں عدد کی کتنی قسمیں ہیں؟

۵۔اردو میں زمانے کے کتنے اقسام ہیں؟

## 5.13 خلاصہ:

اس اکائی کے بغور مطالعہ کے بعد حسبِ ذیل باتیں ذہن نشیں ہوتی ہیں:

**ا۔** مارفیمیات (تشکیلیات) میں زبان میں کام آنیوالی چھوٹی سی چھوٹی بامعنی اکائی کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

**۲۔** یہ بات شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ لفظ کو سمجھنے کے سلسلے میں اس کا معنی، جس کی یہ نمایندگی کرتا ہے، مددگار ثابت ہوسکتا ہے لیکن بہ نظر عمیق جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ ''معنی'' ہی ہے جو لفظ کو صحیح طور پر سمجھنے میں سب سے بڑی رکاوٹ کا سبب بنتا ہے کیونکہ ہر زبان میں تعین الفاظ کے معنی الگ الگ ہوتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ معنی کو بنیاد بنا کر ماہرین لسانیات نے زبان کے تجزیے کے سلسلے میں صرفی سطح پر ایک نئے تصور ''مارفیم'' کو متعارف کیا ہے۔مارفیم زبان کی صرفی نحوی سطح پر تجزیے کی سب سے چھوٹی معنوی اکائی ہے۔

**۳۔** الفاظ کی ساخت سے متعلق تمام مباحث، جیسے: لفظ کسے کہتے ہیں۔یہ کیسے تشکیل پاتے ہیں۔سادہ (Simple)، پیچیدہ (Complex)، اور مرکب (Compound) الفاظ میں کیا فرق ہے۔لفظوں کی ساخت میں تصریفی اور اشتقاقی عمل کیا ہوتا ہے۔لفظ اور مادے میں کیا فرق ہے وغیرہ وغیرہ، کا احاطہ ''مارفیمیات'' کے ذیل میں آتا ہے۔

۴۔لفظ کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی جو معنی سے متعلق ہو'مارفیم' کہلاتی ہے۔

۵۔مارفیم دوقسم کے ہوتے ہیں۔ا۔آزاد مارفیم ۲۔پابند مارفیم

۶۔زبان کے سابقے (Prefixes) اور لاحقے (Suffixes) پابند مارفیموں کی فہرست میں آتے ہیں۔یہ بات واضح رہے کہ مارفیمیات میں ایک لفظ کو مارفیم کہا جا سکتا ہے لیکن اگر مارفیم پابند ہے تو اسے لفظ نہیں کہا جا سکتا۔

۷۔الفاظ کو ساخت کے اعتبار سے، تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔مفرد پیچیدہ اور مرکب الفاظ۔

مارفیمیاتی تجزیئے کے نقطۂ نظر سے اسماء، ضمائر، صفات اور افعال کی شکل میں لفظوں کی درجہ بندی بڑی اہمیت رکھتی ہے۔

۸۔اس بات میں دو رائے نہیں کہ زبان میں معنی کا اظہار دو طرح کے مارفیم کے استعمال سے ہوتا ہے ایک آزاد اور دوسرے پابند مارفیم۔پابند مارفیم دو طرح کے ہوتے ہیں جیسا کہ مذکور ہوا اشتقاقی اور تصریفی۔یہ بات بھی اپنی جگہ بڑی قابلِ توجہ اور لائق ذکر ہے کہ کوئی ایک معنی جو ایک زبان میں اشتقاقی طور سے بیان کیے جائیں ضروری نہیں دوسری زبان میں بھی اشتقاقی طور پر اس کا اظہار ہو کیونکہ ہر زبان کا اپنا ایک مخصوص نظام ہوتا ہے۔

۹۔مارفیمیاتی تجزیے میں لفظ کا تجزیہ کرتے وقت معنی صرف ایک لحاظ سے یعنی محض لغوی اعتبار سے نہیں دیکھا جاتا بلکہ مختلف زاویوں سے معنی کی کشید ہوتی ہیں۔لسانیات میں معنی کے صرف لغوی معنی مراد نہیں لیے جاتے بلکہ ایک لسانی ٹکڑا کئی طرح سے جانچا جا سکتا ہے۔عموماً آزاد مارفیم کے لغوی معنی ہوتے ہیں لیکن پابند مارفیم کے معنی لغت میں نہیں ہوتے ہیں۔اس طرح معنی کی کئی قسمیں ہو سکتی ہیں:

۱۰۔مارف سے مراد مارفیم کی فونیمی شکل ہے۔اس کا فائدہ یہ ہے کہ ایک ہی مارفیم کی مختلف شکلوں کا تقابلی مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔بعض مارفیم اپنے ہر استعمال میں ایک ہی شکل یا روپ لیے رہتے ہیں لیکن بعض مارفیم مختلف موقعوں پر اپنی شکل بدل دیتے ہیں مثلاً کھا۔۔کھایا، ہنس۔۔۔ہنسا، رو۔۔۔رویا۔ان سب میں فعل کی شکل ایک ہی رہتی ہے لیکن ''جانا'' کا ماضی روپ ''گیا'' ہے۔اس طرح ایک مارفیم کے دو روپ ہیں جن کو ہم دو مارف کہیں گے۔

۱۱۔الفاظ میں تمام تصریفی الحاقیے الگ کر لیے جائیں تو باقی جو کچھ بچے گا وہ ساق کہلائیں گے۔یہ ساق ایک مارفیم یا ایک سے زیادہ مارفیم کے بھی ہو سکتے ہیں اور اگر کوئی ساق ایک سے زیادہ مارفیم سے بنا ہو تو اس کو اشتقاقی ترکیب کہیں گے۔مثلاً اگر نالائقوں میں سے تصریفی الحاقیہ'وں' نکال دیا جائے تو 'نالائق' بچا جس میں ایک سے زیادہ مارفیم ہیں۔اس لیے'نالائق' ایک اشتقاقی ترکیب ہے

## 5.14 توضیح وفرہنگ:

**۱۔ممیّز:** اچھے برے میں تمیز کرنا۔امتیازی۔الگ۔جدا

**۲۔عمیق**: گہرا ہونا۔

**۳۔مختلف النوع**: الگ الگ اقسام۔قسم قسم

**۴۔مستعار**: ادھار

**۵۔تفاعل**: فعل۔کام۔حرکت

**۶۔کشید**: کھینچا یا نکالا ہوا۔صاف کیا ہوا

**۷۔اضافت**: ملانا۔اضافہ۔عموماً قواعد میں کسرہ اضافت سے مراد زیر، زبر، پیش وغیرہ

**۸۔عضبی مارفیم**: انگریزی میں غصب کو Supplesion کہتے ہیں۔یہ وہ مارفیم ہے جو کسی دوسرے مارفیم کو ہٹا کر بنتا ہے مثلاً اردو میں زمانہ ماضی کو عموماً (یا) سے ظاہر کیا جاتا ہے:۔۔کھا۔۔۔کھایا۔۔۔۔سو۔۔۔۔سویا۔یعنی جس لفظ یا مادہ میں کو زمانہ ماضی میں دکھانا ہوتا ہے اس میں ''یا'' کا اضافہ کر دیتے ہیں لیکن 'جا' کے ساتھ ایسا نہیں ہے یعنی 'جایا' نہیں بنتا بلکہ 'گیا' کہا جاتا ہے۔اس طرح مادہ 'جا' 'گ' میں تبدیل ہو گیا۔'گ' کے استعمال کے لیے 'جا' ہٹایا جاتا ہے۔یعنی 'گ'۔۔'جا' کو غصب کر لیتا ہے اس طرح 'گ' ایک عضبی مارفیم ہے۔

دوسرا روپ اختیار کر لیتی ہے۔ایسی صورت میں اس کے بھی معنی بدل جاتے ہیں۔مثالیں ملاحظہ ہوں:

ایک۔۔۔پہلا، جانا۔۔۔۔۔گیا، دس۔۔۔۔۔دھائی، دو۔۔۔۔۔۔۔دوہرا وغیرہ

**الحاقیانہ**: انگریزی میں اسے Affixation کہتے ہیں۔ساق میں سابقوں اور لاحقوں کے جُڑنے کا عمل الحاقیانہ کہلاتا ہے۔جیسے: سابقہ (نا) ساق (حق) کے ساتھ جُڑنے پر (ناحق) بن جاتا ہے اسی طرح لاحقہ (ی) ساق (چور) کے جُڑنے سے (چوری) بن جاتا ہے۔

**۱۰۔تکرار**: انگریزی میں اسے Redipulication کہتے ہیں۔اس عمل میں ساق کو جوں کا توں یا اس کا کوئی جُز دہرایا جاتا ہے۔اردو میں اس طرح کی ساقوں کو مکمل تکرار، جزوی تکرار اور منقطع تکرار رکھنے والی ساقیں کہہ سکتے ہیں۔چند مثالیں:

**۱) مکمل تکرار**: انگریزی میں اسے Complete Redipulication کہتے ہیں۔بار بار۔ساتھ ساتھ۔تارتار وغیرہ

**۲) جزوی تکرار**: انگریزی میں اسے Partial Redipulication کہتے ہیں۔جھٹ پٹ، گڑ بڑ، زرق برق وغیرہ

۳) **منقطع تکرار**: انگریزی میں Interrupted Redipulicatio کہتے ہیں۔ کھٹا کھٹ، سراسر، در بہ در وغیرہ

**۱۱۔ داخلی تبدیلی**: (Internal Change) بعض اصولوں کے مطابق ساق میں داخلی تبدیلی کی جاتی ہے جیسے:

استاد سے اساتذہ اور مذہب سے مذاہب وغیرہ

**۱۲۔ مرکبات**: (Compounding) دو یا دو سے زیادہ ساقیں مل کر مرکبات کی تشکیل کرتے ہیں: جیسے:

**ڈاک + خانہ** = ڈاک خانہ، چڑیا+ گھر= چڑیا گھر وغیرہ

**۱۳۔ مارفیمیاتی عوامل**: مارفیمیاتی محرکات۔ حقیقی عناصر

**۱۴۔ گڈ مڈ**: خلط ملط، اُلٹ پُلٹ۔

**۱۵۔ تطابق تمیزیں**: ایسی تمیزیں جن میں مثبت اظہار ہو۔ مثلاً ہاں۔ جی ہاں۔ درست۔ بجا۔ اچھا وغیرہ

## 5.15 نمونہ امتحانی سوالات

### مختصر جواب طلب سوالات

۱۔ صوتیات اور مارفیمیات کا فرق واضح کیجیے؟

۲۔ مارفیم کی تعریف کسی ایک مثال کے ساتھ بیان کیجیے؟

۳۔ تصریف اور اشتقاق کا فرق سمجھائیے؟

۴۔ سابقے اور لاحقے کی تعریف مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے؟

۵۔ مفرد، مرکب اور پیچیدہ الفاظ کی تعریف کیجیے؟

۶۔ مارفیم کے اقسام بیان کیجیے؟

۷۔ اردو تمیزیں اور صفات کی نشاندہی کیجیے؟ (صرف پانچ)

۸۔ لفظ اور معنی کا مابین کیا رشتہ ہے؟

۹۔ صوت رکن کیا ہوتا ہے؟

۱۰۔ مارف اور مارفیم کے درمیان کیا رشتہ ہے۔

**تفصیل طلب سوالات**

۱۔ مارفیم اوراس کے اقسام پر بحث کیجیے؟

۲۔ مارفیمیات یا صرف کے ذیل میں لفظ کی ساخت کا کون کون سا پہلو کیسے زیرِ مطالعہ آتا ہے؟

۳۔ قواعدی زمرے کس طرح مارفیمیاتی مطالعے کا مرکز بنتے ہیں؟

۴۔ مارفیم کی شناخت کے اصول کیا کیا ہیں۔ نیز لفظ اور مارفیم میں کیا فرق ہے؟

۵۔ تصریفی اوراشتقاقی زمروں کی وضاحت کیجیے؟

## 5.16 سفارش کردہ کتابیں:


۱۔ کشمیری سرمایہ الفاظ کے سرچشمے۔۔۔ڈاکٹر نذیر احمد ملک

۲۔ اردولسانیات۔۔۔۔نصیر احمد خان

۳۔ اردو صرف ونحو۔۔۔اقتدار حسین خان

۴۔ عام لسانیات۔۔۔۔گیان چند جین

۵۔ نئی اردوقواعد۔۔۔۔عصمت جاوید

۶۔ اردو زبان کی تاریخ وساخت۔۔۔محمد حسین

۷۔ فرہنگ اصطلاحات (لسانیات)۔۔۔ترقی اردو بیورو نئی دلی

۸۔ اردولسانیات۔۔۔۔۔رفاد علی فتحی

# اکائی۔6

# اردو نحو کا لسانی مطالعہ

**اکائی کی ساخت**


6.1 تعارف:

6.2 اغراض و مقاصد:

6.3 نحویات:

6.4 ترکیب

6.5 جملہ کی تعریف:

6.6 ذاتی جانچ:

6.7 مفرد اور غیر مفرد جملے:

6.8 غیر مفرد جملہ:

6.9 ذاتی جانچ:

6.10 خلاصہ:

6.11 نمونہ امتحانی سوالات

6.12 سفارش کردہ کتابیں:


## 6.1 تعارف:

زبانوں کی ساخت کے مطالعے سے یہ بات واضح ہوئی ہے کہ زبانیں بعض لسانی اصولوں اور ضابطوں کے تحت کام کرتی ہیں۔ یہی اصول اور ضابطے مجموعی طور پر زبان کی 'قواعد' کہلاتے ہیں۔تغیرِ ازمان و مکان کے تحت ان اصولوں اور ضابطوں میں بھی تبدیلیوں رونما ہوتی ہیں۔ وقت کے کسی خاص مرحلے پر زبان کے قواعدی اصولوں کی معیار بندی ہوتی ہے۔اس عمل سے گزرنے کے بعد زبان کا ایک ''معیاری روپ'' وضع ہو جاتا ہے۔

لسانیاتی نقطہ نظر سے قواعد کی دو شاخیں ہوتی ہیں:ا۔مارفیمیات Morphology ۲۔نحویات Syntax

مشہور ماہر لسانیات ''ہال'' (Hall) کا خیال ہے کہ ''نحو ان طریقوں کا مطالعہ ہے جن میں الفاظ استعمال ہوتے ہیں جب کہ مارفیمیات ان طریقوں کا مطالعہ ہے جن سے لفظ بنتے ہیں۔''

نحوی مطالعے میں چونکہ لفظوں کی ترتیب کو خاص اہمیت حاصل ہے اس لیے ''جملہ'' کو خاص اہمیت دی جاتی ہے۔

زبان کے بارے میں جو باتیں دعوٰی کے ساتھ کہی جاسکتی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ وہ لفظوں سے نہیں بلکہ جملوں سے عبارت ہے۔ ''جملہ'' صرف لفظوں کا مجموعہ نہیں بلکہ یہ لفظوں کے معنی متعین کرنے اور انھیں سمت و رفتار عطا کرنے میں فعال کردار ادا کرتا ہے۔ یہ کہنے میں باک ۳؎ نہیں کہ کسی زبان کا مطالعہ دراصل اس کے جملوں کا مطالعہ ہے۔

ماہرین زبان جملے کی تعریف ابھی تک اس کے معنوی اور ہئیتی ۴؎ پہلو کے پیش نظر کرتے آئے ہیں۔ روایتی قواعد میں جملے کے معنوی پہلوؤں پر زور دیا جاتا تھا جبکہ جدید لسانیات نے جملے کی تعریف اس کی ہئیت کو مدنظر رکھ کر کی ہے۔ جملے کی ہئیتی خصوصیات کو لسانیات کی اصطلاح میں ٹیکسیم Taxeme کہتے ہیں جو جملے کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی کو کہی جاتی ہے جس طرح مارفیم لفظ کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی کو کہتے ہیں

ہر زبان میں الفاظ کی مخصوص ترتیب ہوتی ہے جو بامعنی ہوتی ہے، اسی سے زبان کی نحوی ساخت کے اصول معین ہوتے ہیں۔ جملے کی اس قواعد کو جدید اصطلاح میں ٹیکسیمی ترتیب کہتے ہیں۔ اس بات کو ہم یوں اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں جیسے اگر ہم یوں کہیں کہ:

نگہت گاڑی میں بیٹھی ہے یا گاڑی میں نگہت بیٹھی ہے۔ ان جملوں میں لفظوں کی ترتیب بول چال کے عین مطابق ہے لیکن اگر ہم یوں کہیں کہ بیٹھی ہے گاڑی میں نگہت یا گاڑی میں نگہت ہے بیٹھی وغیرہ میں معنی تو ظاہر ہو رہے ہیں لیکن یہاں الفاظ کی ترتیب بول چال کے مطابق نہیں ہے لہذا یہ دو جملے غیر موزوں ہے۔ اس طرح اردو کے حوالے سے یوں کہا جاسکتا ہے کہ اردو جملے میں ٹیکسیمی ترتیب اختیاری ہونے کے باوجود بعض اصولوں کی پابند ہے۔

اردو جملے میں اجزائے کلام Parts of speech کے مقام مقرر ہیں لیکن بعض مقامات پر وہ بھی اختیاری ۵؎ ہوجاتے ہیں جیسے: آج تم میرے گھر آنا یا تم آج میرے گھر آنا یا تم میرے گھر آج آنا وغیرہ۔ یہاں معنی کا فرق پیدا نہیں ہوا کیونکہ اس میں بہ آسانی سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ فلاں فاعل ہے اور فلاں مفعول۔ اس کے برعکس ایسی بھی مثالیں مل جاتی ہیں جہاں اجزائے کلام ۶؎ کا مقام بدلنے سے جملے کا مفہوم ہی بدل جاتا ہے۔ جیسے: اکبر نے زید کو مارا اس جملے کو اگر ہم یوں کہیں گے کہ زید نے اکبر کو مارا۔ تو معنی کا پورا اُلٹ ہوگا۔ یعنی فاعل مفعول اور مفعول فاعل ہوگا۔ ۲

## 6.2 اغراض ومقاصد:

زبان انسانی ذہن کی پُر اسرار اور پیچیدہ پیداوار ہے اسے ایک ایسے تودہ برف سے تشبیہہ دی گئی ہے جس کا چھوٹا سا حصہ سطح آب سے اوپر اور بڑا حصہ سطح آب کے نیچے ہوتا ہے کیونکہ زبان کا چھوٹا سا حصہ مشاہدے میں آتا ہے باقی حصہ سائنسی تجزیے اور تخمین وظن سے باہر ہے۔ ہم صرف زبان کے قابلِ مشاہدہ اور قابلِ تصدیق حصے کے بارے میں ہی بات کر سکتے ہیں۔

زبان میں لفظوں کی اہمیت اور قوت سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن یہ سمجھنا کہ زبان لفظوں کا مجموعہ ہے صحیح نہیں ہے زبان لفظوں سے نہیں بلکہ جملوں سے عبارت ہے۔ سطحی مشاہدہ 'لفظ' ہی کو سب کچھ سمجھ بیٹھتا ہے کیونکہ لغوی معنی کا حامل ہونے کی حیثیت سے 'لفظ' ہماری توجہ فوراً اپنی اور راغب کر لیتا ہے یہاں ہم اس حقیقت کو نظر انداز کر لیتے ہیں کہ خیالات لفظوں میں نہیں بلکہ جملوں میں ہی بخوبی ڈھلتے ہیں ہر لغوی لفظ جملے سے باہر رہ کر بھی معنی کا اشاریہ ہوتا ہے لیکن جملے کے سیاق وسباق میں ہی اس کے معنی متعین ہوتے ہیں۔

لسانیات نے ہماری روایتی قواعد نویسی کو کس حد تک متاثر کیا۔ قواعد میں علم نحو کے سلسلے میں لسانیات کی کون کون سی موشگافیاں ۸ نمو پذیر ہوئیں، جملہ اور اس کے بعض اقسام۔ ان سبھی باتوں کے حوالے سے طالب علم کے اذہان کو

روشناس ۹ کرانا اس اکائی کا بنیادی مدعا ہے۔ تا کہ زبان کے بارے میں صحیح معلومات میسر ہو اور مزید یہ کہ زبان کی باریکیوں اور نزاکتوں کا احساس جلوہ گر ہو۔

## 6.3 نحویات:

قواعد کی دو شاخیں ہیں۔ ۱۔ مارفیمیات ۲۔ نحویات

مارفیمیات میں لفظ کی ساخت کا مطالعہ کیا جاتا ہے جبکہ نحویات ان اصولوں کا مطالعہ ہے جن کے مطابق مختلف تراکیب کو زیادہ بڑی تراکیب میں ترتیب دے دیتے ہیں اور یہ بڑی تراکیب دو الفاظ سے لے کر پورے جملے تک ہو سکتی ہے۔ بہ الفاظِ دیگر نحو صرف آزاد روپوں ۱۰ یا الفاظ کے جوڑنے کے اصولوں کا مطالعہ کرتی ہے۔ جوڑ دو الفاظ سے لے کر ایک بڑے جملے تک کے ہو سکتے ہیں مثلاً 'اچھا انسان' دو الفاظ کا جوڑ ہے جو ایک نحوی ترکیب کہلائے گی۔ اسی طرح 'وہ اچھا انسان ہے' ایک جملہ ہے۔ یہ بھی ایک نحوی ترکیب ہے کیونکہ اس میں الفاظ کا ایک آزاد روپوں کا جوڑ ہے۔ اسی طرح بڑے اور پیچیدہ جملے بھی نحوی ترکیب ہوتے ہیں۔ مثلاً ''وہ جو کل آپ سے ملا اچھا انسان نہیں ہے'' یہ بھی ایک نحوی

ترکیب ہے۔اس طرح یہ تمام تراکیب یا جوڑنحوی ترکیب ہیں اوران کا مطالعہ نحو میں ہوتا ہے۔نحو میں ان اصولوں کا مواخذہ[11] بھی کیا جاتا ہے جن کے مطابق زبان میں الفاظ یا آزادروپوں کو بڑی تراکیب میں ترتیب دے کراستعمال کیا جاتا ہے۔

مارفیمیات اورنحویات میں تفریق[12] کرنا اپنی تعریف کے تناظر[13] میں نہایت آسان ہے۔مارفیمیات میں لفظ کی سطح تک زبان کا مطالعہ کیا جاتا ہے جبکہ نحویات میں دوالفاظ یادو سے زیادہ الفاظ اور جملے تک کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ مارفیمیات میں کسی زبان میں الفاظ کی ساخت،ان میں مارفیم کی ترتیب اور مارفیم کے اقسام وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔کن اصولوں کے تحت مختلف الفاظ ایک دوسرے کے ساتھ مل کرترکیب اور پورے جملے میں استعمال ہوتے ہیں اس کا مطالعہ علم نحو یانحویات میں ہوتا ہے۔

لفظ کا تجزیہ کیا جائے تو ایک مارفیم یاایک سے زیادہ مارفیم میسر ہوتے ہیں مثلاً 'کتاب' ایک لفظ ہے۔اورایک مارفیم بھی۔لیکن 'کتابیں' ایک لفظ تو ہے لیکن یہ ایک مارفیم نہیں ہے۔کیونکہ اس میں دو مارفیم 'کتاب' اور'یں' ہیں۔کتابیں ایک مارفیمیاتی ترکیب ہے کیونکہ اس کے تجزیہ پر جو مارفیم ملتے ہیں ان میں ایک پابند مارفیم ہے۔اگرنحوی ترکیب کا تجزیہ کیا جائے تو اس کے جزومتصل میں سے بھی پابنداکائی نہیں ہوگی۔مثال کے طور پر'اچھی کتابیں' ایک نحوی ترکیب ہے کیونکہ اس کے دومتصل اجزاء'اچھی' اور'کتابیں' میں سے کوئی بھی پابند مارفیم نہیں ہے۔مارفیمیات اورنحویات کے فرق کو سمجھنے کے لیے چندایسی اصطلاحوں کا سمجھنا ناگزیر[14] ہے جن کا استعمال نحو میں ہوتا ہے۔یہ اصطلاحیں نحو کے لیے بنیادی اوزار کے مترادف[15] ہے:

## 6.4 ترکیب:

(Construction) مارفیم یاالفاظ کا کوئی بھی اہم مجموعہ ترکیب کہلاتا ہے۔اس طرح ایک پوراجملہ بھی ایک ترکیب ہے۔دو مارفیم کا گروہ بھی ایک ترکیب کہلاتا ہے۔جیسے: وہ گورا آدمی جوکل آپ سے ملاتھامیرادشمن ہے۔اس میں 'گورا آدمی' 'وہ گورا آدمی' 'جوکل آپ سے ملاتھا' 'میرادشمن' سبھی ترکیبیں ہیں۔اس طرح پوراجملہ بھی ایک ترکیب ہے۔لیکن 'تھامیرا' ترکیب نہیں ہے جبکہ جملے میں دونوں الفاظ پاس پاس ہیں۔وجہ یہ ہے کہ ان دونوں کے مابین کوئی قریبی قواعدی رشتہ نہیں ہے۔اور یہ کوئی اہم گروہ نہیں بناتے ہیں۔ترکیب کی تعریف یہ ہے کہ اس میں کم سے کم دو مارفیم یاالفاظ ہوں اوردوسرے یہ دونوں یا جتنے بھی ہوں آپسمیں مل کرایک اہم گروہ بناتے ہوں۔

واضح رہے اگرترکیب میں دوایسے مارفیم ہیں جن میں سے ایک پابند ہے تو یہ ترکیب نحوی نہ ہوکر مارفیمیاتی ترکیب ہوگی۔مثلاً 'قلمیں' میں دو مارفیم ہیں لیکن دوالفاظ نہیں ہے۔یہ مارفیمیاتی ترکیب ہے جبکہ دوالفاظ الگ الگ جیسے: 'پتلا آدمی'۔۔یہ نحوی ترکیب ہے۔

ترکیبی تجزیہ ۱۶؎ سے یہ معلوم ہوجاتا ہے کہ کون کون سے الفاظ کس جملے میں ایک دوسرے سے قواعدی اعتبار سے زیادہ قریب ہیں جیسا کہ اوپر والے جملے میں دیکھا گیا کہ 'تھا میرا' ایک ساتھ ہوتے ہوئے بھی قواعدی اعتبار سے کتنے دور ہیں۔

### ۲۔جزو(Constituent):

جزو ایک ایسا لفظ یا ایسی ترکیب یا مارفیم ہے جو کسی بڑی ترکیب کا حصہ ہو مثلاً مندرجہ بالا جملے میں ''وہ گورا آدمی جو کل آپ سے ملا تھا میرا دشمن ہے'' اس میں سبھی الفاظ جزو ہیں لیکن ''تھا میرا'' یا '' آدمی جو'' جزو نہیں ہیں کیونکہ یہ خود کوئی ترکیب نہیں ہیں۔اس لحاظ سے یہ پورا جملہ بھی جزو نہیں ہے کیونکہ یہ کسی دوسری بڑی ترکیب کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ترکیب اور جُز دونوں ہی قواعدی طور سے اہم ہیں۔ یہ نہ صرف بامعنی ہوں بلکہ ان کے اجزاء ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہونے چاہئیں۔ یہاں یہ بات یاد رہے کہ ترکیب ہمیشہ دو یا دو سے زیادہ اجزاء(مارفیم یا الفاظ) ہوتے ہیں جبکہ جزو کے لیے یہ شرط نہیں یہ صرف ایک مارفیم یا ایک لفظ بھی ہوسکتا ہے۔

### ۳۔جزو متصل:(Immediate Constituent)

جزو متصل،ان دو یا چند جزو میں سے ایک ہے جن سے کوئی ترکیب بالواسطہ بنی ہو۔مثلاً مندررجہ بالا جملہ ''وہ گورا آدمی جو کل آپ سے ملا تھا میرا دشمن ہے'' اس جملہ میں دو جزو متصل ہیں۔ا۔وہ گورا آدمی جو کل آپ سے ملا تھا'' اور'' میرا دشمن ہے'' اس کے علاوہ ''گورا آدمی'' ایک جزو متصل ہے۔''وہ گورا آدمی جو کل آپ سے ملا تھا'' کا لیکن ''تھا میرا'' یا ''ملا تھا میرا'' کوئی جزو متصل نہیں ہیں۔ کیونکہ یہ کسی بھی ترکیب کو بالواسطہ نہیں بناتے ہیں۔جزو متصل معلوم کرنے کے لیے یہ ایک طریقہ بھی اختیار کیا جاتا ہے کہ ایک جزو متصل کسی ایک سادے لفظ یا اپنے سے چھوٹی ترکیب سے قائم مقام(Substitute)

ہوسکتا ہے۔مثلاً اوپر کی مثال میں ''وہ گورا آدمی جو کل آپ سے ملا تھا'' ایک ترکیب ہے جو پورا چھوٹی ترکیب سے مثلاً ''کل والا آدمی'' یا صرف ''وہ آدمی'' اس کا قائم مقام ہوسکتا ہے۔اور کل ترکیب قواعدی طور سے صحیح رہے گی۔یعنی جملہ ''کل والا آدمی'' ''میرا دشمن ہے'' یا ''وہ آدمی میرا دشمن ہے'' ہوجائے گا۔اس کے برعکس اگر ہم جملے کا کوئی اور حصہ لیں جیسے'' آپ سے ملا تھا میرا دشمن'' یا ''ملا تھا میرا'' وغیرہ چھوٹی ترکیب ایک سادے لفظ سے اس کی قائم مقامی نہیں ہوسکتی۔وہ حصے جو بہ آسانی چھوٹی اکائیوں سے قائم مقام ہوسکیں وہ ترکیب ہیں اور وہی جزو کہلائیں گے۔

## ترکیب اوراس کی قسمیں:

ترکیب الفاظ کے ایسے مجموعے کو کہتے ہیں جو قواعد کے اعتبار سے ایک ہی لفظ کی طرح عمل کرے جیسے: آدمی۔ایک آدمی۔ایک ناتواں آدمی۔سفید داڑھی والا ایک ناتواں آدمی وغیرہ۔ان تراکیب میں یہاں لفظ''آدمی'' کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔اگر کوئی ترکیب فعل سے متعلق ہو تو اسے متعلق فعل ترکیب کہیں گے جیسے: گیا۔گھر گیا۔پچھلے ہفتے گھر گیا۔۔۔یہاں''گھر''اور''پچھلے ہفتے''متعلق فعل کے طور پر استعمال ہوئے ہیں وغیرہ۔

اردو کی اسمی اور فعلی ترکیبیں اپنی ساخت اور عمل کے اعتبار سے درون مرکزی ترکیب (Endocentric Construction)اور بیرون مرکزی ترکیب(Exocentric Construction) کہلاتی ہیں۔جن ترکیبوں کے ایک جزو متصل کے استعمال کے شرائط وہی ہوں جو پوری ترکیب کی ہیں،درون مرکزی ترکیب کہلائے گی۔بصورت دیگر بیرونی مرکزی ترکیب کہلائیں گی۔

### درون مرکزی ترکیبیں:

اس میں دوطرح کی ترکیبیں ہوتی ہیں ا۔ترکیب عطف ی (Coordinate Construction)اور ترکیب توصیفی (Attribute Construction)

ا۔ترکیب **عطفی**،کئی طرح کی ہوتی ہیں اضافائی(Additive) یہ ترکیبیں نشان گر(Marker)''اور'' کا استعمال کرتی ہیں۔جیسے: بچے اور بوڑھے۔دین اور دنیا۔۔وغیرہ۔کبھی کبھی''اور'' کی جگہ''و'' کا استعمال ہوتا ہے جیسے: دین و دنیا۔دل وجاں۔وغیرہ

ا)۔متبادل ترکیب عطفی: یہاں نشان گر'یا'' کا استعمال ہوتا ہے۔جیسے: آج یا کل۔صبح یا شام وغیرہ

۲)۔مبدل ترکیب ےا: ان کے دونوں جزو متصل میں سے کسی کو بھی مرکز کہا جا سکتا ہے مثلاً صدر عبدالکلام میں 'صدر' بھی مرکز ہے اور 'عبدالکلام' بھی مرکز ہے۔یہاں ایک کو مرکز اور دوسرے کو وصف سمجھا جائے گا۔اسی طرح کی دوسری مثالیں: شاعر مشرق اقبال۔شاعر شباب جوش وغیرہ

### ۲۔ترکیب توصیفی:

یہ ترکیب قریباً ہر زبان میں پائی جاتی ہے۔ایسی ترکیبوں میں ایک ہی نوعیت کے اجزائے کلام استعمال ہوتے ہیں جیسے: بڑا جانور، بہت بڑا جانور، سب سے بڑا جانور۔۔۔ان اسمی ترکیبوں میں 'بڑا'،'بہت بڑا'،'سب سے بڑا'،مختلف صفات ہیں اور 'جانور' موصوف اس لیے یہ ترکیب توصیفی کہلائیں گی۔مختلف ترکیبوں میں ان کی ترتیب مختلف ہوسکتی ہیں مثلاً کسی میں مرکز پہلے اور وصف بعد میں اور کسی میں وصف پہلے اور مرکز ۱۸ابعد میں ۔بعض ترکیبیں تو ایسی

ہوتی ہیں کہ مرکز غیر مسلسل ہوتا ہے اور وصف اس کے بیچ میں ہوتا ہے یا اس کا اُلٹا بھی ممکن ہے۔مثالیں ملاحظہ ہوں:

ا۔وصف پہلے مرکز بعد میں: خوبصورت لڑکا۔۔میری کتاب۔مضبوط کھڑکی۔تازہ خبر۔شریف آدمی وغیرہ

۲۔مرکز پہلے وصف بعد میں: مزاجاً شریف۔دل ناداں۔چلے تیز۔اعتراض نہ ہو وغیرہ

۳۔مرکز غیر مسلسل اور وصف بیچ میں: آ بھی جاو۔۔ختم بھی کرو۔۔وغیرہ

۴۔وصف غیر مسلسل اور مرکز بیچ میں: بہتر موسم آج سے۔۔۔ایسی بارش تیز۔۔۔وغیرہ

اردو میں ملکیت ۱۹ ظاہر کرنے کے لیے عام طور سے 'کی' 'کا' استعمال ہوتا ہے جیسے: اکبر کی کتاب۔۔زید کا گھر۔۔وغیرہ یہ سبھی ترکیبیں توصیفی ہیں۔لیکن اردو میں ملکیت ظاہر کرنے کے لیے اضافت کا بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے: حالِ دل۔۔پسرِ اکبر وغیرہ۔۔ان میں وصف اور مرکز کی ترتیب بدلی ہوئی ہیں۔حال اور پسر مرکز ہیں اور دل اور اکبر وصف ہیں۔

**بیرون مرکزی ترکیبیں:**

یہ ترکیبیں تعداد میں بہت زیادہ ہیں۔جو ترکیبیں عام ہیں ان کو تین بڑی قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے:

ا۔امری Directive ترکیب: اس کے جزو متصل میں سے ایک جزو آمر Directer اور دوسرا محور Axis ہوتا ہے مثال کے طور پر ''میدان میں'' اس میں ''میدان'' محور ۲۰ ہے اور ''میں'' امر ۲۱۔امر فعل ہوتا ہے اور محور مفعول۔دوسری امری قسموں میں ایک جزو امر حرف ہوتا ہے اور دوسرا جزو محور۔جیسے: میں۔۔پر۔۔اگر۔۔جب۔۔جبکہ وغیرہ

یہاں فعل کی حیثیت راس ۲۲ (Head) کی ہوتی ہے۔جیسے: زید کمرے میں ہے۔یہاں ''ہے'' فعل ہے جس کی حیثیت راس کی ہے۔

**مفعولی ترکیبیں:**

یہ فعل اور مفعول سے مل کر بنتی ہیں۔جس میں فعل آمر ۲۳ اور مفعول محور ہوتا ہے۔مختلف فعل مختلف مفعول کے ساتھ آتے ہیں اور اس بنیاد پر مفعولی ترکیبوں کی درجہ بندی کی گئی ہے:

ا۔) مفعول ایک لفظ یا فقرہ ہوتا ہے جو درون مرکزی ترکیب سے بنا ہوتا ہے۔خریدے انگور۔۔لایا پنسل۔۔۔کھیلا کھیل۔

۲) مفعول کبھی ایک ایسا لفظ یا فقرہ ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ درون مرکزی یا بیرون مرکزی اصولوں سے بنا ہوتا ہے۔۔۔جانا چاہتا تھا۔۔۔کام کرتے کرتے رُک گئے۔۔

۳) مفعول ایک ایسا فقرہ ہوتا ہے جو عطف کے ساتھ یا بغیر عطف کے آتا ہے۔۔۔زید کو جاتے ہوئے پکڑ لیا۔۔۔میرے خیال میں زید غلطی پر ہے۔

۴) اس قسم میں دو مفعول ہوتے ہیں۔مفعول اول اور مفعول دوم۔۔۔اس کو اچھے کپڑے دیئے۔۔۔یہاں 'اس کو' ایک مفعول ہے اور 'اچھے کپڑے' دسرا مفعول۔

**ربطی ترکیبیں:**

اردو کے ساتھ ساتھ انگریزی اور دنیا کی باقی زبانوں میں بھی بعض الفاظ ایسے ہوتے ہیں جو رابطہ Connecter کا کام کرتے ہیں جیسے: ہے، ہیں، تھا، تھے وغیرہ رابطہ ضروری نہیں کہ دو جزو کے درمیان ہی بولا جائے۔۔مثلاً اکبر چالاک ہے۔۔اس میں ''ہے'' 'اکبر' اور 'چالاک' کو جوڑنے کا کام سرانجام دیتا ہے۔

**خبری ترکیبیں:**

دنیا کی بقیہ زبانوں کی طرح اردو میں بھی خبری جملے عام ہیں۔ان جملوں کے جزو متصل عنوان ۲۴ اور تبصرہ ہوتے ہیں۔یعنی بولنے والا ایک عنوان بولتا ہے اور پھر اس کے بارے میں تبصرہ کرتا ہے۔جیسے: محمود اچھا لڑکا ہے۔۔اس میں 'محمود' ایک عنوان ہے اور 'اچھا لڑکا' تبصرہ ہے۔یہ ضروری نہیں کہ عنوان اور فاعل ایک ہوں جیسے: آپ نے جو کہا تھا میں نے کیا۔۔۔اس میں '' آپ نے جو کہا تھا' عنوان ہے اور 'میں نے کیا' تبصرہ ہے۔یہی دو اس کے جزو متصل ہیں۔

## 6.4 ذاتی جانچ:

**مختصر جواب طلب سوالات**

۱۔نحویات کے ذیل میں کیا کیا آتا ہے؟

۲۔مارفیمیات اور نحویات کے مابین کیا رشتہ ہے؟

۳۔مارفیمی ترکیب اور نحوی ترکیب کی وضاحت کیجیے؟

۴۔بیرون مرکزی ترکیب سے کیا مراد ہے؟

۵۔جزو متصل کی تعریف کیجیے؟

**معروضی سوالات**

۱۔جزو کیا ہوتا ہے؟

۲۔توصیفی ترکیب سے کیا مراد ہے؟

۳۔ٹیکسیم کسے کہتے ہیں؟

۴۔نشان گر کے کیا معنی ہیں؟

۵۔راس کے کیا معنی ہیں؟

## نحوی ساخت اور طریقہ کار:(Structure of the Sentence and Function)

جیسا کہ پہلے مذکور ہو چکا ہے کہ زبان انسانی ذہن کی ایک پیچیدہ اور پُر اسرار پیداوار ہے۔ ہر جگہ اور قدم قدم پر اس کی وسعت اور تہہ داری کے اسرار و رموز عیاں ہو جاتے ہیں۔ دنیا کی ہر زبان بعض اصولوں کے تحت اپنا سفر جاری رکھتی ہے لیکن یہ اصول وقوانین ہر زبان میں اپنے مخصوص انداز میں لاگو ہوتے ہیں۔ ایک زبان کا اصول دوسری زبان کے اصول سے ضروری نہیں موافقت رکھتا ہو۔ خود ایک ہی زبان کے بعض اصول دو مختلف جگہوں پر ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں۔ یہی رنگارنگی اور تخالف اگر چہ بعض مرتبہ انتشار اور دقت کا موجب بن جاتا ہے تاہم اس سے زبانوں کی تہہ داری، وسعت اور انسانی ذہن کی خداد صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ قدرت کی حکمتوں کا بھی ادراک ہوتا ہے۔

کسی شخص کی زبان سے ادا کیا گیا جملہ ہو یا تحریر کردہ الفاظ۔۔ ہمیشہ ایک ترتیب میں ظاہر ہوتے ہیں۔ الفاظ کا ایک دوسرے سے رشتہ عمودی ساخت کے روپ میں ہوتا ہے۔ یعنی وہ الفاظ جو ایک دوسرے کے قریب لکھے یا بولے جاتے ہیں ضروری نہیں کہ وہ معنی کے لحاظ سے یا قواعدی اعتبار سے ایک دوسرے کے قریب ہوں۔ بلکہ دور کے الفاظ آپسمیں دور ہو کر بھی نزدیک کا رشتہ رکھتے ہیں۔ مطلب یہ کہ دور کے الفاظ بھی ایک جز و یا جزو متصل کے رُکن ہو سکتے ہیں۔ مثلاً زید جو ابھی یہاں تھا ممبئی چلا گیا۔۔ یہاں ''زید ممبئی چلا گیا'' یہ الفاظ ایک دوسرے سے دور ہو کر بھی زیادہ قریب ہیں۔ برعکس ''یہاں تھا ممبئی''۔ یہ ایک ساتھ ہو کر بھی ایک دوسرے سے دور ہیں۔

ہر زبان میں الفاظ کے ایک دوسرے کے ساتھ رشتہ کو مختلف طریقوں سے قائم کیا گیا ہے جس کو نحوی طریقے سے (Syntactic Devices or Syntactic Linkage) نحوی رابطہ کہتے ہیں۔ انگریزی اور اردو میں یہ دیکھا گیا ہے کہ سب سے آسان، عام اور کمزور قسم کا نحوی طریقہ ترتیب الفاظ یا روپ درجہ کی رُکنیت ہے۔ ایک جُز درجہ یا روپ درجہ کے سبھی رکن جملے میں ایک ہی طرح استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے: اگر کہا جائے'' سفید کپڑا'' تو یہ ایک ایسی ترکیب ہے جس کے دو جزو متصل ''سفید'' اور'' کپڑا'' ہیں۔ یہ دونوں الفاظ ایک دوسرے کے ساتھ ہیں کیونکہ زبان میں یہ الفاظ اسی طرح ایک ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ پہلا لفظ توصیفی ہے۔ فقرے یا جملے میں یہی ترتیب الفاظ ہوتی ہے اس قسم کے رابطہ کو رابطہ بذریعہ انتخاب کہتے ہیں۔ اس کو رابطہ بذریعہ ترتیب الفاظ بھی کہتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات یہی انتخابی رابطہ معنی میں ابہام ۲۵ پیدا کر دیتا ہے۔ اور بغیر سیاق وسباق ۲۶ معنی واضح نہیں ہوتے ہیں۔ مثلاً 'کھانا ہے' یہ ایک ایسا فقرہ ہے جس میں 'کھانا' اسم بھی ہوسکتا ہے اور فعل بھی۔ اب اگر یہ بڑے جملے کا حصہ ہے تو اس فقرہ کا ابہام دور ہوسکتا ہے۔ مثلاً ''مجھے آم کھانا ہے'' اس طرح یہ واضح ہو گیا کہ ''کھانا'' یہاں فعل ہے۔ لیکن اگر جملہ ہے'' یہ اچھا کھانا ہے'' تو ''کھانا'' اسم ہو گیا۔ اس طرح سیاق وسباق معنی سمجھنے میں مددگار رہتا ہے۔ اس قسم کے رابطہ کو رابطہ بذریعہ سباق کہا جاتا ہے۔

بعض زبانوں میں الفاظ ک ایک محدود ذخیرہ ایسا بھی ہوتا ہے جو معنی تو نہیں رکھتے لیکن جن کا کام قواعدی ساخت کو قائم کرنا ہوتا ہے۔ایسے الفاظ کو تفاعلی الفاظ یا ساختی نشان گر کہتے ہیں۔اردو میں ''اور۔۔یا۔۔۔وغیرہ نشان گر ہیں۔نا خالص نشان گر بھی ہوتے ہیں مثلا۔ بلکہ۔۔لیکن۔۔مگر۔۔۔وغیرہ

یہ الفاظ محض مختلف جزو اور الفاظ کو جوڑنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور معنی میں ان کا کوئی اہم کردار نہیں ہوتا۔جیسے: دن اور رات۔۔یہاں'اور'ان دو الفاظ کو جوڑنے کا کام کرتا ہے۔یہ رابطہ، رابطہ بذریعہ نشان گر[۲۷] کہلاتا ہے۔

جملے میں الفاظ کی ایک مخصوص ترتیب ہوتی ہے جو بعض نحوی اصولوں کی پابند ہوتی ہے۔یہ ترتیب دو حصوں میں منقسم ہے۔پہلے حصے میں کسی شخص، چیز یا بات کا حوالہ ہوتا ہے جسے ''مبتدا'' کہتے ہیں اور دوسرے حصے میں اس کے تعلق سے کوئی بات کہی جاتی ہے جو''خبر'' کہلاتی ہے۔اردو جملہ انھیں سے عبارت ہے۔

**فاعل کا مقام:** اردو جملے کا عمومی اصول یہ ہے کہ شروع میں فاعل آتا ہے اور آخر میں فعل۔باقی اجزائے کلام ان دونوں کے بیچ میں آتے ہیں۔اگر سادہ اور خالص فعل ''وجود'' کے معنی میں اتعمال ہوا ہے تو وہ فاعل کے فوراً بعد آئے گا جیسے: میں ہوں۔۔وہ ہے وغیرہ لیکن اگر اس کے ساتھ کچھ اور کہنا ہے تو وہ فعل سے پہلے استعمال ہوگا۔جیسے: میں اچھا ہوں۔۔وہ برا ہے وغیرہ۔۔''وجود'' کو'ہوں' 'ہے' 'ہیں' 'ہو' سے ظاہر کیا جاتا ہے جو فاعل کی جنس سے متاثر نہیں ہوتے۔''وجود'' کو ماضی میں ظاہر کرنے کے لیے 'تھا' 'تھی' 'تھیں' 'تھے' کا استعمال کیا جاتا ہے۔

**مطابعت:(Government)**

دنیا کی بیشتر زبانوں میں یہ تصریفی نحوی طریقہ مستعمل ہے۔یہ طریقہ بیرون مرکزی ترکیبوں کے جزو کے رشتہ کو ظاہر کرتے ہیں۔مختلف زبانوں میں اسم کی حالت کی تعداد مختلف ہوتی ہیں۔اردو میں نظام حالت اور تفاعلی الفاظ دونوں کا امتزاج[۲۸] پایا جاتا ہے۔یہاں دو حالتیں سامنے آتی ہیں ایک فاعلی حالت جیسے: لڑکا جاتا ہے۔دوسرے غیر فاعلی حالت مثلاً لڑکے نے کہا۔۔۔یعنی اس میں کوئی نہ کوئی جار موخر Post Position استعمال ہوتا ہے۔''نے'' اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ آنے والا فعل ماضی میں استعمال ہوگا۔یہ جار موخر اسم کے فوراً بعد استعمال ہوتے ہیں۔میں۔۔۔سے۔۔۔پر۔۔کو۔۔کا کے وغیرہ۔۔یہ سبھی جار موخر[۲۹] اسم کے ساتھ ترکیبی ساخت بناتے ہیں۔ان کا شمار اردو کے تفاعلی الفاظ میں ہوتا ہے۔

**مطابقت:(Concord)**

مطابقت نحوی رابطہ کا وہ تصریفی طریقہ ہے جس میں ایک لفظ اپنی شکل جملے میں موجود کسی دوسرے لفظ کی شکل کے مطابق اختیار کرتا ہے۔ جیسے: لڑکا جاتا ہے۔۔۔لڑکے جاتے ہیں۔۔۔۔لڑکا گیا۔۔لڑکے گئے۔۔۔اردو میں یہ مطابقت صفت اسم کی ترکیب میں بھی پائی جاتی ہے اور یہ مطابقت نہ صرف تعداد بلکہ جنس کی بھی ہوتی ہے۔ مثلاً۔۔اچھا قلم۔۔۔اچھے قلم۔۔۔اچھی پنسل۔۔۔۔اچھی پنسلیں وغیرہ

## 6.5 جملہ کی تعریف:

روایتی قواعد میں 'جملے' کی تعریف محض اس کے معنوی پہلو کو نظر میں رکھتے ہوئے کی گئی ہے۔ بقول مولوی عبدالحق:

> **''کوئی شخص کتنی ہی کم سے کم بات کرنی چاہے تو وہ بھی جملے سے کم نہ ہو گی یعنی اتنی بات کہ جس سے دوسرا آدمی اس کا مطلب سمجھ جائے۔''** (قواعد اردو)

جبکہ جملے کی شناخت میں ''سُر'' کا اتار و چڑھاؤ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ جو کہ ہیئتی خصوصیت ہے اسی ہیئتی خصوصیت کی جانب لسانیات نے ہماری توجہ مبذول کرانے کی کوشش کی ہے۔ جملہ آواز کے ذریعے ادا ہوتا ہے اور صرف ''سُر'' کے اُتار وچڑھاؤ سے جملے کا تعین کیا جاتا ہے۔ انگریزی زبان کے ماہر لسانیات (Leonard Bloom Feeld) اپنی کتاب Language میں جملے میں سُر کے اُتار و چڑھاؤ کی اہمیت پر یوں روشنی ڈالتے ہیں:

> '' کلام ایک سے زیادہ جملوں پر مشتمل ہوسکتا ہے۔ ''کہو خیریت تو ہے''۔ ''آج موسم بڑا خوشگوار ہے''۔ ''کیا ہم ٹینس کھیلنے نہیں جائیں گے؟''۔ یہ تینوں لسانی ہیئتیں مل کر ایک مکمل کلام کا اظہار کرتی ہیں لیکن ان کے درمیان کوئی 'قواعدی انتظام' نہیں ہے جو ان کو ایک وسیع تر لسانی ہیئت میں تبدیل کردے۔ اس لیے یہ تینوں لسانی ہیئتیں 'آزاد لسانی ہیئتیں' یعنے جملے ہیں''

**بہ حوالہ ''نئی اردو قواعد'' از ڈاکٹر عصمت جاوید**

جملے کے ختم ہونے کا اظہار ''گرتے سُر'' یا ''ماند پڑتا سُر'' سے کیا جاتا ہے کیونکہ جب ہم بیانیہ جملہ ختم کرتے ہیں تو ہماری آواز مدھم ہوتے ہوتے ڈوب جاتی ہے لیونارڈ بلوم فیلڈ اسے ''اختتامی سُر'' کا نام دیتا ہے۔ تحریر میں ہم اسے علامتِ ختمہ (۔) سے ظاہر کرتے ہیں۔ اسی طرح مختلف جملوں کو اُن کی ہئیت کے اعتبار سے ماہرین لسانیات نے (وقفی سُر، ہموار سُر، استفہامی سُر اور فجائیہ سُر)وغیرہ نام دیا ہے۔

جملے کی اس ہیئتی خصوصیت کو اصطلاح میں ''تنظیمیہ (ٹیکسیم ) کہتے ہیں۔جس طرح آواز کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی ''صوتیہ'' کہلاتی ہے اس طرح جملے کی چھوٹی سے چھوٹی ہیئتی اکائی ''ٹیکسیم'' کہلاتی ہے۔

جملے کی ہیئتی خصوصیات کو اس طریقے سے بھی سمجھا جاسکتا ہے جیسے ہم کہیں: احمد گاڑی میں بیٹھا ہے یا گاڑی میں احمد بیٹھا ہے۔ان جملوں میں الفاظ کی ترتیب بول چال کے عین مطابق ہے لیکن ''بیٹھا ہے گاڑی میں احمد'' یا ''گاڑی میں احمد ہے بیٹھا'' وغیرہ میں معنی تو ادا ہو رہے ہیں مگر یہاں الفاظ کی ترتیب بول چال کے عین مطابق نہیں ہے اس لیے غیر موزوں ہے۔اس طرح ہم اردو کے حوالے سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ اردو جملے میں ٹیکسیمی ترتیب اختیاری ہونے کے باوجود بعض اصولوں کی پابند ہے۔

اردو جملے میں اجزائے کلام کے مقام مقرر ہیں لیکن بعض مقامات پر یہ بھی اختیاری ہو جاتے ہیں جیسے: آج تم میرے گھر آنا یا تم میرے گھر آج آنا یا تم آج میرے گھر آنا۔۔ یہاں معنی کا فرق اس لیے پیدا نہیں ہوا کیونکہ اجزائے کلام کی مخصوص ہیئتوں کے حامل ان جملوں میں آسانی سے یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ فلاں فاعل ہے اور فلاں مفعول۔لیکن کبھی کبھار اجزائے کلام کا مقام بدلنے سے جملے کا معنی بھی بدل جاتا ہے جیسے: شیر نے ہاتھی کو مارا۔۔اس کو اگر یوں کہیں گے۔۔ ہاتھی نے شیر کو مارا۔۔تو جملے میں معنی ہی بدل جاتے ہیں اور فاعل اور مفعول میں فرق پیدا ہو جاتا ہے۔

**اردو جملے کے اقسام:**

زبان جملوں پر مشتمل ہوتی ہے۔مقاصد کے اعتبار سے جملوں کی نوعیتیں بھی مختلف ہوتی ہیں۔اردو میں بھی مختلف النوع جملے استعمال ہوتے ہیں۔ان کی تقسیم کئی اعتبار سے ممکن ہے۔بعض اجزائے کلام خاص طور پر اسم اور فعل کسی جملے کی تکمیل کے لیے لازمی طور پر آتے ہیں لیکن روزمرہ گفتگو میں ہم کبھی کبھار یک لفظی جملے بھی استعمال کرتے ہیں جیسے: جا۔آ۔ہاں۔نہیں وغیرہ

ماہرین زبان نے اجزائے کلام کی رو سے اردو جملے کی تین قسمیں گنوائی ہیں:

**۱۔جملہ تام:** اس میں تمام اہم اجزائے کلام حسبِ ضرورت استعمال ہوتے ہیں

**۲۔جزوی جملہ:** اس میں خارجی سیاق وسباق کی مدد سے ادھوری بات پوری کی جاتی ہے

**۳۔محذوف جملہ:** اس میں کوئی جزو کلام حُسنِ بیان کے لیے غیر ضروری سمجھ کر چھوڑ دیا جاتا ہے

**عملی اعتبار سے اردو جملے کے اقسام:**

اردو جملے کے اقسام عملی نقطہ نظر سے بھی کی جاتی ہے یعنی جملے میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ عمل کا مختلف طور طریقہ ظاہر کرنے کے لیے اردو جملہ کون کون سی شکل اختیار کرتا ہے۔ اس لحاظ سے اردو جملوں کی مندرجہ ذیل چار قسمیں بیان کی گئی ہیں:

**ا۔بیانیہ** (Declarative) **۲۔امر** (Imperative) **۳۔استفہامیہ** (Interrogative) **۴۔فجائیہ** (Exclaimatory)

ا۔ **ا۔بیانیہ** :(Declarative) یہ وہ جملہ ہے جس میں کوئی بات ایسی بیان کی گئی ہو جس کی تصدیق یا تردید ہو سکے۔ اس کی دو قسمیں ہیں: (الف)۔ایجابی (Affirmative) (ب) منفی (Negative)

(الف) ایجابی: یہ وہ جملہ ہے جس میں کسی واقعے کا بیان مثبت طور پر ہو جیسے:

ا۔میرا دوست اُستاد ہے۔۲۔میرا دوست مجھ سے ملاقات کرے گا وغیرہ

(ب) منفی: یہ وہ جملہ ہے جس میں کسی واقعے کا انکار یا اس کی تردید کی گئی ہو اس میں عموماً حرف نفی (نہیں، نہ) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے:

ا۔میں تمہیں نہیں جانتا ۲۔میں ابھی تک وہاں نہیں گیا وغیرہ

**۲۔امر** (Imperative): امر کے معنی حکم کے ہیں لیکن اصطلاح میں امر ہر وہ جملہ ہے جس میں حکم کے علاوہ اجازت یا درخواست ہو۔ اس میں صرف فعلی مادہ جیسے: آ۔جا۔وغیرہ کا بھی استعمال ہوتا ہے۔

**۳۔استفہامیہ** (Interrogative): یہ وہ جملہ ہے جس میں متکلم سامع سے کوئی بات جاننے یا نہ جاننے کے لیے سوال کرتا ہے جیسے: ا۔تم کہاں جا رہے ہو؟ ۲۔کیا تم آوءگے؟ وغیرہ

**۴۔فجائیہ** (Exclaimatory): یہ وہ جملہ ہے جس میں متکلم اپنی حیرت یا تاسف کا اظہار کرتا ہے۔ جیسے:

ا۔تم! بڑے چھپے رُستم نکلے ۲۔اوہو! تم سے یہ امید تو ہرگز نہ تھی۔ وغیرہ

واضح رہے استفہامیہ اور فجائیہ جملوں میں تنظیمیہ لہجہ کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ ان جملوں کو اپنے مخصوص سُر لہر کی بدولت دور سے پہچانا جاتا ہے۔

---

## 6.6 ذاتی جانچ:

---

**مختصر جواب طلب سوالات**

ا۔قواعد کی تعریف کیجیے؟

۲۔روایتی اور توضیحی قواعد سے کیا مراد ہے؟

۳۔اردو جملہ کون کون سے اقسام ہیں؟

۴۔نحوی ساخت سے کیا مراد ہے؟

۵۔مطابقت کسے کہتے ہیں؟

**معروضی سوالات**

ا۔قواعد کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

۲۔اجزائے کلام کی رو سے اردو جملے کے کتنے اقسام ہیں؟

۳۔ جملے کی پہچان میں کیا چیز بنیادی اہمیت رکھتی ہے؟

۴۔اردو جملے میں مبتدا پہلے آتا ہے یا خبر؟

۵۔فاعل کسے کہتے ہیں؟

## 6.7 مفرد اور غیر مفرد جملے:

**مفرد جملہ:(Simple(Single ) Sentence)**

قواعدی اصطلاح میں وہ جملہ مفرد کہلاتا ہے جس میں صرف ایک **فعل** ہو۔ یہ جملہ ایک لفظ یا جزو کلام سے لے کر کئی الفاظ یا اجزائے کلام پر مشتمل ہوسکتا ہے مثلاً:

آ۔۔۔(ایک مفرد جملہ ہے ) رحیم گیا۔۔۔(یہ بھی مفرد جملہ ہے)

چڑیا پیڑ پر بیٹھی ہے۔۔۔(مفرد جملہ) رحیم نے ڈرتے ڈرتے دیکھا۔۔۔(مفرد جملہ)

رحیم نے کریم کو کتاب دی۔(مفرد جملہ) رحیم نہا کر کمرے میں داخل ہوا۔۔(مفرد جملہ)

مندرجہ بالا تمام جملے اس لیے مفرد کہلاتے ہیں کیونکہ ان میں سے ہر ایک میں صرف ایک **فعل** استعمال ہوا ہے۔**فعل** کی دوسری ہیئتیں مصدر، حالیہ ناتمام وحالیہ معطوفہ جملے میں **فعل** کی جگہ نہیں لے سکتے۔اس لیے انھیں **فعل** قرار نہیں دیا جاسکتا۔

## 6.8 غیر مفرد جملہ:

**(Combined Sentence)** اس جملے کی یہ پہچان ہے کہ اس میں ایک سے زیادہ **فعل** موجود ہوتے ہیں۔ یہ دراصل دو یا دو سے زائد مفرد جملوں کے ملاپ کا نتیجہ ہوتا ہے۔مفرد جملوں کو جن حروف سے جوڑ کر غیر مفرد جملہ بنایا جاتا ہے انھیں حروف عطف کہتے ہیں۔رحیم اپنے گھر سے آیا اور میرے پاس بیٹھا۔(یہ دو مفرد جملوں سے مل کر بنا ہے)

ا۔رحیم اپنے گھر سے آیا ۲۔رحیم میرے پاس بیٹھا

ان دو مفرد جملوں کے ملاپ سے ایک نیا جملہ:

رحیم اپنے گھر سے آیا + اور + رحیم میرے پاس بیٹھا

۔۔۔۔رحیم اپنے گھر سے آیا + اور + وہ میرے پاس بیٹھا

۔۔۔۔رحیم اپنے گھر سے آیا + اور + میرے پاس بیٹھا

۔۔۔۔رحیم اپنے گھر سے آیا اور میرے پاس بیٹھا

ان سبھی جملوں میں حروف عطف (اور) ہے۔

غیر مفرد جملوں کے دو اقسام ہیں:

**۱۔مرکب جملہ** (Compound Sentence) **۲۔پیچیدہ جملہ** (Complex Sentence)

**۱۔مرکب جملہ:** یہ وہ جملہ ہے جس میں پہلے فقرے میں کہی ہوئی بات پر مزید اضافہ بعد کے فقرے یا فقروں میں ہوتی ہے۔اس اضافے میں ا۔توثیق ۲۳۰ ۲۔تردید ۳۔توضیح اور ۴۔توجیح ۳۱ شامل ہیں۔

ا۔رحیم آیا اور مجھ سے مل کر چلا گیا ۲۔رحیم آیا تھا لیکن مجھ سے ملاقات نہ ہوسکی ۳۔وہ صرف آیا ہی نہیں بلکہ بیٹھا بھی ۴۔جہاں جانا چاہو جاؤ صرف یہاں نہ آؤ ۵۔نہ تم آئے نہ وہ آیا (تم آئے نہ وہ آیا)

مندرجہ بالا جملوں کے پہلے فقرے میں جو بات کہی گئی ہے بعد کے فقروں میں اس پر مزید اضافہ کیا گیا ہے۔یہاں جو حروف عطف استعمال ہوئے ہیں وہ یہ ہیں:

(اور۔لیکن۔بلکہ۔نہ صرف۔نہ) یہ حروف عطف معاون حروف عطف کہلاتے ہیں۔

**۲۔پیچیدہ جملہ:** غیر مفرد جملے میں دو یا زائد فقروں میں سے ایک معنوی سطح پر آزاد اور بقیہ فقرے مفہوم اور ساخت کے اعتبار سے مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔خاص فقرہ اور دوسرے فقرے جو ساخت کے اور معنی کے اعتبار سے اس فقرے کے تابع ہوتے ہیں تابع فقرے کہلاتے ہیں۔وہ حروف عطف جو دو جملوں کو جوڑ کر پیچیدہ جملے کی تولید ۳۲ کرتے ہیں تابع کنندہ حروف کہلاتے ہیں۔مثلاً

ا۔وہ قلم جو میز پر دھرا ہے میرا ہے ۲۔آج میں نے ایک گائے دیکھی جو لال رنگ کی تھی

۳۔جب وہ گھر آیا تو میں سو رہا تھا ۴۔وہ کب آئے گا مجھے معلوم نہیں

۵۔اس نے کہا کہ میں جا رہا ہوں

پہلا جملہ لیجئے: وہ قلم جو میز پر دھرا ہے میرا ہے۔۔۔۔اس جملے میں دو فقرے ہیں:

ا۔وہ قلم میرا ہے ۲۔جو (قلم) میز پر دھرا ہے

فقرہ نمبر۲۔۔''جو میز پر دھرا ہے''اسم قلم کے معنی میں تحدید۳۳ کر رہا ہے بالکل اسی طرح جس طرح صفت اسم کے معنی میں تحدید کرتی ہے۔یہ فقرہ معنوی اعتبار سے ادھورا ہے۔اس لیے تابع فقرہ ہے۔اور چونکہ یہ تابع فقرہ صفت کا وظیفہ۳۴ انجام دیتا ہے اس لیے اصطلاح میں اسے 'توصیفی فقرہ' کہیں گے۔اس جملے میں وہ قلم ۔۔۔۔۔میرا ہے، خاص فقرہ ہے۔پورا جملہ پیچیدہ ہے یہ جملہ مفرد جملوں سے اس طرح ترکیب پاتا ہے:

ا۔وہ قلم میرا ہے

۲۔قلم میز پر دھرا ہے

۔۔۔۔۔۔ وہ قلم + جو + میز پر دھرا ہے + میرا ہے

۔۔۔۔۔۔وہ قلم جو میز پر دھرا ہے میرا ہے

مذکورہ بالا جملے تبادلی قواعد کی رو سے ''اصل جملے'' ہیں۔

## 6.9 ذاتی جانچ:

**مختصر جواب طلب سوالات**

ا۔غیر مفرد جملہ کیا ہے اس کے کتنے اقسام ہیں؟

۲۔پیچیدہ جملے کسے کہتے ہیں۔مثال کے ساتھ واضح کیجیے؟

۳۔'تنظیمیہ' یا ٹیکسیم کسے کہتے ہیں۔کوئی ایک دلیل دیجیے؟

**معروضی سوالات**

ا۔مفرد جملے کے کتنے اقسام ہیں؟

۲۔لفظِ 'وظیفہ' کا متبادل کیا ہے؟

۳۔فقرہ اور جملہ میں کیا فرق ہے؟

## 6.10 خلاصہ:

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد ہم درج ذیل نتائج پر پہنچتے ہیں:

ا۔مارفیمیات اور نحویات میں تفریق کرنا اپنی تعریف کے تناظر میں نہایت آسان ہے۔مارفیمیات میں لفظ کی سطح تک زبان کا مطالعہ کیا جاتا ہے جبکہ نحویات میں دو الفاظ یا دو سے زیادہ الفاظ اور جملے تک کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔مارفیمیات میں کسی زبان میں الفاظ کی ساخت،ان میں مارفیم کی ترتیب اور مارفیم کے اقسام وغیرہ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔کن اصولوں کے تحت مختلف الفاظ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر ترکیب اور پورے جملے میں استعمال ہوتے ہیں اس کا مطالعہ علم نحو یا نحویات میں ہوتا ہے۔

۲۔ ماہرین زبان جملے کی تعریف ابھی تک اس کے معنوی اور ہئیتی پہلو کے پیش نظر کرتے آئے ہیں۔ روایتی قواعد میں جملے کے معنوی پہلوؤں پر زور دیا جاتا تھا جبکہ جدید لسانیات نے جملے کی تعریف اس کی ہئیت کو مدنظر رکھ کر کی ہے۔ جملے کی ہئیتی خصوصیات کو لسانیات کی اصطلاح میں ٹیکسیم Taxeme کہتے ہیں جو جملے کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی کو کہی جاتی ہے جس طرح مارفیم لفظ کی چھوٹی سے چھوٹی اکائی کو کہتے ہیں

۳۔ واضح رہے اگر ترکیب میں دو ایسے مارفیم ہیں جن میں سے ایک پابند ہے تو یہ ترکیب نحوی نہ ہو کر مارفیمیاتی ترکیب ہوگی۔ مثلاً 'قلمیں' میں دو مارفیم ہیں لیکن دو الفاظ نہیں ہے۔ یہ مارفیمیاتی ترکیب ہے جبکہ دو الفاظ الگ الگ جیسے: 'پتلا آدمی'۔ یہ نحوی ترکیب ہے۔

۴۔ مارفیمیات میں لفظ کی ساخت کا مطالعہ کیا جاتا ہے جبکہ نحویات لفظ کی ترتیب و تنظیم کا گُر سکھاتی ہے۔

۵۔ زبان میں لفظوں کی اہمیت اور قوت سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن یہ سمجھنا کہ زبان لفظوں کا مجموعہ ہے صحیح نہیں ہے زبان لفظوں سے نہیں بلکہ جملوں سے عبارت ہے۔

۶۔ جملے کی شناخت میں ''سُر'' کا اتار و چڑھاؤ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ جو کہ ہئیتی خصوصیت ہے اسی ہئیتی خصوصیت کی جانب لسانیات نے ہماری توجہ مبذول کرانے کی کوشش کی ہے۔

۷ ماہرین زبان نے اجزائے کلام کی رو سے اردو جملے کی تین قسمیں گنوائی ہیں:

۱۔ جملہ تام: اس میں تمام اہم اجزائے کلام حسبِ ضرورت استعمال ہوتے ہیں

۲۔ جزوی جملہ: اس میں خارجی سیاق وسباق کی مدد سے ادھوری بات پوری کی جاتی ہے

۳۔ محذوف جملہ: اس میں کوئی جزوکلام حُسنِ بیان کے لیے غیر ضروری سمجھ کر چھوڑ دیا جاتا ہے

۷۔ غیر مفرد جملوں کے دو اقسام ہیں:

۱۔ مرکب جملہ (Compound Sentence) ۲۔ پیچیدہ جملہ (Complex Sentence)

۸۔ اردو جملے میں اجزائے کلام کے مقام مقرر ہیں لیکن بعض مقامات پر یہ بھی اختیاری ہو جاتے ہیں۔

۹۔ زبان میں لفظوں کی اہمیت اور قوت سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن یہ سمجھنا کہ زبان لفظوں کا مجموعہ ہے صحیح نہیں ہے زبان لفظوں سے نہیں بلکہ جملوں سے عبارت ہے۔ سطحی مشاہدہ 'لفظ' ہی کو سب کچھ سمجھ بیٹھتا ہے کیونکہ لغوی معنی کا حامل ہونے کی حیثیت سے 'لفظ' ہماری توجہ فوراً اپنی اور راغب کر لیتا ہے یہاں ہم اس حقیقت کو نظر انداز کر لیتے ہیں کہ خیالات لفظوں میں نہیں بلکہ جملوں میں ہی بخوبی ڈھلتے ہیں ہر لغوی لفظ جملے سے باہر رہ کر بھی معنی کا اشاریہ ہوتا ہے لیکن جملے کے سیاق وسباق میں ہی اس کے معنی متعین ہوتے ہیں۔

۱۰۔ زبان انسانی ذہن کی ایک پیچیدہ اور پُر اسرار پیداوار ہے۔ ہر جگہ اور قدم قدم پر اس کی وسعت اور تہہ داری کے اسرار و رموز عیاں ہو جاتے ہیں۔ دنیا کی ہر زبان بعض اصولوں کے تحت اپنا سفر جاری رکھتی ہے لیکن یہ اصول وقوانین ہر زبان میں اپنے مخصوص انداز میں لاگو ہوتے ہیں۔ ایک زبان کا
اصول دوسری زبان کے اصول سے ضروری نہیں موافقت رکھتا ہو۔ خود ایک ہی زبان کے بعض اصول دو مختلف جگہوں پر ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں۔ یہی رنگارنگی اور تخالف اگرچہ بعض مرتبہ انتشار اور دقت کا موجب بن جاتا ہے تاہم اس سے زبانوں کی تہہ داری، وسعت اور انسانی ذہن کی خداد صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ قدرت کی حکمتوں کا بھی ادراک ہوتا ہے۔

۱۱۔ کسی شخص کی زبان سے ادا کیا گیا جملہ ہو یا تحریر کردہ الفاظ ۔۔ ہمیشہ ایک ترتیب میں ظاہر ہوتے ہیں۔ الفاظ کا ایک دوسرے سے رشتہ عمودی ساخت کے روپ میں ہوتا ہے۔ یعنی وہ الفاظ جو ایک دوسرے کے قریب لکھے یا بولے جاتے ہیں ضروری نہیں کہ وہ معنی کے لحاظ سے یا قواعدی اعتبار سے ایک دوسرے کے قریب ہوں۔ بلکہ دور کے الفاظ آپسمیں دور ہو کر بھی نزدیک کا رشتہ رکھتے ہیں۔ مطلب یہ کہ دور کے الفاظ بھی ایک جزو یا جزو متصل کے رُکن ہو سکتے ہیں۔ مثلاً زید جو ابھی یہاں تھا ممبئ چلا گیا۔۔ یہاں ''زید ممبئ چلا گیا'' یہ الفاظ ایک دوسرے سے دور ہو کر بھی زیادہ قریب ہیں۔ برعکس ''یہاں تھا ممبئ'' ۔ یہ ایک ساتھ ہو کر بھی ایک دوسرے سے دور ہیں۔

۱۲۔ زبان جملوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ مقاصد کے اعتبار سے جملوں کی نوعیتیں بھی مختلف ہوتی ہیں۔ اردو میں بھی مختلف النوع جملے استعمال ہوتے ہیں۔ ان کی تقسیم کئی اعتبار سے ممکن ہے۔ بعض اجزائے کلام خاص طور پر اسم اور فعل کسی جملے کی تکمیل کے لیے لازمی طور پر آتے ہیں لیکن روزمرہ گفتگو میں ہم کبھی کبھار یک لفظی جملے بھی استعمال کرتے ہیں جیسے: جا۔ آ۔ ہاں۔ نہیں وغیرہ

ماہرین زبان نے اجزائے کلام کی رو سے اردو جملے کی تین قسمیں گنوائی ہیں:

**۱۔ جملہ تام:** اس میں تمام اہم اجزائے کلام حسبِ ضرورت استعمال ہوتے ہیں

**۲۔ جزوی جملہ:** اس میں خارجی سیاق وسباق کی مدد سے ادھوری بات پوری کی جاتی ہے

**۳۔ محذوف جملہ:** اس میں کوئی جزو کلام حُسنِ بیان کے لیے غیر ضروری سمجھ کر چھوڑ دیا جاتا ہے

## 6.10 توضیح وفرہنگ:

**۱۔ تغئیر:** تبدیلی۔ بدلاؤ

**۲۔ وضع:** رکھنا۔ ترتیب دینا۔ ساخت۔ بناوٹ

**۳۔ باک:** ڈر۔خوف۔ ہراس۔فکر۔خطرہ

**۴۔ ہئیتی:** انگریزی میں ہیئت کے معنی ہے Form یعنی شکل۔ بناوٹ۔ساخت وغیرہ

**۵۔اختیاری:** ارداداتاً۔شعوری طور پر۔سوچ وسمجھ کر۔انگریزی میں Optional

**۶۔اجزائے کلام:** واعد کی رو سے اجزائے کلام میں،اسم ،فعل ،حرف ،صفت ،ضمیر وغیرہ آجاتے ہیں۔یعنی وہ چیزیں جو بات کرنے ،بولنے،اور مطلب ظاہر کرنے میں کام آئے۔

**۷۔راغب:** خواہش کرنا۔متوجہ ہونا۔

**۸۔موشگافیاں:** باریک بینی۔نزاکت

**۹۔روشناس:** تعارف۔جان پہچان۔ پتا لگنا

**۱۰۔آزادروپ:** لفظ کی آزادی۔مطلب وہ لفظ جو کسی اور لفظ کا پابند نہ ہوجیسے: محبت۔خوش۔انسان۔۔وغیرہ

**۱۱۔مواخذہ:** گرفت۔بازپُرس۔جوب طلبی۔جواب دہی۔پکڑ

**۱۲۔تفریق:** فرق۔امتیاز

**۱۳۔تناظر:** مقابلہ کرنا۔پس منظر

**۱۴۔ناگزیر:** ضروری۔اہم۔لازمی

**۱۵۔مترادف:** ہم معنی۔ایک جیسے۔ ملتے جلتے

**۱۶۔ترکیبی تجزیہ:** تراکیب کا جائزہ لینا۔جانچ کرنا۔ پتالگانا۔تراکیب کے مختلف اجزاء کوالگ الگ کرکے دیکھ لینا۔وغیرہ

**۱۷۔مبدل ترکیب:** ایک ترکیب کے بدلے دوسری ترکیب سے کام لینا۔تبادلہ کرنا۔۔ یہ عمل نحوی تراکیب میں ضرورت پڑنے کیا جاتا ہے۔

**۱۸۔مرکز:** جملے میں کوئی ایسا لفظ ہوتا ہے۔جس کی اہمیت باقی الفاظ کی اہمیت کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے ۔بہ الفاظ دیگر جس پر جملے کی ساخت کا مدار ہوتا ہے۔مثلاً۔۔۔احمد نے محمود سے کہا۔۔۔یہاں سارا دھیان محمود پر جاتا ہے کیونکہ 'احمد' نے جو کچھ بھی کہا ہے اس کا مرکز 'محمود' ہے۔

**۱۹۔ملکیت:** اثاثہ۔مال واسباب۔وراثت۔جس پر مالک ہونے کا حق ہو۔

**۲۰۔محور:** بنیادی چیز۔وہ چیز جس کے اردوگرد نظر دوڑائی جائے۔توجہ کا مرکز وغیرہ

**۲۱۔امر:** حکم۔بات۔تاکید

**۲۲۔راس:** انگریزی میں اسے Head کہتے ہیں۔یعنی بڑا۔ایسا عموماً کسی جملے میں دیکھا جاتا ہے جس میں کوئی لفظ ایسا ہوتا ہے جس کی بڑائی باقی الفاظ کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے۔جیسے: شاعرمشرق ڈاکٹر سر محمد اقبال سیالکوٹ میں پیدا ہوئے، یہاں شاعرمشرق اور اقبالؔ باقی الفاظ کے مقابلے میں بڑائی کا عنصر رکھتے ہیں۔گویا یہ دونوں الفاظ اس جملے میں ٗراس ٗ کہلائیں گے۔

**۲۳۔آمر:** اسے انگریزی میں Directer کہتے ہیں۔یہ بھی جملے کا ہی ایک حصہ ہے۔مثلاً کسے جملے میں کوئی ایسا لفظ ہوتا ہے جو دوسرے کو کوئی تاکید کررہا ہو یا کسی بات کے کرنے یا روکنے پر اصرار کر رہا ہو۔۔۔احمد نے محمود سے کہا۔بیٹا! زیادہ دور نہیں جانا۔۔۔یہاں احمد محمود کو تاکید کر رہا ہے نہ کہ محمود احمد کو کچھ کہہ رہا ہے۔گویا یہاں ٗاحمد ٗ آمر ٗ ہے۔

**۲۴۔عنوان: نام**۔۔یہ بھی نحویاتی تجزیئے کا ایک حصہ ہے۔مثلاً کسی جملے میں یہ کہا جاتا ہے کہ زید نے روتے روتے اپنا برا حال کیا۔۔۔یہاں ٗزیدٗ عنوان کہلائے گا اور ٗروتے روتے اپنا برا حال کیا ٗ اس پر تبصرہ ہے۔

**۲۵:ابہام:** انگریزی میں یہ Ambiguity کہلاتا ہے مطلب کوئی ایسا کلام یا بات جس کے معنی پوری طرح واضح نہ ہو۔۔۔وہ کھاتا ہے۔۔۔کون کھاتا ہے یہ پتا نہیں، کیا کھاتا ہے یہ بھی پتا نہیں۔۔۔ابہام کا عمل دخل زبان کی قریباً ہر سطح پر دیکھنے کو ملتا ہے۔ادب میں ابہام سے ہی حُسن پیدا ہوجاتا ہے۔دوسرے لفظوں میں ادب کی ادبیت، اس کی ہمہ گیری و گیرائی، اس کی تہہ داری وغیرہ بہت کچھ ابہام کے عمل دخل سے ہی قائم ہوتا ہے۔ شاعری میں ابہام سے مراد ایسا لفظ جس کے ایک نہیں کئی معنی ہو اور قاری کے لیے یہ فیصلہ بڑا مشکل ہوجاتا ہے کہ شاعر نے اس لفظ کو کن معنوں میں استعمال کیا ہے یا لیا ہے۔جیسے: شاعر کا یہ شعر:

میں ایسے جھمگٹے میں کھو گیا ہوں　　　　جہاں میرے سوا کوئی نہیں ہے

یہاں شاعر کی مراد کس جھمگٹے سے ہے فیصلہ بڑا مشکل ہے۔یہ کون سا جھمگھٹا ہے جہاں شاعر کے بغیر کوئی اور نہیں ہے۔کیا واقعی شاعر کسی بازار کی بھیڑ میں کھو گیا ہے جہاں وہ کسی کو نہیں جانتا۔۔یا یہ خیالاتوں کا جھمگھٹا ہے یا کچھ اور !!! بہرحال اسی کو ادب کہتے ہیں۔

**۲۶:سیاق وسباق:** سلسلہ کلام۔آگے پیچھے کی عبارت جس سے مفہوم متعین ہو۔

**۲۷۔نشان گر:** ایسے الفاظ جو مختلف جز و اور الفاظ کو جوڑنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور معنی میں ان کا کوئی اہم کردار نہیں ہوتا۔جیسے: دن اور رات۔۔یہاں ٗاور ٗان دو الفاظ کو جوڑنے کا کام کرتا ہے۔جیسے: دین و دنیا۔۔۔یہاں ’’و‘‘ نے جوڑنے کا کام کیا ہے۔۔۔اس طرح سے ’’اور‘‘ اور ’’و‘‘ یہاں پر ’’نشان گر‘‘ کی حیثیت رکھتے ہیں۔انگریزی میں اسے Marker کہتے ہیں۔

۲۸۔امتزاج: ملاوٹ۔ہم آہنگی۔

۲۹۔جار موخر: ایسے حروف جو آخر میں آئے۔۔۔رات میں، ہفتے میں،آخر میں۔۔۔یہاں ’’میں‘‘ جار موخر ہے۔

۳۰۔توثیق: کسی بات،قول،عہد وغیرہ کو مستحکم یا مضبوط کرنا۔

۳۱: توجیح: وجہ۔سبب۔

۳۲۔تولید: جننا۔پیدا کرنا۔ولادت۔پیدائش

۳۳۔تحدید: تیز کرنا

۳۴۔وظیفہ: کام۔پیچھے آنا

## 6.11 نمونہ امتحانی سوالات

### مختصر جواب طلب سوالات

۱۔نحویات کسے کہتے ہیں۔اس کے ذیل میں کیا کیا آتا ہے؟

۲۔لسانیاتی تناظر میں جملے کی تعریف کیجیے؟

۳۔لیونارڑ بلوم فیلڈ نے ’سُر ‘ کی اہمیت کے بارے میں کیا کہا ہے؟

۴۔مفرد اور غیر مفرد جملے سے کیا مراد ہے؟

۵۔مرکب اور پیچیدہ جملہ کسے کہتے ہیں۔مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے؟

۶۔زبان میں جملوں کی اہمیت کیا ہے۔واضح کیجیے؟

۷۔عملی اعتبار سے اردو جملے کے اقسام بیان کیجیے؟

۸۔نحوی ساخت سے کیا مراد ہے؟

۹۔مارفیمی ترکیب اور نحوی ترکیب میں کیا فرق ہے؟

۱۰۔جزو متصل کی اہمیت بیان کیجیے؟

### تفصیل طلب سوالات

۱۔صرفیات اور نحویات کا دائرہ کار واضح کیجیے؟

۲۔عملی اور اجزائے کلام کی رو سے اردو جملے کے اقسام بیان کیجیے؟

۳۔لسانیات نے جملہ کی کس خاصیت پر زیادہ زور دیا ہے۔واضح کیجیے؟

۴۔مفرد،مرکب اور پیچیدہ جملوں کی تعریف مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے؟

۵۔نحویات میں تراکیب کا کیا رول ہے۔واضح کیجیے؟

## 6.12 سفارش کردہ کتابیں:


ا۔نئی اردو قواعد۔۔۔۔عصمت جاوید

۲۔اردو ساخت کے بنیادی عناصر۔۔۔نصیر احمد خان

۳۔اردو لسانیات۔۔۔رفاد علی فتحی

۴۔اردو صرف ونحو۔۔۔۔اقتدار حسین خان

۵۔عام لسانیات۔۔۔گیان چند جین

۶۔اردو زبان ولسانیات۔۔۔گوپی چند نارنگ

۷۔قواعد اردو۔۔۔۔۔مولوی عبدالحق

۸۔لسانی مسائل ومباحث۔۔۔مرزا خلیل احمد بیگ

۹۔اردو لسانیات۔۔۔۔شوکت سبزواری

۱۰۔اردو کی لسانی تاریخ۔۔۔۔درخشاں زریں

# اکائی۔ 7

# لسانی اہلیت کا فروغ / زبان کی بنیادی مہارتیں

**اکائی کی ساخت**

7.1۔ عمل سماعت Listening

7.2۔ مقاصد(Objective)

7.3۔ قوت سماعت کے اجزا Components

7.4۔ عمل سماعت میں رکاوٹیں Barrers in Listening

7.5۔ سننے کی صلاحیت کوترقی دینے کے لئے عملی اقدامات:

Activites to develop Listening Comprehenision

7.6۔ بولنے کی صلاحیت Speaking

7.7۔ مقاصد Objective

7.8۔ بولنے کے عمل کے اجزاء Components

7.9۔ صحیح تلفظ کی ضرورت Need for Correct Pronounciation

7.10۔ بامعنی گفتگو کو درست کرنے کی مشق کرنا اور اسے عادت بنانا

Activities to develop Correct Speech habits

7.11۔ اپنی معلومات کی جانچ کیجئے: Check your Progress

7.12۔ سفارش کردہ کتابیں

**تعارف:** زبان کے درس وتدریس کا تعلق استاد (Teacher) اورطالب علم سے ہوتا ہے۔ درس وتدریس کے لئے استاد، اپنے طالب علموں کی بعض صلاحیتوں کوترقی دیتا ہے تاکہ زبان کی تدریس اور تفہیم کا عمل کامیاب ہوسکے۔ مثلاً سننا، (عمل سماعت )، بولنا (عمل خطابت )، پڑھنا (عمل قرات )،لکھنا (عمل تحریر )اورخوش خطی وغیرہ

زبان کی صلاحیت کی ترقی کے بنیادی اجزا

۱۔سننا(عمل سماعت)
طلباء کے سننے کی صلاحیت کی ترقی کے لئے درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔(عمل سماعت کی روکاوٹوں کو دور کرنا اور سننے کی صلاحیت کو ترقی دینے کے لئےعملی اقدامات کرنا، بولنا(بامعنی گفتگو)
بامعنی گفتگو(تقریری عمل) کے مقاصد۔جامع بات چیت کی دشواریاں، بولنے کے عمل (بات چیت) میں تلفظ(واملا) اورلب ولہجہ کی خامیوں کو دور کرنا، بولنے کے عمل کو درست کرنے کی مشق کرنا اوراسے اپنی عادت بنانا۔
۲۔پڑھنا(عمل قرات) مقاصد قرات کی تکنیک،قرات کے تدریسی طریقہ کار بامعنی قرات کی اقسام۔عمل قرات کے جائزے کی اصلاح اورترقی کی مسلسل مشق صحیح لکھنے کا عمل اوراس کے اجزتحریری اظہار کی تدریس کے مقاصد(خوش خطی کی خصوصیات،طریقہ کار، بدخطی(کمزورتحریر) کے اسباب اورانہیں بہتر کرنے کے طریقے)

## 7.1 عمل سماعت Listening

**تعارف:** انسان کواشرف المخلوقات کا رتبہ حاصل ہے کیونکہ انسان کو خدا تعالیٰ نے بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے ۔ان نعمتوں میں سے عمل سماعت یعنی سننا بھی ایک انمول تحفہ ہے۔انسان مختلف آوازوں کو اپنے کانوں سے سنتا ہے۔ سننے کےفوراً بعد اپنے ذہن میں ان کی تربیت کا عمل انجام دیتا ہے اورنتائج کے ردعمل کو بیان کرتا ہے۔آواز کو سننا ان کی درجہ بندی کرنا، مسلسل ترتیب دینا، بامعنی اور مہمل آوازوں میں فرق کرنے اور مفہوم کو اخذ کرنے کا عمل یہ دراصل قوت سماعت کا عمل کہلاتا ہے۔آوازیں مختلف صورتوں میں ہمارے کانوں تک پہنچتی ہیں۔شوروغل،موسیقی ،گانے ،ڈرامے ،تقریریں، بحث ومباحثہ ،درخواست، احکامات ، ہدایت ،خبریں،سوال وجواب وغیرہ مختلف صورتیں ہیں۔اس کے علاوہ کبھی گن گناتے ہوئے ، بڑبڑاتے ہوئے سرگوشیوں میں ،اورکبھی تنہائی میں ، جذبات کا اظہار کرتے ہوئے وغیرہ مختلف صورتیں ہیں جن میں انسان کی آواز خوداس کی اپنی شخصیت کو متاثر کرتی ہے۔
عمل سماعت کا عمل اہم مگرایک دشوارعمل بھی ہے کیونکہ اس عمل کو کبھی کبھی اردوداں باقاعدہ تدریس میں نظرانداز بھی کرتے ہیں۔حالاں کہ تدریس سماعت کے ذریعے اردو کےطلبہ میں سننے کی مہارت کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔چونکہ یہ وہ عمل ہے جس کی مدد سے اپنی زندگی میں بات چیت اورگفتگو کو بہتر طورپر سننے کے قابل بن سکیں۔

## 7.2 مقاصد(Objective)

اس اکائی کےمطالعے کے بعدآپ اس قابل ہوجائیں گے کہ
۱۔ قوت سماعت کےعمل کی نشوونما کرسکیں۔

۲۔ آوازوں کے تجزیے اور درجہ بندی کی تفہیم کرسکیں۔

۳۔ بہترین رابطے کے لئے بہتر سماعت کی ضرورت پر روشنی ڈال سکیں۔

۴۔ قوت فہم وادراک اور مفہوم کو اخذ کرنے کے لئے سننے کے عمل کو اُجاگر کرسکیں۔

## 7.3 قوت سماعت کے اجزا Components

عمل سماعت کی نشو ونما اس کے اندر پائے جانے والے اجزا کی مؤثر انداز میں ترتیب وتشکیل سے ہوتی ہے۔تلفظ، جملوں کی ادائیگی، مفہوم وغیرہ اجزا ہیں جو قوت سماعت کے عمل کی نشو میں کارفرما رہتے ہیں۔

### 7.3.1 تلفظ:

سماعت کے عمل میں تلفظ کو مرکزیت حاصل ہے۔تلفظ پر دھیان دینا نہایت ضروری ہے۔الفاظ کے معنی ومفہوم کو سمجھنے کے لئے صحیح تلفظ کی ضرورت درکار ہوتی ہے۔اس لئے بولنے والے کا تلفظ صاف اور صحیح ہونا چاہئے۔سامع کے لئے ضروری ہے کہ وہ بولنے والے کے تلفظ کو اچھی طرح سمجھ سکے۔ایک علاقہ میں وسیع پیمانے پر زبان بولنے میں تلفظ کی دشواری پیدا ہوتی ہے، کیونکہ ان کے تلفظ پر مختلف علاقوں کے اثرات مثبت ہوتے ہیں۔جس کی وجہ سے بعض اوقات معیاری سماعت انجام نہیں دی جاسکتی ہے۔

### 7.3.2 توجہ:

کُھلے کانوں سے سُننا صرف سننے کا عمل نہیں کہا جاسکتا ہے بلکہ سماعت کے عمل کا سب سے اہم جز درمیان یعنی توجہ کو مرکزیت حاصل ہے اس لئے توجہ کے بغیر سننا سماعت عمل نامکمل رہتا ہے۔زبان کی خوبصورتی اور زبان کا بگاڑنا دراصل سماعت کے عمل پر منحصر ہے اس لئے توجہ اور دھیان کو سننے کے عمل کا اہم جز قرار دیا جاتا ہے۔

### 7.3.3 جملوں کی ادائیگی

:بولنے والا اور ان کی گفتگو کس طرح کے جملے کو ادا کرتا ہے۔کہاں رکنا ہے، کہاں نہیں رُکتا، جملوں کی صحیح ادائیگی دراصل جملوں کے معنی، مفہوم کو واضح کرتا ہے بعض اوقات جملوں کی غلط ادائیگی، جملوں کے معنی ومفہوم کو الٹ دیتا ہے۔اس لئے یہاں ضروری ہوجاتا ہے کہ جملوں کی ادائیگی میں زیادہ سے زیادہ دھیان دے تاکہ معنی مہفوم اور آواز کے زیرو بم کو مؤثر طریقے سے واضح ہوسکے اور پھر زبان کے قواعد کے علم کو حاصل کرنے کیلے دوران سماعت کا یہ عمل نہایت ہی ممد وومعاون ثابت ہوتا ہے۔

### 7.3.4 مفہوم کو اخذ کرنا:

ضروری اور غیر ضروری کلام میں تفریق اور کلام کا تجزیہ کرنے میں مطلب اور مفہوم کا حصہ نہایت ہی لازمی ہے۔ اگر توجہ بولنے والے کی معنویت پر نہ مرکوز رہے۔تو وہ سماعت کے اس اہم مقصد کو فراموش کر دیتا ہے کہ بولنے والے جو کچھ کہتا ہے اسے ہم سمجھ سکیں اس لئے ضروری ہے کہ بات کو نہ صرف توجہ کے ساتھ سنا جائے بلکہ معنی ومفہوم کو بھی اخذ کیا جائے۔

### 7.4 عمل سماعت میں رکاوٹیں Barrers in Listening

سماعت کے عمل کو درست اور صحیح رکھنے کے لئے سماعت کی رکاوٹوں اور خامیوں کو دور کرنا بے حد ضروری ہے۔
اکثر موقعوں پر آواز کانوں سے گزر جاتی ہے اور ذہن اس کا ادراک نہیں کر پاتا اور پھر کبھی سماعت کا عمل کسی خاص وجہ یا مجبوری کے باعث بھی ادھورا ہی رہ جاتا ہے۔

بنیادی طور پر سماعت میں درجہ ذیل رکاوٹیں پائی جاتی ہیں۔

☆ توجہ سے نہیں سننا

☆ کم آواز میں سننا

☆ غلط سماعت

ارے میں کتنی دیر سے آپ کو آواز دے رہا ہوں، آپ ذہنی طور پر موجود نہیں۔آپ کا نام کتنی بار اسٹیج سے پکارا گیا وغیرہ جملے ہیں جو سننے میں آتے ہیں۔بعض جگہ سامع خود چونک اُٹھتا ہے۔شاید آپ نے مجھے بلایا ہے وغیرہ ایسی بہت سی مثالیں ہیں جو توجہ سے نہیں سننے کی کیفیت کو بیان کرتی ہیں۔
لفظوں میں حروف یا جملوں میں الفاظ سننا کی وجہ سے بھی سماعت کا عمل مکمل نہیں ہوتا۔اس کی بڑی وجہ ہے کہ توجہ تسلسل کیساتھ مرکوز نہیں ہوتی۔جتنی دیر سامع متوجہ رہتا ہے اتنا سن لیتا ہے اور جہاں توجہ ہٹی وہاں سے ترسیل کا عمل بھی منقطع ہو جاتا ہے۔

### 7.5 سننے کی صلاحیت کو ترقی دینے کے لئے عملی اقدامات: Activites to develop Listening Comprehenision

الفاظ کو صحیح سنا اور پھر موقع محل کے لحاظ سے ان کا مناسب استعمال ''عمل سماعت'' کے زمرے میں رکھا جائے گا۔ سننے سے مراد کسی زبان کو سمجھنا بھی ہے۔ بچہ کی پہلی درس گاہ ماں کی گود ہوتی ہے اور پھر مدرسہ یا اسکول میں بچوں کو ادبی زبان سے واسطہ پڑتا ہے۔لہٰذا بہت سے ایسے نئے الفاظ ہوتے ہیں جن سے بچوں کو مدرسوں میں سامنا کرنے

پڑے گا۔ چونکہ معلم پر یہ فرض عائد ہوجائے گا کہ وہ آسان ، عام فہم اورادبی الفاظ استعمال کرے اور ایسے الفاظ سے پرہیز کرے جو بھاری بھرکم اور مشکل ہوں۔ جن کو بچے سننے میں دلچسپی نہ لیں اور نہ ان کے مفہوم تک پہنچ سکتے ہوں۔ابتدائی مرحلے میں طلبا کی معلومات کم ہوتی ہے اور الفاظ کا ذخیرہ محدود ہوتا ہے۔تلفظ صحیح نہیں ہوتا، تسلسل، روانی اور طرز ادا کی سمجھ بھی کم ہوتی ہے۔مرکبات ، لہجے اور اخراجات سے بھی بچے کوسوں دور ہوتے ہیں۔اس لئے آسان الفاظ کو استعمال کیا جائے۔ورنہ زبان پڑھانے کا اہم مقصد زبان سمجھنا فوت ہوجائے گا۔

زبان کو درست سمجھنا اور سننا ایک اہم بات ہے۔اگر زبان کو صحیح نہیں سنا جائیگا یا سمجھا جائے گا۔تو زبان پڑھنا سکھانا سب بے کار ہوجائے گا۔اس لئے یہ سارا فریضہ مدرس زبان پر عائد ہوتا ہے اور استاد کو چاہئے کہ وہ بچوں میں ایسا شوق پیدا کرے یا پھر ان کی طبیعت اس طرح سے مائل ہو کہ وہ ادبی محفلوں ،مجلسوں اور جلسوں میں جائیں تاکہ وہاں مختلف لوگوں کے خیالات ونظریات کو سنیں اور اس سے زبان صحیح سنیں اور سمجھنے کے قابل ہو پائیں۔

## 7.6 بولنے کی صلاحیت Speaking

**تعارف:** نطق (بولنے کی صلاحیت ) اور شعور ( سمجھنے کی صلاحیت ) انسانوں اور حیوانوں میں بنیادی فرق واضح کرتا ہے۔ یہ دونوں وصف خدا نے انسانوں کو خاص طور پر عطا فرمائی اور پھر اس کا ذکر خدا تعالیٰ نے اپنی مقصد کتاب قرآن مجید میں سورہ بلد میں بھی فرمایا ہے۔جس کا ترجمہ یوں ہے۔

’’کیا ہم نے اسے ( انسان ) کو دو آنکھیں اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیئے؟‘‘

مراد یوں ہے کہ آنکھ سے دیکھنے کا کام اور زبان سے بولنے کا کام لیا جاتا ہے۔لسانی مہارتوں کی افزائش میں بولنے کی صلاحیت کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ سننے اور پڑھنے سے طلبہ خیالات کو اخذ کرتے ہیں اور بولنے اور لکھنے کے ذریعے اپنے خیالات کو اظہار کرتے ہیں۔صحیح بولنے کا دارومدار اچھی طرح سننے پر ہے۔ ماں کی گود سے بچہ سننے کا عمل شروع کرتا ہے اور پھر کچھ دیر بعد ان سنے ہوئے الفاظ کو دہرانا شروع کر دیتا ہے۔عام طور پر گفتگو کے معاملے پر قیاس آرائی رہتی ہے کہ اس کے اس تقریری عمل کے لئے تعلیم وتربیت کی ضرورت نہیں ہوتی اور عمل میں مہارت حاصل کر لیتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ بولنے اور سننے دونوں ہی صلاحیتوں کے فروغ کے لئے تعلیم وتربیت ضروری ہے۔

بولنے کا مطلب بامعنی گفتگو کرنے کے ہیں۔ بامعنی گفتگو کرنے کے عمل کو بہتر بنانے کیلئے صرف والدین اور اساتذہ ہی ذمہ دار ہوتے ہیں اگر والدین اپنے گھر میں اچھی زبان استعمال کرتے ہیں اور پھر اساتذہ مدرسے کے اوقات میں بچوں کی گفتگو پر توجہ رکھیں اور لکھیں کہ بچہ جو زبان مدرسے میں استعمال کررہا ہے کہ اس کا تلفظ صحیح ہے یا نہیں۔ان تمام عوامل سے بچے کی زبان خود نکھر جائے گی ۔اساتذہ تقریری عمل کو اور صحت مند بنانے کے لئے نئی تحقیق کے مطابق نئے قواعد

اور طریقہ کار استعمال کرسکتا ہے۔

## 7.7 مقاصد Objective

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس لائق ہو جائیں گے کہ

۱۔ گفتگو کے معنی و مفہوم اور تشریح کو طلبہ پر کلی طور پر واضح کر سکیں۔

۲۔ اس قابل ہو جائیں کہ تقریری عمل میں اپنے خیالات، احساسات اور جذبات کو کس طرح ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

۳۔ بامعنی گفتگو کے مختلف اجزا کو واضح کر سکیں۔

۴۔ تقریری عمل یا بامعنی گفتگو کو بہتر بنانے کیلئے مختلف مہارتوں کو تفصیل سے بیان کر سکیں۔

۵۔ نئی تحقیق کے مطابق نئے طور طریقوں کو آسانی کے ساتھ سمجھا سکیں۔

۶۔ آداب گفتگو اور معیار گفتگو کے عوامل کو سمجھا سکیں۔

۷۔ طلبہ میں تلفظ کی صفائی مناسب الفاظ زور، تسلسل، روانی، حرکات اور سکنات وغیرہ اجزا میں طلبہ کی تربیت فراہم کر سکیں۔

## 7.8 بولنے کے عمل کے اجزاء Components

بولنا یا بامعنی گفتگو کے مختلف اجزا ہیں۔ جیسے صاف اور صحیح تلفظ کی ادائیگی، آواز کا مناسب اور واضح ہونا، احساسات، جذبات اور خیالات کو مناسب اور صحیح الفاظ کے ساتھ ادا کرنا، سلاست، تسلسل اور روانی مناسب وقفہ، آواز کا زیر و بم، بولنے کا مؤثر انداز مناسب جملہ بندی، سامع کی زبان میں گفتگو وغیرہ جیسے اجزا ہیں۔ جو بات چیت کے عمل کو بہتر بنانے میں کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔

### 7.8.1 صاف اور صحیح تلفظ:

حروف کی صحیح درستگی اور ادائیگی کا عمل تلفظ کا عمل کہلاتا ہے۔ یہ بات چیت کا اہم جز ہے یوں تو دو انسان مختلف آوازیں بولتا ہے لیکن تمام آوازیں اہم نہیں ہوتی۔ صرف چند آوازیں ہی استعمال میں آتی ہیں۔ آوازوں کے اس مجموعہ کو حروف کہتے ہیں۔

زبان چاہے کوئی بھی ہو ہر زبان کو ادا کرنے میں ایک مخصوص طریقہ کار ہوتا ہے۔اس لئے اردو زبان کے مدرسین کو چاہئے کہ وہ حروف تہجی کے تلفظ کو اچھی طرح سے سمجھ سکیں اور پھر ان کی مشق کر سکیں۔ج۔ق۔گ۔اور غ۔ف اور پھ وغیرہ کے فرق کو اچھی طرح سے سمجھ سکیں۔

تلفظ میں ناقص ہونے کے بہت سے عوامل کارفرما ہیں۔ایک تو یہ کہ بچہ علاقائی لب ولہجہ کی وجہ سے غلطی کرتا ہے اور گھر کے افراد کا آپس میں غلط تلفظ کے ساتھ گفتگو کرتا ہے۔بعض اوقات انسان پیدائشی طور پر اعضا نطق میں نقص ہوتا ہے۔جس سے بہت سے الفاظ کو ادا کرنے میں ذہنی ناپختگی ،ہتلاہٹ یا ہکلاہٹ وغیرہ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔اس لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ مدرسین مندرجہ بالا نقائص کو دور کر کے زبان کی اصلاح میں کشش پیدا کی جائے۔

### 7.8.2 تاثیر کلام:

تاثیر کلام بولنے کے عمل اجزا کا ایک بہترین حصہ ہے۔اس حصہ سے بچوں کو آگاہ کرنا ضروری ہے۔یعنی بولنے کا مؤثر انداز کیا ہوتا ہے۔سخت،نرم، لچک اور آوزوں کا فرق انہیں بتایا جائے اور ساتھ ہی ساتھ آواز میں ہم آہنگی ،مناسب رفتار لے اور اتار چڑھاؤ سے کلام میں تاثیر پیدا ہوتی ہے جن لوگوں کا تکیہ کلام صحیح ہوتا ہے لوگ ان کی شخصیت سے بے حد متاثر ہوتے ہیں اور پھر ایسے جملے ان کے لئے استعمال کیے جائے ہیں جیسے کہ یوں بولتے ہیں کہ منہ سے موتی جھڑ رہے۔اس کے علاوہ بہت سے جملے ہیں۔جن کے ذریعے بچوں کی تربیت دی جاتی ہے۔

### 7.8.3 حروف،الفاظ اور جملے کی مناسب تربیت:

مناسب کلام کو خوبصورت اور دلکش بنا دیتی ہے اور اس کے برعکس کلام میں فوقیت نظر آتی ہے۔( ذرہ برابر جاذبیت نہیں )وسعت الفاظ جملے کی مناسب ترتیب کے علاوہ اعراب اور رموز اوقاف پر بھی توجہ دینی چاہئے۔اس کے لئے ضروری ہے کہ اپنے کہے ہوئے جملوں کو بار بار سن کر مشق کرنا چاہئے۔

### 7.8.4 شیریں زبان:

آسان اور پرکشش الفاظ کے استعمال سے زبان میں شرینی پیدا ہوتی ہے۔دقیق اور مشکل الفاظ زبان کے حسن میں کمی پیدا کرتے ہیں۔سادگی کے ساتھ جملوں کی ادائیگی زبان میں شرینی پیدا کرنے کا فن کہلاتا ہے۔ہم معنی

الفاظ، متروقات کا مؤثر استعمال، بات چیت کے وقت کی یکسانیت اور مناسب ضرورت، جذبات کا مؤثر اظہار بھی زبان کو شیرینی عطا کرتا ہے۔

### 7.8.5 آواز کا زیرو بم اور بلند خوانی

آواز کا اتار چڑھاؤ، کبھی ہلکے اور کبھی حسب ضرورت بلند آہنگ کے فقروں کے لئے نہایت اہم ہوتا ہے اور اپنی وجہ سے گفتگو میں تاثیر پیدا ہوتی ہے یوں کہہ لیجئے کلام کو ظاہر کرتی ہے جذبات کلام کو پُر تاثیر بنانے کے لئے آواز کے اُتار چڑھاؤ سے آگاہی ہونا ضروری ہوتا ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے آواز کے اتار چڑھاؤ اور لہجے کی تبدیلی وغیرہ ریاضت کروائی جاسکتی ہے۔

### 7.9 صحیح تلفظ کی ضرورت Need for Correct Pronounciation

بامعنی گفتگو میں تلفظ (واملا) لب ولہجہ کی خامیوں کو دور کرنا، مدرسوں یا اسکولوں میں داخل ہونے کی عمر پانچ سال کی ہوتی ہے کیونکہ یہی کم عمری کا وہ حصہ ہوتا ہے جس میں بچہ پڑھنے لکھنے اور سمجھنے کا شوق پیدا کیا جاتا ہے اور شاید یہی وجہ ہے کہ بچہ کو نقال کہا گیا ہے۔ اس عمر میں بچہ بڑوں کی نقل کرتا ہے اور اسی فعل میں وہ دلچسپی لیتا ہے یعنی جب وہ اپنے ہم عمر یا بڑوں کو کوئی کام کرتے دیکھتا ہے تو وہ بھی یہی فعل وعمل کرتا ہے۔ اس لئے بچہ جب اسکول میں داخل ہوتا ہے۔ وہاں کا ماحول پڑھائی لکھائی کا ہوتا ہے اور اس مرحلے پر یہ ضروری ہوجاتا ہے کہ مدرسہ میں علمی وادبی گفتگو کی جائے کیونکہ صحیح زبان بولنا تربیت زبان کا ایک لازمی عنصر ہے۔

مدرسے میں درس دینے والے کا تلفظ املا اور لب ولہجہ درست نہیں ہوگا۔ تو کیا وہ بچہ کے تلفظ کی رہنمائی کر سکیں گے ہرگز نہیں۔ اس لئے ضروری ہوجاتا ہے کہ استاد کا تلفظ خود صحیح ہو۔ الفاظ کی ادائیگی اور لب ولہجہ میں مہارت حاصل کیونکہ بچے کی رہنمائی کے لئے ضروری، تشبیہات، استعارات، تلمیحات اور کہاوتوں کا برمحل اور برجستہ استعمال کرنے پر قدرت رکھتا ہو۔ صرف ونحو اور قواعد پر بھی نظر رکھتا ہو۔ کیونکہ یہ بات پہلے ہی آگئی ہے کہ بچے مقلد ہوتے ہیں۔ لہٰذا دوران تدریس استاد کو مندرجہ بالا باتوں سے باخبر رہنا چاہئے۔ ابتدائی مرحلے میں بچہ اسکول میں بات کرنے میں جھجکتا ہے۔ تلفظ اور الفاظ میں درست ادائیگی نہیں ہوتی ان سب باتوں کے علاوہ بچوں کو چند دوسری باتوں کا بھی سامنا کرنا

پڑتا ہے۔طلبہ کی ان تمام خامیوں کو دور کرنے کے لئے طلباء کو بولنے کی مشق کروائی جائے تلفظ کی درستی کرائے ۔ لہجے اور اخراجات سیواقفیت کروائی جائے ۔ نئے الفاظ اور محاورات سے واقفیت کروائی جائے ۔ اور پھر کمرہ جماعت میں طلبہ بحث ،مباحثہ اور تقریروں وغیرہ کا انعقاد کیا جائے تا کہ طلبہ کو بات کرنے کا موقع مل سکے اور پھر ان میں قوت گویائی کی مہارت پیدا کی جائے۔

## 7.10 بامعنی گفتگو کو درست کرنے کی مشق کرنا اور اسے عادت بنانا Activities to develop Correct Speech habits

بچے جب ابتدائی مرحلے میں مدرسے میں آتے ہیں۔ وہ مختلف حیثیت کے خاندانوں ،قبیلوں اور طبقوں سے مناسب رکھتے ہیں اور پھر ان ضلع اور طبقوں سے مختلف قسم کے لب ولہجہ لے کر آتے ہیں۔ان میں اکثر بچے صحیح اور مؤثر لب و لہجے سے واقف نہیں ہوتے ہیں اور بہت کم تعداد ان بچوں کی ہوتی ہے جو اردو میں زبانی اظہار خیال کر سکتے ہوں۔بعض بچوں کو ح، خ،ک اور ق فرق معلوم نہیں ہوتا۔بعض غلط تلفظ ادا کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔بعض مدھم، بعض بلند آواز بعض تیز رفتاری سے بولتے ہیں۔یعنی ان کی بات کو سننا ہی نہیں سمجھنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔غرض یہ کہ بچے مدرسے میں جب داخل ہوتے ہیں۔ ہر چند کہ وہ اپنے گھروں سے کم وبیش بولنا سیکھ کر آتے ہیں پھر بھی ان کے اندر تقریر اور بولنے کے لب و لہجے میں مختلف قسم کی بہت سی کمزوریاں ہوتی ہیں۔ بولنے سکھانے کا مقصد یہ ہے کہ ان کمزوریوں کو دور کیا جائے اور انہیں صحیح تلفظ اور درست لب و لہجے کے ساتھ بات کرنے کا عادی بنایا جائے ۔صحیح تلفظ اور درست لب و لہجے کا مطلب یہ ہے کہ بچے جو کچھ بولتے ہوں صاف اور واضح انداز میں گفتگو کرتے ہوں یعنی واضح اور بامعنی ہو۔ خ۔ح۔ق۔ک۔ میں امتیاز کرنے کی قدرت رکھتے ہوں۔حروف الفاظ اور مرکبات کی آوازیں صحیح مخرج سے نکالتے ہوں۔الفاظ کا تلفظ لغت اور روزمرہ کے مطابق ادا کرتے ہوں۔اپنی گفتگو کو مؤثر بنانے کے لئے ضروری حرکات وسکنات سے بھی کام لیتے ہوں اور اپنی بات سے دوسروں کو قائل کرنے کا اہل رکھتے ہوں۔ یہ چند چیزیں ابتدائی مدرسوں میں بولنے سکھانے کے لئے معیار کا تعین کرتی ہیں اور اسی معیار کا حصول دراصل بولنے سکھانے کا مقصد ہے۔

صحیح اُردو بولنا سکھانے میں اردو کے معلم کا بڑا دخل ہوتا ہے۔ معلم اردو کو سامنے بولنے میں خاص احتیاط سے کام لینا چاہیئے جن الفاظ کے تلفظ میں یا ادائیگی میں شک وشبہ ہوان کی تصدیق کر لینی چاہیئے۔ اس کے بعد معلم کو اپنی تقریر اور تحریر میں استعمال کرنا چاہیئے۔ بغیر اس کے بچوں کی صحیح رہنمائی نہیں کی جاسکتی کیونکہ معلم سے نکلی ہوئی ہر بات بچے کے لئے سند کی حیثیت رکھتی ہے اور بچہ آنکھ بند کر کے اس کی تقلید کر لیتے ہیں۔ نتیجتاً یہ کہا جاتا ہے کہ معلم کی لاپرواہی سے یہ کمزوریاں بچوں کے ذہن میں رچ بس جاتی ہیں جن کا بعد میں ازالہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے اس لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ معلم ہمیشہ مصدقہ ومروجہ تلفظ اور موثر لب ولہجے کے ساتھ بچوں سے ہم کلام ہوں اور اپنی غلطیوں سے بچے جو بلا وجہ بچوں کی شخصیت رچ بس جاتی ہیں۔

اس سلسلے میں تعلیم کے ماہرین کا ماننا ہے ایسے تدریسی طریقوں کا انتخاب بھی مفید ہوگا جن میں بچوں کو زیادہ سے زیادہ بولنے کا مواقع ملتے ہوں۔ اس کے لئے (Lesson (Plan منصوبہ بندی اور (Playing Method) کھیل کھیل میں تعلیم کے اصول خاص طور پر مدد کر سکتے ہیں۔ منصوبہ بندی طریقہ تعلیم میں بچے ہم جولیوں اور ہم جماعتوں کے ساتھ مل جل کر بیٹھتے ہیں اور ہم کلام ہوتے ہیں۔ تبادلہ خیال اور بات چیت کا موقع یہاں میسر ہوتا ہے وہ جماعت میں نہیں ملتا اور کھیل کھیل کا طریقہ تعلیم اس سے بھی زیادہ مؤثر اور کارآمد ثابت ہوگا۔ کھیل میں وہ ذاتی دلچسپی لیتے ہیں اور خوشی اور آزادی محسوس کرتے ہیں۔ کھیلوں میں چونکہ معلم کی شخصیت کم سے کم دخیل ہوتی ہے اور سارا فعل بچے خود کرتے ہیں۔

اس لئے بچوں کو اپنے ساتھیوں سے بے جھجک، بے تکلف اور بے باکی سے بولنے کا موقع ملتا ہے اور پھر انہیں جماعت یا جماعت کے باہر کہیں بھی بولنے میں کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔

بچے کے انفرادی بول چال اور لب ولہجے کا مطالعہ بھی اس ضمن میں نہایت مددگار ہوتا۔ انفرادی بول چال کی مدد سے اس بات کا انکشاف ہو جائے گا کہ وہ کون سے اسباب ہیں جن کی بنا پر بعض بچے تلفظ اور درست لب ولہجے کے ساتھ بولنے میں دشواری محسوس کرتے ہیں جو بچے محض خوف کی وجہ سے جماعت میں خاموش سمجھے جاتے ہیں۔ اس مقصد کی حصول کے لئے معلم کو مشق ہونا چاہیئے اور جماعت سے الگ نجی مشغلوں کے ذریعے انہیں بولنے کا موقع دیا جایا

اور موقع بہ موقع ان کی ہمت افزائی کی جائے اور بچے میں پیدا ہونے والے احساس کمتری کو دور کیا جائے۔

## 7.11 اپنی معلومات کی جانچ کیجئے: Check your Progress

ا۔ عمل سماعت یا قوت سماعت میں کون کون سے اجزا کارفرما رہتے ہیں بیان کیجئے۔

..............................................

..............................................

۲۔ با معنی گفتگو کے مختلف اجزا پر روشنی ڈالیں۔

..............................................

..............................................

۳۔ صحیح تلفظ کو درست کرنے کے لئے کون کون سی خامیوں کو دور کرنا چاہئے وضاحت کیجئے۔

..............................................

..............................................

۵ بولنے کی صلاحیت سے کیا مراد ہے۔ بیان کیجئے۔

..............................................

..............................................

## 7.12 سفارش کردہ کتابیں


اردو انشاء اور قوائد مرتبہ این سی پی یو ایل نئی دہلی

اردو ادب کی تاریخ، مرتبہ این سی پی یو ایل نئی دہلی

یوز آف ٹیسٹ میٹریل ان ٹیچنگ، این سی آر ٹی، نئی دہلی

# اکائی۔8

# مطالعہ(عمل قرأت)

**اکائی کی ساخت**

8.1۔ مطالعہ(عمل قرأت) Reading

8.2۔ مقاصدObjective

8.3۔ مطالعہ کی تکنیک Meehanics af Teaching Reading

8.4۔ مطالعہ کے طریقہ کار Methods of Teaching Reading

8.5۔ مطالعہ کی اقسامType of Reading Comprohension

8.6۔ قرات کے فروغ میں عملی اقدامات

Activates to develop Testing Reading

8.7۔ صحیح لکھنے کا عمل(تحریری) Comprehension Writing

8.8۔ صحیح لکھنے کے اجزا Components

8.9۔ تحریری اظہار کی تدریس کے مقاصد

Objetive of Teaching written Expres

8.10۔اپنی معلومات کی جانچ کیجیے: Check your Progress

8.11۔سفارش کردہ کتابیں

## 8.1 مطالعہ (عمل قرأت) Reading

**تعارف:** پڑھنا یہ ایک کتسابی عمل ہے۔ اس کے برعکس جہاں تک بولنے کا تعلق ہے۔ یہ صلاحیت بچے میں فطری طور پر شامل ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ صلاحیت ماحول کے زیر اثر خود بخود عمل میں آجاتی ہے۔ بعض بچے ایسے ہوتے ہیں جو پڑھنے لکھنے سے نا آشنا ہوتے ہیں۔ لیکن صاف ستھرا اور رواں اُردو بولتے ہیں۔ لیکن پڑھنے اور لکھنے کی نوعیت الگ ہے، یہ اس میں شعوری توجہ اور کوشش کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ دراصل اکتسابی عمل کہلاتا ہے۔ پڑھنے سے انسان کی معلومات میں اضافہ ہوتا ہی ہے بلکہ ان تجربات، مشاہدات، احساسات ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ پڑھنے، الفاظ، حروف وجملوں کو چشم کی نگاہ تو اس طرح سے دیکھا جاتا کہ اس سے واقفیت پیدا ہوجائے اور ساتھ ہی مفہوم کو بھی اخذ کیا جائے۔ پڑھنے سے دل کو سکوں اور دماغ کو فرحت و مسرت بخشتا ہے۔ اس سے غور وفکر، تحقیق وتجسس اخلاق وشائستگی اور کردار پر بھی اثر پڑتا ہے۔ اس عمل کے حصول کے لئے کتاب سے بہتر کوئی تعلیم نہیں۔ عمدہ کتابوں کے ذریعے ہمیں زندہ رہنے اور ترقی کرنے کی ترغیب ملتی ہے۔ اُردو معلم کا فرض ہے کہ وہ شاگردوں میں صحیح مطالعہ کرنے کی عادت پیدا کروائے۔ مطالعہ کی نئی تکنیک سے طلبہ کو روشناس کرائے اور کمرہ جماعت میں ایسا ماحول پیدا کرے جس میں طلبہ سکون سے مطالعہ کر سکے اور پھر وہ طالب معلم جو اوسط درجے کے ہوں ان میں مثبت اثرات پیدا ہوسکیں۔ لیکن اس مقصد کی حصولی کے لئے ضروری ہے کتابوں کا معیار بچوں کے معیار کے مطابق ہونا چاہئے۔

## 8.2 مقاصد Objective

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوجائیں گے

۱۔ مطالعہ کی معنی اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔

۲۔ طلبہ میں مطالعہ کی عادت

۳۔ طلبہ کو مطالعہ کی نئی میکانیکی پہلوؤں سے آگاہ کیا جاسکے۔

۴۔ طلبہ میں بغور پڑھنے اور مفہوم اخذ کرنے کی عادت پیدا کر سکے۔

۵۔ معلم اردو کو چاہئے کہ وہ طلبہ کو مطالعہ، درست مطالعہ کرنے کی رہنمائی حاصل کرے۔

۶۔ مطالعہ کے ذریعے طلبہ میں تسلسل کو برقرار رکھنے اور رموز و واقعات کا لحاظ رکھ کر پڑھنے کی صلاحیتوں کو ابھار سکیں۔

## 8.3 مطالعہ کی تکنیک Meehanics af Teaching Reading

موادِ مطالعہ کی تشکیل میں کتاب حروف کے سائز طباعت کا معیار اچھا ہو۔

موادِ مطالعہ آنکھ سے ۱۲ سے ۱۳ انچ تک کا فاصلہ رکھنا مناسب ہے۔

مناسب روشن اور معقول نشست کا بھی اہتمام ہو۔

خاموش مطالعہ کا اہتمام کیا جائے اس سے اعصاب پر زور نہیں پڑتا۔

تیز یا مدھم روشنی میں مطالعہ کرنے سے گریز کریں۔

بیٹھ کر، راستے میں چلتے ہوئے، چلتی ٹرین یا گاڑیوں میں مطالعہ کرنے سے پرہیز کریں۔

دل لگا کر اور محنت کے ساتھ مطالعہ کیا جائے۔

مطالعہ کے دوران غیر ضروری گفتگو سے احتراز کیا جائے۔

## 8.4 مطالعہ کے طریقہ کار Methods of Teaching Reading

پڑھنا اور پڑھانا ایک پیچیدہ عمل ہے، جس میں انسانی جسم کے مختلف اعضاء کا بیک وقت استعمال ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر آنکھ اور زبان کا رول اہمیت کا حامل ہے۔ اس مطالعہ کے فن میں اردو معلم کو بڑی چابکدستی سے کام لینا پڑتا ہے۔ پڑھانا پڑھنے کے عمل سے قدر مشکل ہوتا ہے کیونکہ مطالعہ کے فن کے اس قصے میں معلم کو دقیق سے دقیق مضمون کو آسان زبان میں بیان کرنا ہوتا ہے تاکہ طلبہ کو آسانی سے مضمون کے معنی و مفہوم تک رسائی حاصل ہو سکے۔ اس لئے یہاں معلم کو نئی تکنیک اور نئے طریقہ کار بروئے کار لانے پڑتے ہیں۔ جس سے وہ درس و تدریس کے مرحلے میں کامیابی حاصل کر سکے البتہ اردو میں پڑھنا سکھانے کے لئے کون سا طریقہ کار اختیار کرنا چاہئے۔ قبل اس سے کہ کسی خاص طریقہ کار پر تفصیل سے روشنی ڈالی جائے۔ معلم کو شفقت، محبت خلوص محبت کی پاسداری کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ یہاں پڑھنا سکھانے میں ہمارے یہاں دو طریقہ کار عام طور پر ملتے ہیں۔

## ایک ترکیبی طریقہ کار دوسرا تحلیلی طریقہ

ترکیبی طریقہ پڑھنا سکھانے کا قدیم مشرقی طریقہ ہے۔اس میں بچے کو پہلے حروف تہجی سکھائے جاتے ہیں۔ یعنی الف سے ی تک کے حروف کی مشق کروائی جاتی ہے۔جب سارے حروف بچے کو ازبر ہو جاتے ہیں تو انہیں اعراب یعنی زیر، زبر، پیش ۔ جزم، مد۔تنوین وغیرہ کی پہچان کروائی جاتی ہے۔اعراب کے علاوہ سادہ اور مرکب الفاظ مشق کروائی جاتی ہے یہ سارا عمل کے ذریعے ہوتا ہے۔

مندرجہ بالا طریقہ کے علاوہ درس وتدریس کے مرحلے کو مؤثر بنانے کے لئے دوم طریقہ کار کو بھی استعمال میں لایا جاتا ہے،جس میں گروہی طریقہ،لفظی طریقہ،حکمانی طریقہ، وامتحانی طریقہ اور سبق کا طریقہ وغیرہ مختلف طریقہ کار ہیں۔جن کو وقتاً فو قتاً استعمال دوران تدریس میں کیا جاتا ہے۔

## گروہی طریقہ

:ایسے حروف جو ظاہری طور پر دیکھنے میں ایک جیسے معلوم ہوتے ہیں یعنی یکساں شکل کے ہوتے ہیں۔ترتیب دیا جاتا ہے جیسے ب۔پ،ت،ٹ،ث کا ایک گروہ، چ خ وغیرہ کا دوسرا گروہ،اس عمل سے بچے کو حروف کی شناخت میں آسانی ہو جاتی ہے اور اس میں الفاظ کی شکل اور بناوٹ کو اہمیت دی جاتی ہے۔حروف کی آشنائی کے لئے مزید تصویروں سے بھی مدد لی جاتی ہے۔تصویروں کی مدد سے حروف کا مطلب ترتیب وار سمجھا دیا جاتا ہے۔مثلاً ج سے جنگل (جنگل کی تصویر) پ سے پتنگ (پتنگ کی تصویر) با آواز بلند لے کر اس کا تعلق حرف سے ظاہر کر دیا جاتا ہے اس طریقے میں کمزوری یہ ہے کہ اس میں زیادہ زور حروف شناسی پر دیا جاتا ہے اور بچے معنی ومفہوم تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے۔

## لفظی طریقہ:

اس طریقہ کار میں لفظ کے ذریعے حروف کی پہچان کرائی جاتی ہے۔ یہاں پر مختلف حروف سے شروع ہونے والے الفاظ کے ساتھ ان سے متعلق تصویروں کا بھی استعمال کیا جاتا ہے یعنی اس عمل کو آسان اور عام فہم بنانے کے لئے

ہر تصویر کے نیچے اس کا نام اور ہجے بھی لکھے جاتے ہیں۔اس سے بچے الفاظ کی شناخت آسانی سے کر سکتے ہیں اور پھر چھوٹے چھوٹے جملے بنانے کا عمل شروع کیا جاتا ہے۔

اس طریقے سے بچے الفاظ کو ایک ہی آواز میں ادا کرتے ہیں۔کسی نقطہ پر زیادہ زور دینا اور کسی پر کم اس چیز سے بچے محروم ہو جاتے ہیں۔لکھنا اور پڑھنا ایک ساتھ سکھایا جاتا ہے محکماتی طریقہ۔یہ ایک اکتسابی عمل کا طریقہ ہے۔تفصیل کھیل میں بچوں کو جملوں کی ادائیگی حروف کی پہچان سکھائی جاتی ہے۔جس کی وجہ سے بچوں میں مسرت اور دلچسپی کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔اس طرح سے بچے حروف کی شناخت اور ان کی ادائیگی جلد سکھ لیتے ہیں۔اس فن میں ابتداء معلم تصویر یا کسی اور شئے کے ذریعے استعمال کرتے ہوئے ایک جملہ بولتا ہے۔بچے ایک ساتھ یا الگ الگ سے زبانی طور پر ادا کرتے ہیں۔پہلے جملے کی پہچان اور پھر علاحدہ علاحدہ الفاظ کی شناخت کرائی جاتی ہے۔اس درس وتدریس کے اس طریقہ کار سے یہاں جملوں اور الفاظ کی پہچان تو اچھی طرح ہو جاتی ہے لیکن حرف شناسی میں بچے کمزور رہتے ہیں۔

## 8.5 مطالعہ کی اقسام Type of Reading Comprohension

ابتدائی مرحلے میں بچوں کو لہجے اور حروف کی مشق کروائی جاتی ہے اور پھر تدریس اردو کے دوسرے طریقوں سے واقفیت کروائی جاتی ہے۔اخراج معنی آفرینی، روانی یا سلاست، اعراب اور رموز اوقاف وغیرہ جیسی اصطلاحات سے آشنائی کروائی جاتی ہے۔مراد یہ کہ کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ معلومات اور معنی ومفہوم کو اخذ کرنے کا طریقہ بتایا جاتا ہے۔دوران تدریس طلبہ کو کہاں رُکنا۔کہاں نہیں رُکنا، مدھم اور کہاں بلند آواز سے پڑھنے کا عمل کہا جاتا ہے۔ان سب باتوں میں اُردو معلم طالبہ کی رہنمائی فرماتے ہیں۔لہٰذا ان تمام تکنیکی باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مطالعہ کی کئی اقسام بتائی گئی ہیں۔

### 8.5.1 گہرا مطالعہ:

کسی مضمون پر تفصیل سے مطالعہ کرنے کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اور معنی ومفہوم کو گہرائی کے ساتھ اخذ کیا جاتا ہے۔اس میں زیر مطالعہ عبارت کے معنی، مرکبات، تشریح وتوضیح صرف ونحو کے نکات، محاورات، تشبیہات، استعارات جیسی اصطلاحات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔مطالعہ با مقصد ہوتا ہے اس سے یہ صرف دل بہلانے کا ذریعہ نہیں

ہے اس لئے اردو معلوم کو چاہئے کہ صحیح مطالعہ کرنے کی رہنمائی کرے۔

### 8.5.2 سرسری مطالعہ

:قرات کے اس عمل میں کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ معلومات اور مہارت، مفہوم اخذ کیا جاتا ہے۔ مجموعی طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ مدنظر عبارت مجموعی مقاصد اور مطالب سمجھنا ہی کافی سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہاں الفاظ اور عبارت کی تہہ تک جانا مقصد نہیں ہوتا بلکہ اس بات پر دھیان دیا جاتا ہے کہ مصنف کا نکتہ نظر کیا ہے اور چند ضروری باتوں کو ذہن نشین کیا جاتا ہے۔اشتہار، اخبار، افسانہ، سوانح عمری یا خاکہ نگاری کا مطالعہ سرسری قرات عمل میں آتا ہے۔

### 8.5.3 خاموش مطالعہ:

زیر عبارت کو خاموشی کے ساتھ پڑھا جاتا ہے تا کہ اپنی ناموافق آواز کا دوسروں میں خلل نہ پڑے اور کمرہ جماعت میں پرسکون فضا قائم رہے۔اس عمل میں بینائی سے حروف کی شناخت کی جاتی اور دماغ کے ذریعے مطلب مفہوم کو اخذ کیا جاتا ہے اور اس مقصد کی حصولی کے لئے تنہائی اور یکسوئی دونوں ہی ضروری ہیں۔اپنی ذاتی زندگی سے لےکر کاروباری زندگی تک اس مطالعہ (قرات) کی ضرورت رہتی ہے۔گھر میں کام کرتے ہوئے، گاڑی میں سفر کرتے ہوئے اور اکٹھے بیٹھنے ہر جگہ یہ مطالعہ (قرات کا عمل) پیش نظر رہتا ہے۔اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ خاموش مطالعہ کب شروع کروایا جائے۔مطالعہ شروع کروانے کے سلسلے میں ماہرین تعلیم کی مختلف آرائیں شامل ہیں۔کوئی تیسری جماعت تو کوئی پانچویں جماعت کے لئے شروع کرانے کی اپنی رائے مدلل بیان کرتے ہیں۔لیکن خاموش مطالعہ شروع کرانے کے لئے ضروری ہے کہ طلبہ لہجے اور تلفظ کا بنیادی مہارتوں پر دسترس حاصل کرلیں۔اور صحت زبان اور روانی کے ساتھ بلند مطالعے کی اچھی طرح مشق کرلیں ورنہ خاموش مطالعہ کے مقاصد حاصل نہیں ہوں گے۔

### 8.5.4 باآواز بلند مطالعہ (بلند خوانی)

باآواز بلند پڑھنے کے عمل کو بلند خوانی یا آواز بلند قرآت کا عمل کہا جاتا ہے یا دوسرے الفاظ میں یوں کہہ سکتے

ہیں کہ صفحہ قرطاس پر بکھری ہوئی عبارت کو با آواز بلند پڑھا جائے گا اس مطالعہ، میں انسانی اعضا یعنی آنکھ، کان، زبان اور دماغ کا بیک وقت استعمال ہوتا ہے جبکہ خاموش مطالعہ میں اس کے برعکس صرف آنکھ اور دماغ کا، لیکن اس مرحلے میں بڑی چابکدستی سے کام لینا پڑتا ہے، اگر طلبہ کا تلفظ درست نہیں تو ظاہر ہے کہ دوران با آواز بلند مطالعہ میں یہ غلطی بار بار دھراتا رہے گا۔ اور اس کے منفی اثرات طلبہ کی شخصیت پر پڑیں گے۔ اس لئے زبان کے معلم کی پر یہ ذمہ داری عائد ہو جائے گی کہ وہ طلبہ و طلبات میں بلند خوانی کی مہارت پیدا کرے۔ ایک معلم کو اس فن یعنی ادائے گی، آواز کا زیر بم اور اظہار جیسے تمام رموز سے واقف ہونا چاہئے اور ان تینوں مہارتوں کی باری باری مشق کروائی جائے تا کہ طلباء پر مثبت اثرات مرسم ہو سکیں۔

---

## 8.6 قرات کے فروغ میں عملی اقدامات Activates to develop Testing Reading

زبان کی تدریس میں جہاں لکھاوٹ ایک اہم مسئلے کی حیثیت رکھتی ہے وہیں طلباء میں صحیح قرات، کتاب خوانی یا کوئی بھی تحریر پڑھنا ایک اہم اور بنیادی مسئلہ ہے۔ طلباء کے اندر صحیح قرات یا قرات کے فروغ کے علمی اقدامات مندرجہ ذیل آزمائشی طریقوں سے انجام دہی اشد ضرورت ہے۔ تا کہ طلباء میں کتب خوانی کی بہتر مہارت پیدا ہو سکے۔

i) معلم کو چاہئے کہ وہ سب سے پہلے طلباء کو ہم آواز حروف کی صحیح پہچان کروائے اور ان کے تلفظ کے ساتھ ان سے علمی مشق یعنی مخارج پر خصوصی دھیان دلائے مثلاً ض، ج، ذ، ز اور ث، س، اس طرح ہ، ح، اور غ، گ اور ھ میں فرق واضح کرائے۔

ii) طلباء سے تختہ سیاہ پر کوئی لفظ لکھائے اور ان سے پڑھنے کو کہے اگر طلباء کسی لفظ کو غلط پڑھتے ہیں تو ان کی درستی کرے۔

iii) ہر روز پہلے نئے سبق سے ایک پیراگراف خود پڑھے انہیں اپنی طرف متوجہ کرے کہ دیکھئے میں اس پیراگراف کو کیسے پڑھتا ہوں خود پڑھے آہستہ پڑھے اور باآواز بلند پڑھے۔

iv) خود پڑھنے کے بعد طلباء کو عملی طور پر ان سے پڑھنے کو کہے ظاہر ہے کچھ طلباء غلط پڑھیں گے معلم ان کی درستی کرے ایک دوبار پڑھائے۔

v) نرم، دلچسپی اور متاثر کن لب ولہجہ سے طلباء کو پڑھانے اور ان سے اس طرح بات چیت کرے کہ طلباء اپنے استاد سے مانوس ہو جائیں۔

vi) دو دو کا گروپ بنائے جو طلباء کمزور ہیں صحیح پڑھنا نہیں جانتے ان کو ذہین طلباء پڑھانے کے لئے منتخب کریں۔

vii) معلم طلباء سے پہلے پڑھائے اور پھر لکھنے کو بھی کہے تا کہ لکھنے سے پتہ چلے گا وہ کسی لفظ کو جیسے پڑھنے کے بعد صحیح لکھتے بھی ہیں یا نہیں۔

## 8.7 صحیح لکھنے کا عمل (تحریری) Comprehension Writing

تمہید: تحریر وجود میں نہ آتی تھی تو انسان اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے نیز اپنے خیالات، احساسات کی ترجمانی کرنے کے لئے اشاراتی زبان اور تکلمی زبان کا سہارا لیتا تھا، لیکن جب تحریر وجود میں آئی تو انسان اپنے جذبات و خیالات کی ترجمانی تحریری شکل میں کرنے لگا اور شاید یہی وجہ یہ کہ اگر ہمارے اسلاف نے علمی وادبی معلومات کو تحریری شکل میں محفوظ نہیں کیا ہوتا تو آج ہم اتنی ترقی نہیں کر پاتے۔ مراد یہ ہے کہ تحریر ایک وسیلہ ہے ایک رابطہ ہے دو انسانوں کے بیچ دو تہذیبوں کا جو آپس میں جوڑنے کا کام کرتا ہے اور ایک دوسرے کو سمجھنے کے لائق بنانا ہے۔ یہ تحریری عمل کی بدولت ہی تو ہے۔ آج ہمارے پیش نظر بیش بہا علمی وادبی کتابوں کا سرمایہ موجود ہے جو زندگی کے ہر شعبے میں ہماری مدد کر رہا ہے۔ تحریر کا مقصد محض لکھنا ہی نہیں بلکہ بامعنی با مقصد لکھنا ہے جو بھی عبارت لکھی جائے وہ بامعنی ہونی چاہئے یعنی کچھ نہ کچھ اس کا مطلب ہونا چاہئے، قلم کار کے کسی نہ کسی خیال یا جذبہ کا اظہار ہونا چاہئے۔ اگر عبارت بے معنی ہو تو تحریر جاذب نظر نہیں ہوگی۔ تقریری عمل کی بھی اپنی اہمیت ہوتی ہے اور آج کے اس سائنسی و ٹیکنالوجی دور میں اسے محفوظ کرنے کے لئے بے شمار وسائل دستیاب ہیں لیکن تحریر کی اہمیت اپنی جگہ مسلم ہے، سنی ہوئی بات کو کچھ دیر کے لئے ذہن نشین تو کیا جاتا ہے لیکن زیادہ دیر ذہن میں ارتکاب کرنا مشکل ہو جاتا ہے جب کہ لکھی ہوئی بات کو بار بار پڑھایا جاسکتا ہے اور تحریر کو زماں ومکاں کی قید سے آزاد بھی کیا جاسکتا ہے۔

اکیسویں صدی کے اس دور میں زندگی کو گزارنے اور سنوارنے کے لئے تحریر کا سہارا لینا ضروری ہو گیا ہے۔ انسان کو ذاتی زندگی سے لے کر کاروباری زندگی تک تحریری عمل کی ضرورت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لہٰذا یہ کہا جاسکتا ہے کہ انسان کو انفرادی اور اجتماعی زندگی میں تحریر کی بڑی اہمیت ہے۔ گویا دنیا میں جتنی زبانیں بولی جاتی ہیں ہر زبان کا اپنا ایک رسم الخط

ہےاوررسم الخط کے مطابق اپنے جذبات وخیالات کی ترجمانی کرنا گویا تحریر کا فن کہلاتا ہے۔

## 8.8 صحیح لکھنے کے اجزا Components

i) تصویری عمل

ii) مشق تلفظ

iii) مشق حروف شناسی

iv) بذریعہ الفاظ

8.8.1۔**تصویری عمل**۔تصویروں کے ذریعے سے بچوں کو کسی چیز کا نام اور لفظ کے ساتھ اس کی تصویر بنا کر معنی ومفہوم کو واضح کیا جائے گا۔

8.8.2۔**مشق تلفظ**:مشق تلفظ میں پہلے معلم خود کوئی لفظ بولے گا اوراس کے بعد طلباء کو اس کے تلفظ کی مشق کروائے گا۔

8.8.3۔**مشق حروف شناسی**:حروف شناسی پہلے مدرس حروف کی تدریس کروائے گا اوراس کے بناوٹ پر دھیان دے کر بچوں کو ان کی حروف شناسی کی مشق کرائے گا۔

8.8.4۔**بذریعہ الفاظ**:جملوں کی بناوٹ بذریعہ الفاظ۔حروف سے کوئی لفظ تیار ہوتا ہے لفظوں سے کوئی جملہ تیار ہوتا ہےاور جملوں سے ایک پیراگراف بنتا ہے۔معلم کا یہ فرض ہے یا ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اس تحریر عمل میں بڑی ذمہ داری،نفاست اورسنجیدگی کا عملی مظاہرہ کرے تاکہ طلباء میں بہتر اور بامعنی تحریر لکھنے کی صلاحیت پیدا ہوسکے۔

## 8.9 تحریری اظہار کی تدریس کے مقاصد Objetive of Teaching written Expression

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوجائیں کہ

☆ موجودہ دور میں تحریر کی اہمیت کو واضح کرسکیں۔

☆ تحریر اظہار خیال اور جذبات کا وسیلہ طلباء کو سمجھاسکیں

☆ تہذیب،تمدن اور نفاست کو منتقل کرنے کا ایک واحد ذریعہ ہے طلباء میں اس کا شعور پیدا کرسکیں۔

☆ تحریر کے ذریعے طلباء میں علمی وادبی، تخلیقی اور ایجاداتی صلاحتیں پیدا کرسکیں۔

☆ طلباء کو صحیح لکھنے کے معائب ومحاسن بتاسکیں۔

## 8.10 اپنی معلومات کی جانچ کیجئے: Check your Progress

ا۔ مطالعہ کے معنی واہمیت پر روشنی ڈالیں۔

..................................................

..................................................

۲۔ ایک ترکیبی طریقہ اور گروہی طریقے سے کیا مراد ہے؟

..................................................

..................................................

۳۔ صحیح لکھنے کے عمل میں کون سے اجزا کا خیال رکھنا ضروری ہوتا ہے وضاحت کیجئے؟

..................................................

..................................................

## 8.11 سفارش کردہ کتابیں


ا۔ اُردو کیسے پڑھائیں۔ پروفیسر محی الدین

۲۔ اُردو کیسے لکھیں۔ پروفیسر محی الدین

# اکائی۔ 9

# خوش خط تحریر

**اکائی کی ساخت**


9.1۔ خوش خط تحریر Hand Writting

9.2۔ مقاصدObjective

9.3۔ خوش خطی کی خصوصیات

Characterstics of Good Hand writing

9.4۔ خوشی خطی کا طریقہ کار Mechanics

9.5۔ شکستہ نویسی کے اسباب Causes of poor hand writing

9.6۔ خوش خطی کے مراحلWay to improving handwriting

9.7۔ اپنی معلومات کی جانچ کیجئے: Check your Progress

9.8۔ سفارش کردہ کتابیں

## 9.1 خوش خط تحریر Hand Writting

**تعارف:** اکیسویں صدی کے اس سائنس اور ٹیکنالوجی کے دور میں جہاں ایک طرف دن دوگنی رات چوگنی ترقی ہورہی ہے اس میں کوئی دورائے نہیں ہے وہیں دوسری طرف انسان کو کس حد تک لاپرواہ اور دوسری چند ضروریات سے محروم کردیا ہے۔ایک تو یہ ہے کہ تحریر کے میدان میں انسان صرف زودنویسی کے فن پرنظر رکھتا ہے لیکن تحریر کے وہ لوازم جو تحریر کو جاذب نظر بناتے ہیں اس سے مجروح کردیا جاتا ہے۔یعنی کاتب جب تحریر لکھتا ہے تو تحریر میں استعمال ہونے والے الفاظ اور حروف کی بناوٹ، اعراب اور رموز، اوقاف مراد یہ ہے کہ حروف کو کتنا کھینچنا ہے؟ کتنا نہیں؟ کہاں زبر، زیر پیش وغیرہ کا استعمال کرنا ہے کہاں نہیں؟ کہاں رکنا، کہاں وقفہ دینا ہے جس کی وجہ سے لکھی ہوئی عبارت کے معنی ومفہوم قاری کو آسانی سے سمجھ نہیں آتے اور تحریر جو خوبصورتی کا نمونہ کہلاتی ہے وہ سامنے نہیں آتا ہے اس سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ تحریر خوش نویسی کے اصول وقواعد کے مطابق ہو۔

## 9.2 مقاصد Objective اس اکائی مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہوجائیں کہ

۱۔ خوش خطی کی بنیادی اصولوں کا ادراک کرسکیں۔

۲۔ خوش خطی کو مؤثر بنانے کے لئے کون کون سے طریقہ کا استعمال کئے جاسکیں۔

۳۔ شکستہ نویسی کے بنیادی وجوہات کو بیان کرسکیں۔

۴۔ خوش خطی کو مزید بہتر بنانے کے لئے کون کون سے عملی اقدامات اٹھائے جاسکتے ہیں۔

## 9.3 خوش خطی کی خصوصیات Characterstics of Good Hand writing

خوش خط تحریر کے مندرجہ ذیل لوازم ہیں جن کو کاتب بالخصوص مدنظر رکھتا ہے املا، ہجا۔

الفاظ، املا وہجا کے مطابق ہوں مثلاً سوال، س سے لکھا ہو۔ ث یا ص سے نہیں

سطر، ترشی یا ٹیڑھی سطر سے دوران تحریر پرہیز کرے سیدھی اور مناسب فاصلہ ہو۔

**لفظوں کا درمیانی فاصلہ:** دوران تحری لفظوں کے فاصلہ کو خصوصی خیال رکھے اور طلباء کو شروع سے ہی اس کا عادی بنادیں کہ وہ الفاظ کھلے اور ہر جملے کی لفظی ترکیبوں کے درمیان مناسب فاصلے کی طرف توجہ دیں۔

**پیراگراف:** کاتب دوران تحریر پراگراف کا استعمال کرے اور مضمون میں کہی گئی بات کو پوری طرح واضح کرے۔ایک پیراگراف میں ایک مضمون کا بیان ہونا چاہئے۔اگر عنوان یا موضوع بڑا ہے تو اُسے کئی پیراگرافوں میں لکھا جائے، مثلاً اگر طلبا کو''تندرستی ہزار نعمت'' پر مضمون لکھنا ہے تو ذہن میں ایک خاکہ تیار کرے اور پھر ترتیب سے صفحہ قرطاس پر لکھے

نشانات:

وقف کا چھوٹی سے ترشی لکیر:(۔)

سوالیہ نشان، ذیلی نشان (؟) تعجب (!)

علامت ربط (~ ) وغیرہ کا مناسب استعمال ہے تا کہ معنی عبارت کے معنی و مفہوم کو سمجھنے میں طلبا کو دشواری نہ ہو۔

## 9.4 خوش خطی کا طریقہ کار Mechanics

ابتدائی سطح پر مدرسوں میں صحیح رواں اور خوش خط لکھنے کا سب سے مؤثر طریقہ دیکھ کے لکھنے کا ہے، سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ بچوں کو سبق اسانی سے یاد ہو جاتا ہے۔اس طرح املا بھی تحریری کاموں میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔اس کے علاوہ پڑھنے کی طرح لکھنا سکھانے کے بھی مختلف طریقے ہیں۔ان میں مانٹسوری طریقہ، پیتالوجی کا طریقہ، ترکیبی یا الف، بائی کا طریقہ خاص طور پر قابل ذکر ہے۔

### 9.4.1 مانٹسوری طریقہ:

مانٹسوری طریقہ کار میں بڑے بڑے حروف لکڑی یا اسٹیل پر بنائے جاتے ہیں۔بعد میں انگلیاں پھروا کر ان حروفوں کی شناخت کروائی جاتی ہے۔حروف کی شناخت کے بعد طلباء کو فقرے لکھوائے جاتے ہیں۔

اس طریقہ کار میں خرچ بہت آتا ہے اس لئے یہ طریقہ زیادہ مفید نہیں ہوا ہے۔

### 9.4.2 پیتالوجی کا طریقہ:

اس طریقہ میں سب سے پہلے مختلف قسم کے خطوط کھینچوائے جانے کی مشق کروائی جاتی ہے۔پیتالوجی کی سفارش کے مطابق بچوں کو سیدھے ترچھے، نصف دائرہ نما اور دائرہ نما خطوط کھنچوانے کا عمل کروایا جاتا ہے اور پھر ان خطوط کو ملا کر حروف بنائے جائیں تو بہت آسانی سے لکھنا سیکھ لیں گے۔لیکن اُردو داں کے لئے یہ طریقہ کوئی زیادہ سودمند نہیں ہے

کیونکہ اُردو میں کثرت سے جوڑ اور شعروں کی وجہ سے یہ طریقہ زیادہ کارآمد نہیں آسکتا۔

الف بائی یا ترکیبی ریقہ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس طریقہ کار میں الف سے لے کری (یائے مجہول) سارے حروف جدا جدا لکھوائے جاتے ہیں اور پھر دوحرفی ، سہ حرفی اور چہار حرفی الفاظ بتدریج لکھا جاتے ہیں اس عمل کے آخر میں فقرے اور عبارتیں لکھائی جاتی ہیں۔ املا اور ہجے کی درستگی میں کافی اہم رول ادا کیا جاتا ہے جس سے بچوں کی بنیادی جڑیں مضبوط ہو جاتی ہیں۔

### 9.4.3 پوسٹر یا تصویر نمائی کا طریقہ

اس عمل کے ذریعے طلباء کو مختلف قسم کے پوسٹر اور تصاویر سے روبرو کروا کر حروف کی شناخت کرائی جاتی ہے، ان تصاویر کے نیچے بڑے بڑے حرفوں سے نام لکھے جاتے ہیں جو تصویر کی نشاندہی کرتے ہیں۔ بعد میں معلم طلباء کو تختہ سیاہ پر لکھنے کے لئے آمادہ کریں جس سے بچے آسانی کے ساتھ حروف کی پہچان کرلیں گے۔ حروف کی شناخت کے بعد فقرے لکھوانے کا عمل کروایا جائے گا۔

## 9.5 شکستہ نویسی کے اسباب Causes of poor hand writing

شکستہ نویسی کے مندرجہ ذیل اسباب یا وجوہات ہیں:۔

۱۔ جب بچے صحیح حروف لکھنا نہیں جانتے تو ان کی لکھاوٹ نا تو پڑھی جاتی ہے نا خوشخط ہوتی ہے۔

۲۔ حروف شناسی نہ ہونے کی وجہ سے بھی بچوں کی لکھاوٹ کمزور ہوتی ہے۔

۳۔ خوش نویسی کے لئے بنیادی شرط یہ ہے کہ بچوں کو تحریری طور پر حروف اور ان کی لکھاوٹ پر خصوصی دھیان دینے کی اشد ضرورت ہے۔

۴۔ شکستہ نویسی کی ایک بنیادی وجہ یہ بھی ہے کہ بچے امتحان میں صحیح نہ لکھنے کی وجہ سے اچھے نمبرات حاصل نہیں کر پاتے ہیں۔

۵۔ شکستہ نویسی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ بچوں کو بار بار املائی مشق نہیں کروائی جاتی جس کی وجہ سے ان کی لکھاوٹ کمزور اور شکستہ نظر آتی ہے۔

۶۔ شکستہ نویسی کا ایک اہم سبب عصر حاضر میں سوشل میڈیا کی یلغار بھی ہے کہ اس دور میں بچوں نے علمی طور پر لکھنا چھوڑ دیا ہے اور کمپیوٹر کی طرف راغب ہونے کی وجہ سے اس کے ہاتھ میں لکھنے کی صلاحیت کمزور پڑ گئی ہے۔

## 9.6 خوش خطی کے مراحل Way to improving handwriting

خوش خط لکھنے کے مندرجہ ذیل مراحل ہیں۔

ا۔ معلم کو چاہئے کہ وہ اپنے طلباء کو خوش خط لکھنے کے بنیادی طریقوں سے واقف کروائے۔

i) سب سے پہلے طلباء کو درجات کے اعتبار سے حرفوں، اعراب کی، نقطوں اور شوشوں کی مشق اس طرح کروائے کہ بچے یا طلباء خوش خط لکھنے میں ماہر ہو جائیں اس کے لئے معلم کی پہلی ذمہ داری یہ بنتی ہے کہ وہ حروف کو خود تختہ سیاہ پر لکھے۔

ii) حرفوں کی بناوٹ کو خود صاف اور خوش خط لکھے تا کہ بچے دُور سے اس کی تحریر کو پڑھنے کے لائق بن سکیں۔

iii) خوش خط لکھنے کا ایک مرحلہ یہ بھی ہے کہ استاد یا معلم طلبا کو حروف بولنے کا بہتر طریقہ سمجھائے تا کہ حروف کے مخارج سے طلباء واقف ہونے کے بعد ان کی مشق کر سکیں۔

iv) املا کی غلطیاں کسی تحریر میں بدمزگی اور مایوسی کا باعث بنتی ہیں اس کے لئے معلم کو چاہئے کہ وہ طلباء کو صحیح املا لکھنے کی مشق کروائے۔

معلم کی ذمہ واری یہ بھی ہے کہ اسے غور سے نصابی اسباق سے ہر روز لکھنے کے لئے کوئی پیرا گراف دے تا کہ گھر میں جا کر بچے اس کی مشق کریں۔طلباء کو گھر کا کام لکھاوٹ پر دینے کے بعد دوسرے دینے کے بعد معلم بڑی باریک بینی سے اس کام کو دیکھے، سمجھے اور غلطیوں کی نشاندہی کرے کیونکہ ایک مشہور مفکر کا قول ہے کہ مشق سے انسان قابل بنتا ہے۔

vii) خوش نویسی کے لئے بار بار کی مشق اور مطالعہ انتہائی ضروری ہے اس کے بغیر یہ ممکن نہیں کہ کوئی طالب علم خوش خط لکھ سکے لہٰذا اس عمل کو جاری رکھنا ہی صحیح خوش خط لکھنے کی صورت نکل سکتی ہے۔

viii) طلباء کوخوش خط لکھنے سے متعلق یہ بات بھی اہمیت کی حامل ہے کہ دوحرفی، سہ حرفی، چارحرفی حروف کے ذریعہ الفاظ کو تیار کرانے کا طریقہ سمجھایا جائے اور اس کے بعد ان سے لکھایا جائے۔

---

## 9.7 اپنی معلومات کی جانچ کیجیے: Check your Progress

---

ا۔خوش خط لکھنے کی خصوصیات بتائیں

.....................................

..................................................

۲۔ شکستہ نویسی کے اسباب بیان کیجیے

..................................................

..................................................

۳۔ خوش خطی کے مراحل بیان کیجیے

..................................................

..................................................

---

## 9.8 سفارش کردہ کتابیں

---


ا۔ اصطلاحات سازی — مرتبہ، این سی یو پی ایل، نئی دہلی

۲۔ اُردو ادب کی تاریخ — انور سدید

۲۔ تدریس اُردو — روبینہ میر

# اکائی۔10

# کرداری مقاصد

**ساخت**

10.1 تمہید
10.2 مقاصد
10.3 کرداری مقاصد کی تعریف
10.4 کرداری مقاصد کی اہمیت وضرورت
10.5 اردو تدریس کی بنیادی مہارتیں
10.6 یاد رکھنے کے نکات
10.7 اپنی معلومات کی جانچ کریں
10.8 سفارش کردہ کُتب

## 10.1 تمہید:

اُردو صرف ایک زبان کا ہی نام نہیں بلکہ یہ ایک تہذیب وتمدن کا نام بھی ہے۔علاوہ ازیں اس زبان میں دوسروں کے آداب واحترام کے جذبے کے ساتھ ساتھ زندگی کے اعلیٰ اخلاقی اقدار کا درس بھی ملتا ہے۔ادبی شان اوراخلاقی اقدار

کے باعث اردو زبان کا کردار سب سے منفرد ہے۔اس زبان کی شرینی وحلاوت کسی کو بھی اپنا بنا لینے کی قوت رکھتی ہے۔چناچہ اردو زبان کی درس وتدریس کے ذریعہ طلبہ میں بھی بڑوں کے ادب واحترام کا جذبہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔ان کے اندر اخلاقی اقدار پیدا کر کے انھیں بھی ایک مکمل انسان بنایا جاسکتا ہے۔ان میں خوداعتمادی کی کیفیت پیدا کی جاسکتی ہے۔غرض اردو زبان کا مدرس طلبہ کے روحانی واخلاقی پہلوؤں کو اُبھار کر ان کی بہتر تربیت کر سکتا ہے۔

## 10.2 مقاصد:

اس اکائی کو مکمل کرنے کے بعد:

- ☆ آپ کرداری مقاصد کے مفہوم سے واقف ہو جائیں گے۔
- ☆ اس کی اہمیت وافادیت سے بھی روشناس ہو جائیں گے۔
- ☆ آپ تدریسی مہارت کے مقاصد سے بھی واقفیت حاصل کرلیں گے۔
- ☆ مہارت کے مقاصد اور کرداری مقاصد کے فرق سے متعلق بھی جانکاری حاصل کر پائیں گے۔

## 10.3 کرداری مقاصد کی تعریف:

کرداری مقاصد سے مراد اخلاقی پہلو ہے۔یعنی دورانِ تعلیم وتربیت طلبہ کی شخصیت کے اخلاقی پہلو کی نشو ونما کرنا ہے۔ کیونکہ انسانی شخصیت ہمہ گیر اور ہمہ جہت ہوتی ہے اور اس کے مختلف پہلو توجہ، تصیح اور تربیت طلب ہوتے ہیں۔لہذا کرداری مقاصد کا سب سے اولین اور اہم فریضہ یہ ہوتا ہے کہ طلبہ کے اخلاقی اقدار کی بہتر تربیت کی جائے۔چناں چہ کرداری مقاصد کے معنی اسباق میں الفاظ، جملوں اور پیراگراف میں پوشیدہ اخلاقی، روحانی، ثقافتی اور سیاسی اقدار وغیرہ کی وضاحت کرنے کے ہیں۔درس وتدریس میں اسی طرح کی وضاحت کرداری مقاصد کہلاتی ہے۔

انسانی زندگی میں انفرادی اور اجتماعی طور پر اخلاق کی جو اہمیت ہے اس سے انکار ممکن نہیں۔ہر قوم، ہر مذہب اور ہر زمانے میں اخلاق پر زور دیا گیا ہے۔روحانی، دماغی، مادی، غرض کسی قسم کی ترقی بھی بغیر اعلیٰ اخلاق کے ممکن نہیں۔ترقی کی عمارت جن بنیادوں پر استوار ہوتی ہے ان میں ایک اخلاق بھی ہے۔ترقی کے دوسرے عناصر اور اخلاق میں عمل اور

ردِعمل کا تعلق ہے۔ اخلاق باقی عناصر کو آگے بڑھاتا ہے اور یہ عناصر اخلاق کو اور اس طرح ایک قوم ترقی کی شاہراہ پر گامزن رہتی ہے۔ لیکن کیا انسان کا اخلاق خدا داد ہے؟ بالکل نہیں یہ انسان کی اپنی کوشش کا نتیجہ، والدین کی پرورش، ماحول کا نتیجہ اور اساتذہ کی تربیت کا نتیجہ ہوتا ہے۔ لہذا ملک کو جہاں تعلیم کی ضرورت ہے وہاں تربیت اور تشکیلِ سیرت کی بھی احتیاج ہے۔ تعلیم طلبہ میں اخلاقی اقدار پیدا کرنے کا ایک واحد موئثر ذریعہ ہے۔ کسی بھی دور میں تعلیم کی افادیت اور اس کی روحانیت سے انحراف نہیں کیا گیا۔ تعلیم کو زندہ قوموں اور مہذب سماج کی بالادستی اس کی عظمت کی علامت گردانا جاتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ تعلیم کمزور ترین سماج کو طاقت ور بنانے میں مثبت کردار ادا کرتی ہے۔ چناں چہ تعلیم کا اصل مقصد پاکیزہ اور صالح افکار سے متصف ایسے معاشرے کی تشکیل ہے جو ہمدردی، غمگساری اور خیر سگالی کے جذبے سے معمور ہو۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آج کے دور میں تعلیم کی کیا اہمیت اور حقیقت ہے؟ تو یہ بات جگ ظاہر ہے کی آج کے دور میں تعلیم کا مطلب محض پیسہ کمانا اور مادی تروی کا حصول رہ گیا ہے۔ تعلیم کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ اس کے ذریعہ نیک اور صالح سماج وجود میں آئے گا، اور رشوت، بداخلاقی، سماجی اونچ نیچ اور دیگر بنیادی بُرائیوں سے سماج مبرہ ہوگا تاکہ سماج میں انصاف کا بول بالا ہو۔ مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ اب اسے بنی نوع انسان کی بھلائی کا ذریعہ نہیں سمجھا جاتا۔ تعلیم میں بڑی خرابیوں اور پیچیدگیوں کے پیدا ہونے کے باوجود اب بھی موقع ہے کہ ہم تعلیم کو با مقصد اور مفید بنائیں۔ لیکن یہ سب اُس وقت ممکن ہے اپنے ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر بچوں کو درس دیتا کہ تعلیم کا اصل مقصد پورا ہو سکے۔

تعلیم کا مطلب ہے شخصیت کی ہمہ جہت نشو ونما لہذا تعلیمی اداروں میں صرف لکھنے پڑھنے پر ہی زور نہیں دینا چاہیے بلکہ مدرس کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ بچوں میں اچھی عادات پیدا کرنے کی کوشش کرے۔ ان میں زندگی کو بہتر طریقے سے جینے کا ہنر پیدا کرے، اور ان میں صحت مند رویے پیدا کرے۔ ایسا اُسی وقت ممکن ہے جب اُساتذہ کی زیرِ تربیت طلبہ کی صحت مند نشو ونما ہو اور ایسا جب ہی ہو سکتا ہے جب مدرس خود ایک مثالی کردار ہو اور دورانِ تدریس وہ محتاط رہے۔ استاد خود نیک عادات کا مالک ہو اور طلبہ کے سامنے کوئی ایسا فعل انظام نہ دے جس سے اُن کی شخصیت اور مزاج پر بُرا اثر

پڑے۔ چونکہ بچے استاد کو اپنا ideal تصور کرتے ہیں اور وہ اس کے فعل و قول کو نقل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ چناں چہ اگر استاد طلبہ کے سامنے بُرے عمل، بُری بات اور غلط حرکات انظام دے گا تو بچے بھی اسی طرح کے اعمال اپنا کر ملک و قوم کے لیے خطرہ بن سکتے ہیں۔ الغرض نصاب کی درس و تدریس میں تعمیرِ اخلاق کا مرتبہ افضل ہے۔لیکن طلبہ کی اخلاقی تربیت اُس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ ان کی ساری علمی اور عملی طاقتوں کو اُبھارا نہ جائے۔اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے اساتذہ کی ذہنی، روحانی اور اخلاقی نشو ونما از حد لازمی ہے۔تا کہ وہ طلبہ میں درس و تدریس کے ساتھ ہی ساتھ اعلیٰ اقدار کی خصوصیات بھی پیدا کر سکیں۔یہی تعلیم کا اصل مقصد بھی ہے اور نظام تعلیم میں کرداری مقاصد کا ہدف بھی۔تعلیم میں کرداری مقاصد کا انحصار مندرجہ ذیل چار اصولوں پر ہوتا ہے۔

☆ قوتِ فکر

☆ قوتِ عمل

☆ قوتِ تاثر

☆ قوتِ ادراک

بچہ جب پیدا ہوتا ہے وہ خالی الذہن ہوتا ہے۔ وہ پہلا سبق ماں کی گود میں سیکھتا ہے جہاں سے اس کی ذہنی نشو ونما شروع ہوتی ہے۔ پھر وہ جیسے جیسے پرورش پاتا ہے تو اس کی ذہنی و جسمانی نشو ونما ہوتی جاتی ہے اور وہ مختلف قسم کے تجربات حاصل کرتا ہے پھر اسکول میں قدم رکھتے ہی اُس کی زندگی کا ایک نیا باب شروع ہوتا ہے یہی وہ مقام ہے اس کی قوتِ فکر، قوتِ عمل، قوتِ تاثر اور قوتِ ادراک کی نشو ونما کی ابتدا ہوتی ہے۔

1) قوتِ فکر:

فکر کے لغوی معنی سوچ بچار اور تصور کے ہیں۔ اصطلاح میں فکر سے مراد وہ سوچ ہے جس کے اندر انفرادی اور اجتماعی زندگیوں میں تبدیلی لانے کی قوت موجود ہے۔ نظامِ تعلیم میں فکر کی بہت اہمیت ہے۔ درس و تدریس کے دوران مدرس کو چاہیے کہ وہ طلبہ میں مثبت قوتِ فکر پیدا کرنے کے لیے مندرجہ ذیل خصوصیات کو اپنائے۔

☆ طلبہ میں کھرے اور کھوٹے کے احتساب کی قوت پیدا کرے۔

☆ ان کو متحرک بنائے چونکہ بچے فطری طور پر سُست ہوتے ہیں اور انھیں قدم قدم پر حرکت میں لانا استاد کی ذمہ داری ہے۔

☆ افہام وتفہیم کے ذریعہ ہر معمے کو حل کر کے بچوں کو تسلی بخش جواب سے مطمئن کردے۔

☆ طلبہ کے تخیل اور تجربے کو اپنے انداز سے کام میں لا کر انھین مثبت راہ پر گامزن کرے اور انھیں بہترین ادب پڑھنے کی طرف راغب کرے۔

2) قوتِ عمل:

بقول شاعرِ مشرق علامہ اقبال

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نا ناری ہے

حقیقت میں عمل ہی ایک واحد شے ہے جس سے انسان اپنی زندگی کو کامیاب اور خوشگوار بنا سکتا ہے۔ مدرس کو چاہیے کہ وہ طلبہ کو ہمیشہ اچھی سوچ کا مالک بنائے۔ کیونکہ اچھی سوچ ہی اچھے عمل کو جنم دیتی ہے اور اچھا عمل اچھا کردار بناتا ہے۔ استاد طلبہ کے کردار کو بہتر بنانے کے لیے مندرجہ ذیل خصوصیات کو اپنائے۔

☆ وہ اپنا مثبت چال چلن رکھے تا کہ بچوں کے چال چلن پر مثبت اثر ڈالا جا سکے۔

☆ وہ خود نیک عادات اور نیک سیرت کا مالک ہو اور اس کا اثر بچوں سے بھی قبول کرائے۔

☆ وہ طلبہ میں تقلید و پیروی کی لذت پیدا کرے چونکہ نقل انسان کی فطری جبلت ہے اور اس کے ذریعے نیک عادات سیکھ سکتے ہیں۔

☆ وہ ان کے اندر قومی یکجہتی واتحاد کا جذبہ اور تنظیم سازی کا عمل پیدا کرے۔

3) قوتِ تاثر:

تاثر کے معنی اثر قبول کرنے کے ہوتے ہیں۔درس و تدریس کے عمل کو کامیاب بنانے میں تاثر اہم رول ادا کرتا ہے۔اسباق کے درس سے اگر طلبہ متاثر نہ ہوں تو تدریس کا مقصد فوت ہو جاتا ہے۔چناں چہ درس و تدریس کو موئثر بنانے کے لیے مدرس کو مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

☆ استاد کو چاہیے کہ وہ سبق کے تاثر کو قائم کرنے کے لیے طلبہ سے عملی مشق کرائے۔

☆ وہ تدریس سے متعلق طلبہ سے مختلف تجربات کرائے اور انکے ردِعمل کا جائزہ بھی لیتا رہے۔

☆ وہ یہ بھی دیکھے کہ طلبہ اُس کی تدریس سے کہاں تک متاثر ہو رہے ہیں۔چونکہ ان کا تعلیم سے اِفادہ ضروری ہے۔

☆ مدرس کو طلبہ کی پذیرائی کا اندازا ہر وقت لگانا چاہیے اور طلبہ کی لیاقت کے مطابق آگے بڑھنا چاہیے۔

4)قوتِ ادراک:

ادراک کے معنی شعور و فہم کے ہیں۔استاد طلبہ کی قوتِ فہم کو اس قدر اُبھارے کے سبق کا معنی و مفہوم پوری طرح ان کی سمجھ میں آجائے اور وہ شعوری طور پر اس میں شامل ہو جائیں۔طلبہ کی قوتِ ادراک کو اپنی گرفت میں لینے اور ان کے شعور تک رسائی حاصل کرنے کے لیے مدرس میں مندرجہ ذیل اوصاف کا ہونا ضروری ہے۔

☆ رس وسیع نظر رکھتا ہو تا کہ طلبہ بھی وسیع النظری سے بہرہ مند ہو سکیں۔

☆ وہ طلبہ میں تبادلہءخیال کی عادت ڈالے تا کہ وہ خود کوئی حتمی فیصلہ کرنے کے قابل ہو سکیں۔

☆ وہ تدریسی سرگرمی مین بحث و مباحثہ سے ضرور کام لیے کیونکہ بحث و مباحثہ ہی سے مثبت نتائج اخذ کیے جا سکتے ہیں۔

☆ وہ طلبہ میں فہم وادراک کی قوت پیدا کرے تا کہ وہ اپنی منزل کا تعین کر سکیں۔

☆ تدریسی عمل کے دوران مدرس کا ذاتی نقط نظر طلبہ پر حاوی رہنا ضروری ہے۔

## 10.4 کرداری مقاصد کی اہمیت وضرورت:

اخلاقی تربیت درس و تدریس کے عمل سے افضل اور دشوار ہے۔لہذا اسکول مین طلبہ کی ایسی تربیت کی جائے کہ جو ہر

وقت اور ہر جگہ اس کی صحیح راہنمائی کر سکے۔ اگر چہ یہ نہایت ہی پیچیدہ اور مشکل کام ہے تاہم ماہر اساتذہ اپنی سوجھ بوجھ سے اس کام کو انجام دے سکتے ہیں۔ ایک حقیقی استاد طلبہ کے لیے شفقت، پیار اور محبت کا نمونہ ہوتا ہے وہ بچوں کے دل و دماغ میں اُتر جاتا ہے۔ چناں چہ استاد کی کامیابی کا راز شفقت اور پیار ہی میں پوشیدہ ہے نہ کہ بچوں کو ڈرا دھمکا کر پڑھانے میں۔ اور اگر تعلیمی ماحول اخلاقی اور باوقار ہو تو مقاصد بہت جلد اور آسانی سے پورے ہو جاتے ہیں۔ زندگی میں علم اور اخلاق دونوں ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ اخلاقی تعلیم سے مراد ایسی تعلیم ہے جو طالب علم کو ایک صحیح انسان بنا دے اس طرح کی تعلیم سے طلبہ کردار کے بھی اچھے بنتے ہیں اور ان کے اخلاق بھی سنورتے ہین۔ لہذا درس و تدریس میں کرداری مقاصد کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ تدریسی عمل میں کرداری مقاصد کو خاص اہمیت حاصل ہے خصوصاً جدید دور کے پس منظر میں جب کے اخلاقی اقدار کو لگ بھگ زوال آ چکا ہے ان مقاصد قدر و قیمت اور اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ کمرۂ جماعت کے اندر تدریسی معیار کی تعمیر اور طلبہ کی کردار سازی میں کرداری مقاصد کلیدی رول ادا کرتے ہیں۔ وہ نکات جن کی بنا پر طلبہ میں بہتر کرداری مقاصد کی تفہیم کی جا سکتی ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1) طالبِ علم کے حق میں:

اچھے کرداری مقاصد ہمیشہ طالبِ علم کے حق میں ہوتے ہیں۔ یہ طلبہ کی ضرورت کے مدِ نظر تیار کیے جاتے ہیں نہ کی معلم کی لیاقت کے مطابق۔ درس و تدریس چونکہ دو طرفہ عمل ہے لہٰذا معلم کے لیے لازمی ہے کہ وہ اس عمل میں طلبہ کو شریک کرے۔ نہیں تو یہ عمل مفید ثابت نہیں ہو گا۔ طلبہ کو اپنے ساتھ شریک کرنے کے لیے معلم کو ان کی ذہنی و علمی سطح پر اُترنا پڑے گا۔ ان کے اشتیاق اور اُمید کی سطح پر آ کر معلم کو درس و تدریس کا عمل شروع کرنا ہو گا۔ اگر ایسا نہیں ہو گا تو یہ عمل طلبہ کے حق میں نہیں ہو گا اور نہ ہی اُن کی زندگی میں کوئی تبدیلی پیدا کر پائے گا۔ گویا طلبہ صحیح اور واضح سمت متعین کرنے کے قابل نہیں ہو پائیں گے جس سے تعلیم کا مقصد پوری طرح فوت ہو جائے گا۔

2) تدریسی نتائج:

مدرس کو یہ بات ذہن نشین ہونی چاہیے کہ طلبہ کو ایسے سبق کا درس دیا جائے جس میں وہ دلچسپی رکھتے ہوں، ایسا کرنے سے

بہتر تدریسی نتائج اخذ کیے جا سکتے ہیں ورنہ تدریسی عمل محض ایک تدریسی سرگرمی بن کے رہ جائے گا اُس کا ماحصل کچھ نہیں ہوگا۔ چناں چہ معلم کے لیے لازمی ہے کہ جس سبق کا درس دینا ہے اُس کہ متعلق طلبہ میں دلچسپی پیدا کرے یا اُس سبق کو اس انداز سے تیار کرے کہ طلبہ کے لیے دلچسپی کا باعث بن جائے۔ اگر معلم طلبہ کو ذہنی طور پر سبق کی تدریس کے لیے تیار کرنے میں کامیاب ہو جائے تو پھر وہ ان سے کسی بھی نوعیت کی تدریسی سرگرمی کروا سکتا ہے۔ اور طلبہ پوری طرح سے تدریسی عمل میں شریک ہو جائیں تو پھر بہتر تدریسی نتائج اخذ کیے جا سکتے ہیں۔

3) واضح اور قابلِ تفہیم:

بہتر کرداری مقاصد واضح اور قابلِ فہم ہوتے ہیں واضح اور قابلِ فہم مقاصد کے لیے لازمی شرط صراحت و وضاحت ہے۔ معلم کو چاہیے کہ وہ طلبہ کے درمیان جو بھی عمل یا مقصد بیان کرے اس کا اظہار واضح الفاظ میں ہونا چاہیے۔ اپنے سبق سے متعلق وہ کوئی مادی شے کا استعمال کر کے طلبہ کے ذہن میں سبق کے اغراض و مقاصد کو منتقل کرے۔ تا کہ طلبہ کے ذہن میں قوتِ فیصلہ جنم لے اور وہ نیک اور بد میں تمیز کرنے کے قابل ہو سکیں۔

4) قابلِ مشاہدہ:

تدریسی نتائج کی تشخیص اُسی وقت ممکن ہے جب طلبہ کے اندر جانچنے اور پرکھنے کا مشاہدہ پیدا ہوگا یعنی فعل کا مشاہدہ ہی طلبہ کہ اندر قوتِ مشاہدہ پیدا کرتا ہے۔ چناچہ معلم کے لیے لازمی ہے کہ وہ طلبہ کو درس و تدریس کے دوران ان کی علم و فہم کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس طرح سے تدریسی سرگرمی انظام دے کہ جو طلبہ کو نہ صرف متاثر کرے بلکہ ان کے اندر قوتِ مشاہدہ اور قوتِ فیصلہ بھی پیدا کرے۔

5) سبق کی ابتدا اور اختتام:

سبق کی شروعات کیسے کریں یہ بہت ہی اہم بات ہے۔ سبق کی ابتدا کرنے سے پہلے معلم کو چاہیے کہ وہ طلبہ کے سامنے اپنے علم اور تجربات کی بنا پر سبق سے متعلق مختلف حوالوں سے بات کرے جس سے طلبہ اُس سبق کے مقاصد کو آسانی سے ذہن نشین کر لیں۔ ایک اچھا معلم موئثر مثالوں کے ذریعہ کلاس میں سازگار ماحول تیار کر کے طلبہ میں ایسی ذہنی کیفیت

پیدا کر دیتا ہے جو اُن کے لیے سبق کی تدریس کو سہل بنا دیتی ہے۔ جب تدریسی عمل موئثر طریقے سے شروع ہو جائے تو پھر قدم قدم پر تبادلہ خیال بھی ضروری ہے۔ اس کے علاوہ طلبہ کو شعوری طور پر موضوع پر مرکوز رکھنے کے لیے مدرس کو چاہیے کہ وہ امتیازی حربوں سے کام لے۔ آخر میں وہ طلبہ کے سامنے سبق کے مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے مناسب الفاظ میں سبق کا ماحصل بھی بیان کر دے۔

---

## 10.5 اردو تدریس کی بنیادی مہارتیں:

اُردو زبان کی تدریس میں چار بنیادی مہارتیں سننا (سماعت)، بولنا (گفتگو)، پڑھنا (مطالعہ) اور لکھنا (تحریر) جب ایک دوسرے سے باہمی رابطہ پیدا کرتی ہیں تو تدریس کی موثر ترسیل ہوتی ہے۔ اس وقت تک ہم تدریس کے مقاصد کو حاصل نہیں کر سکتے اور نہ ترسیل میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں جب تک طلبہ میں یہ چار مہارتیں بتدریج پیدا نہ کر دی جائیں۔ ان چاروں بنیادی مہارتوں کی کامیاب ترسیل کے ذریعے پانچویں مہارت کا فروغ بھی ہوسکتا ہے جسے ہم ''سمجھنا'' کہہ سکتے ہیں۔ یہ ساری بنیادی مہارتیں اس قدر ایک دوسرے سے مربوط ہیں کہ ان میں سے کسی ایک مہارت کے سکھانے یا سیکھنے میں خامی رہ جائے تو باقی مہارتوں پر اس کا منفی اثر پڑتا ہے اور تدریس کی ترسیل میں دشواری پیدا ہوتی ہے۔ یہ لسانی مہارتیں اپنی خصوصیت اور افادیت کے اعتبار سے دو زمروں میں تقسیم کی جاسکتی ہیں، میکانکی اور نیم میکانکی۔

میکانکی مہارتوں میں تلفظ کی صحیح ادائیگی روانی لب و لہجے کی درستگی اور خوش خطی وغیرہ شامل کی جاسکتی ہیں جبکہ نیم میکانکی مہارتوں میں بحث، گفتگو، پڑھنا، تقریر کرنا اور لکھنا وغیرہ شامل ہیں۔ ابتدائی منزل پر یہ سبھی مہارتیں صحیح لسانی عادتیں پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔ لہذا اس سطح پر ان کے فروغ کے لیے خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

### 1) سننا (سماعت):

ابتدائی سطح پر بچہ جس بنیادی مہارت سے روشناس ہوتا ہے وہ سننا یا سماعت ہے۔ کسی آواز کو سننے، اس آواز کی انفرادیت کو پہچاننے، اس آواز کو ترتیب دینے، موضوع و مہمل آوازوں میں فرق محسوس کرنے اور ان آوازوں سے مفہوم کو اخذ کرنے

کے عمل کو سماعت کا عمل کہتے ہیں۔طلبہ میں مختلف طرح کی آوازوں کو سن کران میں فرق واضح کرنے، آوازوں کا تجزیہ کرنے اوران کا مطلب نکالنے کی تربیت اساتذہ کے ذریعہ دی جاسکتی ہے۔ساری بنیادی مہارتوں کا دارومدار اچھی سماعت پر ہے۔اچھی سماعت کے لیے توجہ سے سننا،تلفظ پر توجہ دینا، بولنے والے کے جملوں کی ساخت پر توجہ دینا،اس کے اندازِ بیان اورطرزِ تکلم پرغور کرنا، سننے میں دلچسپی کا اظہار کرنا اور سنی ہوئی باتوں سے مفہوم اخذ کرنا سماعت کے بہتر نتائج کی ضمانت ہے۔اگر طلبہ بات کو غور سے نہیں سننے گے تو نہ ہی وہ اس بات کا مطلب جان پائیں گے اور نہ ہی ان الفاظ کا تلفظ سیکھ سکیں گے۔اردو کے تلفظ کا صحیح طریقے سے سماعت کرنا بہت ضروری ہے تا کہ اس کا بہتر اثر بچے کی لسانی مہارتوں پر پڑے۔چناچہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اچھی سماعت سے بہتر تعلیمی زندگی کی تعمیرِ نو ہوتی ہی ہے۔اچھی سیرت اور شخصیت کی تعمیر بھی اِسی کے ذریعہ ہوتی ہے۔لہذہ اچھی سماعت کی ترغیب کے لیے بچوں میں دلچسپی بنائے رکھنا بھی ضروری ہوتا ہے۔اس کے لیے اساتذہ کو چاہیے کہ وہ صحیح تلفظ،مناسب اُتار چڑھاؤ اور واضح الفاظ میں طلبا سے باتیں کریں۔طلبا توجہ سے سن رہے ہیں یا نہیں اس کی جانچ گفتگو کے دوران سوالات کر کے کی جاسکتی ہے۔طلبا کی دلچسپی بنائے رکھنے کے لیے دلچسپ قصئے کہانیاں بچوں میں سماعت کی توجہ مرکوز کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

2) بولنا (گفتگو):

زبان کی صلاحیت کو اُبھارنے اور ذہن کو پختہ کرنے میں سماعت کے بعد بولنے یا گفتگو کا اہم مقام ہے۔سننے اور پڑھنے سے بچے مختلف خیالات کو ذہن نشین کرتے ہیں جبکہ ان خیالات کو دوسروں تک پہنچانے کے ذرائع لکھنا اور بولنا ہیں۔بولنا اور سننا تلفظ اور صوتیاتی محاسن کو فروغ دیتے ہیں جبکہ لکھنا اور پڑھنا فہم اور ادراک کو مضبوت کرتے ہیں۔ابتدائی تعلیم کے اولین درجات میں جب بچہ داخل ہوتا ہے تو بولنے یا گفتگو کی نشو ونما کا دوسرا دور شروع ہوتا ہے ۔یہاں بچہ ایک نئے ماحول سے آشنا ہوتا ہیا اور بولنے میں جھجھک محسوس کرتا ہے۔لہٰذا اسکول کے اولین درجات میں طلبا میں بولنے کی مہارت کو فروغ دینے کے لیے اساتذہ کو چاہیے کہ کچھ دنوں تک درجے کے ماحول کو گھریلو قسم کا بنائے رکھیں اور آہستہ آہستہ بولنے کی مہارت کو فروغ دے کر اس ماحول کو بتدریج بدلنے کی کوشش کرین تا کہ طلبا بلا جھجھک اپنے

جذبات کی عکاسی خود بول کر کرسکیں۔ابتدائی درجات میں مختلف طریقوں سے تقریری نشوونما کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔اس سطح پر کہانی سننا،ڈائیلاک بولنا،تقریر کرنا ، بحث کرنا، سوال و جواب کرنا وغیرہ بہت کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔ بولنے کی مہارت میں بچوں میں کتنی وسعت پیدا ہوئی ہے اس کا اندازہ مختلف حروف کی ادائیگی کی آواز اور الفاظ کے تلفظ کو جانچ کر لگایا جا سکتا ہے۔اگر مذکورہ باتوں کا جواب اثبات میں ہے تو ہم سمجھیں گے کہ بولنے کی مہارت کی ترسیل بہتر طور پر ہوئی ہے۔

3) پڑھنا (مطالعہ):

ماہرینِ تعلیمی نفسیات کا خیال ہے کہ لکھنے سے پہلے بچے کو پڑھنا سکھایا جانا چاہیے کیونکہ پڑھنے کا عمل لکھنے کے اکتساب میں معاون و مددگار ثابت ہوتا ہے۔ پڑھنے کی مہارت بغیر تربیت اور اکتساب کے حاصل نہیں کی جا سکتی۔ابتدائی درجات میں طلبا میں پڑھنے کی صلاحیت کو فروغ دینے کے لیے ہم ترکیبی اور تحلیلی طریقہ استعمال کرتے ہیں۔اردو پڑھنے کے لیے آج بھی زیادہ تر مدارس میں ترکیبی طریقہ ہی استعمال کیا جاتا ہے ترکیبی طریقے میں سب سے پہلے حرف کی ترتیب وار شناخت کرائی جاتی ہیان کے نام سکھائے جاتے ہیں ان کی مختلف شکلیں سکھائی جاتی ہیں پھر ان حروف پر مختلف اعراب لگا کر ان سے پیدا ہونے والی آوازوں کی مشق کرائی جاتی ہے۔اس طریقے کے ذریعہ الفاظ کے اجزائے ترکیبی اچھی طرح سکھائے جا سکتے ہیں اور حرف سے الفاظ بنانے کی مہارت پیدا کی جا سکتی ہے۔اس کے بعد دو حرفی ، تین حرفی ، چار حرفی اور پھر پانچ حرفی الفاظ پڑھنا سکھائے جاتے ہیں۔

4) لکھنا (تحریر):

زبان کی بنیادی مہارتوں میں سے ایک مہارت تحریر یا لکھنا سکھانا ہے۔ جب بچہ لکھنا سیکھنے کے قابل ہو جاتا ہے تو اسے حروفِ تہجی کی مختلف شکلوں کی مشق کرائی جاتی ہے۔اس کے بعد حروف کو ملا کر لکھنا ، لفظ بنانا سکھایا جاتا ہے۔ پہلے دو حرفی ، پھر تین حرفی ، پھر چار حرفی الفاظ لکھنا سکھایا جاتا ہے۔ جب طلبا کو بہتر تحریری مشق کرادی جاتی ہے تب اِملا کی طرف توجہ کی جاتی ہے۔ کیوں کہ اِملا نویسی بھی تحریری مہارت کی ایک منزل ہے۔ اِملا نویسی تحریر میں نکھار لانے کے لیے نہایت

ضروری ہے۔ابتدائی تعلیم کے درجات میں جب طلبا کو اِملانویسی میں مہارت حاصل ہوجائے تو ان کو انشانویسی کی طرف راغب کرنا چاہیے۔انشانویسی کے ذریعے اِملانویسی میں مزید سدھار تو ہوتا ہی ہے اس کے علاوہ خطوط نویسی، درخواست نویسی اور مضمون نویسی میں بھی مہارت حاصل ہوتی ہے۔

## 10.6 یاد رکھنے کے نکات:

تعلیم کا اصل مقصد طلبا کی ذہنی، روحانی، جسمانی اور اخلاقی نشوونما ہے۔ چنانچہ اگر ہمیں طلبا کو نیک اور ذمہ دار شہری بنانا ہے تو اساتذہ کو چاہیے کہ وہ کمرۂ جماعت کے اندر تعلیم کے دیگر مقاصد کے ساتھ ہی ساتھ کرداری مقاصد کو بھی پیشِ نظر رکھیں اور کوشش کریں کہ جو طلبا ان کے زیرِ تربیت پا رہے ہیں ان میں اخلاقی خوبیوں کو اُجاگر کیا جاسکے۔اس اکائی کے پڑھنے کے بعد ہم یہ سمجھ گئے ہیں کہ کس طرح سے کلاس میں تعلیم کے کرداری مقاصد کو پورا کیا جاسکتا ہے۔علاوہ ازیں تدریسِ زبان اردو کی بنیادی مہارتوں کو بروئے کار لا کر کس طرح طلبا کی بہتر تربیت کی جاسکتی ہے اور ان مہارتوں میں کیسے بہتر نتائج اخذ کیے جاسکتے ہیں۔

## 10.7 اپنی معلومات کی جانچ کریں:

1) کرداری مقاصد سے کیا مراد ہے؟

2) کرداری مقاصد کی اہمیت اور افادیت پر اظہارِ خیال کریں؟

3) تدریسِ زبان اردو کی بنیادی مہارتیں کون کون سی ہیں؟

4) تدریسی مہارتیں طلبا کی بہتر تربیت کے لیے کیوں ضروری ہیں؟

## 10.8 سفارش کردہ کُتب:


1) ڈاکٹر ریاض احمد۔اردو تدریس، جدید طریقے اور تقاضے

2) معین الدین۔اردو زبان کی تدریس

3) عمیر منظر۔تدریسِ اردو

# اکائی۔ 11

# تدریسِ نثر، شاعری، انشا اور قواعد سے متعلق تحریری کرداری مقاصد کی اہمیت۔

# اُردو مدرس کا کردار اور خوبیاں

ساخت:


11.1 تمہید

11.2 مقاصد

11.3 اُردو تدریس میں تحریری کرداری مقاصد کی اہمیت

11.4 اُردو معلم کا کردار اور خوبیاں

11.5 یاد رکھنے کی نکات

11.6 اپنی معلومات کی جانچ کریں

## 11.1 تمہید

ہماری زندگی میں زبان کی بہت ہی زیادہ اہمیت ہے۔ہم اپنے جذبات وخیالات کا اظہار زبان کے ذریعے کرتے ہیں۔ بلکہ اس کی ترسیل کا کام بھی زبان کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ بغیر درس وتدریس کے صحیح زبان کا سیکھنا ناممکن سا لگتا ہے۔زبان کی بنیادی چیزیں سیکھنے کے لئے ہمیں اس زبان کی نثر، شاعری، قواعد اور انشاء کا بغور مطالہ کرنا پڑتا ہے۔ان اصناف کا مطالعہ فرد کو زباندانی کے گرُ سیکھاتا ہے۔لیکن ان چیزوں کی تدریس کے دوران ان کے کرداری مقاصد کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ چونکہ تحریری کرداری مقاصد کو نظرانداز کر کے کوئی بھی فرد زبان کی باریکیوں سے ناآشنا رہ جاتا ہے۔

درس وتدریس کے معاملے میں مدرس کی حیثیت مسلّم ہے۔علم کے مقررہ مقاصد کے حصول کے لئے اساتذہ کا رول بہت اہمیت کا حامل ہے۔ایک اچھے مدرس میں بہت سی خوبیاں ہوتی ہے۔ایک اچھا مدرس تعلیمی اداراجات اور نصاب تعلیم کو بلند مقصد حیات اور فکر سازی کے رجحان سے آراستہ کرتا ہے۔

## 11.2 مقاصد:

اس اکائی کو مکمل کرنے کے بعد:

- ☆ آپ تدریسِ نثر میں تحریری کرداری مقاصد کی اہمیت سے واقف ہو جائیں گے
- ☆ آپ تدریس شاعری سے متعلق تحریری کرداری مقاصد کی اہمیت کو سمجھ جائیں گے
- ☆ اردو قواعد اور انشا کی تدریس سے متعلق تحریری کرداری مقاصد سے متعلق بھی معلومات حاصل کرلیں گے۔
- ☆ آپ اردو مدرس کے کردار کے متعلق جانکاری حاصل کرلیں گے۔
- ☆ اردو مدرس کی خوبیوں سے متعلق بھی واقفیت حاصل کرلیں گے۔

## 11.3 اردو زبان کی تدرس میں تحریری کرداری مقاصد کی اہمیت:

اردو نہ صرف ایک زبان ہے بلکہ یہ ایک ادب بھی ہے اور ایک تہذیب بھی ہے۔اردو ایک اخلاقی زبان ہے۔اردو ادب

کے ہراسباق میں کرداری مقاصد مضمر ہوتے ہیں۔جوقدم قدم پرطلبہ کے لئے اخلاقیات کا سبق فراہم کرتے ہیں۔ضرورت اس بات کی ہے کہ اردو معلم دوران درس وتدریس طلبہ کو اسباق کے اندر پوشیدہ کرداری مقاصد کے معنی تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کرے۔یعنی وہ درس تعلیم کے دوران طلبہ کے ذہن میں وہ باتیں ضرور منتقل کرے جوان کے کردار کو بہتر بنانے اور سنوارنے میں مددگار ثابت ہوئی ہوں۔ بہ الفاظ دیگر اردو زبان کی تدریس کے معاملے میں مدرس کے لئے لازمی ہے کہ وہ درس وتدریس کے عمل کے دوران اخلاقی ہدف کو ذہن میں رکھے اور بیچ بیچ میں طلبہ کو اخلاقی درس دیتا چلے۔اگر مدرس ایسا کرنے میں کامیاب ہوتا ہے تو وہ یقیناً طلبہ کی مثبت کردارسازی میں نمایاں کردارادا کرے گا۔

اردو نثر کی تدریس،شاعری کی تدریس،قواعد کی تدریس اور انشا کی تدریس سے متعلق تحریری کرداری مقاصد کی اہمیت پر ایک ایک کر کے درج ذیل روشنی ڈالی گئی ہے۔

تدریس شاعری:

شاعری کی تدریس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ بچوں میں شاعرانہ ذوق وشوق کو ابھارا جائے۔تاکہ وہ اپنے احساسات وجذبات کو شاعری کے پیکر میں ڈھال کر اپنی بات کو دوسروں تک پہنچانے کے اہل ہوسکیں۔دوران تدریس شاعری میں کرداری مقاصد کو خاص طور پر مدنظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے ان کا تذکرہ ذیل میں درج ہے۔

1۔احساسات وجذبات:

شاعری چونکہ احساسات وجذبات کے بیان کا نام ہے۔لہٰذا شاعری کی تدریس کے دوران معلم کو چاہئے کہ وہ طلبہ کو شعوری طور پراس احساس وجذبے تک لے جانے کی کوشش کرے جو شعر کی تشکیل کے دوران خود شاعر پر گزرا تھا تاکہ طلبہ شاعری کی تدریس کے بعد وہ تمام احساسات وجذبات اپنے شعور میں بھرلیں اور وہ جذبات ان کے ضمیر میں حرکت وہنگامہ پیدا کر کے ان کے کردار کی تعمیر میں مثبت رول ادا کریں۔اگر ایسا ہوجائے تو معلم کا مقصد تو پورا ہوتا ہی ہے ساتھ میں شاعر کا مقصد بھی پورا ہوجاتا ہے۔

2۔ تفسیر وتشریح:

تفسیر وتشریح کے معنی مطلب واضح کرنے یا کھول کر بیان کرنے کے ہیں۔تاہم شاعری میں یہ ایک ایسا علم ہے جس کے ذریعے طلبہ کی شعوری وتخلیقی قوت کے مطابق شعر کا آسان الفاظ میں مطلب بیان کیا جاتا ہے تا کہ اس کا صحیح مفہوم ومضمون طلبہ کو ذہن نشین کرایا جاسکے۔

3۔ حسن وجمال:

شاعری حسن وجمال کا مرقع کہلاتی ہے۔شعر میں حسن وجمال کی مختلف پرتیں موجود ہوتی ہیں۔جیسے زبان وبیان کا حسن، الفاظ کی ترتیب کا حسن، بحر کا حسن، ترنم کا حسن، تخیل کا حسن، معنوی تہہ داری کا حسن، منظر کشی کا حسن، شاعرانہ اصطلاحات کا حسن، محبوب کا حسن وغیرہ وغیرہ۔ دوران تدریس شاعری معلم پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ طلبہ کو شعر کے حسن وجمال سے بخوبی آشنا کروائے تا کہ طلبہ شاعر کے کمال فن سے روشناس ہوسکیں اور ساتھ ہی ساتھ ان میں مطالعۂ شاعری کے لئے دلچسپی بھی پیدا ہو۔

4۔ تعمیر وتشکیل:

اسکول کی سطح پر جو شاعری طلبہ کے نصاب کے لئے منتخب کی جاتی ہے اس میں اخلاقی یا حسن وطن کا سبق موجود ہوتا ہے۔جس کی تعلیم وتدریس طلبہ میں ذہنی تعمیر وتشکیل میں مثبت کردار ادا کرتی ہے۔لہٰذا مدرس کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ نظم کی تدرس کے دوران طلبہ کو خاص طور پر اس کے اخلاقی اور حب الوطنی جیسے پہلوؤں سے ضرور آشنا کرائے تا کہ طلبہ کے اندر یہ خصوصیات بدرجہ اتم پیدا کی جاسکیں۔چونکہ یہی وہ خصوصیات ہیں جو بچوں کی کردار سازی میں قابل قدر رول ادا کرتی ہیں۔

تخیل وتصور:

شاعری میں تخیل وتصور کا خاصہ عمل دخل ہوتا ہے۔اگر یوں کہا جائے کہ تخیل اور تصور کے بغیر شاعری کا تصور ممکن نہیں تو شاید غلط نہ ہوگا۔چنانچہ دوران تعلیم وتدرس معلم بچوں کو خیال کی بلند پروازی سے متعارف کرائے اور انہیں بھی مسلسل

تجربات کے ذریعے شعوری طور پر ہر پرواز بھرنے کی مشق کروائے۔

قوتِ فیصلہ:

اردو ادب کی کوئی بھی تخلیق ہو اس کے پس پردہ کوئی نہ کوئی مقصد ضرور ہوتا ہے۔ جس کا تخلیق میں کہیں نہ کہیں اشارتاً اظہار بھی ملتا ہے۔ باہوش اور باخبر قاری اپنی قوت فکر اور قوت ادراک کے وسیلہ سے تخلیق کار کے مقصد تک رسائی حاصل کرسکتا ہے جبکہ سست یا بے خبر قاری اسے محروم رہ جاتا ہے۔ معلم کو چاہئے کہ وہ طلباء کو باہوش و باخبر قاری بنانے کی کوشش کرے تاکہ سبق کی تدریس کے اختتام پر وہ خود اس کے مقاصد تک پہنچ کر کوئی نتیجہ اخذ کرنے کے اہل ہوسکیں۔

تدریس نثر:

اردو نثر کی تدریس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ میں صحیح زبان بولنے، پڑھنے، لکھنے اور سمجھنے کی صلاحیت پیدا کی جائے۔ ان کے اندر اردو زبان سے متعلق ذوق و شوق پیدا کیا جائے۔ اردو نثر کی تدریس کے کرداری مقاصد حسب ذیل ہیں۔

1۔ تمہید:

تدریس نثر کا پہلا قدم تمہید ہے۔ تمہید میں معلم طلبہ کی سابقہ معلومات اور زیر تدریس سبق میں رابطہ پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے تمہید کے ذریعے وہ بچوں کی معلومات کا جائزہ بھی لیتا ہے۔ تدریسی اقدامات میں تمہید کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے اور کامیاب تمہید کو عموماً سبق کی کامیابی کی دلیل خیال کیا جاتا ہے۔ تمہید سبق کی طرف رجوع کرنے کا ایک ذریعہ ہے اس لئے ایسے سبق کا جزو خیال نہیں کرنا چاہئے زیادہ سے زیادہ دو تین منٹ تمہید کے لئے دینا چاہئے اور اس کے بعد اصل سبق کا آغاز کردینا چاہئے۔

1۔ موضوع و مواد:

نثری سبق کی تدریس کے دوران طلبہ کو اس کے موضوع و مواد سے بخوبی آشنا کروانا لازمی ہوتا ہے۔ معلم کو چاہئے کہ وہ موضوع کی اہمیت بیان کر کے طلبہ کو ذہنی طور پر اس کی تدریس کے لئے تیار کرلے۔ ظاہر ہے سبق کا موضوع و مواد کسی نہ کسی سماجی پہلو یا مسئلے کو اجاگر کرتا ہوگا۔ چنانچہ اگر طلبہ اس کی تدریس کے لئے ذہنی طور پر تیار رہوں گے تو وہ اس موضوع

کے بنیادی مقاصد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور اصل میں تدرس کا مقصد بھی یہی ہے کہ طلبہ سبق کی روح میں اتر کر اپنی سوجھ بوجھ کے مطابق کوئی رائے قائم کرنے کے قابل ہو جائیں۔

صحت تلفظ:

طلبہ کی قرأت کے وقت ان کے تلفظ اور لب و لہجے پر خاص نظر رکھنی چاہئے۔اور دوران قرأت وہ جو غلطیاں کریں قرأت کے بعد ان کی توجہ غلطیوں کی طرف مبذول کرائی جائے اور انہیں درست بھی کیا جائے۔ ہر طالب علم کی غلطیاں انفرادی طور پر درست کرانا چاہئے۔اور اس عمل کے دوران معلم کو بڑا نرمی سے پیش آنا چاہئے۔

اخذ معنی:

اردو نثر کی تدریس کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ طلبہ کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کیا جائے۔اس لئے نئے الفاظ کے معنی اور استعمال پر زور دینا نہایت ضروری ہے۔خاص طور پر نثری اسباق میں الفاظ کے معنی کی فہم وفراست خاص اہمیت رکھتی ہے۔

تنقیدی استدلال:

نثر کی تدریس کے دوران معلم کے لئے لازمی ہے کہ وہ طلبہ میں تنقیدی شعور بیدار کرنے کی سعی کرے تاکہ وہ سود وزیاں، اچھے و برے اور صحیح وغلط میں تمیز کر سکیں۔اور سبق کے اختتام پر اس کے مواد اور موضوع کے حوالے سے دو چار جملوں میں تنقیدی نقطہ نظر سے بات کر سکیں۔

فن تحریر:

نثر کے سبق کا درس دیتے ہوئے معلم طلبہ کو تحریر کی خوبیوں اور خامیوں سے متعلق بتاتا چلے تاکہ وہ تحریر کے فن سے بخوبی آشنا ہو سکیں۔یعنی ان کے اندر تحریری قوت کو ابھار کر انہیں اپنے خیالات کو قلم بند کرنے کے قابل بنایا جا سکے اور سبق کے اختتام پر ان سے چند سطروں میں سبق کے موضوع سے متعلق تجزیہ کروایا جائے۔تاکہ ان کے اندر تنقیدی و تجزیائی شعور اور لکھنے کی صلاحیت پیدا کی جا سکے۔

## اردو قواعد کی تدریس:

قواعد سے مراد زبان کا وہ علم ہے جس میں زبان کی ساخت، حروف کی تعداد، الفاظ کی قسمیں، تذکیر و تانیث کے اصول، واحد جمع کے قاعدے، الفاظ سازی کے قوانین، افعال، افعال کی قسمیں، جملوں کی بناوٹ وغیرہ جیسی چیزیں زیر بحث آتی ہے۔ ظاہر ہے یہ ساری باتیں علم زبان کے لئے خاصی اہم اور مفید ہیں۔ ان کا مطالعہ کئے بغیر کوئی شخص زبان کا عالم نہیں بن سکتا۔ یوں سمجھ لیجئے کہ قواعد ایک قسم کی معلم زبان ہے جو ہمیں آے دن زبان سیکھنے میں مدد دیتی ہے۔ تاہم ابتدا میں اردو تعلیم کو زباندانی یا علم زبان کے نقطۂ نظر سے دیکھنا مناسب نہیں۔ پرائمری سطح پر اسکولوں میں اردو قواعد کے کرداری مقاصد درج ذیل ہیں۔

### ا۔ قواعد کا علم:

پرائمری سطح پر اسکولوں میں طلبہ کو مختصر طور پر قواعد زبان کا علم ہونا ضروری ہے۔ جس میں اسم اور اس کی قسمیں، ضمیر اور اس کی قسمیں، فعل اور اس کی قسمیں، واحد جمع، تذکیر و تانیث وغیرہ کے قوانین سے روشناسی ضروری ہے۔

### جملوں کی تشکیل:

طلبہ کو اسکولوں میں قواعد کی رو سے جملوں کی تشکیل کرانا لازمی ہے تاکہ وہ صحیح اور درست جملوں میں عبارت لکھنے کے اہل ہوسکیں۔ معلم کو چاہئے کہ وہ طلبہ میں اس طرح کی مشق کروائیں۔

### فن تحریر:

اسکولی سطح پر ہی طلبہ میں تحریر کا ہنر پیدا کیا جاسکتا ہے۔ ان کو مختلف موضوعات پر خامہ فرسائی کی دعوت دیں اور کلاس میں ان سے الگ الگ موضوع دے کر مختصر مختصر مضمون تحریر کروائیں۔ جس سے ان کی تحریر کا فن نکھر جائے گا اور دستخط بھی سنور جائے گا۔

### فن زبان و بیان:

تحریر کے ساتھ ہی ساتھ اردو معلم کو چاہئے کہ وہ طلبہ کے اندر تقریر کا ہنر اور جذبہ بھی پیدا کرئے وہ کلاس میں مختلف

موضوعات پرطلبہ کے درمیان بحث چھڑکر خود ایک جج کی حیثیت سے اس پر غور کرے اور بحث میں مثبت کردار ادا کرنے والے طالب علم کو داد وتحسین سے بھی نوازے۔ایسا کرنے سے ان کے حوصلے بلند ہوں گے۔اختتام پر وہ ان کی غلطیوں کی تصحیح فرمائے۔اس عمل کو اختیار کرنے سے جہاں طلبہ کی گفتگو اور تقریر کا فن نکھرے گا وہیں ان کا سٹیج فیر (Stage Fare) بھی دور ہوگا۔

جملوں کی ساخت یعنی(Compraitvin):۔

جملے کی ساخت سے مراد اجزاء جملہ کو مدنظر رکھتے ہوئے جملے کی تشکیل کرنا ہے۔یہ بھی قواعد ہی کا ایک حصہ ہے اس میں طلبہ کو صرف جملے کی قسموں، جملے کی بناوٹ اور جملے کے اجزا سے متعلق علم حاصل کروایا جاتا ہے۔

عام طور پر جملے کی دو اقسام ہیں جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ۔چنانچہ طلبہ کو دونوں طرح کے جملے تشکیل کرنے کی مشق کو واکران سے صحیح جملے لکھوائے جائیں۔غرض طلبہ کو انشا پردازی کے گر سکھا کر انہیں بہترین انشاپردازی کی جانب راغب کیا جائے۔یہی ساخت کی تدریس کے کرداری مقاصد ہیں۔

## 11.4 اردو مدرس کا کردار اور خوبیاں:

اردو معلم کا کردار:

دیکھا نہ کوہ کن کوئی فریاد کے بغیر
آتا نہیں ہے فن کوئی استاد کے بغیر

کسی نے سچ ہی کہا ہے کہ استاد بیٹھے پاس تو کام آئے راس۔دنیا میں ہر کامیاب انسان کی کامیابی کے پیچھے ایک اچھے استاد کی بہترین تربیت کارفرما ہوتی ہے۔خوش قسمت ہوتے ہیں وہ لوگ جن کی زندگی میں اچھے استاد میسر آتے ہیں۔ایک معمولی سے نوخیز بچے سے لے کر ایک کامیاب فرد تک سارا سفر اساتذہ کا مرہون منت ہے۔وہ ایک طالب علم میں جس طرح کا رنگ بھرنا چاہیں بھر سکتے ہیں۔استاد ایک چراغ کی مانند ہے جو تاریک راہوں میں روشنی کے وجود کو برقرار رکھتا ہے۔استاد ایک ایسا رہنما ہے جو آدمی کو زندگی کی گمراہیوں سے نکال کر منزل کی طرف گامزن

کرتا ہے۔معاشرے میں جہاں ماں باپ کا کردار بچے کے لئے اہم ہے وہاں استاد کو بھی اہم مقام حاصل ہے۔حقیقت میں استاد ہی وہ عظیم رہنما ہے جو آدمی کو انسان بنا دیتا ہے۔بغیر استاد کے انسان اس آندھے کی مانند ہے۔جو بغیر سہارے کے سفر پر نکل جاتا ہے۔ایک اچھا استاد اپنے آج کو قربان کر کے بچوں کے کل کی بہتری کے لئے کوشاں رہتا ہے۔استاد کی عزت وقدر کرنا ہماری اخلاقی اور سماجی ذمہ داری ہے۔

رہبر بھی یہ ہمدم بھی یہ غم خوار ہمارے

استاد یہ قوموں کے ہیں معمار ہمارے

اردو مدرس کی بنیادی خصوصیات:

معلم تعلیم کا ایک بنیادی ولازمی عنصر اور نظام تعلیم کی کامیابی ومقاصد کے حصول کا اہم کردار ہوتا ہے۔معلم ہر وہ انسان ہے جس سے دوسرے لوگ سیکھیں جبکہ مدرس وہ انسان ہے جو تدریس کو اپنا پیشہ بناتا ہے۔مدرس اپنی شخصیت، پیشہ اور عمومی کردار کے لحاظ سے نمایاں اوصاف کا حامل ہو کر ہی تدریس میں موثر اور نمایاں کردار ادا کیا جاسکتا ہے۔اوران اوصاف کی مدد سے وہ تعلیمی عمل کو موثر اور بامقصد بنا سکتا ہے۔اردو مدرس کی خوبیوں کو درج ذیل چار حصوں میں تسلیم کیا جاسکتا ہے۔

(۱) ذاتی خوبیاں (۲) پیشہ وارانہ خوبیاں (۳) سماجی خوبیاں (۴) تعلیمی خوبیاں

اردو مدرس کے ان اوصاف کا تذکرہ مندرجہ ذیل ہے۔

ذاتی خوبیاں:

اردو استاد کی ذاتی خوبیوں کے زمرے میں آنے والے اوصاف درج ذیل ہیں۔

(1) بلند اخلاق و کردار:

ماہرین تعلیم اس بات پر اتفاق رکھتے ہیں کہ طلبہ کی زندگی پر مدرس کی شخصیت کا گہرا اثر پڑتا ہے۔چنانچہ مدرس کا ذاتی طور پر اچھے اخلاق و کردار کا مالک ہونا لازمی ہے۔وہ معاشرہ کے اخلاقی اقدار کا پیکر ہو اور ذہنی وجسمانی صحت کے ساتھ

ہی ساتھ سادگی اور پاکیزہ خیالات بھی رکھتا ہو۔

(2)نظم وضبط:

نظم وضبط زندگی کو بہتر انداز سے گذارنے کے لئے ازحد ضروری ہے۔ایک استاد کی زندگی میں یہ خاصیت دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ لازمی ہوتی ہے۔استاد کو چاہئے کہ وہ باقاعدگی اور سلیقہ سے کام کرتا ہو، وقت کی پابندی کرتا ہو تاکہ طلبہ بھی وقت کی قدر اور پابندی کا خیال کریں۔

(3)دل کش شخصیت:

استاد کے لئے لازمی ہے کہ وہ ایک دل کش شخصیت کا مالک ہو۔وہ خوش اخلاق وخوش مزاج ہو، ہمدرد ہو، ملنسار ہو، وہ نظافت ونفاست کی حامل شخصیت کا مالک ہو کیونکہ اس کی ظاہری نظافت ونفاست اس کی تدریس اور طلبہ کی تعلیم کو متاثر کرتی ہو۔اس کی شخصیت میں ٹھہراو بھی لازمی ہے۔اگر اس کی شخصیت میں چڑاچڑاپن ہوگا اور صبر وتحمل کا مادہ نہ ہوگا تو اس کی شخصیت اور قابلیت بے فیض ہوگی اور وہ طلبہ کے درمیان بے اثر شخصیت کا مالک بن کے رہ جائے گا۔

(4)حب الوطنی کا جذبہ:

اردو زبان حب الوطنی کے جذبے سے شرشار ہے۔اردو زبان کا مدرس بھی اس جذبے کا پیکر ہونا چاہئے اور اگر ایسا ہو تو وہ طلبہ میں بھی حب الوطنی کا جذبہ پیدا کیا جا سکتا ہے۔ یہ اردو استاد کی ذمہ داری ہے کہ وہ طلبہ کے دلوں میں وطن دوستی کا جذبہ پیدا کر کے انہیں ذمہ دار شہری بنانے کا فریضہ انجام دے۔لیکن ایسا اسی وقت ممکن ہے جب استاد خود اپنے دل میں حب الوطنی کا جذبہ رکھتا ہو۔

## سماجی خوبیاں

(1)اعلیٰ اخلاقی اقدار:

اردو معلم کے لئے لازمی ہے کہ سماج میں اس کا اخلاقی معیار بلند ہو۔وہ سیکولر ہو اور کسی قسم کا تعصب نہ رکھتا ہو وہ قابل بھروسہ ہو اور سماج کے اندر سچائی، امانت ودیانت صبر وتحمل اور خوش اخلاقی کی بنا پر اپنی مثال آپ ہو۔

(2) جمہوری طرزِ فکر:

ایک بہتر اور اچھے اُستاد کی یہ خوبی ہے کہ وہ آمرانہ طرز کے بجائے شورائی اور مشاورتی اسلوب کے ذریعے سب کو ساتھ لے کر چلتا ہو۔

(3) عدل وانصاف:

ایک بہتر استاد میں عدل وانصاف کی خوبی کا ہونا ضروری ہے، تاکہ مختلف سطح اور کارکردگی کے حامل طلبہ کے درمیان عدل وانصاب سے کام لے سکے۔ اچھی کارکردگی پر شاباشی دے غلطی کرنے پر شائستہ انداز میں اس کی اصلاح کرے۔

(4) معاشرے سے تعلقات:

استاد کے معاشرے سے تعلقات ایسے ہوں کہ معاشرے کی عمومی فلاح اور تعلیم کے فروغ میں کلیدی اہمیت کے حامل ہوں استاد کے معاشرے سے تعلقات میں طلبہ کے والدین، رشتہ دار اور دیگر لوگ شامل ہوں۔ یعنی استاد کو آدابِ زندگی سے آشنا ہونا بہت ضروری ہے۔

## پیشہ وارانہ خوبیاں

(1) فرض شناس:

ایک مدرس کا فرض شناس اور دیانت دار ہونا بہت ضروری ہے۔ وہ اپنے فرض کی ادائیگی کے لئے ایمان دار ہونا چاہئے وہ اپنے تدریسی فرائض کے ساتھ ہی ساتھ ادارے کی ترقی اور ترویج سے متعلق اپنے فرائض کی ادائیگی میں فرض شناسی سے کام لیتا ہو۔

(2) پیشہ سے لگاؤ:

معلم اردو کو اپنے پیشہ سے لگاؤ ہونا چاہئے۔ اسے تدریس کے پیشہ سے دلچسپی ہو اور اس نے پیشے کو ازخود اپنے شوق اور سوچ سمجھ کر اختیار کیا ہو مجبوری یا اتفاقی طور پر مدرس نہ بنا ہو۔ (A teacher by choice not by chance) اسے چاہئے کہ اس نے اپنے پیشہ سے متعلق تربیت بھی حاصل کی ہو تاکہ وہ پورے انہمک سے اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکے۔

(3) طریقۂ تدریس میں مہارت:

تدریس کا عمل معلومات، مہارتوں اور رویوں پر مبنی ہے۔ استاد کے لئے لازمی ہے کہ مختلف طریقہ تدریس کی مہارتوں سے واقف ہو۔ وہ چیزوں کا بغور مشاہدہ کرتا ہو، تعلیم کے عمومی ہدف اور نفس مضمون کے مطابق طلبہ کی کارکردگی اور کام کا جائزہ لیتا ہو اور اس کے مطابق فیصلہ کرتا ہو۔ وہ اپنے مضمون پر وسیع معلومات اور تجربات رکھتا ہو۔ اس کا مطالعہ صرف درسی کتابوں تک ہی محدود نہ ہو۔ وہ روزانہ تدریس کی تیاری کر کے کمرہ جماعت میں داخل ہوتا ہو۔ اسے بچوں کی نفسیات کے لحاظ سے تدریس کے مختلف طریقوں پر عبور حاصل ہو ان کی استعداد، دلچسپیوں اور ضرورتوں کے مطابق مختلف تدریسی طریقے اختیار کرتا ہو۔

(4) مختلف علوم سے واقفیت اور زبان و بیان:

ایک کامیاب معلم وہ ہے جو اپنے مضمون سے علاوہ دوسرے علوم سے بھی واقفیت رکھتا ہوتا کہ ایک موثر طریقے سے طلبہ کی تربیت کر سکے۔ اس کی زبان عام فہم اور انداز بیان طلبہ کی ذہنی استعداد کے مطابق ہو۔ وہ نصاب کے علاوہ ہم نصابی مشاغل مثلاً مطالعہ، مکالمہ، فنون، تقریر و تحریر اور کھیل کود کے مقابلے وغیرہ جیسی سرگرمیوں میں حصہ لیتا ہو۔

## تعلیمی خوبیاں

(1) قواعد پر عبور:

اردو استاد کے لئے لازمی ہے کہ وہ اردو قواعد پر دسترس رکھتا ہو اسے املا کی پوری جانکاری ہو اور ماہر زبان ہو وہ اردو زبان کی نفاست اور تلفظ کی ادائیگی کا پورا خیال رکھتا ہو۔

(2) مطالعہ کا شوق:

اردو کے معلم کو اردو زبان کے مطالعے کا شوق ہونا چاہئے۔ چونکہ مطالعہ کی گہرائی اور گہرائی سے ہی اسے حقیقت میں استاد بناتی ہے۔ وہ جدید ادبی سرگرمیوں سے پوری طرح روشناس ہو اور مضمون پر وسیع معلومات رکھتا ہو اور یہ تمام

خوبیاں مطالعہ کی مرہون منت ہیں۔

(3) اعلیٰ تربیت یافتہ:

مدرس اردو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ہی ساتھ اعلیٰ تربیت یافتہ بھی ہو۔ چونکہ ترتیب کے بغیر درس وتدریس کا عمل پورا نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ اسے درس وتدریس کے مختلف طریقوں اور مہارتوں سے بہرہ بر ہونا لازمی ہے۔

(4) اصول تحقیق وتنقید کا علم:

انسان کو خدا نے ذہن ڈکشنری یا معلومات کا خزانہ بنانے کے لئے نہیں دیا ہے بلکہ تحقیق وتنقید اور تخلیق کے لئے دیا ہے لہٰذا طالب علم کو چند اصطلاحات کا رٹے باز بنانے کے بجائے ایک متفکر اور متحرک انسان بنایا جائے چنانچہ استاد کو چاہئے کہ وہ طلبہ کو موضوع سے تعلق دیگر کتب اور ذرائع کی طرف رہنمائی کرے اور ان پر تحقیق وتنقید کر کے اپنی رائے اور نظریہ کی تشکیل کی رہنمائی کرتا ہو۔

## 11.5 یاد رکھنے کی نکات:

اردو ادب کی تدرس کے دوران تحریری کرداری مقاصد کا تذکرہ طلبہ کی ذہنی صحت کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہے۔ تعلیم کا اصل مقصد بھی یہی ہے کہ طلبہ کی جسمانی صحت کے ساتھ ہی ساتھ ذہنی صحت کو بھی بہتر بنایا جائے۔ دوران تدرس اس بات کا بخوبی خیال رکھنا چاہئے کہ انہیں کتابی کیڑا نہیں بنانا ہے بلکہ ان کی شعوری قوت کو بیدار کر کے سبق سے متعلق اپنی رائے دینے کے قابل بنانا ہے۔ اگر اس طرح سے مدرس طلبہ کو درس دے اور اسباق ذہن نشین کروادے تو ان کی زندگی بدل جائے گی اور وہ تاعمر اس کو یاد رکھے گے۔ ایک مدرس قوم کا معمار کہلاتا ہے۔ لہٰذا اس کے اندران خوبیوں کا ہونا لازمی ہے جو ایک معلم کے لئے ضروری ہیں۔

## 11.6 اپنی معلومات کی جانچ کریں:

(۱) تدرس نثر کے کرداری مقاصد کون کون سے ہوتے ہیں۔

(۲) تدرس شاعری میں کون کون سے کرداری مقاصد لازمی ہیں۔

(۳) تدریس قواعد اور انشاء سے متعلق کون سے کرداری مقاصد اہمیت کے حامل ہیں۔

(۴) مدرس کے اندر کن خوبیوں کا ہونا لازمی ہے۔

(۵) مدرس کا کردار کیسا ہونا چاہئے۔

..............................